gang N. group of labourers, etc. working together ٹولی، دستہ

gangster (*gang*-stè*) N. member of criminal gang مجرم، ڈاکو، ٹولی، اجرت، جرائم پیشہ **gangsterism** N. acting like gangsters جرائم پیشگی، غنڈہ گردی

gangrenous (*gang*-rè-nus) ADJ. decomposing (part of body) خراب

gaol (jayl), **jail** (jayl) N. prison جیل، قید خانہ، بندی خانہ، حبس V. I. imprison قید کرنا، جیل بھیجنا **gaol-bird**, **jail-bird** N. habitual criminal عادی مجرم **gaoler**, **jailer**, **jailor** N. one in charge of gaol داروغۂ جیل

gap N. ① breach شگاف، دراڑ ② wide separation of ideas, etc. فرق، تباین

gape (*gayp*) V. T open the mouth wide منہ پھاڑنا

garage (*ga*-rij, ga-*rahzh*) N. place for storage of motor vehicles گراج، موٹر خانہ

garb (*gah**b) N. dress لباس، پوشاک

garden (*gah**-dèn) N. ① (usu. PL.) public park گلستان، گلزار، باغ ② small garden in a house باغیچہ، چمن، گلشن V. I. look after a garden باغ کی دیکھ بھال کرنا **gardener** N. one employed to look after a garden مالی، باغبان

gargle (*gah**-gèl) V. T. & I. gurgle

liquid in the throat غرارے کرنا

garland (*gah**-land) N. circle of flowers or leaves used for decoration ہار، گجرا

garlic (*gah**-lik) N. onion-like plant whose bulb is used in cooking لہسن

garment (*gah**-ment) N. any article of clothing کپڑا، لباس

garrison (*ga*-ri-sun) N. troops stationed in a town or fort to defend it محافظ فوج V. T. (1) furnish place with garrison محافظ فوج لگانا (2) occupy as garrison محافظ فوج کی حیثیت سے

garrulous (*ga*-rew-lus) ADJ. talkative (manner or person) باتونی **garrulity** (-li-ti) N. talkativeness باتونی پن

garter (*gah**-tè*) N. band worn round the leg to keep socks or stockings in place گیٹس

gas N. (PL. *gasses*) (1) any air-like vapour گیس (2) (esp.) coal gas used for cooking, etc. کوئلے کی گیس، رزغالی گیس (3) poisonous gas زہریلی گیس **gaseous** (*gas*-i-us) ADJ. of (or like) gas گیس کا سا، گیس دار

gasification N. production of gas from coal کوئلہ کی دیا معدنی گیس بننا، گیس سازی

gasolene, gasoline (*gas*-o-leen) N. (U.S.) petrol پٹرول

gasp V. T. & I. pant for breath سانس پھول جانا، ہانپنا

gastric (*gas*-trik) ADJ. of stomach معدے کا، معدی gastric juice معدی ترشہ

gate (gayt) N. barred opening in a wall پھاٹک، دروازہ **gateway** N. way closed by gate پھاٹک، راستہ، گزرگاہ

gate-crash V. I. enter daringly without permission بلا اجازت گھس آنا، دندناتے چلے آنا

gather (*gadh*-è*) V. T. & I. get, come or bring together اکٹھا ہونا یا کرنا، جمع ہونا **gathering** N. (1) meeting, مجمع (2) (PL.) hammed margin چنٹ

gauge (gayj) N standard measure پیمانہ، ناپ

gauntlet (*gawnt*-let) N. فولادی دستانہ

gauze (gawz) N. thin, transparent net-like material جالی، گاج

gave (gayv) V. (P. T. & P. P. of give★) دیا

gay ADJ. (1) cheerful خوش، خوشی والا (2) full of fun زندہ دل، ہنس مکھ

gaze (gayz) N. long and steady look گھورنا V. I. look steadily and earnestly (*at*) ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا

gazelle (ga-*zel*) N. small and graceful antelope غزال

gazette (ga-*zet*) N. official periodical with government notification گزٹ، اعلامیہ **gazetted** (-id) ADJ. (1) published in gazette گزٹ شدہ (2) officer whose appointment, etc. is published in gazette گزیٹڈ **gazetteer** (ga-zè-*tee*-è*) N. geographical dictionary جغرافیائی فرہنگ، گزیٹیئر

gear (*gee*-è*) N. (1) particular equipment سازوسامان (2) set for toothed wheels دندانے دار چکر، پہیہ (3) such system controlling power and speed گیئر V. T. & I. put in gear چالو کرنا

geese (gees) N. PL. (see SING. goose ★) ہنس

gem (jem) N precious stone قیمتی پتھر، گوہر

gendarme (*zhond*-ah*m) N. (French) armed policeman فرانسیسی فوج کا مسلح سپاہی

gender (*jen*-dè*) N. (GRAM.) class according to sex تذکیروتانیث، جنس

general (*jen*-è-rèl) ADJ. (1) concerning most عام، کلی (2) briefly comprising all مجمل (3) (usu. *General*) an army rank جرنیل، سپہ سالار **Generalissimo** (jen-rè-*lis*-i-moh) N. (PL. -os) Supreme Commander سالار اعلیٰ **General Secretary** (or) **Secretary General** N. Chief Secretary جنرل سیکریٹری، معتمد عمومی

generality (jen-è-*ral*-i-ti) N. (1) general statement عام بات (2) general rule قاعدہ کلیہ

generalize (*jen*-è-ra-liz) V.T. & I. draw general conclusion (*from*)

عمومی نتائج اخذ کرنا، عام اصول قرار دے دینا، کلی بنانا

generally (*jen*-ĕ-ral-i) ADV. ❶ usually عام طور پر عموماً ❷ collectively مجموعی طور پر. **general** ADJ. ★

generate (*gen*-ĕ-rayt) V.T. ❶ make بنانا ❷ produce پیدا کرنا **generation** (jen-ĕ-*ray*-shĕn) N. ❶ generating پیدا کرنا، پیدائش ❷ age-group پیڑھی، نسل **generator** N. machine for generating electricity برق آفریں.

generosity (jen-ĕ-*ros*-i-ti) N. ❶ being generous سخاوت، فیاضی ❷ nobility of mind کرم النفسی **generous** (*jen*-ĕ-rus) ADJ. ready to give freely سخی، فیاض

genesis (*jen*-ĕ-sis) N. ❶ beginning آغاز ❷ creation پیدائش، تخلیق *the Book of Genesis*, the first book of the Bible کتاب پیدائش، سِفرِ تکوین

genial (*jee*-ni-ĕl) ADJ. ❶ sympathetic ہمدرد ❷ sociable ملنسار، خوش مزاج

genie (*jee*-ni) N. (PL. *genii* PR. *jee*-ni-I) sprite, jinnee جن

genitive (*jen*-i-tiv) N. & ADJ. (GRAM.) possessive حالتِ اضافی

genius (*jee*-ni-us) N. ❶ (PL. *geniuses*) exceptional ability عظیم ذہانت، عبقری ❷ (PL. *genii*) genie جن، غیر معمولی ذہانت ❸ guardian sprite ہمزاد

genocide (*jen*-o-sid) N. massacre of a whole group by another نسل کشی

genteel (jen-*teel*) ADJ. ❶ stylish چھیلا ❷ very polite متواضع، بے حد شریف

gentile (*jen*-til) N. & ADJ. non-Jewish (person) غیر یہودی

gentle (*jen*-tĕl) ADJ. ❶ mild نرم، دھیما ❷ well-born شریف، اعلیٰ خاندان **gentleman** N. ❶ good-mannered person نیک، بھلا مانس، شریف ❷ not of the working class بڑا آدمی، شریف.

gentleman's agreement N. agreement binding only in honour شریفانہ معاہدہ **gentlemanly** ADJ. good-mannered شریفانہ

gentry (*jent*-ri) N. gentlemen as a class شرفا

genus (*jee*-nus) N (PL. *genera*) kind, class جنس، قسم

geographer N. (see under **geography** N. ★)

geography (ji-*og*-rĕ-fi) N. study of the earth's surface جغرافیہ **geographer** (ji-*og*-ro-fĕ*) N. one learned in geography علمِ جغرافیہ دان

geology (ji-*ol*-o-ji) N. science of the earth's history علم طبقات الارض، ارضیات

geometry (ji-*om*-ĕt-ri) N. science of the properties and relations of lines, surfaces, magnitudes (*i.e.*, surface and solids) ہندسہ، جیومیٹری

germ (jĕ*m) N. tiny living thing causing disease جرثومہ (جمع جراثیم) **germicide** (jĕ*-mi-sid) N. germ-destroying medicine جراثیم کش دوا

germinate (jĕ*-mi-nayt V.T. & I.) (of seeds) begin to grow پھوٹنا

gerund (*je*-rund) N. (GRAM.) verbal noun (ending in *-ing*) مصدری اسم

gesture (*jes*-chĕ*) N. meaningful movement of hand or body اشارہ

get (get) V. T. & I. (*get, got, got*; U.S. *get, got, gotten*) ❶ obtain حاصل کرنا ❷ fetch لانا، لا دینا ❸ provide فراہم کرنا ❹ understand سمجھنا، کسی بات کا سمجھنا ❺ be ❻ reach پہنچنا ❼ receive وصول کرنا ❽ catch پکڑنا ❾ rise (*up* usu. from bed) اٹھنا **get-at-able** ADJ. accessible جس تک رسائی ہو سکے **get-up** N. ❶ costume لباس ❷ style وضع، سج دھج ❸ lay-out (of newspaper, etc.) ترتیب

ghost (gohst) N. ❶ spirit of dead person بھوت ❷ soul روح

G.I. (*jee*-i) N. (PL. *G. Is.*) U.S. soldier امریکی فوجی جوان

giant (*ji*-ĕnt) N. (FEM. *giantess*) huge superhuman being جن، دیو عفریت، بہت بڑا

gift (gift) N. ❶ present ہدیہ، عطیہ ❷ talent (*for*) خداداد قابلیت، استعداد، ملکہ

gild (gild) V. T. ❶ cover with gold-leaf سونے کا ورق چڑھانا ❷ make golden ملمع کرنا

ginger (*jin*-jĕ*) N. spicy root ادرک

gipsy, gypsy (*jip*-si) N. nomad جپسی، خانہ بدوش

giraffe (ji-*rahf*) N. small camel-like animal with striped skin زرافہ

gird (gĕ*d) V. T. (*girded* or *girt*) ❶ put (*on* a sword, etc.) لگانا ❷ fasten (*with* a belt, etc.) باندھنا

girdle N. belt پیٹی، کمر بند، پٹکا

girl (*gĕ*l*) N. ❶ female child لڑکی ❷ daughter بیٹی ❸ young unmarried woman دوشیزہ **Girl Guide** N. member of organisation for girls which is a counterpart of Boy Scouts گرل گائیڈ

gist (jist) N. ❶ brief summary; substance خلاصہ، ملخص ❷ main points اہم نکات

give (giv) V.T. & I. (*give, gave, given*) ❶ deliver دینا ❷ pay ادا کرنا ❸ hand over سپرد کرنا ❹ present پیش کرنا ❺ bestow عطا کرنا، بخشنا **give a trial to** PH. ❻ try کی آزمائش کرنا ❼ give a chance to کو موقع دینا

given (giv-ĕn) (P. P. of *give*) ❶ stated مذکورہ ❷ agreed upon مقررہ ❸ handed over دیا ہوا

gizzard (*giz*-ĕ*d) N. bird's second stomach پوٹا، سنگدانہ

glacial (*glay*-shĕl) ADJ. of ice برفانی **glacier** N. ★

glacier (*glas*-i-ĕ*) N. slow-moving mass of ice برفانی تودہ، دریائے یخ **glacial** ADJ. ★

glad ADJ. happy خوش و خرم، مسرور **gladness** N. خوشی، مسرور، مسرت **gladden** (*glad*-ĕn) V.T. make glad خوش کرنا باغ باغ ہونا

glade (glayd) N. open space in forest جنگل کے بیچ میں کھلا میدان

gladiator (*glad*-i-ay-tĕ*) N. one professionally fighting duels تماشا گر مبارز، گلیڈی ایٹر **glamour** (*glam*-ĕ*) N. enchantment **glamorous** (*glam*-ĕ-rus) ADJ. full of glamour دلفریب، دلربا، نظرفریب

glance (glahns) V. T. & I. take quick look (*at, over* or *through*) (اچٹتی ہوئی نظر ڈالنا

gland N. small organ in body secreting matter غدود، غدہ **glandular** (*gland*-ew-lĕ*) ADJ. of or like glands غدودی، غدی

glare (*glay*-ĕ*) N. ❶ dazzling light چندھیا دینے والی روشنی، خیرہ کن روشنی ❷ fierce stare نگاہ گرم V. I. ❶ dazzle چندھیا دینا ❷ stare fiercely نگاہِ گرم ڈالنا

glaring (*glay*-ĕ-ring) ADJ. ❶ dazzling خیرہ کن ❷ (of errors) easily seen فاش، فاحش

glass (glahs) N. ❶ a transparent material شیشہ ❷ drinking vessel made of glass گلاس ❸ (also *looking-glass*) mirror شیشہ، آئینہ **glasses** (-is) N. PL. ❶ binoculars چھوٹی دوربین ❷ spectacles عینک، چشمہ **glass house** N. glass hot-house پودوں کے لیے گرم خانہ

glassy (*glah*-si) ADJ. like glass بلوری

glaze (glayz) V. T. & I. ❶ put panes شیشے لگانا ❷ give a glass-like coating شیشے کا روغن کرنا **glazier** N. one who glazes doors, etc. شیشہ گر

gleam (gleem) N. ❶ short flash of soft light جھلک، چمک ❷ brief show کرن، جھلک، جھلکیاں V. T. ❶ emit short light جھلکنا ❷ hold out (hope, etc., for a short while) چمک دکھانا

glean (gleen) V. T. & I. ❶ pick up grain after harvest بالیں جمع کرنا، سِلا چننا ❷ pick up (information, etc. thus) چننا ❸ collect gradually تھوڑا تھوڑا کر کے جمع کرنا

glee N. joy at success خوشی، جشن کامرانی

glen N. narrow valley تنگ گھاٹی

glib ADJ. quick and smooth in speech but not sincere چرب زبان، طرار

glide (glid) V. I. ❶ move along smoothly پھسلنا، آسانی سے جانا ❷ fly in glider بے انجن طیارے میں پرواز کرنا **glider** N. aircraft without engine بے انجن طیارہ

glimmer (*glim*-ĕ*) N. weak uncertain light جھلملاہٹ، ٹمٹماہٹ V. I. shine faintly جھلملانا، ٹمٹمانا

glimpse (glimps) N. brief imperfect view (*of*) جھلک V. T. catch such

view کی جھلک دیکھنا
glint N. gleam دمک V. I. glitter چمک دمک
glisten (*glis*-ĕn) V. I. shine like wet surface چمکنا
glitter (*glit* ĕ*) N. flash of light چمک دمک V. I. shine brightly چمکنا دمکنا
gloat (gloht) V. I. gaze greedily (*over*) تاڑنا، نخرہ سے دیکھنا
global (*gloh*-bĕl) ADJ. ❶ world wide دنیا بھر کا، عالمگیر ❷ embracing all of a group مجموعی **globe** N. ★
globe (glob) N. ❶ ball گیند، کرۂ زمین، کرۂ ارض ❷ sphere with world map گلوب
globe-trotter N. one who travels across the world just for sight-seeing سیاح، جہانگرد، جہاں گشت **global** ADJ. ★
globular (*glob*-ew-le*) ADJ. globe-shaped کروی made of globules قطراتی **globule** (*glob*-ewl) N. drop of liquid قطرہ
gloom N. ❶ semi-darkness اندھیرا سا، اندھیرا ❷ cheerlessness اداسی **gloomy** ADJ. ❶ sad اداس ❷ dark تاریک
glorify (*gloh*-ri-fı) V. T. give glory to ثنا کرنا، حمد کرنا، ستائش کرنا **glory** V. ★
glorious (*gloh*-ri-us) ADJ. magnificent پرشکوہ **glory** N. ★
glory (*gloh*-ri) N. ❶ honour ناموری ❷ reason for pride ایک ناز ❸ something deserving honour بزرگی، جلال ❹ adoration of God ثنا، حمد، ستائش ❺ beauty and magnificence شان، جلوہ، تجلی، شکوہ V. I. take pride (*in*) اترانا
gloss (glos) N. bright smooth surface چکنی سطح
glossary N. ❶ list of difficult words فرہنگ ❷ notes حاشیہ، تشریحات
glossy N. bright چمکیلا، چمکدار **gloss** ADJ. ★
glove (gluv) N. cover for hand دستانہ
glow (gloh) N. brightness and warmth without flame تمتماہٹ، چمک V. I. shine brightly and warmly دمکنا، تمتمانا **glow-worm** N. جگنو، کرمک شب تاب
glue (gloo) N. kind of sticky substance سریش V. T. stick with glue, etc. چپکانا، جوڑنا
glutton (*glut*-ĕn) N. one who eats too much کھاؤ، پیٹو، بسیار خور
glycerin, glycerine (*glis*-ĕ-rin) N. sticky substance obtained from oil in manufacturing soap گلیسرین
G-man (*jee*-man) N. (U.S. slang) C.I.D. official خفیہ پولیس والا
gnash (nash) V. T. & I. grind teeth in anger دانت پیسنا
gnat (nat) N. small stinging fly کنکی، کنتی
gnaw (naw) V.T. & I. bite steadily کاٹنا، کترنا
go (goh) V.I. (*go, went, gone*) ❶ move away جانا، رخصت ہونا، روانہ ہونا ❷ move چلنا، حرکت کرنا ❸ pass بیتنا، گذرنا، صرف ہونا ❹ be ہونا ❺ become ہو جانا، بن جانا ❻ be worked (*by*) سے چلنا *go on* (doing something) keep on doing it کرتے رہنا، جاری رکھنا **go-between** N. agent دلال **going** N. method of work طریق کار **goings-on** N. PL. (colloq.) strange events عجیب واقعات **go-getter** N. (U.S. colloq.) person who gets what he wants دھاندلی باز
goad (gohd) N. **goad** V.T. drive with goad آنکس مارنا
goal (gohl) N. ❶ something aimed at (in game) گول ❷ objective منزل، مقصود
goat (goht) N. *he-goat* بکرا *she-goat* بکری **goatherd** N. one looking after flocks of goats چرواہا، گلہ بان، راعی



goblet (*gob*-lĕt) N. bowl-shaped drinking-glass ساغر، جام **goblin** (*gob*-lin), **hobgoblin** N. ugly mischievous elf بھوت، بھتنا
God PROPER N. Almighty خدا تعالیٰ **god** N. MAS. deity دیوتا، بت **God** N. the Almighty اللہ تعالیٰ، خدا **goddess** N. FEM. female god دیوی **godchild** (*goddaughter, godson*) N. دینی بچہ، بیٹا یا بیٹی
godfearing ADJ. who fears God خدا ترس **god-forsaken** ADJ. wretched (place) منحوس (جگہ)، ملعون (علاقہ) **godless** ADJ. ❶ infidel کافر ❷ wicked بدباطن **godly**

(god-li) ADJ. obeying God خداپرست، نیک
godsend N. unexpected piece of good fortune دولتِ خداداد، چھپر پھاڑ کر
godspeed ADV. & INT. good-bye خدا حافظ
godown (go-doun) N. warehouse گودام
goggles N. PL. sun glasses دھوپ کی عینک
gold (gohld) N. ❶ kind of precious metal سونا، زر ❷ wealth روپیہ پیسہ ❸ as golden colour سونے کا رنگ
goldsmith N. سنار، زرگر
golden ADJ. ❶ of the colour of gold سنہری، زریں ❷ precious, invaluable قیمتی، گراں بہا
golf (golf, gof) N. گولف، گاف
gone (gon) V. (P. P. of go★) گیا ADJ. past رفتہ، گزشتہ، گیا ہوا
gondola (gond-o-lè) N. light flat-bottomed boat گنڈولا
good (gud) ADJ. (good, better, best) ❶ virtuous اچھا، نیک ❷ right, proper ٹھیک، صحیح ❸ nice عمدہ ❹ suitable مناسب، موزوں ❺ kind مہربان، رحم دل
good N. ❶ advantage نفع، فائدہ ❷ always ہمیشہ ❸ goodness, virtue اچھی چیز(یا) بات ❹ good thing نیکی، بھلائی
Good afternoon N. سلام، سہ پہر بخیر
good-bye INT. farewell خدا حافظ N. salutation at parting سلام، خدا حافظ
Good evening N. evening greetings exchanged on meeting شام بخیر
Good morning N. greetings exchanged upto lunch time سلام، صبح بخیر
Good night N. salutation at parting after dusk سلام، شب بخیر
good-for-nothing N. & ADJ. useless (person) ناکارہ، (شخص)
good-looking ADJ. pretty خوبصورت
goodness N. being good اچھائی، نیکی، خوبی
goods (guds) N. PL. ❶ wares مال ❷ things carried by rail or road مال، اسباب
goods train, train for carrying these مال گاڑی
goodwill N. ❶ established custom of a business firm ساکھ ❷ well-wishing خیرخواہی، خیراندیشی، خیرسگالی
goose (goos) N. (PL. geese, MAS. gender) ❶ small swan-like bird بطخ، قاز ❷ fool بھولا، سادہ لوح
gorgeous (go*-jus) ADJ. ❶ richly coloured زرق برق ❷ magnificent شاندار
gorilla (go-ril-a) N. largest kind of ape بن مانس
gormandize (go*-man-diz) V.I. eat greedily بھوکوں کی طرح کھانا
gospel (gos-pèl) N. life of Christ in New Testament books انجیل، نئے عہدنامہ کی پہلی چار کتابیں یا ان میں سے کوئی ایک
gospel truth N. absolute truth قطعی صداقت
gossip (gos-ip) N. idle talk گپ شپ V.I. talk idly دوسروں کے متعلق افواہیں پھیلانا
got V. (P. T. & P. P. of get★) لیا
gourd (goo*d, goh*d) N. large melon-like vegetable تونبا، تونبی، پیٹھا
gout (gout) N. rheumatism وجع المفاصل، گٹھیا
gouty (-ti) ADJ. suffering from gout گٹھیا والا
govern (guv-è*n) V.T. & I. ❶ rule تسلط قائم کرنا، حکومت کرنا ❷ control
government (guv-è*n-ment) ❶ governing حکمرانی، فرمانروائی ❷ body of persons who govern ارباب اقتدار، ارباب حکومت ❸ party in power برسرِ اقتدار جماعت ❹ system of government نظامِ حکومت ❺ body governing a State حکومت
governor (guv-è*-nè*) N. ❶ official governing to province گورنر، والی ❷ chief official (of bank, etc.) صوبہ دار، حاکم، گورنر، ناظم اعلیٰ
governess (guv-è*-nes) N. paid lady teacher in private house گورنس، اتالیق، آتو
gown (goun) N. ❶ woman's dress گاؤن ❷ cloak چغہ
grab V.T. & I. (-bb-) ❶ snatch selfishly ہتھیانا ❷ snatch (at) زبردستی چھیننا
grace (grays) N. ❶ beauty of shape حسن، جمال ❷ beauty of movement ادا ❸ God's mercy خدا کا لطف و کرم
graceful ADJ. beautiful حسین، شاندار
gracious (gray-shus) ADJ. ❶ (of God) Merciful رحیم، کریم ❷ kind مہربان
graciously ADV. kindly مہربانی کر کے، ازراہِ کرم
grace N. ★

gradation N. (1) grading درجہ بندی (2) gradual change from one grade to another تدریج

grade (grayd) N. stage, degree درجہ ، رتبہ ، گریڈ ، درجہ بندی V.T. arrange according to grades درجہ بندی کرنا

gradient (*gray*-di-ent) N. degree of slope ڈھلان کی مقدار

gradual (*grad*-ew-ĕl) ADJ. (1) by degrees درجہ بدرجہ ، تدریجی (2) occurring in course of time رفتہ رفتہ (3) graded **gradually** (*grad*-ew-ĕl-i) ADV. (1) slowly, not abruptly دھیرے دھیرے ، آہستہ آہستہ ، رفتہ رفتہ (2) by degrees بتدریج

graduate N. (*grad*-ew-it) person with university degree فارغ التحصیل ، سند یافتہ ، گریجوایٹ V.T. & I. (-ayt) (1) take at least first degree from university گریجوایٹ ہونا ، بی۔ اے پاس کرنا (2) mark with degrees for measuring پیمانہ بنانے کے لیے نشان لگانا

graft N. (1) tiny branch of one plant joined to another قلم ، پیوند (2) piece of skin, etc. transplanted جلدی پیوند

grain (grayn) N. (1) cereal غلہ ، اناج (2) separate part of it دانہ (3) 1/60th ounce گرین ، نصف رتی

gram (gram) N. (1) kind of pulse چنا ، نخود (2) same as **gramme**★

-gram (gram) SUF. signifying thing written at distance نوشتہ (as in *telegram* which means ٹیلیگرام ، تار ، دور نوشتہ)

grammar (*gram*-ĕ*) N. rule of language structure گرامر ، علم صرف و نحو ، قواعد

grammarian (gra-*may*-ri-ĕn) N. expert in grammar نحوی

grammatical (gra-*mat*-i-ĕl) ADJ. of grammar صرفی یا نحوی ، صرف و نحو سے متعلق

gramme, gram (gram) (ABB. *gm.*) metric unit of weight equivalent to the weight of 1 cubic centimetre of water (=15·432 grains) گرام

gramophone (*gram*-o-fohn) N. device for playing music, etc. recorded on discs گراموفون

granary (*gran*-ĕ-ri) N. storehouse grain اناج کی کوٹھی

grand ADJ. (1) great بڑا ، عظیم (2) magnificent (style, view, etc.) شاندار ، عالی شان **grand total** N. final total میزان کل

grandeur (*grand*-yĕ*) N. (1) greatness بڑائی ، عظمت (2) magnificence شان و شوکت

grandchild (*grandson, granddaughter*) N. child of child پوتا یا پوتی ، نواسہ نواسی **grand daughter** N. child's daughter پوتی یا نواسی **grandfather** N. parent's father دادا یا نانا **grandmother** N. parent's mother دادی یا نانی **grandparent** (*grandfather, grandmother*) N. parent of one's parent دادا یا دادی ، نانا یا نانی

grandiloquent (gran-*dil*-o-kwent) ADJ. pompous (style) لفاظی والا

granite (*gran*-it) N. grey rock used for building ایک عمارتی پتھر ، گرینائٹ

granny (*gran*-i) N. (PL. *grannies*) grandmother دادی اماں یا نانی اماں

grant (grahnt) V.T. (1) give دینا ، عطا کرنا (2) sanction منظور کرنا ، کی منظوری دینا N. money, etc. granted عطیہ ، گرانٹ **grant-in-aid** N. grant for help امدادی عطیہ ، عطیہ برائے امداد ، گرانٹ

grape (grayp) N. vine-fruit انگور

grapefruit N. kind of large citrous fruit گریپ فروٹ

graph (graf, grahf) N. line showing the variation of two quantities ترسیم ، گراف

graphic (*graf*-ik) ADJ. (1) pertaining to painting, etc. نقاشی کا (2) vivid (description) [illegible]

graphite (*graf*-it) N. black lead پنسل کا سرمہ

grapple (*grap*-ĕl) V.T. & I. (1) sieze firmly مضبوطی سے پکڑنا ، تھامنا (2) struggle at close quarters دو بدو لڑنا

grass (grahs) N. small leaves on very small stalks drowing abundantly گھاس **grassy** (*grah*-si) ADJ. covered with grass گھاس ، سرسبز ، سبزہ زار

grasshopper N. cricket; a kind

of insect living in grass جھینگر
grassy ADJ. (see under **grass** N. ★)
grate (grayt) V.T. & I. ❶ rub into small pieces رگڑنا ❷ rub small bits off چھیلنا، کدوکش کرنا N. fireplace آتشدان
grateful (*grayt*-fŭl) ADJ. thankful شکرگذار، ممنون، احسانمند **gratitude** N. ★
gratification (grat-i-fi-*kay*-shĕn) N. satisfaction تسکین **gratify** V. ★
gratify (*grat*-i-fi) V.T. satisfy (desire, etc.) تسکین کرنا **gratifying** ADJ. satisfying اطمینان بخش، تسلی بخش
gratis (*gray*-tis) ADV. & ADJ. free of charge بلا معاوضہ، مفت
gratitude (*grat*-i-tewd) N. thankfulness شکرگذاری **grateful** ADJ. ★
gratuitous (gra-*tew*-i-tus) ADJ. ❶ free of charge مفت، بلا معاوضہ ❷ uncalled for بلاوجہ
gratuity (gra-*tew*-i-ti) N. ❶ gift for services بخشش، انعام ❷ money given in lieu of pension
grave (grayv) N. tomb قبر، مزار ADJ. serious سنجیدہ **graveyard** (*grayv*-yah*d) N. cemetery قبرستان، گورستان **gravestone** (-stohn) N. tombstone کتبہ، سنگ مزار، لوح مزار
gravel (*grav*-ĕl) N. small pebbles for paving roads بجری، کنکر
gravitate (*grav*-i-tayt) V.I. be attracted to or towards کی طرف جھکنا، مائل ہونا **gravitation** N. universal force of gravity کشش ثقل، کشش
gravity (*grav*-i-ti) N. attraction between any two material objects کشش ثقل، کشش زمین ❷ *specific gravity*, density; relation of anything's weight to that of an equal volume of water وزن مخصوص ❸ importance (*of* situation, etc.) اہمیت، شدت
graze (grayz) V.T. & I. feed on growing grass گھاس چرنا یا چرانا
grease (grees) N. soft animal fat چربی، چکنائی V.T. (greez) apply grease to گریس لگانا **greasy** (*gree*-zi) ADJ. ❶ covered with grease چکنا ❷ slippery پھسلن والا
great (grayt) ADJ. ❶ big عظیم ❷ noted نامور ❸ important اہم ❹ large بڑا ❺ very good بہت اچھا **greatcoat** N. heavy overcoat بھاری اوورکوٹ **greatness** N. ❶ great distinction عظمت ❷ importance اہمیت
Grecian (*greesh*-ĕn) ADJ. of Greek (style) یونانی انداز کا
greed (greed) N. avidity لالچ **greedy** (*gree*-di) ADJ. avid حریص، لالچی
Greek (greek) ADJ. of Greece N. ❶ Greek national ❷ Greek language یونانی
green (green) ADJ. ❶ mixture of blue and yellow سبز، ہرا ❷ not ripe کچا ❸ not dry ہرا ❹ raw, inexperienced ناتجربہ کار **greenery** (-ĕ-ri) N. green plants, etc. سبزہ، ہریالی **greengrocer** N. dealer in fresh vegetables کنجڑا، سبزی والا **greenhouse** N. hot-house گرم خانہ **greens** (greenz) N. PL. ❶ green vegetables سبزی، ترکاری ❷ lawn مرغزار، سبزہ زار ❸ public lawn in village سرسبز قطعات
Greenwich (*grin*-ij) N. British city situated on longitude 0° گرینچ
greet (greet) V.T. ❶ wish سلام کرنا ❷ welcome خیرمقدم کرنا، خوش آمدید کہنا **greeting** N. ❶ (usu. PL.) first words used on seeing somebody (*e.g.*, *Good morning*) سلام ❷ good wishes مبارک، مبارکباد، تہنیت ❸ superscription of a letter (*e.g.*, *Dear Sir*) نامہ، القاب
gregarious (gre-*gay*-ri-us) ADJ. living in large groups گلوں میں رہنے والا
grenade (gre-*nayd*) N. small bomb بم **hand-grenade**, one thrown with hand دستی بم
grew (grew) V. P. T. of *grow** اُگا
grey, gray (gray) N. blackish بھورا، خاکستری رنگ
greyhound N. swift hunting dog شکاری کتا

grief (greef) N. (PL. greefs) deep sorrow سخت غم **grieve** V. ★
grievance (gree-) N. cause for complaint شکایت، وجہ شکایت **grieve** V. ★
grieve (greeve) V.T. & I. ❶ feel grief رنجیدہ ہونا، دکھ پہنچنا ❷ cause grief to رنجیدہ کرنا، دکھ پہنچانا **grievance** N. ★
grim ADJ. ❶ cruel ظالم ❷ fierce-looking تندخو ❸ stern سخت **grimace** (grim-is) N. mournful looks بناوٹی صورت V.I. wear such looks رونی صورت بنانا، منہ بنانا
grind (grind) V.T. & I. (*grind, ground, ground*) pulverize (wheat, etc.) پیسنا **grindstone** N. whetstone سان، سنگ فسان
grip N. ❶ tight hold مضبوط گرفت ❷ fist used for this purpose مٹھی ❸ understanding سمجھ ❹ large clip پکڑ V.T. & I. grasp tightly زور سے پکڑنا، مٹھی میں لینا
gripe (grip) N. (usu. PL.) pinching pain in the stomach مروڑ V.T. cause such pain مروڑ اٹھنا **gripe water** N. infants' syrup for griping pain گرائپ واٹر
grit N. ❶ small bit of stone, etc. کنکر، ریزہ ❷ pluck کس بل، ہمت
groan (grohn) N. deep moan of distress کراہ V.T. & I. moan کراہنا
grocer (*groh*-sè*) N. dealer in dry or tinned food پنساری، کریانہ فروش **grocery** N. ❶ grocer's trade پنساری کا کام ❷ grocer's shop پنساری کی دکان
groom N. ❶ servant in charge of horses سائیس ❷ bridegroom دولہا، نوشہ
groom V.T. keep (horse) well brushed, etc. گھوڑے کو صاف ستھرا کرنا
groove (groov) N. long narrow channel جھری، نالی
grope (grohp) V.I. ❶ feel about blindly (in the dark) ٹٹولنا، ڈھونڈنا ❷ try to feel one's way thus ہاتھ پاؤں مارنا، ٹٹولیاں کرنا
gross (gros) N. ❶ twelve dozen or 144 گُرس ❷ whole (OPP. of *net*) مجموعی ❸ total (amount) کل مجموعی
grotesque (gro-*tesk*) ADJ. queer and fantastic عجیب، مضحکہ خیز

ground (ground) N. ❶ solid surface of the earth زمین ❷ (usu. PL.) reason دلیل، سبب ❸ cause سبب، باعث، بنیاد، بِنا V. (P. T. & P. P. of **grind** ★) ADJ. pulverized پسا ہوا، پیسا **groundwork** N. fundamentals مبادی، ابتدائی
group (groop) N. party, band جماعت گروپ، گروہ، ٹولی، جتھا V.T. & I. ❶ form into group(s) گروہ بندی کرنا، ٹولی بنانا یا بنانا، ٹولیوں میں ❷ form group جماعت بنانا، بننا یا بنانا
grouse (grous) N. (PL. same) ❶ any bird of the pheasant kind تیتر، دراج ❷ complaint شکایت V.I. grumble بڑبڑانا، شکوہ سنج ہونا
grove (grohv) N. copse پیڑوں کا جھنڈ
grow (groh) V.T. & I. (*grow, grew, grown*) ❶ (cause to) spring into life اگنا، اگانا، کاشت کرنا ❷ become larger بڑھنا، بڑا ہونا، نشوونما ہونا ❸ flourish پھیلنا، پھلنا پھولنا
grown (grohn) V. (P. P. of *grow* ★) اُگا **grown up** ADJ. mature جوان، بالغ **growth** N. ❶ process of growing اگنا ❷ becoming bigger نشوونما ❸ increase افزائش
growl (groul) N. ❶ low threatening sound of dogs غراہٹ ❷ complaint شکایت ❸ angry murmur غراہٹ V.I. ❶ make such sound غرانا ❷ complain شکایت کرنا، شکوہ سنج ہونا ❸ murmur angrily بڑبڑانا
grudge (gruj) V.T. be unwilling to give or allow دریغ کرنا، سے دریغ رکھنا N. feeling of bitterness تلخی، بغض، کینہ
grudgingly ADV. unwillingly بے دلی سے، بادل ناخواستہ
gruel (*groo*-el) N. thin porridge پتلا دلیا
gruesome (*groo*-sum) ADJ. horrible (event, visage, etc.) خوفناک، وحشتناک
grumble (grum-bèl) N. ❶ grouse شکایت، بڑبڑ ❷ low noise like thunder گونج، گرج V.T. & I. ❶ grouse بڑبڑانا، شکایت کرنا ❷ thunder گرجنا، گونجنا
grunt (grunt) N. gruff sound (*of pig*) خرخر، سؤر کی آواز
guarantee (ga-ran-*tee*) N. ❶ surety گارنٹی، ضمانت ❷ person, etc. standing

surety ضامن، ذمے دار v.t. ① stand surety کی ضمانت دینا، کی ذمہ داری لینا ② bear out کی تصدیق کرنا **guaranty** (ga-ran-*tee*) N. (U.S.) guarantee ضمانت، یقین دہانی

guard (gah*d) N. ① state of watchfulness پہرہ، نگہبانی، پاسبانی ② watchman پہریدار ③ such police or military party محافظ دستہ v.t. & i. ① protect بچائے رکھنا، حفاظت کرنا ② make such arrangements حفاظتی تدبیر کرنا ③ to keep watch پہرہ دینا

guardian (*gah**-di-èn) N. ① one who guards محافظ، پاسبان، نگہبان ② supporter when there is no parent alive or about سرپرست، ولی

guava (*gwah*-vè) N. a kind of fruit or its tree امرود کا پیڑ

guerilla, guerrilla (ge-*ril*-è) N. ① war carried on by small parties جنگ گریز، جنگ چھاپہ ول ② person participating in it گوریلا سپاہی، گوریلا دستے

guess (ges) N. ① rough estimate اندازہ، قیاس ② such estimation اٹکل v.t. & i. ① make rough estimation قیاس لگانا، اٹکل سے کہنا، اندازے سے کہنا ② presume سمجھنا، خیال کرنا ③ understand پالینا، بھانپ لینا

guest (gest) N. visitor مہمان **guest house** N. place for lodging guests in مہمان خانہ

guidance (*gīd*-èns) guiding or being guided رہبری، رہنمائی

guide (gid) N. ① one who shows the way رہبر، رہنما، گائڈ ② such book رہبر، رہنما، گائڈ v.t. act as guide to کو راستہ دکھانا، کی رہنمائی کرنا

guild, gild (gild) N. association of members of a trade انجمن پیشہ وراں

guillotine (*gil*-o-tin, or gil-o-*teen*) N. ① machine for beheading criminals سر قلم کرنے کی مشین، گردن زن ② time fixed for discussion on bill کی بحث کا وقت v.t. & i. behead thus سر قلم کرنا

guilt (gilt) N ① wrongdoing گناہ، قصور ② crime جرم ③ responsibility گناہ گاری **guilty** (*gil*-ti) ADJ. ① criminal خطا کار، قصور وار، مجرم ② wrongdoer خطا کار، خاطی ③ sinful گنہگار

guinea (*gin*-i) N. sum of 21 shillings گنی، اکیس شلنگ **guinea-pig** (*gin*-i-pig) N. ① white pig shaped mouse use for drug experiments امریکی چوہا ② person used like guinea-pig انسانی چوہا

guise (giz) N. ① style of dress وضع قطع، طرز لباس ② garb وضع لباس ③ pretence بھیس

gulf (gulf) N. large bay خلیج

gullet (*gul*-et) N. ① food passage from month to stomach نرخرا ② throat حلقوم، گلا

gulp (gulp) v.t. & i. ① swallow (*down*) greedily ہڑپ کرنا، نگلنا ② choke بمشکل ضبط کرنا، پی جانا

gum (gum) N. (usu. PL.) ① flesh round the teeth مسوڑھا ② sticky substance obtained from trees گوند *gum Arabic* صمغ عربی *chewing gum* چیونگ گم، چبانے کا گوند v.t. (-mm-) ① put gum on گوند لگانا ② stick (*down, together*) with گوند سے چپکانا، چسپاں کرنا **gummy** (*gum*-i) ADJ. sticky چپکنے والا، چپچپا، لیسدار

gun (gun) N. ① device for shooting بندوق *rifled gun* (also *rifle*), long-range, gun with grooved barrel رائفل، رفل ② cannon توپ *machine-gun* مشین گن *sten-gun*, small machine-gun اسٹین گن *bren-gun*, smaller machine-gun برین گن *tommy-gun*, powerful gun ٹامی گن **gun-cotton** N. acid-soaked explosive cotton تیزابی روئی، بارودی روئی **gunpowder** N. explosive mixture بارود **gun-boat** N. small warship with heavy guns گن بوٹ **gunfire** N. firing of gun توپ چلنا **gunner** N. ① gun operator توپچی ② artillery soldier توپخانہ کا سپاہی

gurgle (*gĕ**gel) N. sound of water coming out of neck غلغل، گڑ گڑ v.t. غلغل کرنا، گڑ گڑ کرنا

gush (gush) N. rushing outflow زور سے بہنا، اندر سے نکلنا، پھوٹ نکلنا v. i. flow swiftly زور سے نکلنا

gust (gust) N. ① sudden blast of

wind or rain جھکڑ ❷ sudden outburst جوش ، زور

gut V.T. (gut) N. (USU. PL.) ❶ intestines آنتیں ، روده ❷ dried intestines of animal تانت V. I. ❶ take the guts out of آنتیں نکالنا ❷ destroy by fire the inside of بھسم کر دینا ، جلا ڈالنا **guts** N. PL. stamina, courage جرأت ، برداشت

gutter (*gut*-ě*) N. ❶ shallow chanel on roadside سڑک کی نالی ❷ drain below eaves for rainwater چھت کی نالی ❸ opening in drain for outflow نالی **gutter-child, gutter snipe** N. stray child آوارہ لاوارث لڑکا **gutter-press** N. low type of periodicals گھٹیا اخبار

gymkhana (jim-*kah*-nē) N. public resort for display of athletics جمخانہ

gymnasium (jim-*nay*-zi-um) N. room with apparatus for physical training ورزش گاہ

gymnast (*jim*-nast) N. one skilled in gymnastics جمناسٹک کا ماہر ، ورزشی **gymnastic** (jim-*nas*-tik) ADJ. concerning physical training ورزشی **gymnastics** N. PL. such feasts ورزشی کرتب

H

h, H (aych) (PL. *h's, hs*) eighth letter of the English alphabet (equivalent to Urdu ہ but occasionally left out in pronunciation) ایچ

ha (hah) INT. (expressing surprise) ارے ، او ہو **ha ha** INT. (expressing laughter) آہا !

habeas corpus (*hay*-bi-us-co*-pus) N. writ requiring production of person in court in order to inquire into the legality of his arrest پروانہ حاضری ملزم

habit (*hab*-it) N. ❶ one's usual practice عادت ، خصلت ، طبیعت ❷ condition حالت **habitual** ADJ. ★

habitable (*hab*-i-tayb-ěl) ADJ. fit to be lived in رہائش کے قابل ، قابل رہائش

habitat (*hab*-i-tat) N. natural abode (of animal or plant) (کسی جانور یا پودے کا) اصلی علاقہ **habitation** (-*lay*-) N. ❶ living in رہائش ، سکونت ❷ place to live in رہنے کی جگہ ، مسکن

habitual (ha-*bit*-ewel) ADJ. ❶ usual معمولی ❷ regular مدامی ❸ from habit

habituate (ha-*bit*-ew-ayt) V.T. accustom عادی بنانا ، خوگر بنانا

hack (hak) V. T. & I. chop roughly کاٹنا ، سختی سے کاٹنا

hackney (*hak*-ni) N. ordinary horse ٹٹو ★ **hackney-carriage, hackney-coach** N. coach for hire کرائے کی گاڑی

hackneyed (*hak*-nid) ADJ. trite (saying) بہت ہی عام ، مبتذل

had AUX. V. (P.T. & P.P. of **have** ★)

Hades (*hay*-deez) (CLASS. MYTH.) ❶ realm of the dead below the world ہیڈیز ، پاتال ❷ hell دوزخ ، جہنم

haft (hahft) N. handle (of knife, dagger, etc.) دستہ ، قبضہ

hag N. ❶ ugly old woman بدصورت بڑھیا ❷ witch چڑیل ، ڈائن

haggard (*hag*-ě*d) ADJ. tired careworn and lined اترا ہوا (منہ)


haggle (hag-el) V. I. dispute *over price* مول تول کرنا

hail (hayl) N. (also *hail-stone*) frozen raindrop اولا ، ژالہ

hair (*hay*-ě*) N. (PL. same) ❶ threadlike growth on body بال ❷ fluff رُواں ❸ hair standing in fear, etc. رونگٹے

haircut N. cutting حجامت *have a haircut* بال کٹوانا ، حجامت بنانا **hair-do** N. (colloq.) dressing of the hair بال بنانا **hair-dresser** N. one who cuts hair حجام ، نائی ، اصلاح ساز **hair-splitting** N. going into uncalled-for details موشگافی ، بال کی کھال اتارنا **hairy** (*hay*-ě-ri) ADJ. ❶ of (or like) hair بال کا سا ❷

covered with hair بالوں سے بھرا ہوا
hale (hayl) ADJ. (of old person) healthy چلتا پھرتا، صحت مند **hale and hearty** ADJ. going strong and happy خوش باش
half (hahf) (PL. *halves* PR. hahvz) N. & ADJ. ½ آدھا، آدھ، نصف **half-past** 30 minutes past full hour ساڑھے
half-read ADJ. superficially read نیم خواندہ، آدھا پڑھا
hall (*hawl*) N. ❶ large public room جلسہ گاہ ❷ large room in mansion دیوان خانہ ❸ front room leading to stairs ڈیوڑھی **hallmark** N. mark of the standard of silver or gold مہر
hallo, hello (hay-*loh* or he-) INT. used for calling attention ! ہیلو، ہیلو
hallow (*hal*-o) V. T. regard as sacred مقدس جاننا N. (old use) saint ولی
hallucination (ha-loo-si-*nay*-shèn) N. illusion چھل، مایا، فریب نظر
halo (*hay*-lo) N. (PL. haloes) ❶ circle of light (round solar bodies, etc.) ہالہ ❷ ideal glory اعلیٰ شان
halt (hawlt) V. T. & I. (cause to) stop on march or journey رکنا، روکنا **halter** (*hawl*-tè*) N. rope, etc. put round horse's neck رسّہ، پھانسی کا پھندا
halve (hahv) V. T. divide into two equal parts آدھوں آدھ کرنا **halves** (halvz) N. PL. half parts آدھے آدھے حصّے
ham N. cured meat from pig's thigh سُوّر کی ران کا گوشت
hamlet (*ham*-let) N. very small village کھیڑا، چھوٹا گاؤں
hammer (*ham*-è*) N. ❶ instru-



ment used for hitting nails ہتھوڑا ❷ anything like it ہتھوڑا V. T. & I. strike (as) with hammer ٹھونکنا، پیٹنا، ہتھوڑا لگانا
hamper (*ham*-pe*) V. T. obstruct روڑا اٹکانا، رکاوٹ ڈالنا
hand (hand) N. ❶ front end of upper limb ہاتھ، دست ❷ pointer سوئی V. T. ❶ lead or assist ہاتھ پکڑ کے پہنچانا، مدد دینا ❷ give دینا ❸ make (*over*) دے دینا
handbill N. printed advertisement distributed by hand دستی اشتہار

handbook N. small guide-book (رہنما، رہبر کتاب) **handful** N. as much as a hand holds مٹھی بھر **handout** N. Press Note, information (usu.) by the Directorate of Public Relations علانیہ
handicraft N. art or craft needing skill with the hands دستکاری
handwriting N. style of writing خط
handicap (*hand*-i-kap) N. ❶ disadvantage رکاوٹ، مخالف کو رعایت ❷ impediment مزاحمت، رکاوٹ V. T. put at disadvantage خسارے میں رکھنا **handicapped** (-*kapt*-) ADJ. ❶ suffering under some disability خسارے میں ❷ dissabled معذور
handkerchief (*hank*-è*-chif) N. (also *kerchief*) piece of cloth used for wiping the face رومال، دستمال
handle (*hand*-el) N. part held or operated by hand دستہ V. T. ❶ take in the hands ہاتھ میں لینا ❷ deal tactfully with سے نبٹنا
handloom N. loom worked by hand کرگھا
handmaid N. maid لونڈی، کنیز
handsome (*hand*-sum) ADJ. ❶ good looking خوبصورت ❷ ample (income, etc.) کافی
handy (*han*-di) ADJ. ❶ not far away قریب ہی ❷ convenient برتنے میں سہل ❸ useful مفید *come in handy* PH. be useful کام آنا، مفید ثابت ہونا
hang (hang) V.T. & I. (*hang, hanged, hanged*) ❶ put (someone) to death by hanging پھانسی دینا ❷ (*hang, hung, hung*) suspend لٹکانا ❸ be suspended لٹکنا
hangar (*hang*-è*) N. shed for aircraft ہوائی جہازوں کے لیے
hanger-on N. obsequious follower طفیلی
hangman N. executioner جلاد، پھانسی
hanker (*hank*-è*) V. T. & I. crave (*after*) کی آرزو میں مرنا، متمنی ہونا
haphazard (hap-*ha*-ze*d) N. (at or by) mere chance اتفاقی، اتفاق سے، یونہی

happen (*hap*-èn) V. I. ❶ occur واقع ہونا، ہونا ❷ be experienced by پیش آنا **happening** N. ❶ occurring واقع ہونا، ہونا ❷ event واقعہ

happy (*hap*-i) ADJ. ❶ pleased خوش، مسرور ❷ pleasant مبارک، خوش آئند ❸ suitable مناسب، موزوں ❹ apt برمحل **happy-go-lucky** ADJ. carefree بے پروا، لاابالی

hara-kiri (hah-rè-*kee*-ri) N. ceremonial suicide formerly common in Japan خودکشی، ہاراکری

harass (*ha*-ras) V. T. ❶ trouble دق کرنا، ستانا ❷ attack زچ کرنا **harassment** (ha-res-mènt) N. harassing دق کرنا، ستانا

harbour (*hah*-bè*) N. ❶ shelter for ships بندرگاہ ❷ place of safety پناہ گاہ، ملجا V. T. ❶ give asylum to پناہ دینا ❷ hold in the mind دل میں رکھنا

hard (hah*d) ADJ. ❶ firm and solid ٹھوس، مضبوط، سخت ❷ difficult مشکل ❸ harsh سخت، بے رحم **hard by** ADV. near at hand قریب ہی **hard cash** N. coins and notes نقد، نقدی **hard currency** N. one difficult for a country to get عسیر الحصول سکے، زرِ سخت **hard-hearted** ADJ. ❶ not at all sentimental غیر جذباتی ❷ cruel سنگدل

hardihood N. boldness دلیری، بہادری

hardly (*hah*d*-li) ADV. with difficulty مشکل سے، دقت سے، بدقت ❷ scarcely بہ صرف، محض، بمشکل، مشکل سے **hardship** N. severe suffering سختی، مشکل **hard times** N. period of high prices and unemployment, etc. برے زمانے **hardware** N. metal wares دھات کا مال، پکا مال، آلات فلزاتی مال **hard water** N. one containing too much lime بھاری پانی

hardy (*hah*-di) ADJ. ❶ strong جفاکش، قوی، مضبوط ❷ bold بہادر، جری، جرأت مند

hare (*hay*-è*) N. large species of rabbits بڑا خرگوش

harlequin (*hah*-lè-kwin) N. comic character مسخرا، ہارلکن

harm (hah*m) N. damage نقصان V.T. damage نقصان پہنچانا **harmful** ADJ. damaging مضر، ضرر رساں، نقصان دہ

harmonious (hah*-*moh*-ni-us) ADJ. ❶ in agreement مطابق ❷ pleasingly combined ہم آہنگ **harmony** N. ★

harmonica (-*mon*-i-kè) N. mouth-organ منہ کا باجا

harmonium (-*moh*-ni-um) N. organ-like musical instrument with keyboard ہارمونیم

harmonize (*hah*-mo-niz) V.T. & I. (cause to) be in harmony (*with*) ہم آہنگ ہونا یا کرنا **harmony** N. ★

harmony (*hah*-mo-ni) N. ❶ agreement مطابقت، میل ❷ pleasing combination ہم آہنگی ❸ sweet melody دل کش، شیریں یا سریلا نغمہ **harmonious** ADJ. ★

harness (*hah*-nes) N. gear (of horse) گھوڑے کا ساز *in harness* PH. in the routine of daily work جتا ہوا *die in harness* PH. آخری دم تک کام کرتے ہوئے مرنا V. T. put harness on (horse) گھوڑے کو جوتنا

harp (hah*p) N. triangular stringed instrument بربط V. I. ❶ play the harp بربط بجانا ❷ say the same thing over and over again بار بار وہی بات کہے جانا

harrow (*ha*-roh) N. heavy plank, etc. for breaking soils ہینڈرا، سراون، سہاگہ V. T. ❶ draw harrow over سہاگہ پھیرنا ❷ would feelings مجروح کرنا

harsh (hah*sh) ADJ. ❶ irritating تکلیف دہ ❷ severe سخت

hart (hah*t) N. male deer بارہ سنگھا

harvest (*hah*-vest) N. ❶ season's crops فصل ❷ cutting and gathering them کٹائی V.T. reap (wheat, etc.) کٹائی کے دن

has V. (PR. T. SING. of **have** ★)

haste (hayst) N. hurry جلدی، تیزی

hasten (*hays*-èn) V.T. & I. ❶ act with speed جلدی کرنا ❷ go quickly جلدی جانا **hastily** (*hays*-ti-li) ADV. hurriedly جلدی سے، تیز **hasty** (*hays*-ti) ADJ. hurried جلدی کا، جلد ہی میں کیا ہوا

hat N. ❶ western headgear ہیٹ ❷ any cap ٹوپی

hatch (hach) V. T. & I. ❶ (of

chicken) be born from egg انڈے سے نکلنا ② bring forth (chickens) thus انڈے سینا

hatchet (*hach*-et) N. small axe کلہاڑی *bury the hatchet* PH. end long-standing quarrel جھگڑا ختم کرنا.

hate (hayt) N. violent dislike نفرت V. T. dislike very much نفرت کرنا

hatred (*hayt*-rid) N. abhorrence (*of*) نفرت

haughty (*hawt*-i) ADJ. arrogant مغرور

haul (hawl) V. T. & I. ① drag forcibly کھینچنا، گھسیٹنا ② (colloq.) arrest (*up*) گرفتار کرنا N. ① act of hauling کھینچنا ② fish hauled up in net جال میں پکڑی ہوئی مچھلی

haunch (hawnch) N. part of body between ribs and thighs کولھا، پٹھا

haunt (hawnt) V. T. frequent زیادہ آنا جانا، چکر لگانا N. place frequented (by ghosts, etc.) (بھوتوں کا) بسیرا **haunted** (-id) ADJ. ① (of place) frequently visited by ghosts بسیرا ② frequented (place) اڈا

have (hav) V. T. & I. ① own کا ہونا، کی ملکیت ہونا ② possess رکھنا، کے پاس رہنا ③ get (done) کرانا، کو (کرنا) پڑنا ④ take (food) کھانا، پینا ⑤ employ رکھنا، ملازم رکھنا

haven (*hay*-vĕn) N. ① harbour بندرگاہ ② safe place محفوظ مقام

havoc (*hav*-ŏk) N. destruction تباہی، بربادی *work havoc* PH. cause destruction قیامت برپا کرنا

hawk N. falkon like bird of prey باز، شاہین، شکرا

hawker N. pedlar پھیری والا

hay N. cut and dried grass سوکھی گھاس، کاہ **hay-rick, hay-stack** N. mass of hay stored in the field سوکھی گھاس کا چوٹی دار ڈھیر

hazard (*haz*-ĕ*d) N. risk خطرہ، جوکھوں V. T. ① take the risk of جوکھوں میں پڑنا، خطرہ مول لینا ② venture to make (guess, etc.) کہنے کی جسارت کرنا **hazardous** (-us) ADJ. risky خطرے والا، جوکھوں کا

haze (hayz) N. thin mist کوھنہ

he PRON. (*he, him, his*; PL. *they, them, their, theirs*) وہ، وہ مرد، وہ لڑکا

he-man N. masterful man مرد آدمی، نر آدمی

head (hed) N. ① top of body سر ② top or front سرا ③ one person شخص ④ (PL. same) unit of flock or herd) راس (مویشی) ⑤ chief صدر، رئیس، سربراہ ⑥ ruler حکمران، حاکم، سردار ⑦ major اعلیٰ، بڑا ⑧ division in writing ذیلی عنوان V.T. & I. ① be at the head of سب سے آگے ہونا ② move towards کی جانب بڑھنا **heading** N. word or words at the head of a piece of writing عنوان، سرخی **headland** N. cape راس **headline** N. newspaper heading عنوان، سرخی ADJ. chief (news item) بڑی بڑی (خبریں) **headlong** ADJ. ① with the head first سر کے بل ② thoughtless and hurried جلد بازی کا **headman** N. ① chief of the village or tribe سردار ② (in Pakistan) revenue collector of the village نمبردار

headmaster N. MAS. (FEM. *headmistress*) chief teacher in school ہیڈ ماسٹر، اول مدرس، صدر مدرس **headquarters** N. PL. chief office or centre ہیڈ کوارٹر، صدر مقام

headstrong ADJ. self-willed خودسر، سرکش **headway** N. progress ترقی *make headway* PH. **headworks** N. PL. (used as SING.) river dam from where canals take off ہیڈ ورکس

heal (heel) V. T. & I. make or become well صحتیاب ہونا یا کرنا

health (helth) N. ① state of being well تندرستی، صحت ② normal condition صحت، صحتمندی، صحتمندانہ حالت **healthful** ADJ. health-giving صحت بخش **healthy** (*hel*-thi) ADJ. ① having good health صحت مند، تندرست ② healthful صحتمندانہ، صحت بخش

heap (heep) N. pile ڈھیر V. T. put (*up*) in heap ڈھیر لگانا

hear (*hee*-ĕ*) V. T. & I. (*hear, heard, heard* PR. hĕ*d) ① catch the sound of سننا ② try (case) (مقدمہ کی) سماعت کرنا **hear! hear!** EXCLA. cry expressing approval or agreement really or ironically بہتر بہتر، واہ وا

heard (hē*d) V. (P. T. & P. P. of **hear** ★) سنا **hearing** N. ❶ catching the sound of سننا ❷ faculty for it سننے کی قوت سماعت، قوت سامعہ ❸ date (of trial) پیشی، تاریخ **hearsay** N. rumour سنی سنائی، افواہ

hearken (*hah**-ken) V. I. (old use) listen سننا، کان دھرنا

heart (hah*t) N. ❶ blood-pumping organ under breast دل، جی ❷ seat of emotions دل، قلب ❸ hope امید ❹ centre وسط، مرکز ❺ largest part بڑا حصہ ❻ deepest part سب سے گہرا حصہ **heart-searching** N. sincere appraisal of one's actions and feelings دل ٹٹولنا **heart-ache** N. grief دکھ، رنج **heart-broken** ADJ. grieved دل شکستہ **hearten** V. T. give courage to ہمت بندھانا **heartening** ADJ. encouraging ہمت افزا **heartily** (*hah**-ti-li) enthusiastically جوش سے **heartless** ADJ. cruel ظالم، سنگدل **heart trouble** N. heart-disease دل کی تکلیف، دل کا عارضہ **hearty** (*hah**-ti) ADJ. enthusiastic پرجوش

hearth (hah*th) N. ❶ base of fire-place آتشدان کا فرش ❷ the fireside چولھا، آتشدان

heat (heet) N ❶ hotness گرمی، حرارت، تپش ❷ height of fervour جوش ❸ height of fury طیش ❹ race دوڑ V.T & I. make or become warm or hot گرم ہونا یا کرنا، تپنا یا تپانا **heat-stroke** N. prostration by excessive heat لو، گرمازدگی **heat-wave** N. period of unusually hot weather سخت گرمی، گرمی کی لہر، بہت گرم موسم، حرارت کا زور

heathen (*hee*-dhèn) N & ADJ. ❶ person other than Muslim, Christian or Jew غیر اہل کتاب ❷ unbeliever کافر، ملحد

heave (heev) V. T. & I. ❶ lift up اٹھانا، بوجھ اٹھانا ❷ pull (*at* or *on* rope) کھینچنا ❸ utter (sigh or groan) with effort بھرنا، نکالنا

heaven (*hev*-èn) N ❶ abode of God and His angels آسمان، عالم بالا ❷ paradise جنت، بہشت، فردوس ❸ (N PL.) (*the heavens*) the sky آسمان **heavenly** ADJ. ❶ of, from or like heaven آسمانی ❷ extremely beautiful پرحسن و خوبی، پیکر جمال، حور وش، پری پیکر

heavily ADV., **heaviness** N. (see under **heavy** N. ★)

heavy (*hev*-i) ADJ. ❶ weighty بھاری، وزنی ❷ great (grief, burden, etc.) ❸ unusually big بہت بڑا، غیر معمولی طور پر بڑا، شدید ❹ dull (person) ٹھس، بھاری **heavily** ADV. with heaviness گرانی سے، بھاری پن سے **heaviness** N. being heavy گرانی، بھدا پن **heavy-weight** N. boxer weighing 175 lb. or more بھاری، بھاری گھونسے باز

Hebrew N. language of the people of Moses عبرانی

heckle (*hek*-èl) V. T. harass the speaker with questions مقرر پر سوالات کی بوچھاڑ کرنا

hecto- (*hek*-toh) PREF. hundred سو (as in *hectogramme*) سوگرام

hector (*hek*-tè*) V. T. & I. bully گیدڑ بھبکی دینا، ظالم، تیس مار خاں N. bully دھونس جمانا

hedge (hej) N. row of bushes باڑ V. T. & I. ❶ put hedge round کے گرد باڑ لگانا ❷ obstruct راستہ بند کرنا، روکنا

hedgehog N. rabbit-like animals with quills سیہہ، خارپشت

heed N. attention توجہ *pay heed to* PH. N. T. pay heed to پر کان دھرنا، کی طرف توجہ کرنا **heedless** ADJ. careless بے پروا، غافل

heel N. back part of foot ایڑی

heifer (*hef*-è*) N. young cow that has not yet had calf جوان بچھیا

height (hit) N. ❶ loftiness بلندی ❷ high place اونچی جگہ ❸ extreme انتہا، عروج ❹ (at its) maximum اپنے پورے عروج پر

high ADJ. ★

heighten V. T. ❶ make higher بڑھانا، زیادہ کرنا ❷ enhance اونچا کرنا

heinous (*hay*-nus) ADJ. (of crime) atrocious سخت ظالمانہ، وحشیانہ

heir (*ay*-e*) N. MAS. (FEM. *heiress*) one entitled to legacy وارث **heirdom, heirship** N title to legacy وراثت، حق وراثت

held V (P T & P P of **hold** ★)

❶ kept رکھا ❷ arrested گرفتار کیا
ADJ. arrested (person) گرفتار شدہ، گرفتار

helicopter (*hel*-i-kop-tĕ*) N. aircraft which can take off almost straight up ہیلی کوپٹر، بالاپرواز

helium (*hee*-li-um) N. light gas ہیلیم

hell (hel) N. ❶ place of punishment after death دوزخ، جہنم ❷ great suffering عذاب، دوزخ

helm (helm) N. handle for moving the rudder of a boat پتوار
(*be*) *at the helm of affairs* PH. (برسراقتدار (ہونا

helmet (*hel*-met) N. soldier's metal head-covering خود

help N ❶ aid امداد، اعانت ❷ support سہارا، حمایت ❸ helper مددگار ❹ servant نوکر
V T. aid مدد دینا، امداد کرنا، اعانت کرنا AUX. V. (always in the negative) resist (*doing*) کا بچاؤ کرنا، چارۂ کار نہ ہونا *help oneself to*, PH. take and eat کھا لینا *help yourself to it*, PH. please pick up and take it شوق فرمایئے، تناول فرمایئے

helper N. one who helps مددگار، معاون

helter-skelter (*hel*-tĕ*-*skel*-tĕ*) ADV. in hurried confussion افراتفری میں، جلدی میں، گڑبڑ میں

hem N. edge of cloth گوٹ، مغزی، سنجاف
V. T. & I (-mm-) make hem on گوٹ ٹانکنا، کنارے ترپنا

hemi- (*hem*-i) PREF. half نصف، نیم

hemisphere (*hem*-i-sfee-ĕ*) N. ❶ half the earth نصف کرہ ❷ half of any sphere نصف کرہ

hemp N. ❶ jute fibre سن، پٹسن کا ریشہ ❷ its leaves سن کے پتے ❸ hashish بھنگ، حشیش

hemstitch (*hem*-stich) N. ornamental stitching ایک طرح کی کشیدہ کاری، سنجاف کاری

hen N. ❶ female of cock مرغی ❷ female (bird) پرندے کی مادہ

henpecked (*hen*-pekt) ADJ. one ruled by his wife زن مرید

hence (hens) ADJ. ❶ from here یہاں سے ❷ from now اب سے، ابھی سے

henceforth, henceforward ADV. from this time on آج سے، آج کے بعد

henchman (*hench*-men) N. (PL. *henchmen*) unquestioning political supporter پٹھو

henna (*hen*-ĕ) N. kind of plant used for dying skin or hair red مہندی، حنا

hepta- PREF. seven سات، سات والا

heptagon N. seven-sided polygon مسبع

her (hĕ*) PRONOMINAL ADJ. of the female اس کا

herald (*he*-rĕld) N. ❶ ruler's announcer شاہی نقیب ❷ any announcer منادی، منادی کرنے والا

herb (hĕ*b) N. plant with soft stem used as medicine بوٹی، جڑی بوٹی

Hercules (*hĕ**-kew-leez) CLASS. MYTH.) son of Zeus who performed the famous twelve labours which no one else could ہرقل، ہرکولیس

herculean (hĕ*-kew-*lee*-en) ADJ. having or needing great powers of body or mind سخت مشکل، کٹھن، صبر آزما

herd (hĕ*d) N. company of animals going together گلہ

herdsman (*hĕ*dz*-mĕn) N. man who looks after herds گلہ بان، راکھی

here (*hee*-ĕ*) ❶ in this place یہاں ❷ on this side اس طرف، اس جگہ

hereafter N. ❶ future مستقبل ❷ the life to come آخرت، آئندہ زندگی میں

hereby ADV. by means of this بذریعہ ہذا

herewith ADV. with this اس کے ساتھ

hereditary (he-*red*-i-to-ri) ADJ. passed on from generation to generation موروثی، جدی، پشتینی

heresy (*he*-rĕ-si) N. ❶ unorthodox belief بدعت ❷ wrong belief کفر

heretic (*he*-rĕ-tik) N. one supporting heresy کافر، بدعتی

heritage (*he*-ri-tij) N. something (that would be) inherited ورثہ، ترکہ

hermit (*he**-mit) N. one living in solitude تارک الدنیا، گوشہ نشین، زاہد

hero (*hee*-roh) N. (PL. *heroes*) ❶ man admired for bravery بطل جلیل، عظیم شخصیت ❷ chief man in story, etc. ہیرو، بطل

hero-worship N. almost religious adoration of the hero بطل پرستی

heroine (*he*-ro-in) N. female hero ہیروئن

heroic (he-*roh*-ik) ADJ. of, like or fit for hero ہیرو کا سا

heroism (*he*-roh-izm) N. great courage بہادری، مردانگی، عالی حوصلگی

heroin (he-*roh*-in) N. a morphia preparation نئی بوٹی افیم

heron (*he*-ren), **hern** (hĕ*n) N. a stork-like bird بگلا

hers (hĕ*z) PRON. (possessive of *she* ★) اُس کا

hesitate (*hes*-i-tayt) V. I. show signs of uncertainty ہچکچانا، تامل کرنا
hesitation (hes-i-*tay*-shĕn) N. act of hesitating تامل، ہچکچاہٹ، تذبذب

hessian (*hesh*-ĕn) N. sack-cloth ٹاٹ بوریا

hew (*hew*) V. T. (*hew, hewed, hewn*) chop (*down*) کاٹنا

hexagon (*hek*-sĕ-gon) N. six-sided polygon مسدس

heyday N. prosperous times بہار، عروج

hid (hid) V. (P. T. of **hide** ★) چھپا چھپایا

hide (hid) V. T. & I. (*hide, hid, hidden*) conceal چھپنا، چھپانا • N. tough skin of animals کھال، ادھوڑی

hide-and-seek N. game آنکھ مچولی

hide-bound ADJ. narrow-minded تنگ خیال، تنگ نظر

hideous (*hid*-ĕ-us) ADJ. ❶ very ugly سخت بدنما، گھناؤنا ❷ frightful ڈراؤنا

high (hi) ADJ. ❶ raised above others اونچا، بلند ❷ tall لمبا، طویل ❸ loud اونچا ❹ strong (wind) تیز ❺ nice (quality) عمدہ ❻ of high quality عمدہ ❼ intense اعلیٰ شدید، بہت **height** N. ★

infant (*-in-*) N. ❶ baby شیر خوار بچہ ❷ young چھوٹا **infanticide** (in-*fan*-ti-sid) N. new born infant's murder (نوزائیدہ) بچے کا مار ڈالنا، بچہ کشی **infantile** (*in*- fan -til) ADJ. of infants بچوں کا، بچگانہ
infantry (*in*-fant-ri) N. foot soldiers (OPP. *cavalry*) پیدل فوج، پیادہ فوج
infatuate (in-*fat*-ew-ayt) V.T. fill

with foolish love لٹو کرنا، فریفتہ کرنا
infect (in-*fekt*) V. T. fill with disease germs چھوت لگانا، بیماری کے جراثیم پھیلانا **infection** (-shèn) N. disease spreadly germs متعدی یا وبائی مرض **infectious** (in-*fek*-shus) ADJ. spreading by infection متعدی، وبائی
infer (in-*fe**) V. T. (-rr-) conclude نتیجے پر پہنچنا، نتیجہ اخذ کرنا، مستنبط کرنا **inference** (*in*-) N. ❶ process of inferring استنباط ❷ conclusion نتیجہ
inferior (in-*fee*-ri-è*) ADJ. lower in rank ماتحت، کم مرتبہ، خراب، گھٹیا **inferiority complex** N. feeling of one's inherent weakness which leads one to have pretensions to its opposite quality احساس کمتری || احساس کہتری
infernal (-*fĕ**-) ADJ. ❶ of hell جہنم کا، دوزخی ❷ outrageous سخت، ظالمانہ، نفرت انگیز
infertile (in-*fĕ**-til or -til) ADJ. barren بنجر
infest (in-*fest*) V. T. be present in large numbers کثرت سے ہونا، سے بھرا ہوا ہونا
infidel (in-*fi*-dèl) N. ❶ unbeliever لا مذہب ❷ disbeliever in the true religion کافر، بے دین، ملحد
infiltrate (-*fil*-) V. T. & I. ❶ permeate سرایت کرنا ❷ (of troops) break through defences unnoticed محاذ کے پار نکل جانا
infinite (*in*-fi-nit) ADJ. unlimited لا محدود، لا متناہی
infinitive (in-*fin*-i-tiv) N. verb form expressing no period of time مصدر (as *to see* دیکھنا)
infinitesimal (in-fin-i-*tes*-i-mèl) ADJ. infinitely small از حد چھوٹا
infinity (in-*fin*-i-ti) N. (Math.) ❶ infinite number لامتناہی ❷ state of being infinite لا متناہی
infirm (in-*fĕ***m*) ADJ. weak کمزور، ضعیف نحیف **infirmity** (-i-ti) N. weakness کمزوری
inflame (in-*flaym*) V. T. & I. set on fire آگ لگانا **inflammable** (in-*flam*-è-bèl) ADJ. easily set on fire جلدی بھڑک اٹھنے والا

inflate (in-*flayt*) V. T. & I. fill (tyre, etc) with air or gas میں ہوا بھرنا **inflation** N. artificial increase in prices افراطِ زر
inflect (in-*flekt*) V. T. ❶ bend موڑنا جھکانا ❷ decline (noun) or conjugate (verb) گردان کرنا
inflection (in-*flek*-shèn), **inflexion** N. inflecting گردان، تصریف
inflexible (in-*flek*-si-bèl) ADJ. ❶ not flexible بے لوچ، غیر لچک پذیر، جو مڑ تڑ نہ سکے ❷ unyielding, firm سخت
inflict (in-*flikt*) V. T. cause to suffer by زخم لگانا، سزا دینا
influence (*in*-floo-ens) N. ❶ contact اثر و رسوخ ❷ power invisibly exercised اثر ❸ effect اثر، تاثیر V. T. ❶ exert influence upon پر اثر ڈالنا، پر اثر انداز ہونا ❷ exercise this power متاثر کرنا
influential ADJ. ❶ exercising influence مؤثر ❷ popular بارسوخ، با اثر، ذی اثر
influenza (in-floo-*en*-zè) N. feverish cold which is infectious انفلوئنزا، وبائی زکام
inform (in-*fo***m*) V. T. ❶ tell اطلاع دینا، بتانا ❷ convey information خبر دینا
informal (in-fo*-mèl) ADJ. ❶ not formal غیر رسمی ❷ simple and homely بے تکلفانہ، سیدھا سادہ
informant N. ❶ one who gives news بتانے والا، خبر دینے والا ❷ informer مخبر، مخبری کرنے والا
information (in-fè*-*may*-shèn) N. ❶ news اطلاع، خبر ❷ knowledge imparted معلومات، معلومات میں اضافہ **informative** (-*may*-tiv) ADJ. ❶ giving useful piece of information معلومات افزا ❷ enlightening معلومات افزا
informer (in-*fo**-mè*) N. one who informs against someone مخبر، مخبری کرنے والا
infrequent (-*free*-) ADJ. seldom occurring شاذ، کبھی کبھار کا **infrequently** ADJ. occasionally کبھی کبھار
infringe (in-*frinj*) V. T. & I. vio-

late (rule, etc.) خلاف ورزی کرنا ، توڑنا **infringement** N. violation خلاف ورزی

in front (of) ADJ. ❶ before آگے ، سامنے ❷ ahead آگے ، آگے آگے

infuriate (in-*few*-ri-ayt) V. T. enrage طیش میں لانا

infuse (in-*fewz*) V. T. & I. ❶ instil اثر ڈالنا ، زندگی کی روح پھونکنا ❷ pour ڈالنا

ingenious (in-*jee*-ni-us) ADJ. ❶ clever طباع ، خوش تدبیر ❷ skilfully made سلیقے کا ، اپج کا

ingenuity (in-*jen*-ew-i-ti) N. cleverness اپج ، خوش تدبیری ، ایجاد کا مادہ ، اختراع پسند

ingenuous (in-*jen*-ew-us) ADJ. ❶ frank صاف دل ❷ artless بے تصنع ، بے ریا **ingenuousness** (-*jen*-) N. ❶ artlessness بے ریائی ❷ frankness صاف دلی

inglorious (in-*gloh*-ri-us) ADJ. ❶ disgraceful شرمناک ❷ obscure گمنام

in good time PH. early enough کافی جلدی ، بروقت

ingot (*ing*-ot) N. brick-shaped mass of cast metal (سونے چاندی وغیرہ کی) اینٹ

ingratitude (in-*grat*-i-tewd) N. ungratefulness ناشکر گزاری ، ناشکری

ingredient (in-*gree*-di-ent) N. part of mixture جز

inhabit (in-*hab*-it) V. T. live in رہنا ، بسنا ، بود و باش رکھنا ، سکونت رکھنا **inhabitable** (-*hab*-) ADJ. fit to be lived in رہنے کے قابل

inhabitant (-*hab*-) N. one living in a place رہنے والا ، ساکن ، باشندہ

inhale (in-*hayl*) V. T. & I. breathe in ; draw in breath سانس اندر کو کھینچنا ، سانس لینا

inherent (in-*hee*-ĕ-rent) ADJ. innate پیدائشی ، خلقی ، جبلی

inherit (in-*he*-rit) V. T. receive as legacy ورثہ میں پانا ، ترکہ پانا **inheritance** (-*he*-) N. ❶ inheriting ورثہ پانا ❷ inherited thing ورثہ ، ترکہ

inhibit (in-*hib*-it) V. T. ❶ check روکنا ، رکاوٹ ڈالنا ، مزاحمت کرنا **inhibition** (-*hib*-) N. ❶ check رکاوٹ ، مزاحمت ❷ (PL.) (psychological or social) cheques گھٹن ، پابندیاں

inhuman (-*hew*-) ADJ. ❶ brutal (person) ظالم ❷ cruel treatment ظالمانہ سلوک

inimical (in-*im*-i-kĕl) ADJ. ❶ hostile دشمن ❷ harmful (*to*) خطرناک

inimitable (-*im*-) ADJ. unique یگانہ ، بے نظیر ، یکتا ، لاثانی

iniquity (in-*ik*-wi-ti) N. injustice, unfairness بے انصافی

initial (i-*nee*-shĕl) V. T. sign with one's initials مخفف دستخط کرنا ، چھوٹے دستخط کرنا

initial (i-*nish*-ĕl) ADJ. of or at the beginning ابتدائی **initially** ADJ. in the beginning شروع شروع میں **initials** N. PL. first letters of one's names چھوٹے دستخط ، مختصر دستخط ، مخفف دستخط

initiate (i-*nish*-i-ayt) V. T. ❶ originate شروع کرنا ❷ admit ceremonially باضابطہ شامل کرنا

initiative (i-*nee*-shi-ay-tiv) N. ❶ first step پہلا قدم ، اوّل قدم ❷ capacity to initiate پہل کی ہمت

inject (in-*jekt*) V. T. force drug (*into* body) with syringe ٹیکہ لگانا

injection (in-*jek*-shĕn) N. ❶ injecting ٹیکہ لگانا ❷ fluid injected ٹیکہ

injudicious (in-joo-*dish*-us) ADJ. ❶ unwise (decision, etc.) غیر دانشمندانہ ❷ short-sighted کوتاہ اندیش

injunction (in-*junk*-shĕn) N. judicial restraining order حکم امتناعی

injure (*inj*-e*) V. T. ❶ harm نقصان پہنچانا ، ضرر پہنچانا ❷ hurt ضرب لگانا ❸ wound زخمی کرنا ❹ cause mental pain دکھ دینا

injury (*inj*-ĕ-ri) N. ❶ harm نقصان ❷ wound زخم

injustice (-*jus*-) N. lack of justice بے انصافی ، ظلم

ink N. coloured fluid used for writing or printing سیاہی ، روشنائی **inkpot** (-*ink*-) N. ink container دوات

inkstand N. stand for inkpot, pen, etc. قلمدان

inkling (*ink*-ling) N. ❶ hint (*of*) اشارہ ❷ suspicion شبہ ، خیال

inland (*in*-land) ADJ. & ADV. away from coast ساحل سمندر سے دور ، ملک کا اندرونی علاقہ

inlay (in-*lay*) V. T. (inlaid, inlay-

ing) ❶ insert (for ornament) جڑاؤ کام کرنا، مرصع کام کرنا ❷ insert جڑنا، لگانا N. (also PR. *in*-lay) ❶ inlaid work سادہ کاری ❷ inlaying سادہ کاری یا پچی کاری، کاری، منبت کاری

inlet (*in*-let) N. very small bay (between islands, etc.) کھاڑی

inmate (*in*-mayt) N. ❶ occupant (*of* house) گھر میں رہنے والا، گھر والا ❷ prisoner (*of* jail) قیدی

inmost ADJ. most inward بالکل اندرونی

inn (in) N. public house for travellers سرائے

in no time PH. very quickly بہت جلد، آنا فانا، فورا

Inns of Court N. ❶ British Unions of lawyers برطانوی انجمن ہائے وکالت ❷ hostels for them وکیل خانے

innate (*in*-ayt, or in-*ayt*) ADJ. inborn پیدائشی، خلقی، جبلی

inner (*in*-e*) ADJ. of inside اندرونی

innermost ADJ. inmost بالکل اندرونی، گہرا، عمیق، دلی، قلبی

innings (*in*-ingz) N. teams for batting کرکٹ کی باری، پاری

innocence (*in*-o-sens) N. being innocent معصومیت، بیگناہی **innocent** (*in*-o-sent) ADJ ❶ sinless معصوم، بے گناہ ❷ harmless بے ضرر

innocuous (i-*nok*-ew-us) ADJ. harmless بے ضرر

innovate (*in*-o-vayt) V. I. introduce new (ideas, things, etc.) نیا خیال (یا نئی چیز) رائج کرنا

innumerable (i-*newm*-ē-rē-bēl) ADJ. countless ان گنت، بے شمار

inoculate (in-*ok*-ew-layt) V. T. inject disease vaccine for cure ماشل ٹیکہ لگانا، ٹیکا لگانا **inoculation** (-*lay*-) N. ❶ such injection ماشل ٹیکہ، ٹیکہ ❷ injecting thus ٹیکہ لگانا

inoffensive (-*fen*-) ADJ. not objectionable جو قابل اعتراض نہ ہو، نا قابل اعتراض

inopportune (-*op*-) ADJ. not opportune نامناسب، بے محل، بے موقع

in order to PH. so that; for the purpose of کے لیے، تاکہ

inordinate (-o*d-) ADJ. extraordinary (delay, etc.) غیر معمولی، بے حد

inorganic (-*gan*-) ADJ. ❶ not organic غیر نامی، غیر نامیاتی ❷ inanimate بے جان

inquest (*in*-kwest) N. official inquiry concerning death اچانک موت کی تفتیش

inquire (in-*kwi*-ē*), **enquire** (en-*kwi*-ē*) V.T. ❶ ask پوچھنا، دریافت کرنا ❷ hold inquiry (*into*) دریافت کرنا **inquiry** (in-*kwi*-ē-ri) N. ❶ inquiring پوچھنا، دریافت کرنا ❷ investigation تحقیقات

inquisition (in-kwi-*zish*-ēn) N. ❶ judicial, official or religious investigation تحقیقات ❷ Christian tribunal for punishing heretics بیدینی کے خاتمہ کا اہتمام کرنے کے لیے عیسائی عدالت

inquisitive (in-*kwiz*-i-tiv) ADJ. fond of prying; curious لوگوں کے راز جاننے کی کوشش میں لگا رہنے والا

in respect of PH. regarding کے سلسلے میں، کے مفہوم میں

inroad (*in*-rohd) N. ❶ incursion اچانک حملہ ❷ forcible encroachment زبردستی چڑھ دوڑنا

insalubrity (-*loob*-) N. being insalubrious غیر صحت بخش ہونا

insane (in-*sayn*) ADJ. ❶ mad پاگل ❷ very foolish پرلے درجے کا احمق، دیوانہ **insanity** N. ★

insanitary (in-*san*-i-tē-ri) ADJ. not sanitary صفائی کے اصولوں کے خلاف

insanity (in-*san*-i-ti) N. madness پاگل پن، دیوانگی، جنون **insane** ADJ.

insatiable (in-*sash*-i-abēl) ADJ. unquenchable نہ بجھنے والی پیاس

inscribe (in-*skrib*) V. T. ❶ write (*in*) (پر) لکھنا ❷ engrave (*on*) پرکندہ کرنا **inscription** (-*krip*-) N. something engraved نقش، کتبہ

insect (*in*-sect) N. small kind of creature کیڑا، مکوڑا، حشرہ **insecticide** (in-*sek*-ti-sid) N. poison for killing insects کیڑے مار دوا **insectivorous** (-*tiv*-o-rus) ADJ. living on insects کیڑوں پر گزر بسر کرنے والا، حشرہ خور

insecure (in-si-*kew*-ē*) ADJ. ❶ unsafe خطرے میں، غیر محفوظ، کمزور ❷ not neces-

sarily permanent ناپائیدار **insecurity** N. being insecure ناپائیداری
insensible (in-*sens*-i-bel) ADJ. ❶ unconscious بے ہوش ❷ unaware (*of*) غافل
insensitive (in-*sens*-i-tiv) not sensitive بے حس ، بے ذوق
inseparable (-*sep*-) ADJ. not separable جدا نہ ہو سکنے والا ، غیر منفک
insert (in-*sě*t*) V. T. ❶ put or add (something *in*) میں ڈالنا ، میں داخل کرنا ❷ publish in periodical (اشتہار) اخبار میں شائع کرنا
inside PREP. & ADJ. (in-*sīd*) within اندر ADJ. inner اندرونی N. (*in*-sīd) what is with اندر کی چیزیں
insight (*in*-sit) N. power of seeing with the mind بصیرت ، دقت نظر
insignia (in-*sig*-ni-ě) N. PL. badges or symbols of office ستارے ، تاج ، عصائے شاہی
insignificance (-*nif*-) N. being insignificant غیر اہمیت ، غیر اہم ہونا **insignificant** ADJ. ❶ unimportant غیر اہم ❷ contempt حقیر
insincere (in-sin-*see*-ě*) ADJ. hypocritical (person or action) منافق **insincerity** (-*se*-ri-ti) N. hypocrisy خلوص نہ ہونا ، منافقت
insinuate (in-*sin*-ew-ayt) V. T. ❶ hint indirectly چوٹ کرنا ، تعریض کرنا ❷ introduce subtly کنایۃً شامل کرنا **insinuation** N. indirect suggestion تعریض ، چوٹ
insist (in-*sist*) V. T. & I. ❶ demand persistently (*on*) اصرار کرنا ❷ dwell emphatically (*on*) زور دیتے جانا
insistence N. insisting اصرار ، تاکید
insistent ADJ. that insists تاکیدی ، اصرار کرنے والا
insobriety (in-so-*brī*-ě-ti) N. intemperance کثرت مے نوشی ، شراب نوشی میں بے اعتدالی
insolence (*in*-so-lens) N. impudence گستاخی **insolent** (*in*-so-lent) ADJ. impudent (person) گستاخ
insoluble (-*sol*-) ADJ. that cannot be dissolved جو حل نہ ہو سکے ، غیر منحل
insolvency (in-*sol*-ven-si) N. bankruptcy دیوالیہ پن **insolvent** (-*sol*-) ADJ. bankrupt دیوالیہ
insomnia (in-*som*-ni-a) N. sleeplessness as disease بے خوابی
insomuch ADV. to such a degree or extent that اتنا ...... کہ
inspect (in-*spekt*) V. T. ❶ visit officially معائنہ کرنا ❷ examine carefully بغور دیکھنا ❸ view ملاحظہ کرنا **inspection** N. official visit معائنہ **inspector** N. one who inspects معائنہ کرنے والا ، انسپکٹر ، ناظر
inspiration (in-spi-*ray*-shěn) N. ❶ creature urge تخلیقی تحریک ❷ divine message وحی ، الہام ، القا **inspire** V. ★
inspire (in-*spī*-ě*) V. T. ❶ infuse life روح پھونکنا ❷ fill with zeal جوش پیدا کرنا ❸ fill (someone) *with* high thoughts, etc. کے دل میں ڈالنا ، پر فیضان کرنا ❹ fill (someone) *with* divine message وحی بھیجنا ، الہام کرنا **inspired** (in-*spī*-ě*d) ADJ. at someone's secret suggestion جو کسی کے کہنے پر ہو **inspiration** N. ★
in spite of PREP. despite, notwithstanding باوجود ، باوصف ، کے ہوتے ہوئے
install (in-*stawl*) V. T. place someone *in* authority گدی پر بٹھانا
instalment (-*stawl*-) N. part of the whole payment to be made regularly قسط *by instalments* PH. (paid) thus قسط وار ، بالاقساط
instance (*in*-stans) N. example نظیر ، مثال *for instance* PH. for example مثلاً ، مثال کے طور پر
instant (*in*-stant) ADJ. ❶ immediate اچانک ، فوری ، آنی ❷ urgent اشد ضروری ❸ of the present month ماہ رواں ، ماہِ حال N. moment لحظہ ، لمحہ ، آن ، گھڑی
instantly ADV. immediately فوراً ، فی الفور
instead (in-*sted*) ADV. in place (*of*) (کی) بجائے **instead of** کی بجائے
instigate (*in*-sti-gayt) V. T. ❶ urge اکسانا ، ابھارنا ❷ cause برپا کرنا
instigation (-*gay*-) N. instigating ترغیب ، انگیخت ، تحریک
instinct (*in*-stinkt) N inborn ten-

dency جبلت، وجدان **instinctively** ADV. through instinct قدرتی طور پر، فطری طور پر

institute (*in*-sti-tewt) N. ❶ special purpose organisation ادارہ ❷ (PL.) digest (of) خلاصہ، متن V.T. establish (rule, etc) نافذ کرنا، رائج کرنا، ترویج کرنا

institution (-*tew*-) N. ❶ long-established practice دستور، رواج ❷ charitable institution خیراتی ادارہ

instruct (in-*strukt*) V. I. teach پڑھنا، تعلیم دینا **instruction** N. ❶ teaching تعلیم، معارف ❷ (PL.) directions ہدایات **iustructive** ADJ. informative

instrument (*ins*-trū-ment) N. ❶ simple but delicate apparatus آلہ ❷ implement اوزار، آلۂ کار **instrumental** (-*men*-) ADJ. means or help ذریعہ، آلۂ کار

insubordinate ADJ. disobedient نافرمان **insubordination** (-*nay*-) N. disobedience حکم عدولی، نافرمانی

insufficiency (-*fi*-) N. inadequency ناکافی ہونا **insufficient** ADJ. inadequate ناکافی

insular (*in*-sew-lè*) ADJ. of an island جزیرے کا، جزائری

insulate (*in*-sew-layt) V. T. prevent loss of electricity or heat through conduction حاجز درمیان میں رکھنا **insulation** (-*lay*-) N. insulating or being insulated منفصل کرنا، حجز **insulator** N. substance for insulating (esp.) electric wire حاجز

insult N. (*in*-sult) affront بےعزتی، توہین V.T. (in-*sult*) offer indignity to بےعزتی کرنا، ذلیل کرنا

in support of PH. in order to promote کی حمایت میں، کے حق میں

insurance (in-*shoo*-è-rans) N. ❶ insuring بیمہ ❷ sum insured بیمہ کی رقم، بیمہ ❸ its premium قسط بیمہ **insure** (in-*shoo*-è*) V. T. take out insurance policy بیمہ کرنا یا کرانا

insurgence (in-sĕ*-*jens*) N. revolt بغاوت **insurgent** ADJ. rebel باغی

insurrection (-*rek*-) N. people's planned rebellion حکومت کے خلاف باغیانہ تحریک، بغاوت

intact (in-*takt*) ADJ. ❶ unimpaired صحیح، سالم، بالکل محفوظ ❷ entire پورا، سالم

integer (*in*-te-jè*) N. whole number صحیح عدد **integral** (*in*-*teg*-rèl) ADJ. entire پورے کا پورا، کلی، کل **integral calculus** N. method of calculating the amount of the change of continuously varying function ریاضی کلیات

integrate (-*tay*-) V. T. ❶ make complete تکمیل کرنا، مکمل کرنا ❷ unite to form whole ملا کر وحدت بنا دینا، مدغم کرنا

integrity (in-*teg*-ri-ti) N. ❶ honesty دیانت، دیانتداری، ایمانداری ❷ completeness پورا ہونا، تمامیت

intellect (*in*-tè-lekt) N. power of reasoning فہم و فراست، ذہانت، سمجھ، عقل

intelligence (in-*tel*-i-jens) N. ❶ intellect ذہانت، عقل، فہم، فراست ❷ information خبر، اطلاع **intelligent** ADJ. ❶ having intelligence سمجھدار، ذہین ❷ showing intelligence عقل کا **intelligentsia, intelligentzia** (in-tel-i-*jent*-zi-è) N. educated classes of society or country دانشور، دانشمند، ملک کا پڑھا لکھا طبقہ

intelligible (in-*tel*-i-jib-èl) ADJ. clear; that can be understood جو سمجھ میں آ سکے، قابل فہم

intense (in-*tens*) ADJ. extreme بہت **intensify** V. T. & I. make or become intense شدت اختیار کرنا **intensive** (in-*ten*-siv) thorough and concentrated محدود مگر زوردار **intensity** in-*ten*-si-ti) N. being intense زور، شدت

intent (in-*tent*) N. aim, purpose نیت، مراد، منشا، مطلب، مقصد **intend** V. ★

intend V. T. ❶ plan کا ارادہ ہونا ❷ mean (سے) مطلب ہونا (سے)، مراد ہونا

intention (in-*ten*-shèn) N. purpose منشا، مقصد، مطلب، ارادہ **intentionally** ADV. on purpose جان بوجھ کر، قصداً **intently** ADV. with concentration غور سے، توجہ سے

inter alia PH. among other things منجملہ، علاوہ دوسری باتوں کے

intercede (int-ĕ*-*seed*) V. I. plead (*with* someone *for* another) سفارش کرنا ، شفاعت کرنا **intercession** (-*sesh*-) N. interceding سفارش ، شفاعت

intercept (-*sept*) V. T. stop or seize in passage راہ میں روک لینا یا پکڑ لینا **interception** (-*sep*-shĕn) N. راہ میں روک لینا یا پکڑ لینا

interchange (-in-) V. T. exchange (compliments, etc.) آپس میں کہنا ، ایک دوسرے کو بھیجنا

intercollegiate (-ko-*lee*-ji-it) ADJ. between colleges کالجوں کے درمیان کا ، کلیاتی

intercourse N. ❶ social communication باہمی روابط ، (ملکوں کی) باہمی تجارت ❷ sexual contact مباشرت

interdependence (-*pen*-) N. mutual dependence ایک دوسرے پر منحصر ہونا ، باہمی انحصار

interdict (-*dikt*-) V. T. restrain (*from* doing) روکنا ، قدغن لگانا

interest (*int*-ĕ-rest) N. ❶ curiosity شوق ❷ liking دلچسپی ❸ gain فائدہ ، نفع ❹ attention توجہ ❺ sum paid by borrower سود ، بیاج ❻ (usu. PL.) benefit مفاد ، مفادات ❼ concern واسطہ ، سروکار ❽ part حصہ ❾ (usu. PL.) what one concerns oneself with دلچسپیاں V.T. & I. ❶ create interest میں دلچسپی پیدا کرنا ❷ direct attention توجہ مبذول کرانا ❸ keep a share حصہ رکھنا **interested** (-*res*-tid-) ADJ. ❶ having interest دلچسپی لے رہا ❷ having self-interest خود غرض **interesting** (-*res*-) ADJ. attracting and holding the attention دلچسپ

interfere (in-tĕ*-*fee*-ĕ*) V. I. ❶ meddle مخل ہونا ، دخل در معقولات کرنا ، دخل اندازی کرنا ❷ intervene مداخلت کرنا **interference** N. interfering مداخلت ❷ (atmospheric) noise in radio reception آوازیں ، گڑبڑ ، شور ، ریڈیو میں باہر سے آنے والا شور

interior (in-*tee*-ri-ĕ*) ADJ. situated inside اندرونی N. ❶ (*the*) inside اندرونی علاقہ ❷ Home (affairs) امور داخلہ ، داخلی امور ملک

interject (-*jekt*) V. T. exclaim بیچ میں بول اٹھنا **interjection** (-*jek*-) exclamation اہ یا واہ کہنا ، حرف ندبہ و فجائیہ

interlude (*int*-ĕ*-lood) N. ❶ light short play between two acts of larger drama نقل ❷ interval وقفہ

intermarriage N. marriage outside kith and kin خاندان یا نسل سے باہر شادی

intermediate ADJ. ❶ coming between N. (also *Inter.*) pre-university examination ; Higher Secondary ہائر سیکنڈری ، انٹر ، انٹرمیڈیٹ ایف۔اے ❷ (on railway) class above third انٹر ، ڈیوڑھا

intermediary ADJ. mediator ثالث

interminable (-*tĕ**) ADJ. endless لا متناہی

intermittent (-*mit*-) ADJ. with some intervals وقفہ والا

intermix (-*miks*) V.T. & I. mix together باہم میل جول رکھنا

intern (in-*tĕ***n*) V.T. keep under restraint نظر بند کرنا ، زیر نگرانی رکھنا **internment** N. ★

internal (in-*tĕ**-nĕl) ADJ. ❶ (OPP. *external*) inner اندرونی ❷ home affairs داخلی ❸ spiritual روحانی ، باطنی

interament N. detention نظربندی

international (-*nash*-ĕ-nĕl) ADJ. existing between nations بین الاقوامی

internecine (in-tĕ*-*nee*-sin) ADJ. (of war) mutually destructive طرفین کی تباہی کا موجب

interpolate (in-*tĕ**-po-layt) V.T. make misleading insertions الحاق کرنا

interpose (-*pohz*) V.T. & I. interrupt (*with* remark) بات کاٹنا ، بیچ میں بول اٹھنا

interpret (in-*tĕ**-pret) V.T. & I. ❶ expound مراد سمجھانا ، وضاحت کرنا ❷ act as intrepreter ترجمانی کرنا **interpreter** (-*tĕ**-) N. one who interprets ترجمان **interpretation** (-*ay*-) N. ❶ expounding تشریح ، مطلب ❷ interpreting ترجمانی

interregnum (-*reg*-) N. period during which a State has no normal ruler عبوری دور ، عبوری حکومت

interrelate (-*layt*) V.T. relate mutually میں باہمی تعلق قائم کرنا **inter-rela-**

tionship N. mutual relation thus established باہمی تعلق
interrogate (in-*te*-ro-gayt) V.T. examine by asking questions (esp. in police enquiry) پوچھ گچھ، تفتیش
interrogation (-*gay*-) N. ❶ such questioning پوچھ گچھ، تفتیش ❷ question سوال، استفہام **interrogative** (-*rog*-) ADJ. (*gram.*) indicating question استفہامیہ
interrupt V.T. & I. break the continuity of سلسلہ منقطع کرنا، مداخلت کرنا، بات کاٹنا
intersect (-*sekt*) V.T. ❶ cut قطع کرنا کاٹنا ❷ pass across کاٹتے ہوئے گزرنا ❸ cut or cross each other (خطوط کا) متقاطع ہونا
intersecting line N. lines crossing one another متقاطع خطوط **intersection** (-*sek*-) N. cutting کاٹنا، تقاطع
intertwine (-*twin*) V.T. & I. coil together گوندھنا، بٹنا، بل دے کر ایک کرنا
interval (*in*-tě*-vel) N. time between two events وقفہ
intervene (in-te*-*veen*) V.T. ❶ come (*between*) in time بیچ میں آنا، درمیان میں آنا ❷ mediate بیچ میں پڑنا ❸ become an obstacle حائل ہونا ❹ interfere مخل ہونا ❺ occur واقع ہونا **intervention** N intervening بیچ بچاؤ، مداخلت **interview** (*in*-) N. ❶ meeting ملاقات ❷ personal meeting of the candidate for job انٹرویو ❸ meeting of a Press reporter انٹرویو، اخباری ملاقات V.T. have or give interview with سے ملاقات کرنا **inter-wing** ADJ. (esp.) (mutual relations) between two parts of a country بین الصوبائی بین صوبجاتی
intestine (in-*tes*-tin) N. (usu. PL.) bowels آنتیں، امعا
in that case PH. then اس صورت میں
in this connection PH. regarding it اس سلسلے میں، اس ضمن میں
in this respect PH. in this connection اس سلسلے میں، اس ضمن میں
intimate V.T. ❶ make known بتانا ❷ hint اشارہ کرنا، گہرا، قریبی، دلی **intimation** (-*may*-) N. ❶ intimating اطلاع دینا ❷ hint اشارہ

intimacy N. ❶ being intimate گہری دوستی ❷ illicit sexual relation ناجائز تعلق، تعلق **intimate** ADJ. ★
intimidate V.T. frighten with threats ڈرانا، دھمکانا
into (*in*-tū) PREP. ❶ (movement) inwards میں، کے اندر ❷ inside میں، کے اندر
intolerable (-*tol*-) ADJ. unbearable ناقابل برداشت **intolerant** (-*tol*-) ADJ. not tolerant غیر روادار **intolerance** N. ❶ lack of tolerance رواداری نہ ہونا
intonation (-*nay*-) N. intoning لحن سے ❷ accent لہجہ، آواز کا اتار چڑھاؤ
in toto ADV. entirely, whole کل مجموعی طور پر
intoxicant (in-*tok*-si-kent) ADJ. something that intoxicates شراب، نشہ آور یا منشی چیز **intoxicate** (in-*tok*-si-kayt) V.T. make drunk نشہ چڑھانا، مخمور کرنا
intractable (-*trak*-) ADJ. not easily controlled خود سر، سرکش، بے لگام
intramural (-*mew*-) ADJ. ❶ situated or done within the walls گھر کے اندر، اندرونی ❷ inner داخلی
intransigent (in-*tranz*-i-jent) ADJ. uncompromising in politics کٹر، سخت
intransitive (-*trahz*-) ADJ. (*gram.*) (of verbs) not needing direct object (فعل) لازم
intrepid (in-*trep*-id) ADJ. ❶ fearless نڈر، بے خوف ❷ brave بہادر، دلیر **intrepidity** (in-tre-*pid*-i-ti) N. ❶ fearlessness بے خوفی ❷ bravery دلیری، بہادری
intricacy (*int*-ri-ke-si) N. being intricate پیچیدگی، الجھاؤ **intricate** (*int*-ri-ket) ADJ. perplexing پیچیدہ، الجھا ہوا
intrigue (in-*treeg*) N. ❶ underhand plot سازش، سازباز، گٹھ جوڑ ❷ secret love affair پوشیدہ معاشقہ V.T. & I. ❶ engage in intrigue سازباز یا سازش کرنا، خفیہ معاشقہ کرنا ❷ rouse interest (of) کے دل میں شوق پیدا کرنا
intrinsic (in-*trin*-sik) ADJ. ❶ existing within داخلی، باطنی ❷ essential, natural ذاتی، اصلی
introduce (*int*-ro-dews) V.T. ❶ make known تعارف کرانا، آشنا کرنا ❷ put (something) new میں ڈالنا، میں لاکر رکھنا

introduction (-*duk*) N. ① preface, foreward پیش لفظ ، تمہید ، دیباچہ ، پیشکش ، تعارف ② introducing (*of* person or subject) تعارف **introductory** ADJ. ① serving to introduce تعارفی ② initial تمہیدی ، ابتدائی

intrude (in-*trood*) V.T. & I. ① force (*into*) میں زبردستی جا گھسنا یا گھسیڑنا ② enter uninvited کے سر پڑنا ، زبردستی جا مسلط ہونا **intruder** N. ① uninvited person ناخواندہ مہمان ② one forcing entry without permission یونہی گھس آنے والا

intrusion (in-*troozh*-èn) N. encroachment بیجا مداخلت ، خلل اندازی

intuition (in-*tew*-i-shèn) N. sudden insight وجدان **intuitive** (-*tew*-) ADJ. based on sudden insight وجدانی

inundate (*in*-) V.T. flood زیر آب کرنا ، سیلاب میں غرق کرنا

inure (i-*new*-è*) V.T. habituate (*to*) عادی بنانا

invade (in-*vayd*) V.T. ① attack (country) حملہ کرنا ، چڑھائی کرنا ، لشکر کشی کرنا ② violate (rights, etc.) پر چھاپا مارنا **invader** N. one who invades حملہ آور

in vain ADV. uselessly بیکار ، لاحاصل ، فضول

invalid N. (*in*-vè-leed) (person) firm or disabled through illness or injury کمزور ، بیمار ، مریض ، ناکارہ ADJ. (*in*-va-lid) (of documents, etc.) not valid قانوناً بے ضابطہ یا بے اثر ، کالعدم V.T. (*in*-vè-leed) V.T. & I. (of soldiers, etc.) remove from active service as invalid (فوجی کو) ناکارہ قرار دے کر (گھر) بھیج دینا **invalidate** (-*val*-) V.T. make invalid کالعدم قرار دینا **invalidity** (-*lid*-) N. being invalid کالعدم ہونا **invalidation** (-*day*-) N. declaring invalid کالعدم قرار دیا جانا

invaluable (in-*val*-yew-è-bèl) ADJ. priceless انمول

invasion (in-*vay*-zhèn) N. invading حملہ ، چڑھائی

inveigh (in-*vay*) V.T. rail louldly (against) کے خلاف برسنا

inveigle (in-*veeg*-èl) V.T. coax (*into* doing evil) مجبور کرنا

invent (in-*vent*) V.T. ① create (something) ایجاد کرنا ② make new changes in it اختراع کرنا ③ fabricate جھوٹ باندھنا یا بنانا **invention** N. ① new kind of thing, process, etc. ایجاد ② its improved form اختراع ③ fabrication جھوٹ ، بناوٹی قصہ **inventor** *n*. one who invents موجد ، مخترع

inventory (in-*vent*-è-ri) N. detailed list فہرست ، فرد

inverse (in-*vë**s or *in*-) ADJ. inverted الٹا ، الٹ ، معکوس N. directly opposite الٹ ، عکس

invert (in-*vë**t) V.T. put upside down الٹا کرنا ، اوندھا کرنا **inverted commas** N. double "......" or single '... ...' quoted outside direct speech واوین معکوس

invest (in-*vest*) V.T. & I. ① lay out (money *in*) (روپیہ) لگانا یا خرچ کرنا ② put on پہنانا ③ award (title, etc.) دینا ، عطا کرنا **investiture** N. ① awarding خطاب وغیرہ دینا ، عطا کرنا ② appointing عہدے پر فائز کرنا ③ function for these تقریب اعزاز بخشی ④ award (role, etc.) خلعت پہنانا **investment** N. ① investing روپیہ لگانا ② money invested سرمایہ ، رقم ، لگی ہوئی رقم

investigate (-*ves*-) V.T. ① inquire into تفتیش کرنا ② scrutinise چھان بین کرنا ③ research تحقیق کرنا **investigation** (-*gay*-) N. ① inquiry تفتیش ، تحقیقات ② research تحقیقات

inveterate (in-*vet*-è-rit) ADJ. deep-rooted پکی ، راسخ

invidious (in-*vid*-i-us) ADJ. harmful owing to injustice بے انصافی کے باعث ناگوار

invigilate (-*vij*-) V.T. supervise during examination امتحان میں نگرانی کرنا **invigilator** N. one who supervises thus امتحان میں نگرانی کرنے والا

invincible (-*vins*-) ADJ. unconquerable جسے شکست نہ دی جا سکے ، ناقابل تسخیر

inviolable ADJ. (of law, etc.) not to be broken پکا ، استوار

invisible (-*viz*-) ADJ. not visible جو نظر نہ آ سکے ، غیر مرئی

invitation N. (esp.) request (*to* come) دعوت ، بلاوا **invite** (in-*vīt*) V.T. ❶ ask someone to come دعوت دینا ❷ call بلانا ❸ call forth suggestions طلب کرنا ❹ persuade ترغیب دینا ❺ be the cause of باعث ہونا

invocation (-*kay*-) N. invoking دعا کرنا ، التجا کرنا ، منتر پڑھ کر بلانا **invoke** V. ★

invoice (in-*vois*) N. list of goods despatched along with their quantity, rate, etc. بیجک

invoke (in-*vohk*) V.T. ❶ call on (God) for help دعا کرنا ، خدا کا نام لینا ❷ summon (spirits) by magic منتر پڑھ کر روحوں کو بلانا

involuntary (-*vol*-) ADJ. unintentional نادانستہ

involve (in-*volv*) V.T. ❶ entangle مصیبت میں مبتلا کرنا ، پھنسانا ❷ entail کا نتیجہ ہونا

involved (in-*volvd*) ADJ. complicated پیچیدہ ، الجھا ہوا

invulnerable (-*vul*-) ADJ. ❶ that cannot be harmed جس کو ضرر نہ پہنچایا جاسکے ❷ that cannot be wounded جسے زخم نہ لگایا جاسکے

inward (*in*-wĕ*d) ADJ. internal اندرونی ، دلی ، باطنی **inwards** (*in*-wĕ*dz) ADV. on or towards inside اندر کی طرف

inwardly ADV. in the inner self دلی طور پر ، روحانی طور پر

iodine (ī-o-deen, ī-o-dīn) N. a well-known element آیوڈین **tincture iodine** N. iodine dissolved in alcohol for external use ٹنکچر آیوڈین

ion (ī on) N. electrically charged atom, etc. برق پارہ ، برقپارہ

iota (i-*oh*-tĕ) N. jot, tittle ذرّہ

IOU (i-oh-*yew*) N. (ABB. of *I owe you*) promissary note acknowledging debt پرونوٹ

ipso facto ADV. by that every fact اسی وجہ سے ، اسی باعث

ir- (ir) PREF. not نہ ، لا ، غیر ، خلاف (as *irresponsible*, not responsible) غیر ذمہ دار

irate (ī-rit) ADJ. angry ناراض ، خفا

ire (ī-ĕ*) N. anger غصہ ، طیش

iridiscent (i-ri-*des*-ent) ADJ. shining with changing colours قوس و قزح جیسا ، بوقلموں ، رنگینی والا

iris (*ī*-ris) N. eye membrane آنکھ کی پتلی

irk (ĕ*k) V.T. annoy تکلیف دہ ہونا

irksome (*ĕ*k*-sum) ADJ. boring اکتا دینے والا

iron (ī-ĕ*n) N. ❶ kind of metal لوہا ❷ implement made of it لوہے کا اوزار یا ہتھیار ❸ pressing iron استری ❹ (PL.) fetters of chains بیڑیاں ، ہتھکڑیاں V.T. press clothes with iron استری کرنا **ironclad** ADJ. armoured (person or ship) بکتر بند

iron-monger N. dealer in iron hardware لوہے کا مال بیچنے والا **iron curtain** N. barrier to passage of information آہنی پردہ **iron lung** N. case fitted over T.B. patient's body for artificial respiration آہنی پھیپھڑا

ironwork N. thing made of iron لوہے کی چیز **ironworks** N. ❶ (used as SING.) steel factory لوہے کا کارخانہ ❷ hardware factory لوہے کے سامان کا کارخانہ

ironic, ironical (i-*ron*-) ADJ. full of irony طنز سے بھرا ، طنز آمیز

irony (i-rĕ-ni) N. ❶ adoption of another's viewpoint for ridiculing طنز ، مذاق ، ستم ظریفی ❷ ill-timed event بد قسمتی ، قدرت کی ستم ظریفی

irrational (i-*rash*-ĕ-nĕl) ADJ. ❶ lacking the power to reason قوت استدلال سے محروم ، بے عقل ❷ (Math.) surd غیر جذری (عدد)

irreconcilable (-*sil*-) ADJ. disagreeing, discordant الگ دوسرے کی ضد ، متضاد

irrefutable (-*fewt*-) ADJ. that cannot be refuted ناقابل تردید

irregular (i-*reg*-ew-lĕ*) ADJ. ❶ not regular بے قاعدہ ❷ against rules بے ضابطہ ، خلاف قاعدہ ❸ (gram.) not following the regular rule of conjugation غیر قیاسی ، سماعی N. (usu. PL.) soldier or army, etc., not in regular service بے قاعدہ فوج ، بے قاعدہ فوجی

irregularity N. not being regular بے اصولی ، بے ضابطگی ، بے قاعدگی ، بے ترتیبی ، ناہمواری ، بے ڈھنگا پن

irrelevant (i-*rel*-ĕ-vant) ADJ. not

relevant (*to*) بے محل، غیر متعلق
irreligion (-*lij*-) N. ❶ indifference to religion مذہب سے بیگانگی ❷ hostility to religion مذہب دشمنی **irreligious** (i-re-*lij*-us) ADJ. not religious بے دین، لامذہب

irremediable (-*mee*-) ADJ. that cannot be remedied ناقابل تلافی

irremovable (-*moov*-) ADJ. that cannot be removed جسے ہٹایا نہ جا سکے

irreparable (i-*rep*-e-re-bèl) ADJ. (less, etc.) that cannot be repaired ناقابل تلافی

irrepressible (-*pres*-) ADJ. uncontrollable (laughter, etc.) نہ رُکنے والا، نہ دبنے والا

irresolute (-*rez*-) ADJ. wavering متذبذب، غیر مستقل مزاج، متلون مزاج

irrespective (-*pek*-) ADJ. regardless (*of*) قطع نظر (سے)، بلا لحاظ (کے) **irresponsible** (-*pon*-) ADJ. ❶ not accountable (*for*) بری الذمہ (سے) ❷ not responsible غیر ذمہ دار **irresponsibility** (-*bil*-) lack of responsibility غیر ذمہ داری

irretrievable ADJ. (loss, etc.) which cannot be retrieved ناقابل تلافی، واپس نہ لایا جا سکنے والا (نقدم)

irrevocable (i-*rev*-o-kay-bèl) ADJ. unalterable اٹل، ناقابل تنسیخ

irrigate (*i*-ri-gayt) V.T. supply (land) with water آبپاشی یا آبیاری کرنا **irrigation** (-*gay*-) N. irrigating or being irrigated پانی دینا، آبپاشی، آبیاری **irrigation system** N. system of canals, etc. نظام آبپاشی

irritant (*i*-ri-tant) N. & ADJ. (thing) causing irritation ہیجان پیدا کرنے والا **irritate** V. ★

irritate (i-ri-tayt) V.T. ❶ vex برہم کرنا ❷ enrage تنگ کرنا، دق کرنا

irritation (-*tay*-) N. ❶ annoyance ❷ soreness جلن ❸ excitement ہیجان

Islam (*iz*-lam, or iz-*lahm*) religion of Muslims اسلام

island (*i*-land) N. ❶ piece of land surrounded by sea جزیرہ ❷ isolated place بالکل الگ تھلگ جگہ ❸ quiet area in busy place جزیرہ *traffic island*, roundabout, etc. at crossing which vehicles may not enter راہی جزیرہ **islander** N. native of an island جزیرہ کا باشندہ **isle** (il) N. island جزیرہ **islet** (*i*-let) N. small island چھوٹا جزیرہ، ٹاپو

-ism (izm) N. any distinctive doctrine نظریہ، عقیدہ **-ism** SUF. denoting doctrine + یت **isn't** (*iz*-ènt) (ABB. of) is not نہیں ہے

isobar (*i*-so-bah*) N. line joining points of equal atmospheric pressure مساوی دباؤ والے مقامات کو ملانے والا خط

isolate (*i*-so-layt) V.T. separate جدا کرنا، علیحدہ کرنا، الگ تھلگ کرنا **isolated** (-id) ADJ. ❶ separated الگ تھلگ ❷ solitary (case, etc.) واحد، اکّا دُکّا **isolation** N. isolating or being isolated علیحدگی، علیحدہ ہونا

isoceles (*i*-*sos*-è-leez) ADJ. (triangle) having two sides equal مساوی الساقین

isotherm (*i*-so-thĕ*m) N. line joining points of equal temperature خط ہم تپش

issue (*is*-yew) V. T. & I. ❶ come out (*from*) نکلنا، باہر نکلنا ❷ send out نکالنا، جاری کرنا ❸ publish جاری کرنا، شائع کرنا ❹ declare (result, etc.) نتیجہ نکلنا N. ❶ coming or flowing out نکاس، اخراج ❷ outcome نتیجہ ❸ edition شمارہ، نمبر، اشاعت ❹ children, offspring اولاد، بچے ❺ coming out برآمد **issueless** ADJ. & ADV. childless بے اولاد

isthmus (*is*-mus or *isth*-mus) N. neck of land connecting two larger masses خاکنائے

it PRON. 3RD PERSON (*it*, *its*, *they*, *them*, *their*, *theirs*) this or that (inanimate object) یہ، وہ ❷ subject of impersonal verbs, as in : *it rains* بارش ہو رہی ہے

italic (i-*tal*-ik) ADJ. (of type) sloping ترچھا **italics** N. PL. italic type اٹالکس، ترچھا ٹائپ **italicize** (i-*tal*-i-siz)

v.T. print in italics ترچھے حروف میں چھاپنا
itch (ich) N. ❶ tickling irritation کھجلی ، خارش ❷ restless desire سخت خواہش ، ہُل v.I. ❶ have a tickling irritation کھجلی ، خارش ہونا ❷ long (*for*) کی سخت خواہش ہونا **itchy** (*ich*-i) ADJ. having such sensation خارشی
item (*ī*-tem) N. separate article in list شق
iterate (it-è-*rayt*) V.T. say again and again بار بار کہنا ، دُہرانا
itinerant (i-*tin*- or i-) ADJ. & N. (one) going from place to place سیلانی ، بنجارا ، روتی **itinerary** (i-*tin*-, or i-) N. ❶ record of travel سفرنامہ ، سیاحت نامہ ، روزنامچہ ❷ its plan سفر کا پروگرام ❸ guide-book رہنما
its (its) PRON. (possessive of *it*) of it اس کا
ivory (*ī*-vè-ri) N. tusks of elephants, etc. ہاتھی دانت ، عاج
ivy (*ī*-vi) N. well-known climbing plant عشق پیچاں

J

j, J (jay) (PL., *j's* or *js*) tenth letter of the English alphabet (equivalent to Urdu ج ، جے
jab V.T. (-bb-) aim blow (*at*) گھونسا مارنا
jabber (*jab*-è*) V.T. & I. talk fast and indistinctly بڑبڑانا ، جوش میں بڑبڑ کرنا
jack (jak) N. machine for raising heavy objects اُونچا کرنے کی کل ، جیک
jackal (*jak*-awl) N. dog-like animal گیدڑ ، شغال
jack-ass N. ❶ male ass گدھا ❷ fool بیوقوف ، گدھا
jack-in-the-box N. children's plaything in the form of figure on spring jumping out of box when it is opened ڈبے کا بھتنا



jack-of-all-trades N. person knowing something of many trades ہرفن مولا
jack-o'-lantern N. will-o'-the-wisp غول بیابانی
jacket (*jak*-èt) N. ❶ short coat کوٹ ❷ loose paper cover (of book) (کتاب کا) گرد پوش
jade (jayd) N. ❶ kind of green precious stone ❷ ایک قسم کا قیمتی پتھر wench فاحشہ ، چھنال **jaded** (*jayd*-id) ADJ. tired, weary تھکا ماندہ ، تھکا ہارا
jag N. sharp protection (of rock, etc.) چٹان کی نوک **jagged** (*jag*-id) ADJ. with such projections نوکدار کٹیلا ، دندانے دار
jail (jayl) N. (same as *gaol* N. *) prison قید خانہ ، جیل
jam V.T. & I. (-mm-) (of brakes, etc.) squeeze or be squeezed tightly جکڑنا ، جکڑا جانا ، جام ہونا یا کرنا ، ٹھونسنا ، گھسیڑنا N. preserved and jellied fruit مربّہ ، جام
January (*jan*-ew-è-ri) N. first month of Western calender جنوری
jar (jah*) N. ❶ jarring sound ناگوار آواز ❷ shock دھچکا ، صدمہ ❸ thrill جھرجھری ❹ disagreement بے آہنگی ❺ tall round vessel مرتبان
V.T. & I. ❶ (of sound) strike irritatingly ناگوار گزرنا ❷ irritate ناگوار خاطر ہونا
jasmin, jessamine N. kind of white flower چنبیلی ، یاسمین ، یاسمن
jaundice (*jawnd*-is) N. ❶ disease burning the skin yellow یرقان ❷ spiteful outlook حسد ، دشمنی ، عناد
jaw N. bone in which teeth are fixed جبڑا **jaws** N. PL. ❶ mouth with bones and teeth منہ ، جبڑے ❷ mouth (*of* valley, etc.) (وادی وغیرہ کا) دہانہ
jawan (jè-*wan*) N. soldier فوجی
jay N. ❶ kind of noisy bird with bright feathers نیل کنٹھ ❷ talkative simpleton سادہ لوح بکواسی **jay-walker** N. careless pedestrian بے پرواہی سے چلنے والا



jazz (jaz) N. popular Negro

music of U.S. جاز موسیقی، جاز ناچ، جاز

jealous (*jel*-us) ADJ. ❶ resentful حاسد ❷ suspicious بے وفائی کا شک، بدگمان

jealousy (*jel*-ĕ-si) N. being jealous حسد، بدگمانی، غیرت

jeer (*jee*-ĕ*) V.I. make mocking remarks (*at*) فقرے کسنا، مذاق اڑانا N. mocking remark مذاق، پھبتی

jeep N. small general purposes motor vehicle (the word is derived from the initial sounds of the phrase '*g*eneral *p*urposes') جیپ کار، جیپ

Jehovah (je-*hoh*-vè) N. personal name of God according to Jews اللہ، یہوواہ، خدا

jelly (*jel*-i) N. soft gum-like substance جیلی، لعاب

jeopardize (*jep*-ĕ*-diz) V.T. endanger (life, service, etc.) خطرے میں ڈالنا **jeopardy** N. ★

jeopardy (*jep*-ĕ*-di) N. danger خطرہ *in jeopardy* مخدوش، خطرے میں **jeopardize** V. ★

jerk (jĕ*k) N. sudden sharp pull جھٹکا

jersy (*jĕ**-zi) N. close-fitting woollen sweater with sleeves جرسی، سویٹر

jest N. joke مذاق V.I. ❶ jest مذاق کرنا ❷ speak lightly ہنسی میں کہہ دینا **jester** N. joker مسخرا، بھانڈ

jet N. ❶ stream جٹ، دھارا، فوارہ ❷ black shinning coal چمکدار کوئلہ ADJ. ❶ moving by jet جٹ، فواری، دھارے والا ❷ shining dark چمکدار کالا ❸ very dark سیاہ، بہت کالا

jet aircraft, jet plane N. aeroplane driven forward by jet of gas directed backwards from it فواری طیارہ، جٹ ہوائی جہاز **jet-propelled** (engine, aeroplane, etc.) driven by high-speed jet of gas جٹ والا، فواری

jettisom (*jet*-i-sèn) V.T. throw goods off ship on sea (جہاز کا بوجھ کم کرنے کے لیے) سمندر میں پھینکنا

jetty (*jet*-i) N. ❶ landing-pier بندرگاہ ❷ breakwater حفاظتی بند سے جہاز تک جانے والا پل

Jew (joo) N. ❶ one of the Jewish people یہودی ❷ unscrupulous usurer بڑے درجے کا سود خوار **Jewess** N. female Jew یہودن **Jewish** ADJ. of Jew یہودی

Jewry (-ri) N. ❶ the Jews یہودی، یہود ❷ Jewish quarter in town بستی کا یہودی محلہ

jewel (*jew*-el) N. precious stone قیمتی پتھر، نگ، نگینہ، جواہر

jeweller N. ❶ trader in jewels جوہری ❷ one who sets jewels سنار، جڑائی کا کام کرنے والا **jewellery, jewelry** (-ri) N. ❶ jewels جواہرات ❷ gold or silver ornaments زیور، زیورات

jig N. kind of lively dance ایک قسم کا ناچ، مستانہ وار رقص

jigsaw N. (U.S.) machine fret-saw لکڑی میں بیل بوٹے کاٹنے کا چھوٹا مشینی آرہ **jigsaw puzzle** N. picture, etc., pasted on board and cut in irregular pieces to be fitted together again آرے کا معما

jilt V.T. reject (lover) شادی کا اقرار کر کے مکر جانا

jingle (*jing*-el) N. jinkling sound جھنکار، چھن چھن، چھناکا V.T. & I. tinkle جھنکارنا

jingo (*jing*-oh) N. (PL. *jingoes*) warring nationalist جنگجو وطن پرست

jingoism N. such mentality جنگجویانہ وطن پرستی

jinnee N. (PL. *jinn*, also used as SING.) ghost جن، بھوت، دیو

jiu-jitsu N. (same as **ju-jitsu** N. ★) جو جٹسو

job (job) N. piece of work کام **jobber** N. broker دلال، بدعنوان، رشوت ستان **jobbery** N. corruption بدعنوانی، رشوت ستانی

jocose (jo-*kohz*) ADJ. ❶ humorous ہنسی کا ❷ given to joking مسخرا، دل لگی باز

jocular (*jok*-ew-lè*) ADJ. humorous ہنسی کا، ظریفانہ، دل لگی باز

jocund (jo-*kund*) ADJ. jovial, cheerful خوش باش، زندہ دلانہ

joggle (*jog*-el) N. slight jerk جھکولا V.T. & I. move to and fro with slight jerks جھکولا دینا یا کھانا

join V.T. & I. ❶ connect جوڑنا، ملانا، ❷ put or come together (*with* or *to*) کے ساتھ جوڑنا یا جڑنا

joint N. place where things join جوڑ

joint stock company N. firm

whose capital is contributed by a number of persons شرکت ، مشترکہ سرمایہ

jointure (*join*-chè*) N. estate settled on wife وثیقۂ زوجہ

joke (johk) N. ❶ jest مذاق ، ہنسی ❷ joke چٹکلا ، لطیفہ V.I. jest (*with*) مذاق کرنا ، **joker** N. jester مسخرا ، بھانڈ

jolly (*jol*-i) ADJ. ❶ gay زندہ دل ، خوش باش ❷ pleasant (time, etc.) مزے کا ، خوشی

jolt (johlt) N. sudden shake ہچکولا V.T. & I. move (*along*) with jolts ہچکولے کھاتے ہوئے جانا

jostle (*jos*-èl) V.T. & I. push roughly (*against*) سے ٹکرانا ، کو دھوکا دینا

jot V.T. (-tt-) write hurriedly (*down*) جلدی سے کچھ لکھنا N. very small amount ذرہ ، ذرّہ بھر ، ذرا سا

journal (*jě**-nel) N. ❶ daily newspaper روزنامہ ، اخبار ❷ other periodical اخبار ، رسالہ **journalize** V.T. & I. enter transaction in journal بہی میں لکھنا **journalism** N. work of writing or editing newspapers صحافت ، اخبار نویسی **journalist** N. person engaged in journalism اخبار نویس ، صحافی

journalese (jě*-nè-*leez*) N. journalistic jargon صحافی اصطلاحات ، صحافی زبان

journey (*jě**-ni) N. (PL. *journies*) travel (usu. by land) سفر ، مسافت ، سفر یا مرحلہ

joust (joost), **just** (just) N. knights' combat اسپ سوار بانکوں میں نیزہ بازی کا مقابلہ

jovial (*joh*-vi-èl) ADJ. gay, (persons, time, mood, etc.) ہنس مکھ ، خوش مزاج ، خوش مزاجی کا

jowl (joul) N. jaw-bone جبڑے کی ہڈی ، جبڑا *cheek by jowl* PH. intimate ; very close ایک دوسرے کے بہت قریب

joy (joi) N. deep pleasure بڑی خوشی ، شادمانی **joyful** ADJ. ❶ happy خوش ، مسرور ، شاداں ❷ pleasing خوش کن ، مسرت آفریں **joyous** (*joi*-us) ADJ. full of joy خوش ، مسرور ، شاداں

jubilant ADJ. very happy, exultant شاداں ، فرحاں **jubilate** V.★

jubilate (*joob*-i-layt) V.I. show joy, exult خوشی منانا

jubilee (*joob*-i-lee) N. celebrations on the 50th anniversary of anyone جوبلی ، پنجاہ سالہ جشن مسرت ، جشن زریں *silver jubilee*, such celebrations on someone's completion of 25 years of his life سلور جوبلی ، جشن سیمیں *diamond jubilee*, such celebrations at the end of 60 years ڈائمنڈ جوبلی ، جشن الماسی

judge (juj) N. ❶ one who decides a question جج ، منصف ، قاضی ❷ one appointed to decide جج ، فیصلہ دینے والا V.T. & I. ❶ act as judge in court of law ججی کرنا ❷ give verdict فیصلہ سنانا ، بارے میں اندازہ لگانا ، رائے قائم کرنا

judgement, judgment (*juj*-ment) N. ❶ judging or being judged فیصلہ ❷ decision of judge فیصلہ ، حکم ❸ good sense to judge تمیز ، عقل ، سمجھ ، بصیرت ، عقل سلیم **judgment day** N. day of final judgement on humanity قیامت ، یوم جزا و سزا ، یوم الدین

judicature (*joo*-di-kay-chè*) N. ❶ all the judges and law officers ملک کے جملہ جج ❷ system of courts نظام عدالت

judicial (joo-*dish*-èl) ADJ. of or by law-court عدالتی

judicious (joo-*dish*-us) ADJ. (person) with good sense معاملہ فہم **judiciously** ADV. wisely, with good sense معاملہ فہمی سے ، تدبر سے **judiciousness** N. معاملہ فہمی ، تدبر

jug (jug) N. deep vessel for liquids with handle and lip جگ ، قرابہ

juggle (*jug*-èl) V.T. & I. play conjuring tricks مداری کا تماشا کرنا ، شعبدے دکھانا **juggler** N. conjurer مداری ، شعبدہ باز

jugular (*jug*-ew-lè*) ADJ. of the neck گردن کا **jugular veins** N. PL. great veins of neck شہ رگ

juice (joos) N. liquid part of something رس ، رطوبت ، عرق **juicy** (-i) ADJ. full of juice رس بھرا ، رسیلا

ju-jitsu, ju-jutsu, jiu-jitsu (joo-jit-*soo*) N. Japanese art of wrestling جاپانی کشتی (کا فن)

July (joo-*li*) N. seventh month of Western calendar جولائی

jumble (*jum*-bĕl) V.T. & I. mix or be mixed up مل جل جانا ، ملانا ، گڈمڈ ہونا **jumbled** (-bĕld) mixed up گڈمڈ

jump (jump) V.T. & I. pass (*over*) by leaping چھلانگ لگانا ، کودنا ، پھلانگنا N. ❶ act of jumping چھلانگ ❷ sudden rise (*in* prices, etc) کا ایک چڑھ جانا **jumper** N. ❶ one who jumps چھلانگ لگانے والا ❷ loose outer jacket مزدوروں کا چولا ، قمیص ❸ woman's loose jacket slipped on over the head (عورتوں کی) چولی ، جمپر

junction (*junk*-shĕn) N. railway station where many lines converge جنکشن ، مقام اتصال ، اتصال

juncture (*junk*-chĕ*) N. ❶ joining place جوڑ ، اتصال ❷ particular moment خاص مرحلہ ، خاص موقع

June (joon) N. sixth month of Western calendar جون

jungle (*jung*-ĕl) N. thick (esp. tropical) forest جنگل *law of the jungle* PH. uncivilised law جنگل کا قانون ، وحشیانہ دستور ADJ. of jungle وحشی

junior (*joo*-ni-ĕ*) N. & ADJ. ❶ (person) young (*to*) (سے) چھوٹا ❷ (one) with less period of service or lower in rank (*to*) جونیئر

junk (junk) N. old things of little or no value کاٹھ کباڑ ، ردی مال

Jupiter (*jewp*-i-tĕ*) N. ❶ the Roman god of gods جوپیٹر ❷ the largest planet of this system مشتری

junta (*jun*-tĕ) N. clique (esp. military or political) ٹولی

juridical (joo-*rid*-i-kĕl) ADJ. legal قانونی **jurisdiction** (-dik-) N. ❶ right to exercise legal authority عدالتی اختیار ، اختیار سماعت ❷ authority to control حاکمانہ اختیارات

jurisprudence (joo-ris-*proo*-dens) N. science of law اصول قانون ، اصول فقہ

jurist (*joo*-rist) N. expert in law ماہر قانون ، فقیہ

juror (*joo*-rĕ*) N. member of jury جیوری کا رکن

jury N. (PL. *juries*) persons sworn to render true verdict in law-court جیوری **juryman** N. member of jury جیوری کا رکن

just (just) ADV. ❶ exactly بالکل ، ٹھیک ❷ hardly بمشکل ، مشکل ہی سے ❸ quite, much بہت ❹ only صرف ، بس ADJ. ❶ fair انصاف پرور ، عادل ❷ impartial, right منصفانہ

justice (*jus*-tis) N. ❶ exercise of judicial authority in upholding right عدل ، انصاف ، قانونی کارروائی ❷ judge (of High or Supreme Court) (عدالت عالیہ یا سپریم کورٹ کا) جج

justifiable ADJ. that which can be justified جس کا جواز پیش کیا جا سکے ، قابل توجیہ

justification N. ❶ justifying توجیہ کرنا جواز پیش کرنا ❷ something that justifies جواز ، توجیہ **justify** (*jus*-ti-fi) V.T. prove (something) to be just جواز پیش کرنا ، توجیہ کرنا ، جائز ہونا **justifiable** ADJ ★

justness N. ❶ being just انصاف ، دیانتداری ❷ be complete پورا ہونا جائز ہونا

jut (jut) V.I. (-tt-) protrude (*out*, *from*) (سے) باہر کو نکلا ہوا ہونا

jute (joot) N. the golden fibre grown in East Pakistan سن پٹ سن

juvenile (*joov*-ĕ-nil) N. young person نوعمر ، کم سن ADJ. of young persons نوعمروں کا ، بچوں کا

juxtapose (*juks*-tĕ-pohz) V.T. put (things) side by side ایک دوسرے کے مقابلے میں رکھنا ، آمنے سامنے رکھنا **juxtaposition** (-*zish*-) N. placing side by side آمنے سامنے رکھنا

K

k, K (kay) (PL. *k's*, *ks*) eleventh letter of the English alphabet (equivalent to Urdu ک) کے

kaleidoscope (kĕ-*lid*-us-kohp) N. ❶ tube through which symmetrical figures are seen through rotation of coloured glass pieces in it عکس نما ، عکس بین ❷ constantly changing group of bright objects بوقلموں شے ہمیشہ بدلتی رہنے والی چیز

kangaroo (*kang*-ĕ-roo) N. Australian animal carrying its young

in its belly pouch کنگرو
keel (keel) N. main beam at the bottom of ship جہاز کے پیندے کا شہتیر *go at an even keel* PH. move without being disturbed (کشتی کا) سیدھا چلنا، نہ ڈولنا
keen ADJ. ① sharp تیز، نوکدار ② biting (wind) (ہوا) سخت سرد ③ alert (mind) تیز حساس ④ acute (sight) تیز ⑤ eager خواہشمند، متمنی، آرزومند **keenly** ADV. eagerly شوق سے **keenness** N. ① eagerness خواہش، شوق، رغبت ② sharpness تیزی ③ force شدت
keep (*keep*), V.T. & I. (*keep, kept, kept*) ① hold رکھنا ② retain اپنے پاس رکھنا، جانے دینا، لے لینا، سنبھال کر رکھنا ③ fulfil پر عمل کرنا، نبھانا، پورا کرنا ④ manage (house, shop, etc.) (گھر یا دوکان) چلانا ⑤ not to disclose (secret) (راز) مخفی رہنے دینا ⑥ defend (goal, etc.) (گول وغیرہ کی) حفاظت کرنا ⑦ continue (*doing*) کرتے رہنا، پابندی کرنا ⑧ prevent (*from* doing) کرنے سے روکنا N. ① means of subsistence گزارا، روٹی ② kept woman داشتہ
keeper N. curator محافظ **keeping** N. maintenance نگہداشت، عمل **keepsake** N. memento یادگار، نشانی
keg N. small cask or barrel چھوٹا پیپا
ken N. range of knowledge علم کی حد علم، جانکاری V.T. & I. know جاننا
kennel (*ken*-ĕl) N. hut for dog سگ خانہ، کتے کا گھر



kerchief (*kẽ*-chif) N. ① woman's head covering سر پر باندھنے کا رومال ② handkerchief رومال
kernel (*kẽ*-nĕl) N. ① inner part of nut, etc. گری ② essential part اہم نکات، ماحصل
kerosene (*ke*-ro-sin) N. paraffin-oil مٹی کا تیل، گھاسلیٹ
ketchup (*kech*-up) N. tomato juice sauce ٹماٹر کی چٹنی، کچپ
kettle (*ket*-ĕl) N. metal vessel with spout
kettledrum N. small drum ڈنکا، نقارہ
key (kee) N. ① piece used for opening lock کنجی، چابی، کلید ② solution or answers to exercise, etc. حل، ترجمہ، شرح ③ notes (*to* some book) or guide (*to* some subject) (کی کنجی) ④ general pitch or tone (*of* voice) آواز کا زور ADJ. ① basic بنیادی ② essential to others of the type لازمی، لابدی V.T. & I. regulate the pitch of کے سُر ٹھیک کرنا ② stimulate (something *up*) to make that effort تیار کرنا **keyboard** N. row of keys ساز کے پردوں یا ٹائپ رائٹر کے پرزوں کا تختہ
keyhole N. hole in a door or lock for inserting key قفل کا سوراخ
keynote N. ① first note in a musical scale بنیادی سُر ② basic idea مرکزی یا بنیادی خیال **keystone** N. wedge-shaped middle stone of an arch محراب کا مرکز



K. G. (*kay*-jee) N. kindergarten کنڈرگارٹن
khaki (*kah*-ki) ADJ. dull brown خاکی مٹیالا N. ① such cloth for army uniform خاکی کپڑا ② such uniform خاکی وردی
kick (kik) V.T. & I. strike with foot ٹھوکر لگانا، لات مارنا، دولتیاں جھاڑنا N. kicking ٹھوکر، لات، دولتی
kid N. ① young goat میمنا، بکری کا بچہ ② (colloq.) child **kiddy** (*kid*-i) N. (colloq.) child بچہ
kidnap (*kid*-nap) V.T. (-pp-) steal (child) (بچہ) اٹھا لینا، (بچوں کو) اغوا کرنا **kidnapping** N. taking away (*of* children) اغوا
kidney (*kid*-ni) N. one of the two glands secreting urine گردہ، گُردہ
kill N. ① act of killing (by sportsman) شکار کرنا ② animal killed in hunting شکار کیا ہوا جانور، شکار V.T. & I. put to death قتل کرنا، مار ڈالنا، جان سے مارنا *kill time* PH. while it away بیکار باتوں میں وقت کھونا
kiln (kiln, kil) N. large furnace for burning or drying بھٹہ، پژاوہ
kilo PREF. thousand ہزار **kilogram kilogramme** N. (ABB. *kilo*), 1,000 grammes (about 2⅕ lb) کلوگرام **kilometer, kilometre** N. 1,000 metres (3,280 ft. or about

1,100 yards) کلومیٹر **kilowatt** N. (ABB. *kw*) 1,000 units of electricity کلوواٹ
kin N. family کنبہ
kind (kind) ADJ. considerate مہربان ، رحمدل، بااخلاق، خلیق ، شفیق N. ❶ species, race, etc. جنس، نوع، نسل ❷ variety قسم ❸ goods (not cash money) جنس
kindergarten (*kind*-er*-gah*-ten) N. school for very small children دبستان گلابستان، کنڈرگارٹن، چھوٹے بچوں کا مدرسہ یا جماعت
kindle (*kind*-el) V. T. & I. ❶ each fire آگ پکڑنا، جل اٹھنا ❷ set fire to روشن کرنا جلانا، آگ دکھانا
kindly ADJ. kind مہربان، مشفق، شفیق ADV. in kind manner مہربانی سے **kindness** N. kind act or behaviour مہربانی ، نوازش ، کرم
kindred N. ❶ blood relationship رشتہ داری ❷ relatives رشتہ دار
kine (kin) N. PL. (old use) cows گائیں
Minerva (mi-*nē**-vè) CLASS. MYTH. Roman goddess of wisdom بنروا، علم کی دیوی
minesweeper N. ship sweeping mines سرنگیں ہٹانے یا صاف کرنے والا جہاز
mingle (*ming*-èl) V.T. & I. ❶ mix ملا ہوا، کی ملاوٹ والا ❷ (of person) get lost in crowd (ہجوم میں) گم ہو جانا
miniature (*min*-i-è-chè*) N. very small picture بالکل چھوٹی تصویر
minimum (*min*-i-mum) ADJ. least possible or least recorded کم سے کم
minion (*min*-yèn) N. lowest servant ادنیٰ ملازم، چاکر ❷ passive agent in sex مفعول، لمڈا
minister (*min*-is-tè*) N. ❶ (*Minister*) (usu. elected) head of State department *Minister of Defence* وزیر دفاع *the Prime Minister* (of a country) وزیر اعظم *the Chief Minister* (of a province) وزیر اعلیٰ ❷ clergyman پادری V.I. ❶ serve (*to* the need of) ضرورتیں پوری کرنا ❷ give help (*to*) خدمت کرنا
ministerial ADJ. ❶ pertaining to a Minister or Ministry وزارتی ❷ clerical منشیانہ **ministry** N. ★
ministry (*min*-is-tri) N. ❶ Minister's office وزارت ❷ State department under him وزارت ❸ Cabinet کابینہ
minor (*mi*-nè*) ADJ. ❶ small or smaller چھوٹا ❷ insignificant معمولی ❸ younger of two brothers چھوٹا ❹ not yet of age نابالغ ❺ of lesser

value کم قدر، ارزاں **minority** (mi-*no*-ri-ti) N. ❶ being under age نابالغی ❷ community with less than 50 per cent of the total population اقلیت

minstrel (*mins*-trèl) N. travelling singer قرون وسطیٰ کا رمتا گوتا شاعر، بھاٹ

mint N. ❶ place where country's coins are made ٹکسال، دارالضرب ❷ plant used as flavouring ایک قسم کا پودینہ، منٹ V.T. make (coins) سکے ڈھالنا

minus (mi-nus) PREP. less by منفی

minute (*min*-it) N. ❶ one-sixtieth part of an hour منٹ، دقیقہ ❷ one-sixtieth part of a degree دقیقہ ❸ (PL.) brief record of proceedings of meeting کارروائی، روداد ADJ. (mi-*newt*) very tiny دقیق، بہت ہی چھوٹا، باریک

minute-book N. book in which proceedings are recorded روداد نامہ

miracle (*mi*-rè-kèl) N. marvellous act معجزہ، اعجاز **miraculous** (mi-*rak*-ew-lus) ADJ. of or like miracle معجزانہ، اعجاز بھرا، بڑا اعجاز

mirage (mi-*rahzh*) N. ❶ illusion نظر کا دھوکا، فریب نظر ❷ sandy area seen as stretch of water سراب

mire (mī-è*) N. swamp, marsh دلدل

mirror (*mi*-rè*) N. looking glass آئینہ، شیشہ V.T. reflect like mirror منعکس کرنا، کا آئینہ دار ہونا

mirth (mĕ*th) N. ❶ merriment, great joy خوشی، خرمی ❷ laughter ہنسی

mis- PREF. amiss wrongly غلط، بد، ناموزوں

misapply V.T. apply wrongly غلط استعمال کرنا

misapprehend V.T. misunderstand غلط سمجھنا

misappropriate V.T. embezzle خورد برد کرنا N. misappropriation

misbehave V.I. behave wrongly ناشائستہ حرکتیں کرنا

miscarriage N. ❶ mistake (*of* justice) ناانصافی ❷ abortion اسقاط

miscellaneous (mis-e-*lay*-nè-us) ADJ. assorted متفرق **miscellany** (*mis*-è-lè-ni) N. miscellaneous collection متفرقات کا مجموعہ

mischance N. stroke of bad luck بدقسمتی، سوئے اتفاق، قسمت کا پھیر

mischief (*mis*-chif) N. ❶ purposely done damage جان بوجھ کر پہنچایا ہوا نقصان ❷ cause of trouble مصیبت ❸ childish pranks شرارت **mischievous** (*mis*-chiv-us) ADJ. ❶ fond of mischief شریر ❷ causing mischief شر انگیز ❸ naughty شرارتی، شریر

misconduct N. (-*kon*-) improper moral behaviour بد اخلاقی

misconstrue (-*kon*-stroo) V.T. put wrong interpretation on سے غلط مطلب لینا، کو غلط مطلب پہنانا

miscreant (*mis*-kre-ant) N. villain, scoundrel بدمعاش، بدذات، خبیث

misdeed (-*deed*) N. ❶ wicked act خباثت ❷ crime جرم

misdemeanour (-*mee*-nè*) N. offence less serious than felony چھوٹا جرم

miser (*mī*-zè*) N. stingy person کنجوس **miserly** ADJ. ❶ stingy (person) کنجوس، بخیل ❷ niggardly act کنجوسی کا، بخل کا

miserable (*miz*-è-rè-bèl) ADJ. ❶ distressed, very unhappy سخت غمزدہ ❷ causing unhappiness سخت غمزدہ کر دینے والا ❸ in wretched condition سخت بری حالت میں، خستہ حال، بہت گھٹیا

misery (*miz*-è ri) N. ❶ unhappiness غم، غمزدگی ❷ wretchedness خستہ حالی ❸ extreme poverty غریبی، سخت عسرت، بدحالی

misfire (mis-*fi*-è*) V.I. ❶ fail to go off (بندوق کا) نہ چلنا، سر نہ ہونا ❷ fail to start (انجن کا) نہ چلنا

misfit (*mis*-fit) N. ❶ garment which does not fit well بے ڈھنگا، بڑا کپڑا ❷ one not well-suited to his position ناموزوں شخص

misfortune (mis-*fo**-tewn) N. ❶ bad luck بدنصیبی، بدقسمتی، بدبختی ❷ accident حادثہ

misgiving (-*giv*-) N. ❶ (usu. PL.) doubt شک ❷ lack of faith بے یقینی، بے اعتمادی

misguide (mis-*gīd*) V.T. lead astray غلط راہ پر ڈالنا، گمراہ کرنا

mishap (mis-*hap*) N. unlucky accident افسوسناک حادثہ

mislay (-*lay*) V.T. misplace کہیں رکھ کر بھول جانا

mislead (-*leed*) V.T. (*lead, led, led*) lead astray غلط راہ پر لگانا

misnomer (-*noh*-) N. wrong use of a name or term نام یا اصطلاح کا، غلط استعمال

misplace (-*plays*) V.T. mislay lose it thus کہیں رکھ کر بھول جانا

misprint N. (*mis*-) printing error طباعت کی غلطی، سہو کتابت

misrule (-*rool*) N. bad government غلط انداز سے حکمرانی

miss (mis) V.T. & I. (*missed* PR. *mist*) ❶ fail to hit (the thing aimed at) پر نہ لگ سکنا، نشانہ خطا ہونا یا جانا ❷ fail to be in time for (train, etc.) وقت سے محروم رہنا ❸ be deprived پر نہ پہنچ سکنا ❹ be absent موجود نہ ہونا ❺ feel the absence of یاد کرنا، کی کمی محسوس ہونا یا کرنا *miss the bus*, PH. miss the opportunity موقع گنوانا، موقع ہاتھ سے کھونا ❻ try unsuccessfully to catch (the ball, the point) پکڑ نہ سکنا، ہاتھ نہ آنا ❼ feel the want of کی کمی بڑی طرح محسوس کرنا N. very young girl لڑکی، چھوٹی لڑکی **Miss** ❶ title for unmarried woman مِس، آنسہ ❷ title used by dancing girls with their name مس، بائی

missing (*mis*-ing) ADJ. not found anywhere غائب، گم

mis-shapen (mis-*shay*-pèn) ADJ. deformed بدن میں خرابی والا

missile (*mis*-il or mis-*il*) N. anything thrown as weapon پھینک کر مارنے والا ہتھیار، میزائل، انداختہ، دور مار ہتھیار *inter-continental ballistic missile* (ICBM) جوہری جنگی میزائل، جو ایک براعظم سے دوسرے براعظم پر پھینکا جا سکے

mission (*mish*-èn) N. ❶ party sent abroad on special purpose ایک خاص مقصد کے لیے پردیس میں بھیجی ہوئی جماعت ❷ such Christian body مشن ❸ aim of life مقصد حیات

missionary N. one sent on religious (usu. Christian) mission مشنری، عیسائی مبلغ

mist N. mild fog کہر، دھند

mistake (mis-*tayk*) N. ❶ error غلطی ❷ wrong opinion غلط رائے، بھول چوک، بھول چوک V.T. & I. (*mistake, mistook, mistaken*) ❶ misunderstand مطلب غلط سمجھنا ❷ have a misunderstanding غلط سمجھنا، غلط فہمی ہونا ❸ take (someone or something) wrongly (*for* another) غلطی سے (کسی کو) کوئی سمجھ بیٹھنا

Mister (*mis*-tè*) N. (ABB. *Mr.*, *Mr*) title used with man's name جناب، محترم

mistletoe (*mis*-èl-toh) N. kind of parasitic creeper آکاس بیل، امر بیل



mistress (*mis*-tres) N. ❶ house-wife گھر کی مالکہ، مالکن ❷ sweetheart محبوبہ، معشوقہ ❸ keep داشتہ ❹ woman school teacher استانی، آپا جی

mistrust (-*trust*) N. misgivings بے اعتمادی V. T. have misgiving (*about*) کے متعلق شک یا بے اعتمادی ہونا

misunderstand (-*stand*) V. T. fail to understand properly ٹھیک طرح نہ سمجھنا

misunderstanding N. ❶ mistake of meaning غلط مطلب سمجھنا ❷ ill-feeling caused by it غلط فہمی

mite (*mīt*) N. ❶ poor man's small, but sincere donation غریب کا تھوڑا مگر مخلصانہ عطیہ ❷ very small child چھوٹا سا بچہ، ننھا

mitigate (*mit*-i-gayt) V. T. lessen the severity of کم کرنا

mitten (*mit*-èn) N. glove with (tips of) fingers bare بے انگشت دستانہ

mix (miks) V. T. & I. ❶ mingle or stir up ملانا، ملا دینا، مخلوط کرنا، ملا جلا دینا ❷ meet in a large circle باہم ملنا ❸ associate (*with*) کے میل جول رکھنا **mixed** (*mikst*) ❶ not separate ملا جلا، مخلوط ❷ joint مشترکہ ❸ promiscuous مخلوط

mixture (*miks*-chè*) N. ❶ something prepared by the mixing of others مرکب، آمیزہ ❷ mixing آمیزش **mechanical mixture** N. mixed things that do not form a chemical compound آمیزہ

moan (mohn) N. deep low sound کراہ V. T. ❶ make a moan کراہنا ❷

utter with moans کراہ کر کہنا

moat (moht) N. defensive ditch round castle خندق، کھائی

mob N. ❶ disorderly crowd بھیڑ، بھیڑ بھاڑ ❷ the masses عوام، عوام الناس V. T. (-bb-) crowd round (someone or something) to attack پر ٹوٹ پڑنا

mobile (*moh*-bil) ADJ. able to move easily آسانی سے منتقل ہو سکنے والا، تغیر پذیر

mobility (*bil*-i-ti) N. being mobile حرکت پذیری، تغیر پذیری **mobilize** (*mohb*-i-liz) V. T. collect together (troops forces, etc.) for service in war, etc. فوجوں کو حرکت میں لانا

mock (mok) V. T. & I. ❶ ridicule by imitating مذاق اڑانا ❷ laugh (*at*) کا مذاق اڑانا، پر ہنسنا، کسی کی ہنسی اڑانا ADJ. (of war, fight, Assembly, etc.) not real نقلی **mockery** (*mok*-ĕ-ri) N. ridicule مذاق، ہنسی اڑانا

mode (mohd) N. style, manner, way طریقہ

model (*mod*-ĕl) N. ❶ small-scale copy نمونہ، چھوٹا نمونہ ❷ something which an artist draws ماڈل، نمونہ ❸ pretty woman serving as model ماڈل، فنکار کا ماڈل V. T. (-ll-) shape the figure of مجسمہ بنانا

moderate (*mod*-ĕ-rayt) ADJ. not extreme اعتدال پسندانہ، جائز، مناسب، اعتدال پسند، نرم N. one with moderate opinions in politics اعتدال پسند V.T. & I. lessen کم کرنا **moderation** (-*ray*-) N. quality of being moderate (*in*) اعتدال پسندی، نرمی

modern (*mod*-ĕ*n) ADJ. ❶ of the recent time نئے زمانے کا، موجودہ زمانے کا، عصر حاضر کا ❷ present جدید، حال، نیا، جدید **modernism** (-*mod*-) N. ❶ modern views نئے نظریے، جدید خیالات ❷ being modern نئی روشنی کا ہونا، جدت پسندی ❸ tendency to subject religious dogma to reason مذہب میں عقلیت پسندی **modernist** N. someone with such views نئی روشنی کا شخص

modernize V. T. make suitable for present-day needs نئے تقاضوں کے مطابق بنانا

modest (*mod*-est) ADJ. ❶ not boastful; unpretentious انکسار والا، منکسر المزاج، سیدھا سادہ ❷ chaste (woman) شریف، پاکباز

modesty (*mod*-es-ti) N. ❶ being unpretentious انکسار، سادگی ❷ chastity شرافت، حیا، پاکبازی

modicum (*mod*-i-kum) N. moderate amount (*of*) تھوڑا سا، قلیل مقدار

modification (-*kay*-) N. change تبدیلی، ترمیم **modify** V.★

modify (*mod*-i-fi) V. T. change بدلنا، ترمیم کرنا

modulate V. T. ❶ vary (the tone, etc.) بدلنا

modus operandi N. manner of doing something طریق کار

Mogul (*moh*-gel) N. mixed Turkish-Mongol race that gave the Indo-Pakistan sub-continent its great Muslim rulers مغل

moist (moist) ADJ. damp بھیگا ہوا، بھیگا بھیگا، بھیگا سا **moisten** (*mois*-ĕn) V. T. make or become moist بھگونا، بھیگنا

moisture (*mois*-chĕ*) N. dampness نمی، تری، سیل

molar (*moh*-lĕ*) N. & ADJ. one of the strong kind (teeth) ڈاڑھ، پیسنے والا دانت

molasses (mo-*las*-iz) N. drainings of raw sugar راب

mole (mohl) N. ❶ dark spot on skin تل، خال ❷ a mouse-like animal چھچھوندر، موش کور **molehill** N. mound raised by its burrowing



molecule (*mol*-ĕ-kewl) N. smallest particle ذرہ، سالمہ، ریزہ **molecular** (mo-*lik*-ew-lĕ*) ADJ. of molecules سالماتی

molest (mo-*lest*) V. T. harass (girl, etc.) چھیڑنا **molestation** (-*tay*-) N. such harassment چھیڑ چھاڑ

mollify (*mol*-i-fi) V. T. ❶ calm down غصہ دور کرنا، جوش ٹھنڈا کرنا، غصہ کم کرنا ❷ soften نرم کرنا

molten (*mohl*-tĕn) ADJ. (of metal) liquefied پگھلا ہوا

moment (*moh*-ment) N. ❶ point of time لمحہ **momentary** ADJ. lasting for or done in a moment آن کی آن میں، پل بھر کا **momen-**

tous (*-ment*-us) ADJ. very important

momentum (moh-*men*-tum) N. force of moving object

monarch (*mon*-ĕ*k) N. sovereign **monarchist** N. supporter of monarchy **monarchy** (-ki) N. government by monarch *constitutional* or *limited monarchy*, system of government in which the ruler's rights are limited by the constitution

monastery (*mon*-as-tè-ri) N. place for monks

Monday (*mund*-ay) N. the day after Sunday

monetary (*mon*-è-tè-ri) ADJ. pertaining to currency

money N. ★

money (*mun*-i) N. ❶ currency ❷ riches ❸ cash **money-lender** N. banker **money-market** N. stock exchange **money-order** N. order on post office to pay money to someone

mongoose (*mong*-ooz) N. well-known kind of small animal hostile to snakes

mongrel (*mong*-rèl) N. & ADJ. a dog of mixed breed

monitor (*mon*-i-tè*) N. ❶ seniormost pupil of class ❷ official whose duty it is to hear and record foreign broadcasts V. T. listen in thus

monk N. Christian vowed to lead a monastic life

monkey (*munk*-i) N. ❶ ape ❷ aping child V. I. play mischievously (*about*) ★

mono- PREF. one

monocle (*mon*-è-kèl) N. eyeglass for one eye only

monogamy (mo-*nog*-è-mi) N. marriage to only one person at a time

monogram (*mon*-è-gram) N. interwoven letters, etc.

monograph (*mon*-è-grahf) N. research report on a single limited subject

monopolize (mo-*nop*-è-liz) V. T. enjoy a monopoly of

monopoly (mo-*nop*-o-li) N. sole right to supply

monosyllable (*-sil-*) N. word of one syllable

monotheism (mon-o-*thee*-izm) N. belief in one God **monotheist** (*-thee*-ist) N. & ADJ. person who believes in one God

monotonous (mo-*not*-è-nus) ADJ. having monotony

monotony (mo-*not*-è-ni) N. boring lack of variety

Monsieur (*mus*-ew-è*) N. (title before French names for) Mr.

monsoon (mon-*soon*) N. (usu. PL.) rain-bearing winds over Indian Ocean *summer monsoons* *winter monsoons*

monster (*mons*-tè*) N. horribly ugly and cruel creature

month (munth) N. twelfth part of year *calender month* or *solar month* *lunar month* **monthly** ADJ. & ADV. (occurring) every month N.

monument (*mon*-ew-ment) N. ❶ something put up in memory (*of* person or event) ❷ outstanding work (*of* scholarship) **monumental** (*-ment-*) ADJ. ❶ of such lasting value ❷ very great

mood (mood) N. state of feelings مزاج، رنگ **moody** (*mood*-i) ADJ. ❶ having changing moods متلون مزاج ❷ sad غمگین، بجھا بجھا سا
moon (moon) N. (the) earth satellite چاند، قمر، ماہ، مہتاب **moonlight** (*moon*-lit) N. its light چاندنی **moonlit** (-lit) ADJ. (of night) having moonlight چاندنی والی **moonshine** N. visionary talk خیالی پلاؤ **moonstruck** ADJ lunatic پاگل، دیوانہ
moor (*moo*-e*) N. ❶ open heather-covered wasteland دیہہ ❷ (*Moor*) North African Arab Muslim بربر
moot V. T. ❶ raise (the point) سوال اٹھانا ❷ discuss بحث کرنا N. assembly for discussion مجلس **moot point** ADJ. & N. point at issue مابہ النزاع، متنازع فیہ، بحث طلب
mop N. bundle of yarn, etc. on stick for dusting جھاڑن V. T. (-pp-) ❶ clean (*up with* mop) جھاڑنا، جھاڑن سے صاف کرنا ❷ wipe out ختم کرنا، تہس نہس کرنا
moral (*mo*-rel) ADJ. ❶ ethical اخلاقی ❷ virtuous (life, action, etc.) نیک، نیکی کا، صالح، پاکبازانہ N. that which is the lesson (*of* the tale, etc.) نتیجہ
morale (mo-*rahl*) N courage and confidence حوصلہ، قوت مقابلہ
moralist N. given to stressing morals اخلاق وعظ کرنے والا، معلم اخلاق، واعظ **morality** (-*ral*-i-ti) N. ❶ ethical principles اصول اخلاق، اخلاقیات ❷ good actions نیکی **moralize** V. T. stress the need for morality وعظ و نصیحت کرنا، اخلاقی تلقین کرنا **morals** N. PL. ❶ ethical principles اخلاقی اصول ❷ character چال چلن، اخلاق، سیرت
morass (mo-*ras*) N. swamp دلدل
moratorium (-*toh*-) N. (legal) delay in payment of debts قرضے کی ادائگی میں مہلت، مہلت (ادائگی)
mordant (*mo**-dent) ADJ. biting (criticism, etc.) تلخ، چبھتا ہوا
more (moh*) ADJ. greater (in number, quantity, quality, etc.) زیادہ، اور N زیادہ، اور، زیادہ تر، زیادہ، مزید ❶ additional اور بھی، مزید *all the more* ❷ (usu. PL.) social conditions moulding character, etc. معاشرتی حالات **moreover** ADV. in addition to this اس کے علاوہ، مزید برآں
morgue (mo*g) N. ❶ identification mortuary مردہ خانہ برائے شناخت، شناختی مردہ خانہ ❷ file of prominent personalitie's biographies in newspaper office specially written for publication on their death سوانحعمریوں کی مسل، مردہ خانہ
moribund (*mo*-ri-bund) ADJ. ❶ in a dying state جس پر موت طاری ہو ❷ no longer creative جس کی تخلیقی قوت ختم ہو چکی ہو، از کار رفتہ، ضعف زدہ
morn (mo*n) N. (poet.) morning صبح، سویرا، تڑکا، فجر
morning (*mo**-ning) N. ❶ first part of the day till noon قبل دوپہر ❷ time of day around sunrise صبح، سویرا
morocco (mo-*rok*-oh) N. soft goatskin مراکو لیدر
moron (*moh*-ren) N adult with childish intellect بہلول، بغلول
morose (mo-*rohs*) ADJ. ❶ ill-tempered تیکھا، بد مزاج، چڑچڑا ❷ gloomy اداس، ملول ❸ unsocial کم آمیز
morphia (*mo**-fi-e), **morphine** (*mor**-fin) extract of opium used as drug مارفیا، افیم کا ست
morrow (*mo*-roh) N. (past) next morning اگلی صبح
Morse code (*mo**s-kohd) N. alphabet of telegraphy, etc. مارس کوڈ
morsel (*mo**-sel) N. mouthful (*of* food) لقمہ، نوالہ
mortal (*mo**-tel) ADJ. ❶ destined to die فانی ❷ fatal مہلک، جان لیوا N. human being انسان، بنی نوع انسان **mortality** (*mo**-tal-i-ti) ❶ being mortal فانی ہونا ❷ death موت ❸ death-rate شرح اموات
mortar (*mo**-te*) N. ❶ mixture used in building گارا، چونا ❷ strong bowl in which to crush things with pestle کونڈی، کھرل، ہاون ❸ short

cannon اونچا گولہ پھینکنے والی چھوٹی توپ
mortgage (*mo**-gij) V. T. pledge property for debt گرو رکھنا، گروی کرنا، رہن رکھنا
mortification (-*kay*-) N. ❶ sense of humiliation رسوائی کا احساس ❷ wounding of feelings جذبات کا مجروح ہونا
mortify (*mo**-ti-fi) V. T., & I. ❶ wound the feelings of کے جذبات کو ٹھیس لگانا یا مجروح کرنا ❷ cause to feel humiliated رسوا کرنا، رسوائی کا احساس دلانا ❸ subjugate (passions) جذبات دبانا
mortice, mortise (*mo**-tis) N. hole in joint into which tenon fits چول کی سال
mortuary (*mo**-tew-ĕ-ri) N. place in hospital, etc. for dead bodies مردہ خانہ
mosaic (moh-*zay*-ik) N. patchwork pattern پچی کاری
mosque (mosk) N. Muslim house of worship مسجد
mosquito (mos-*kee*-toh) N. (PL. mos-*kee*-tohz) a small flying insect that bites مچھر، پشہ **mosquito net** N. net to keep mosquitoes off one's bed مچھر دانی، مسہری



moss (*mos*) N. kinds of small plant کائی
most ADJ. (SUPER. of *many* and *much*) greatest in quantity, quality number, degree, etc. سب سے زیادہ **mostly** ADV. ❶ usually عموماً، بالعموم ❷ mainly عام طور پر
mote (moht) N. particle ذرہ
moth N. winged insect پروانہ، پتنگا **moth-eaten** ADJ. injured by moth کرم خوردہ



mother (*mudh*-ĕ*) N. female parent ماں، امی، مادر، والدہ **motherhood** N. being a mother ماں ہونا، امومت **mother-in-law** N. mother of one's wife or husband ساس، خوشدامن **motherly** ADJ. tender like mother's مادرانہ شفقت کا مظہر
motion (*moh*-shĕn) N. ❶ movement حرکت ❷ gesture اشارہ ❸ proposal for discussion and voting at meeting تحریک، رائے بحث V. T. direct by a motion اشارے سے کہنا **motionless** ADJ. still بے حرکت، ساکن، بے حس و حرکت
motivate (*moh*-ti-vayt) V. T. be motive of محرک، اکسانا، بے حس و حرکت
motive (*moh*-tiv) N. impetus تہیج وجہ، سبب **motivate** V. ... چونکا، اچٹ، کبرا
motley (*mot*-li) ADJ. piebald
motor (*moh*-tĕ*) N. machine bringing into motion موٹر، انجن، محرک **motor-bicycle** N. automatic bicycle موٹر سائیکل **motor-boat** N. automatic boat موٹر بوٹ، کلدار کشتی **motor-car** N. automobile موٹر کار **motorable** ADJ. (road) on which motor-car can move موٹر چلنے کے قابل **motorcade** N. a parade or procession of motor-car موٹروں کا جلوس یا پریڈ **motorist** N. one who travels by a motor car موٹر والا
motorize V. T. equip cavalry, etc., with motor-vehicles رسالے کو موٹرانا
mottled (*mot*-ĕld) ADJ. ❶ having patches چتکبرا ❷ blotched دھبوں والا
motto (*mot*-oh) N. (PL. *mottoes*) phrase or short sentence used as rule of good behaviour ماٹو، اصول عمل
mould (mohld) N. ❶ thing in which something is cast سانچہ، قالب ❷ pattern form شکل، صورت، سانچہ ❸ fine soil rich with manure کھاد ملی باریک مٹی ❹ loose earth مٹی، خاک V. T. ❶ shape something سانچے میں ڈھالنا، بنانا ❷ put into form ڈھالنا **mouldy** (*mohl*-di) ADJ. ❶ covered with mould پھپھوندی والا ❷ very old-fashioned دقیانوسی، فرسودہ، پاپیا
moult V. T. & I. lose feathers before new growth پر جھاڑنا، پر ریزی کرنا
mound (mound) N. heap of earth, etc. ٹیلہ
mount (mount) N. ❶ mountain; hill کوہ، پہاڑ، پہاڑی ❷ horse for one's riding سواری، گھوڑا ❸ stiff backing for photograph, etc. تصویر کے پیچھے لگانے کا گتا V. T. & I. ❶ go up اوپر چڑھنا ❷ get on horse-back گھوڑے پر چڑھنا، چڑھانا ❸ stick picture, etc. on stiff backing

تصویر کے پیچھے گتّہ یا موٹا کاغذ لگانا (4) put (gun *on* gun-carriage) (توپ پہیّوں پر لگانا)

mountain (*moun*-tin) N. (1) high hills پہاڑ، کوہستان (2) hill of impressive height پہاڑ، کوہ، کوہستان **mountaineer** (moun-ti-*nee*-è*) N. expert climber of mountains پہاڑوں پر چڑھنے کا ماہر **mountaineering** N. this as hobby کوہ پیمائی **mountainous** (*moun*-ti-nus) ADJ. (1) having many mountains کوہستانی (2) huge پہاڑی، کوہستانی بہت بڑا، پہاڑ کا پہاڑ، بہت بڑے حجم کا

mourn (moh*n) V. T. & I. lament افسوس کرنا **mourner** N. one who mourns سوگ منانے والا **mournful** ADJ. (1) sad (person) غمگین (2) doleful ماتمی، غمناک **mourning** N. (1) grief غم (2) black clothes or band worn as sign of mourning ماتمی لباس (یا) ماتمی پٹی

mouse N. (PL. *mice*, PR. *mīs*) a well-known small animal چوہا

moustache (mus-*tahsh*) N. hair on the upper lip مونچھ

mouth N. (mouth) (PL. *mouths*, PR. moudhz) (1) inlet in face for speaking and eating منہ، دہن (2) outfall (*of* river) (دریا کا) دہانہ V. T. & I. speak (words) with too much movement of the mouth منہ بنا بنا کر بولنا، چبا چبا کر بولنا **mouthful** N. quantity (of food) filling the mouth منہ بھر، منہ بھر کے **mouth organ** N. harmonica منہ باجا **mouthpiece** N. (1) part of tobacco-pipe, etc. placed in lips مہنال (2) agent speaking for someone (کسی) کی طرف سے بولنے والا

move (moov) V. T. & I. (1) change position ہلنا (یا) ہلانا، حرکت میں آنا یا لانا، متحرک ہونا (یا) کرنا (2) shift منتقل ہونا (یا) کرنا (3) take step قدم اٹھانا، اقدام کرنا (4) excite the feelings of جذبات ابھارنا (5) put (motion, etc. *that*) forward for being discussed (تحریک وغیرہ) پیش کرنا *make a move (that)* PH. move (that) تحریک پیش کرنا کہ، تجویز کرنا کہ N. (1) clever step چال (2) move حرکت

movement N. (1) moving حرکت، انتقال حرکت (2) organisation with particular way of thinking تحریک (3) joint effort مشترکہ کوشش، متحدہ کوشش

movies (*moo*-veez) N. PL moving pictures فلم، متحرک فلم

mow (moh) V.T. & I. (*mow, mowed, mown*) cut (grass, etc.) (گھاس) کاٹنا

Mr., Mr (*mis*-tè*) N. (FEM. *Mrs.* or *Mrs* PR. *mis*-iz for married woman ; **Miss** for unmarried woman) جناب، صاحب، محترم **Mrs. Grundy** N. conventional morality personified مروّجہ اخلاقی نظریات

much ADJ. (1) very بہت (2) to a large amount بہت، بہت سا، بڑی حد تک N. large quantity, etc. بہت سا *not much* PH. a little تھوڑا، تھوڑا سا

muck (muk) N. animal refuse گوبر، لید وغیرہ **mucky** (*muk*-i) ADJ. dirty گندا، غلیظ

mucous membrane (*mew*-kus-) N. membrane formed by muscous بلغمی جھلی (یا) آنو کی جھلی

mucus (*mew*-kus) N. secretion by mucous membrane بلغم (یا) آنو

mud (mud) N. soft wet earth کیچڑ **muddy** ADJ. full of mud کیچڑ والا، گدلا

muddle (*mud*-èl) V T & I. (1) bungle ستیاناس کرنا (2) put into disorder گڈمڈ کرنا N. disorder ابتری، گڈمڈ *make a muddle of*, bungle ستیاناس کرنا **muddleheaded** ADJ. stupid احمق، مخبوط الحواس

mud-guard N. metal cover over the wheel of vehicle مڈگارڈ، کیچ روک

muffin (*muf*-èn) N. a kind of bun کلچہ، بند

muffle (*muf*-èl) V. T. (1) wrap for warmth لپیٹنا (2) gain (دبی) صدا سے احتجاج کرنا، دبانا **muffler** N. (usu. warm) scarf گلوبند، مفلر

mufti (*muf*-ti) N. civilian dress of an official (فوجی) افسر کے عام کپڑے

mug (mug) N. glass-like drinking vessel مگ، آبخورہ V. T. cram (*up* book, subject, etc.) رٹنا **muggy** (*mug*-i) ADJ. warm, damp and

close بند بند؛ (برسات کا) حبس والا (موسم یا دن)

mulberry (*mul*-bè-ri) N. (fruit of)tree on which silkworms feed شہتوت (کا درخت)

mulct (mulkt) V. T. deprive (someone *of*) سے محروم کرنا

mule (mewl) N. ❶ animal cross-bred by donkey and mare خچر ❷ stubborn person ضدی شخص، اڑیل ٹٹو

multi- (*mul*-ti) PREF. many متعدد، کئی

multicolour, multicoloured ADJ. many-coloured کئی رنگوں والا، رنگا رنگ

multiform ADJ. of many forms کثیر الانواع

multimillionaire N. extremely rich person کروڑپتی

multiple (*mul*-ti-pèl) ADJ. ❶ having many parts مختلف، گوناگوں ❷ exactly divisible by (*of* another) گنا، مضاعف **multiple shop** N. one with branches at many places کئی شاخوں والی دکان

multiplication (-*kay*-) N. ❶ product of two or more numbers ضرب ❷ giving the process of this product ضرب دینا *multiplication table* پہاڑا، ضرب کا پہاڑا

multiplicity (mul-ti-*plis*-è-ti) N. great number (*of*) کی کثیر تعداد

multiply (mul-ti-*plī*) V. T. & I. giving the process or result of the multiplication of two or more numbers ضرب دینا

multipurpose ADJ. serving more than one purpose کثیر المقاصد **multi-purpose co-operative society** N. one with various purposes like buying, production, selling, etc. کثیر المقاصد انجمن امداد باہمی

multitude (*mul*-ti-tewd) N. great crowd انبوہ، اژدہام

mum (mum) ADJ. quiet چپ، خاموش *keep mum* PH. keep quiet خاموش رہنا، کچھ نہ کہنا

mumble (*mum*-bèl) V. T. & I. speak indistinctly منہ ہی منہ میں کچھ کہنا

mummy (*mum*-i) N. ❶ (child word for) mother امی ❷ dead body preserved by embalming مسالہ لگا کر محفوظ رکھی ہوئی لاش، ممی

mumps (mumps) N. (PL. with SING. V) disease causing swelling of salivary glands کنپیڑے، گلسوئے، گلے کی سوزش

munch (munch) V T & I. chew steadily چپڑ چپڑ چبانا

mundane (*mund*-ayn) ADJ. worldly دنیاوی

municipal (mew-*nis*-i-pèl) ADJ. of municipality بلدیاتی **municipality** (-*pal*-) N. city with local self-government بلدیہ، میونسپلٹی

munificence (mew-*nif*-i-sens) N. great generosity بڑی سخاوت، فیاضی **munificent** (mew-*nif*-i-sent) ADJ. very generous بہت فیاض

munitions (mew-*nish*-unz) N. PL. military supplies of guns, etc گولہ بارود، سامان جنگ

mural (*mew*-rèl) ADJ. of or on wall دیوار پر

murder (*mĕ**-dè*) N. assassination قتل V. T. assassinate (someone) قتل کرنا، مار ڈالنا، جان سے مارنا **murderer** N. assassin قاتل **murderous** ADJ. of murder قاتلانہ

murky (*mĕ**-ki) ADJ. ❶ dark and gloomy تیرہ و تار ❷ dense (darkness) گھٹا ٹوپ (اندھیرا)

murmur (*mĕ**-mè*) N. ❶ grumble بڑبڑاہٹ، سرسراہٹ ❷ sound (*of* bees) بھنبھناہٹ V.T. & I. ❶ grumble بڑبڑانا ❷ (of water) make such noise سرسر بہنا ❸ (of bees) make such noise بھنبھنانا

muscle (*mus*-èl) N. fibrous tissue in body پٹھا، عضلہ **muscular** (*mus*-kew-lè*) ADJ. ❶ of the muscles پٹھوں کا، عضلاتی ❷ strong wall-built مضبوط گٹھا ہوا

muse (mewz) V. T. ponder غور و فکر کرنا **muse** N. spirit of poetry روح شاعری

museum (mew-*zee*-um) N. place where interesting objects of interest are kept عجائب گھر، عجائب خانہ

mushroom (*mush*-room) N. ❶ edible fungus سانپ کی چھتری، کھمبی ❷ upstart نوخاستہ ADJ. much undesirable

(growth) بہت، حشرات الارض کا سا
music (*mew*-zik) N. pleasant rhythmic sounds موسیقی، گانا **musician** (mew-*zish*-èn) N. one who composes or is skilled in music مطرب، موسیقار، نغمہ گر، خنیاگر
musk (musk) N. kind of black perfume کستوری، مشک، نافۂ آہو **muskdeer** N. deer yielding musk نافے والا ہرن، آہوئے نافہ
musket (*mus*-ket) N. kind of shotgun بندوق **musketeer** (-*tee*-è*) N. soldier with a musket بندوقچی **musketry** (*mus*-ket-ri) N. ❶ practice in range shooting نشانہ بازی ❷ rifle fire بندوق کی گولیوں کا چلنا
muslim (*muz*-lim) N. follower of Islam مسلم، مسلمان
muslin (*mus*-lin) N. a very thin kind of cotton cloth ململ
must AUX. V. (showing strong obligation, intention or inference) ضرور، لازماً N. something essential ضروری، لازمی، اشد ضروری
mustard (*mus*-tĕ*d) N. ❶ kind of plant with small seed رائی ❷ its seed رائی ❸ seed of a plant like it سرسوں **mustard oil** N. ❶ rapeseed oil توریے کا تیل، کڑوا تیل ❷ oil of a seed like it سرسوں کا تیل، کڑوا تیل
muster (*mus*-tè*) N. gathering جائزے کے لیے اجتماع *pass muster* PH. turn out to be up to the standard ٹھیک نکلنا V. T. & I. gather or get together اکٹھے ہونا یا کرنا
musty (*mus*-ti) ADJ. mouldy پھپھوندی لگا
mutable (*mewt*-è-bèl) ADJ. liable to change بدل جانے والا، تغیر پذیر **mutation** (-*tay*-) N. change تبدیلی، تغیر
mute (mewt) ADJ. ❶ dumb گونگا ❷ silent چپ، خاموش ❸ not expressed in words غیر ملفوظ
mutilate (*mew*-ti-layt) V. T. ❶ damage ترمیم کرنا، کاٹنا ❷ cut off limbs of (a person) ہاتھ پیر کاٹنا **mutilation** N ❶ cutting off the limbs ہاتھ پیر کاٹنا ❷ cutting or overwriting so as to be illegible یوں کاٹنا کہ پڑھا نہ جا سکے ❸ such illegible stuff بری طرح کٹی ہوئی عبارت
mutineer N. one guilty of mutiny فوجی باغی، غدر میں حصہ لینے والا **mutinous** ADJ. rebellious (person or action) باغیانہ **mutiny** (*mew*-ti-ni) N. rising of troops فوجی بغاوت، غدر V. I. be guilty of mutiny فوجی بغاوت کرنا، غدر برپا کرنا
mutter (*mut*-è*) V. T. & I. say in a low voice آہستہ کہنا، بڑبڑانا **mutton** (*mut*-èn) N. sheep's (or even goat's meat بھیڑ (یا بکری) کا گوشت **mutton-chop** N. fried slice of mutton with a long a piece of bone مٹن چاپ، تلا ہوا پارچہ، چاپ
mutual (*mew*-tew-èl) ADJ. reciprocal between two طرفین میں، ایک دوسرے میں
muzzle (*muz*-èl) N. ❶ animal's mouth تھوتھنی ❷ net covering for it چھینکا ❸ mouth of gun بندوق کی نالی کا منہ V. T. ❶ put a muzzle on چھینکا چڑھانا ❷ gag زبان بندی کرنا
my (mi) PRON. possessive form *I* میرا INTER. (also *any goodness* and *oh, my*) gosh اوہ، میری توبہ، بہت تیری سی
myopia (mi-*oh*-pi-è) N short sightedness نظر کی کمزوری، دور کی نظر کی کمزوری
myriad (*mi*-ri-ed) N. (usu. PL.) countless number لاکھوں، کروڑوں، ان گنت، بے شمار
myrtle (*mĕ**-tèl) N a kind of henna-like plant مہندی کی طرح کا ایک پودا، آس



myself PRON. (PL. *ourselves*) (reflexive form of *me*) اپنے آپ کو، اپنے
mystery (*mis*-tè-ri) N. thing that baffles because there is no apparent reason for it راز، نامعلوم سے **mystery play** N. old form of play based on some Biblical event انجیلی تمثیل، مذہبی تمثیل **mysterious** (-*tee*-) ADJ. of or like mystery پراسرار
mystic (*mis*-tik) ADJ. ❶ having knowledge of God باطنی، والا صوفی ❷ of it صوفیانہ، عارفانہ ❸ of mysticism صوفیانہ ❹ spiritual باطنی **mysticism** (-sizm) N. interrelation of God and soul as understood through means

beyond reason تفوق **mystify** (-fi) V. T. ❶ puzzle چکر میں ڈالنا ❷ make mysterious پر اسرار بنا دینا
myth (mith) N. ❶ story about gods, etc. دیوی دیوتاؤں کا قصہ ❷ irrational belief بے حقیقت خیال، ذہنی بات **mythical** ADJ. ❶ pertaining to myths دیو مالا سے متعلق، اساطیر ❷ imaginary خیالی، فرضی
mythology (mi-*thol*-o-ji) N. collection of myths دیو مالا، اساطیر الاوّلین، اساطیر، صنمیات

N

n, N (en) PL. *n's* or *ns*) ❶ fourteenth letter of English alphabet (equivalent to the Urdu ن) ❷ (in Maths.) indefinite number in a series غیر معیّن عدد **n'th** (*en*-eth) ADJ. of an indefinite number غیر معیّن عدد والا *to the n'th degree* PH. to any supposed extent غیر معیّن حد تک **nabob** (*nay*-bob) N. ❶ Mogul governor ❷ very rich person نواب
nadir (*nay*-de*) N. side opposite to zenith سمت النظیر، سمت القدم
nag V. T. & I. (-gg-) scold persistently ہر وقت ڈانٹ ڈپٹ کرتے رہنا
nail (nayl) N. ❶ bone-like growth on finger ends ناخن ❷ claw پنجہ ❸ strong iron piece with point at one end and head at the other کیل، میخ V. T. drive a nail میخ ٹھونکنا، کیل جڑنا
naive (nah-*eev*) ADJ. ❶ childlike and innocent معصومانہ، بے تصنع ❷ amusingly simple سادہ لوح ❸ silly احمقانہ **naivety** (nah-*eev*-i-ti) childlike innocence معصومیت، بھولپن، سادگی
naked (*nay*-ked) ADJ. ❶ stript of clothes ننگا، عریاں، برہنہ ❷ bare دے برگ، بے برگ و بار درخت **nakedness** N. being naked ننگا ہونا، برہنگی، عریانی
name (naym) N. ❶ word denoting person, place, thing, etc. نام، اسم ❷ fame مشہوری، شہرت V. T. ❸ give a name to کا نام رکھنا ❹ state the name of کا نام لینا ❺ (price, etc.) بتانا، کہنا ❻ nominate نامزد کرنا، مقرر کرنا **nameless** ADJ. without (known) name گمنام **namely** ADV. (usu. written as Latin ABB. *viz.*) that is to say یعنی
namesake (*naym*-sayk) N. person having the same name ہمنام
nanny (*nan*-i) nurse آیا، کھلائی، بچے کی دایہ
nap N. ❶ siesta قیلولہ ❷ short sleep جھپکی، ذرا آنکھ لگنا یا لگانا ❸ soft downy surface (of cloth, etc.) کپڑے کی روئیں دار سطح
nape (nayp) N. back (*of the neck*) گدی
naphtha (*naf*-tha) N. an inflammable oil نفت، نفطا **naphthalene** N. white antiseptic obtained from coal-tar فینائل
napkin (*nap*-kin) N. piece of cloth for putting on knees at dining-table دست پاک



narcissus (nah*-*sis*-us) (PL. *narcissi* or *narcissuses*) N. a well-known flower or its plant نرگس **narcissism** N. morbid self-love اپنے سے عشق
narcotic (nah*-*kot*-ik) ADJ. ❶ (drug) causing sleep, خواب آور، مخدّر (دوا) ❷ drug making part of body senseless سُن کرنے والا
narrate (na-*rayt*) V. T. tell (story) کہنا، بیان کرنا، (کی) تفصیل سنانا **narrator** (-*ray*-) کہنے والا، بیان کرنے والا **narrative** (*na*-re-tiv) N. ❶ story کہانی ❷ story-telling کہانی والا ❸ that relates facts بیانیہ ADJ. (essay) relating to facts بیانیہ
narrow (*na*-roh) ADJ. ❶ of small width تنگ ❷ restricted چھوٹا، محدود، تنگ V. T. ❸ make or become narrow تنگ ہونا (یا) کرنا ❹ reduce in width چوڑائی کم کرنا
nasal (*nay*-zel) ADJ. pertaining to nose ناک کا ❷
nascent (*nas*-ent) ADJ. ❶ just be-

ginning to grow ابھرتا ہوا ❷ newly born نوزائیدہ

nasty (*nas*-ti) ADJ. ❶ filthy گندا، غلیظ ❷ obscene فحش ❸ offensive ناگوار

natal (*nay*-tèl) ADJ. of birth پیدائشی

nation (*nay*-shèn) N. people living in one country قوم، ملت **national** (*nash*-è-nel) ADJ. of a nation قومی، ملی N. one of a nation or country (ملک) باشندہ (قوم کا) فرد **national anthem** N. official song of a nation قومی ترانہ، ترانۂ ملی

nationalism N. ❶ political theory based on one's love of nation قوم پرستی، وطن پرستی ❷ support or sympathy for national freedom movement قومی آزادی کی تحریک سے ہمدردی **nationalist** N. champion of nation قوم پرست

nationality (nash-è-*nal*-i-ti) N. ❶ membership of a nation قومیت ❷ small group with nation قومی گروہ، قوم

nationalize V. T. make something the property of the State قومی ملکیت میں لینا، قومیانا، قومی ملکیت قرار دینا

native (*nay*-tiv) ADJ. ❶ pertaining to one's birthplace وطن کا، مرزبوم کا، دیسی ❷ inherent (quality) پیدائشی، خلقی

nativity (na-*tiv*-i-ti) N. ❶ birth ولادت، پیدائش ❷ birth of Christ میلادِ مسیح

nativity hymn N. song celebrating Christ's birth نغمۂ میلادِ مسیح

natural (*nach*-è-rèl) ADJ. ❶ pertaining to nature قدرتی ❷ physical (sciences, etc.) طبیعی ❸ unsophisticated بے تصنع ❹ wild جنگلی ❺ inborn پیدائشی، خلقی، فطری، جبلی ❻ born (poet, etc.) پیدائشی، جبلی **natural history** N. study of nature تاریخ طبیعی، تاریخ موالید **naturalist** N. student of natural history تاریخ طبیعی یا تاریخ موالید کا عالم **nature** N. ★

nature (*nay*-chè*) N. ❶ physical universe as a whole کائنات عالم، طبیعی کارخانہ ❷ forces at work in it فطرت، قوانین قدرت ❸ general characteristics طبیعت، قدرت مزاج، خو، افتادِ طبع، سرشت، فطرت، جبلت ❹ kind قسم، نوع

naturalize (*nach*-è-ra-liz) V. T ❶ give (foreginer) the rights of citizenship کو حقوقِ شہریت عطا کرنا ❷ adopt اختیار کرنا، اپنانا **naturalization** N.

naught (nawt) N. ❶ cipher صفر ❷ nothing کچھ نہیں، ہیچ

naughty (*nawt*-i) ADJ unmannerly (child) شریر، شرارتی، شوخ

nausea (*naw*-see-è) N. ❶ sickness متلی، مالش ❷ disgust کراہت، گھن **nauseate** (-ayt) V.T. cause sickness متلانا

nauseating ADJ. ❶ causing sickness متلی آور ❷ disgusting گھناؤنا **nauseous** (-us) ADJ. disgusting کریہہ، گھناؤنا

nautical (*nawt*-i-kèl) ADJ. of navigation, etc. جہازرانی سے متعلق، بحری **nautical mile** N. knot (equivalent to 6,080 feet) بحری کوس

naval (*na*-vèl) ADJ. ❶ of sea بحری، سمندری ❷ of navy بحری، بحریہ کا (CF. **navel** ★)

nave (nayv) N. hub پہیے کی نابھ، (پہیے کی) ناف

navel (*nayv*-èl) N. depression in the front part of belly ناف

navigable ADJ. river, etc., which can be navigated along جہازرانی کے قابل **navigate** V. ★

navigate (*nav*-i-gayt) V.T direct the course of (ship or aircraft) جہاز چلانا **navigation** N art of navigating جہازرانی **navigator** N. sailor ملاح، جہازراں

navy (*nay*-vi) N. ❶ nation's warships بحری بیڑا، بحریہ ❷ their officers and men بحری فوج، ارکان بحریہ **navy blue** N. & ADJ. ❶ (of the) colour of Navy's uniform گہرا نیلا ❷ dark blue گہرا نیلا

nay ADV and more than that نہیں، اس سے بھی زیادہ **Nazi** (*nah*-zi or *naht*-si) N. member of Hitler's National Socialist (*Nationalsozialist*) party نازی، ناتسی

neap, neap-tide N. tide which lowest high-water جزر، ختم

near (*nee*-è*) PREP. close to کے پاس، کے نزدیک ADV. not far away in time, place or degree پاس، نزدیک، قریب V. T. & I. come close (to) قریب آنا N. ❶ relation قریبی رشتہ دار ❷ near and dear ones پیارے رشتہ دار، عزیز و اقارب **nearby** ADV

close ساتھ ہی، نزدیک، قریب **nearly** ADV. almost قریب قریب، تقریباً

neat (neet) ADJ. clean, tidy صاف ستھرا، صاف **neatness** N. tidiness صفائی

nebula (*neb*-ew-lè) N. (PL. *nebulae*) cloudy matter from which stars come into being سدیم، سحابہ **nebulous** (*neb*-ew-lus) ADJ. ❶ cloudlike ❷ indistinct مبہم، غیر واضح

necessary (*nes*-e-se-ri) ADJ. needful ضروری، اہم، لازمی، ناگزیر **necessary** N. (usu. PL.) necessities (*of*) ضروریات، لوازمات، لوازم

necessitate (ne-*ses*-i-tayt) V. T. make necessary ضرورت پیدا کرنا

necessity (ne-*ses*-i-ti) N. ❶ urgent need ضرورت ❷ something necessary for good living ضرورت زندگی ❸ needed thing ضروری چیز ❹ poverty احتیاج، حاجتمندی

neck (nek) N. ❶ part of body above shoulders گردن ❷ part of clothes near it گلا ❸ part of vessal like it گردن، گلا **neck band** N. part of garment round the neck گریبان، گلا **necklace** N. string of pearls, etc. ہار، چنپا کلی **necktie** N. strip of hanging cloth worn round neck نکٹائی، گلوبند

nectar (*nek*-tè*) N. ❶ sweet liquid in flowers شہد، عسل ❷ any sweet beverage لذیذ شربت

need N. ❶ urgent want ضرورت، حاجت، شدید ضرورت ❷ poverty احتیاج، غربت V.T. be necessary کی ضرورت ہونا **needful** ADJ. what is necessary ضروری **neediness** N. being needy ضرورت مند ہونا، محتاجی

needle (*need*-el) N. ❶ thin steel wire with eye for threading سوئی ❷ wire, etc. for knitting کروشیا ❸ pointer سوئی

needless ADJ. unnessary غیر ضروری، بیکار

needlewoman N. one who does needlework سلائی کرنے والی **needlework** N. sewing, etc. سوئی سلائی کا کام

needs ADV. (only in the PH.) *needs must (to do)*, بہ مجبوری ہونا

needy (*need*-i) ADJ. poor ضرورت مند، محتاج، حاجت مند

ne'er (*ne*-è*) ADV. (poet.) never ہرگز نہیں **ne'er-do-well** ADJ. good-for-nothing person نکما

negate (ne-*gayt*) V. T. contradict نفی کرنا **negation** N. ❶ contradiction نفی، ابطال ❷ saying 'No' منع کرنا

negative (*neg*-è-tiv) ADJ. ❶ negating (words, etc.) انکاری ❷ wanting in positive qualities منفی ❸ (in photography (منفی) عکس ❹ (Maths.) minus quantity منفی N. (Maths.) negative quantity منفی مقدار، عکس V.T. ❶ explode (theory, etc.) ابطال کرنا، غلط ثابت کرنا ❷ contradict تردید کرنا ❸ reject نامنظور کرنا

neglect (neg-*lekt*) V. T. ❶ disregard نظر انداز کرنا ❷ leave undone ادا نہ کرنا N. ❶ negligence غفلت، تغافل، تساہل ❷ poor condition برا حال

negligence (*neg*-li-jens) N. ❶ neglecting or being neglected نظر انداز کرنا ❷ carelessness بے پروائی، غفلت **negligent** (*neg*-li-jent) ADJ. careless بے پروا

negligible (-*neg*-) ADJ. ❶ not worth considering ناقابل ذکر، یونہی سا ❷ very small بہت چھوٹا، برائے نام

negotiable (ne-*goh*-shi-è-bel) ADJ. ❶ that can be settled by discussion قابل گفت و شنید ❷ (of bill, etc.) which can be cashed جسے سکارا جا سکے **negotiable instrument** N. bill, currency note, etc. which can be encashed سکارے کے قابل دستاویز

negotiate (ne-*goh*-shi-ayt) V.T.& I. ❶ confer (usu. for settlement) گفت و شنید کرنا ❷ steer (ship) چلانا ❸ move across (bend, etc. جانا ❹ get money for loan, etc. قرض لینا، ہنڈی وغیرہ بھنانا یا سکارنا **negotiation** ❶ conducting چلانا، لے جانا ❷ (usu. PL.) parleys گفت و شنید

negro (*nee*-groh) N. (PL. *negroes*) black-skinned person of African origin (living esp. in U.S.) حبشی

neigh (nay) V. I. (of horse) cry ہنہنانا

neighbour (*nay*-bè*) N. person

living next-door or nearby ہمسایہ ، پڑوسی **neighbourhood** N. ① district round the one mentioned قریبی علاقہ ② being near قرب ، ہمسائگی

neither (*nī*-hdè* or *nee*-dhè*) PRON. not the one nor the other (*of*) دونوں میں سے کوئی ایک بھی نہیں ، کوئی بھی نہیں **neither...nor** PH. not one of the two نہ (یہ) ...... نہ (وہ) ، (یہ) ..... (نہ) وہ

nemesis (*nem*-e-sis) N. ① retributive justice پاداش ② punishment that is bound to follow سزا جو مل کر رہے **Nemesis** CLASS MYTH. goddess of such justice نیمی سِس

neo- PREF. ① new جدید ، نیا ② later تازہ تر ، بعد کے دور کا ، آخری **neolithic** (nee-o-*lith*-ik) ADJ. of the later stone age پتھر کا آخری دور **neon** (*nee*-èn) N. gas used in electric signs نیون **neon light** N. fluorescent tube, light, sign, etc. بجلی کی ٹیوب

neophyte (*neo*-f.t) N. ① new convert نیا مذہب قبول کرنیوالا ② tyro اناڑی

nephew (*nev*-yū) N. (FEM. *niece*) son of one's brother or sister بھتیجا ، بھانجا

nepotism (*nee*-po-tizm) N. favour shown to relatives خویش پروری

nerval (nĕ*vèl) ADJ. of the nerves اعصابی **nerve** N. ★

nerve (nè*v) N. ① fibre carrying feelings عصب ، نس ② guts ہمت ، جرأت

nervous ADJ. ① of nerves اعصابی ② lacking strong nerves عصابی ، اعصابی ③ fearful گھبرایا ہوا ، خوفزدہ ، ہراساں **nervous system** N. all the nerves in the body اعصابی نظام **nerves** N. (PL.) ① nervous system اعصابی نظام ② nervousness اعصابی بے چینی ، اعصابی کمزوری

nest N. ① bird's house آشیانہ ، گھونسلا ② den کووں کا اڈا ③ snug place خلوت خانہ ، آرام دہ جگہ V.I. make and use nest گھونسلا بنانا



nestle (*nes*-èl) V.T. & I. ① press lovingly close (*to*) ساتھ لگ کر بیٹھنا ② آدھا چھپا بیٹھنا ، نیم نہاں ہونا lie half-hidden

nestling (*nes*-ling) N. young bird پرندے کا گھونسلے والا بچہ

net N. ① device to catch جال ، دام ② loosely woven fabric for letting in air through wide pores جالی V.T. (-tt-) catch (fish, etc.) in net جال میں پکڑنا **netball** N. game in which ball is to be thrown through a high ring on a net جال گیند ، نیٹ بال

nether (*needh*-e*) ADJ. lower نچلا ، نیچے کا

nettle (*net*-èl) N. wild plant with stinging leaves بچھوا



network N. connected system of crossing and recrossing lines (of canals, railways, etc.) (کا) جال ، کا بچھا ہوا ② losely woven fabric جال ③ جالی کا کام making such fabric جالی

neuralgia (new-*ral*-ji-è) N. nervous pain اعصابی درد

neurology (-*rol*-) N science of nerves علم الاعصاب

neurosis (new-*roh*-sis) N. functional disorder of the nervous system اعصابی بدنظمی

neurotic (-*rot*-) N. ① person suffering from neurosis اعصابی بدنظمی کا مریض ② drug affecting the nervous system اعصابی نظام پر اثر ڈالنے والی دوا

neuter (*new*-tè*) ADJ. ① sexless بے جنس ، بے جنس ② (gram.) neither feminine nor musculine جنس مشترک

neutral (*newt*-rèl) ADJ. not taking either side in quarrel غیر جانبدار ، غیر معین

neutral (*newt*-rèl) N. neutral person, country, etc. غیر جانبدار ، ناطرفدار ، غیر جانبدار شخص یا ملک **neutrality** (*newt*-*ral*-i-ti) N. being neutral غیر جانبداری **neutralize** V.T. ① make neutral غیر جانبدار بنانا ② make non-effective بے اثر بنانا ، اثر توڑنا

never (*nev*-è*) ADV. (ABB. *ne'er*) ① at no time کبھی نہیں ② not at all ہرگز نہیں ، بالکل نہیں ، قطعاً نہیں **nevertheless** (*nev*-e*-dhe-les) CONJ. yet پھر بھی ، تاہم

پایل بچہ
new (new) ADJ. (1) fresh تازہ ، نیا (2) modern نیا ، جدید (3) different مختلف ، الگ **newcomer** N. one who has recently arrived نو وارد ، نیا آنیوالا **newness** N. (1) being new نیا ہونا (2) freshness تازگی

news (nooz) N. (PL. with SING. V.) fresh information خبر **newsagent** N. shopkeeper selling newspapers, etc. اخبار فروش **newsboy** N. boy hawking newspapers in the streets بازاروں میں پھر کر اخبار بیچنے والا **newspaper** (*noos-pay-pè**) N. (1) periodical giving news اخبار (2) daily newspaper روزنامہ **newsreel** N. cinema film showing news نیوز ریل ، اخباری فلم

next (nekst) ADJ. (1) nearest قریب ترین (2) very close بالکل قریبی (3) immediately following اگلا (4) later بعد کا **nextdoor** N. (1) the next house ساتھ والا گھر (2) being nextdoor ساتھ کے گھر والا ADV. almost neighbour

nib N. metal point of pen نب ، نوک قلم

nibble (*nib*-el) V.T. & I. take small bites (*at*) کترنا

nice (nis) ADJ. (1) pleasing خوشگوار ، پر لطف (2) dainty نفیس (3) delicate نازک

nicety (*nis*-è-ti) N (1) punctiliousness بے حد احتیاط ، حد سے زیادہ احتیاط (2) intricacy پیچیدگی (3) precision صحت (4) minute distinction باریک فرق

niche (nich) N. hollow in wall for statue, etc. طاق

nick N. notch made as record دندانہ ، نشان *in the nick of time* PH. on exact time بالکل وقت پر ، آخری وقت

nickel (*nik*-èl) N. (1) whitish metal نکل (2) five-cent coin پانچ سینٹ کا امریکی سکہ

nickname (*nik*-naym) N. popular name عرف V.T. give nickname to نام رکھنا

nicotine (*nik*-o-tin) N. poisonous element of tobacco نکوٹین ، تمباکو کا زہر **Lady Nicotine** N. humorous name for tobacco تمباکو

niece (nees) N. (1) (MAS. *nephew*) (2) daughter of one's brother بھتیجی (3) or of one's sister بھانجی

niggard (*nig*-è*d) ADJ. miser کنجوس ، بخیل **niggardly** ADJ. (1) miserly person کنجوس (2) scanty کم ، بخیلانہ

nigger (*nig*-è*) N. (word of contempt for) negro حبشی ، کالا بھجنگ

nigh (ni) ADV. & PREP. near نزدیک ، کے قریب

night (nit) N. (OPP. of *day*) رات ، شب **night-dress, night-gown** N. long loose garment worn by women and children in bed رات کا لباس ، رخت شب **nightfall** N. (1) end of daylight رات پڑنا (2) evening شام **nightly** ADJ. & ADV. (1) of night رات کا ، شبینہ (2) every night ہر روز رات کو ، ہر شب ، ہر رات

nightmare N. (1) incubus کابوس (2) horrible experience دہشتناک واقعہ

night-time N. night رات **night school** N. school providing instruction (esp. for workmen) at night شبینہ مدرسہ **night watch** N. watch by night رات کا پہرہ **night watchman** N. رات کو پہرہ دینے والا

nightingale N. kind of songbird بلبل ، عندلیب

nihilism (*ni*-hi-lizm) N. opposition to all constituted authority ہر مروجہ نظام اور نظریے کی مخالفت **nihilist** N. one believing in nihilism ہر مروجہ نظام کا مخالف

nil N. (1) nothing کچھ نہیں (2) zero صفر

nimble (*nim*-bèl) ADJ. quick تیز

nincompoop (*nin*-kom-poop) N. fool گاؤدی ، احمق

nine (nin) N. & ADJ. 9 نو

nineteen (*nin*-teen) N. & ADJ. 19 انیس **nineteenth** (*nin*-teenth) ADJ. 19th انیسواں **ninetieth** (*nin*-ti-eth) ADJ. 90th نوےواں **ninety** (-ti) N. & ADJ. 90 نوے **ninth** (ninth) ADJ. 9th نواں

nip N. (1) pinch چٹکی (2) small dose شراب کی چسکی V.T. & I. (pp-) give nip to چٹکی لینا *nip (something) in the bud* PH. stop its development while yet early سر اٹھاتے ہی کچل دینا

nipple (*nip*-ĕl) N. ❶ point of the breast دودھ، سرپستان ❷ nipple-shaped thing نپل
nitre (ni-tĕ*) N. saltpetre قلمی شورہ، شورہ
nitric acid N. acid made from it شورے کا تیزاب
nitrogen (*nit*-ro-jĕn) N. gas forming about four-fifths of the air نائٹروجن
no (noh) ADJ. ❶ not نہیں ❷ not any کوئی نہیں ❸ not at all ہرگز نہیں، بالکل نہیں (reply in the negative) نہ، نا
No. (num-bĕ*) (ABB. of number) نمبر (as No. 100 نمبر سو)
noble (*no*-bĕl) ADJ. ❶ of high character شریف، عالی ظرف ❷ splendid شاندار، عظیم الشان **nobility** (noh-*bil*-ĕ-ti) ❶ the nobles as class نواب، امرا ❷ quality of being noble شرافت، عالی ظرفی **nobleman** N. noble رئیس، نواب، تعلقہ دار
nobody (*noh*-bod-i) N. ❶ none کوئی نہیں ❷ unimportant person بے حیثیت آدمی
nocturnal (nok-*tĕ**-nel) ADJ. nightly رات کا، شبینہ، شبانہ
nod V.T. & I. (-dd-) bend (the head) forward to show approval سر آگے کو ہلانا N. nodding movement of the head سر کا اشارہ
noise (noiz) N. ❶ din شور و غل، غل غپاڑہ ❷ loud voice بلند آواز *make a noise* PH. شور مچانا، شور و غل مچانا **noiseless** ADJ. quiet خاموش، پرسکوت **noisy** (*noi*-zi) ADJ. ❶ making much noise شور مچانے والا ❷ full of noise شور و غل والی (جگہ)
nomad (*nom*-ad) N. member of wandering tribe خانہ بدوش **nomadic** (*nom*-) ADJ. of nomads خانہ بدوشانہ
nomenclature (nom-en-*klay*-chĕ*) N. ❶ system of giving names نام رکھنے کا اصول ❷ scientific terminology علمی اصلاحات
nominal (*nom*-i-nĕl) ADJ. existing not in fact but in name only نام، محض نام کا، برائے نام
nominate (*nom*-i-nayt) V.T. ❶ name نامزد کرنا ❷ propose someone for election کا نام پیش کرنا ❸ appoint کو نامزد کرنا، کو مقرر کرنا **nomination** (-*nay*-) N. nominating نامزدگی
nominative (nom-i-*nay*-tiv) ADJ. & N. subjective (case) فاعلی (حالت)
nominee (nom-i-*nee*) N. nominated person نامزد شخص
non- (non) PREF. not غیر، نا
non-appearance N. ❶ failure to appear غیر حاضری ❷ absence عدم موجودگی
nonchalant (non-*shal*-ant) ADJ. ❶ indifferent بے پروا ❷ cool ٹھنڈے دل کا
non-combatant (-*kom*-) N. (army servant) not employed to fight غیر مصافی فوجی
non-conductor N. insulator غیر موصل
non-co-operate (non-coh-*op*-ĕ-rayt) V.T. refuse to co-operate (*with*) تعاون نہ کرنا، عدم تعاون کرنا
non-co-operation N. lack of co-operation عدم تعاون
nondescript (*non*-des-kript) N. & ADJ. ❶ not easily described مبہم ❷ odd نرالا، انوکھا، عجیب
none (nun) PRON. no one(s) کچھ بھی نہیں، کوئی بھی نہیں
nonentity (no-*nent*-i-ti) N. unimportant person غیر اہم شخص، بے حقیقت آدمی
nonplus (non-*plus*) V.T. (-ss) perplex دم بخود کر دینا
nonsense (*non*-sens) N. ❶ meaningless بے معنی ❷ absurd فضول، بیہودہ، احمقانہ
nonsensical (-*sens*-) ADJ. silly احمقانہ، بیہودہ
non-stop ADJ. (moving) without stop مسلسل، لگاتار
nook (nŭk) N. inside corner کونے کا اندر کا حصہ *every nook or corner* PH. ہر کونا کھدرا
noon (noon) N. exact 12 o'clock in the day دوپہر، دن کے بارہ بجے، نیم روز *at noon* PH. exactly at this hour بارہ بجے دن، دوپہر، دن کے بارہ بجے، نیم روز *12·00 noon* بارہ بجے، دوپہر، ٹھیک دوپہر
noose (noos, nooz) N. loop of rope پھندا



nor CONJ. not even نہ ہی، نا، نہ
norm N. ❶ normal form عام صورت، عام حالت ❷ standard نمونہ، مثال، معیار

normal (*no**-mèl) ADJ. ① usual عام، معمول، معمول کے مطابق ② standard مثالی، معیاری، نارمل **normal school** N. school for training teachers تربیت اساتذہ کا مدرسہ

north (no*th) N. (OPP. of *south*) ADJ. pertaining to the north شمال

northern (*no**dhè*n) ADJ. in or of the north شمالی **North Pole** N. point opposite the South Pole قطب شمالی

nose (nohz) N. ① organ of smell ناک ② nozzle دہانہ، منہ ③ front end اگلا سرا ④ sense of smell سونگھنے کی حس، مشام، قوت شامّہ V.T. & I. smell and find it (*out*) سونگھ سونگھ کر تلاش کرنا **nose-dive** N. headlong descent (of aircraft) ہوائی جہاز کا سر کے بل غوطہ

nosegay N. bouquet گلدستہ

nose-ring N. ring for the nose نتھ، بُلاق

nostalgia (nos-*tal*-ji-a) N. home-sickness گھر کا بِرہا، وطن کی یاد

nostril (*nos*-tril) N. either of the two openings in the nose نتھنا

not ADV. (ABBR. *n't*) ① (word of negation) نہیں، نہ ② (word of prohibition) (usu. *do not* or *don't*) مت

nota bene (ABB. *N.B.*) PH. ① note well, please note یاد رہے ② note نوٹ، فائدہ

notable (*noht*-è-bèl) ADJ. ① worth-noticing قابلِ ذکر، قابلِ توجہ ② famous مشہور

notary (*noht*-è-ri) N. (also *notary public*) official for witnessing documents وثیقہ نویس، ناظرِ رجسٹری

notation (noh-*lay*-shen) N. representation of numbers or musical notes اعداد یا موسیقی کی دھنوں کی ترسیم

notch (noch) N. V. shaped cut دندانہ، دانتا

practise (*prak*-tis) V.T. & I. ❶ do (something) مشق کرنا ❷ form the habit of عادت ڈال لینا ❸ work as a (lawyer or doctor) پریکٹس کرنا ، اپنا کام کرنا

practitioner (prak-*tish*-è-nè*) N. person practising (medicine or the law) طبابت یا وکالت پیشہ ، پریکٹیشنر

pragmatic (prag-*mat*-ik) ADJ. matter-of-fact, practical عملی **pragmatism** N. being matter-of-fact عملی نقطہ نگاہ

prairie (*pray*-è-ri) N North American grassland area پریریز

praise (prayz) V T. say good things of (someone) تعریف کرنا ، حمد کرنا N. praising تعریف **praiseworthy** ADV. deserving praise قابل تعریف

pram (pram) N. (ABB. of) perambulator بچہ گاڑی

prance (prahns) V I. (of horse) spring from hind legs (گھوڑے کا) پچھلی ٹانگوں پر اچھلنا

prank (prank) N playful trick شوخی

prate (prayt) V T & I. chatter boastfully and foolishly بڑ ہانکنا

prattle (*prat*-èl) V.T & I chatter بچوں کی سی باتیں کرنا

pray (pray) V.T & I. ❶ worship عبادت کرنا ، نماز پڑھنا ❷ commune with God دعا کرنا **prayer** N. praying to God دعا **prayers** N. PL. form of worship نماز

pre- (pree) PREF before سے پہلے ، قبل

preach (preech) V.T. & I. ❶ deliver sermon وعظ کرنا ❷ spread (ideas) (کی) تبلیغ کرنا ، (کی) اشاعت کرنا

preamble (pre-*am*-bèl) N introduction تمہید ، مقدمہ

precarious (pre-*kay*-ri-us) ADJ. uncertain غیر یقینی

precaution (pre-*kaw*-shèn) N. care taken beforehand احتیاط ، پیش بندی **precautionary** ADJ. by way of precaution احتیاطی

precede (pre-*seed*) V.T & I. be before سے پہلے (ہونا یا) آگے ہونا ، مقدم ہونا

precedent (*pres*-i-dent) N case to be taken as an instance نظیر

precept (*pree*-sept) N. ❶ rule of conduct اصول ، اخلاق ❷ moral advice نصیحت

precinct (*pree*-sinkt) N ❶ enclosure احاطہ ❷ (PL.) immediate surroundings (*of*) گردو نواح ، قرب وجوار ، نواحی علاقہ

precious (*presh*-us) ADJ. very valuable قیمتی ، گراں بہا **precious stone** N. gem جواہرات

precipice (*pres*-i-pis) N steep cliff کھڑی چٹان ، ڈانگ

precipitate (pre-*sip*-i-tayt) V T. ❶ hurl پھینکنا ❷ condense (vapour) into drops بخارات کثیف بنانا

precipitous (pre-*sip*-i-tus) ADJ. steep ڈھلوان ، ڈھلان

precis (*pray*-see) N. summary خلاصہ، تلخیص

precise (pre-*sis*) ADJ. exact بالکل ٹھیک

precision (pre-*sizh*-èn) N. accuracy بڑی صحت

preclude (pre-*klood*) V.T. prevent باز رکھنا

preconceive (pree-kon-*seev*) V.T. form beforehand پہلے ہی سے کچھ بیٹھنا **preconception** N. opinion formed beforehand پہلے سے قائم کردہ رائے

precursor (pre-*kë**-sè*) N. herald نقیب، پیشرو

predecessor (*pree*-de-ses-è*) N. earlier incumbent of post, etc. پیشرو

predestination N. lot قسمت، تقدیر، مقسوم

predestine (pre-*des*-tin) V.T. destine beforehand مقدر کرنا، تقدیر میں لکھنا **predestined** ADJ. preordained مقدر

predicament (pre-*dik*-è-ment) N. awkward situation ناگوار صورت حال

predicate (*pred*-i-kit) N. ❶ (gram.) part of statement which says something about subject مسند، خبر ❷ this in logic محمول (*pred*-i-kayt) V.T. assert (something) about the subject تصدیق کرنا

predict (pre-*dikt*) V.T. foretell پیشین گوئی کرنا **prediction** (-*dik*-) N. foretelling پیشین گوئی

predominate (pre-*dom*-i-nayt) ADJ. be the most important سب سے اہم ہونا، سب پر فائق ہونا **predominant** ADJ. ❶ important اہم ❷ superior اعلیٰ، مقتدر ❸ salient نمایاں ❹ abundant وافر

pre-eminence (pree-*em*-i-nens) N. excellence فضیلت، تفوق **pre-eminent** (pre-*em*-i-nent) ADJ. ❶ best بہترین ❷ superior فائق، ممتاز

preen V.T. (of bird) trim (plumes) with its beak چونچ سے پر صاف کرنا

prefab (*pree*-fab) N. (colloq.) prefabricated house انتقال پذیر مکان

prefabricate (pre-*fab*-ri-kayt) V.T. manufacture parts (of house, etc.) for assembly on the site later انتقال پذیر (مکان وغیرہ) کے حصے

preface (*pref*-is) N. introductory remarks تمہید، دیباچہ

prefect (*pree*-fekt) N. ❶ ancient Roman military officer پریفیکٹ ❷ one of the senior students of college or university authorised to maintain discipline خلیفہ، پریفیکٹ

prefer (pre-*fë**) V.T. (-rr-) like more than (*to*) زیادہ پسند کرنا، کو ترجیح دینا **preferable** (*pref*-è-rè-bèl) ADJ. ❶ desirable پسندیدہ ❷ superior (*to*) سے بہتر **preference** N. (*pref*-è-rens) preferring ترجیح، پسند، پسندی چیز **preferential** (pref-è-*rensh*-èl) ADJ. giving preference امتیازی، ترجیحی

prefix (*pree*-fiks) N. letter, syllable or word put at the beginning of stem to modify its meaning سابقہ

pregnancy (*preg*-nan-si) N. being pregnant حمل **pregnant** (*preg*-nant) ADJ. (of woman) in the family way حاملہ

prehistoric (pree-his-*to*-rik) ADJ of before recorded history زمانہ ماقبل تاریخ کا

prejudge V.T. form opinion beforehand پہلے ہی سے رائے قائم کر لینا

prejudice (*prej*-oo-dis) N. ❶ bent of mind میلان خاطر ❷ bias تعصب V.T. cause (someone) to have prejudice (کسی کے خلاف کسی کے) کان بھرنا

preliminary (pre-*lim*-i-nè-ri) ADJ. initial ابتدائی

premature (pree-ma-*tew*-è*) ADJ. happening before the proper time قبل از وقت، خام

premier (*pree*-mi-è*) ADJ. first اوّل، اوّلین N. Prime Minister وزیر اعظم

premiere (pre-me-*ay*-è*) N. first night (of the) performance of (play, etc.) پریمیئر شو، (کھیل کی) پہلی رات، اولین نمائش

premise N. (*prem*-is) occasionally spelt *premiss*) proposition in logic from which of inference is drawn مقدمہ *major premiss*, main statement کبریٰ *minor premiss*, subsidiary statement صغریٰ V.I. (pre-*miz*)

state by way of introduction (*that*) بطور تمہید کہنا **premises** (*prem*-i-siz) N. PL. (with SING. verb) building and adjuncts عمارت اور متعلقات

premium (*pree*-mi-um) N. (of insurance) instalment بیمہ کی قسط

premonition (pre-mo-*nish*-èn) N. ❶ forewarning (*of* danger) اندیشہ ، خطرے کا احساس ❷ sense this دل کو کچھ ہونا

preoccupy (pre-*ok*-ew-pi) V.T. fully absorb the attention of سوچ میں غرق کرنا

preordain (pree-o*-*dayn*) V.T. (of God) predestine مقدر میں لکھ دینا

prep (prep) N. ❶ (school slang for) preparation (*of* lessons, etc.) (سبق کی) تیاری ; ❷ (ABB. for) preparatory school ابتدائی مدرسہ

preparation N. preparing تیاری **preparatory** (pre-*pa*-rè-te-ri) ADJ. initial ابتدائی

prepare (pre-*pay*-è*) V.T. & I. ❶ get ready تیار ہونا ، تیاری کرنا ❷ make ready تیار ہونا

preponderance (pree-*pond*-è-rens) N. ❶ predominating حاوی ہونا ❷ being more important زیادہ اہم ہونا ❸ excess (in number or weight) سے زیادہ ہونا ، زیادہ بھاری ہونا

preponderate V.T. ❶ dominate حاوی ہونا ❷ be more important زیادہ اہم ہونا ❸ exceed (in weight or number) سے زیادہ ہونا **preponderating** ADJ. ❶ dominating حاوی ❷ more important زیادہ اہم ، زیادہ وسیع

preposition (prep-o-*zish*-èn) N. particle marking relation between noun, etc. and the word it governs حرفِ جار ، حرف جر

preposterous (pre-*pos*-tè-rus) ADJ. ❶ contrary to natural order بے جوڑ ، غلط ❷ absurd لغو

prerogative (pre-*rog*-è-tive) N special privilege امتیازی حق

presage (*pres*-ij) N. ominous sign بری فال ، شگون

prescience (*pree*-shi-ens) N. ❶ foresight دور اندیشی ❷ foreknowledge پیش بینی

prescribe (pres-*krib*) V.T & I ❶ write out prescription نسخہ لکھ دینا ❷ order use of book for examination (بطور نصاب) مقرر کرنا **prescription** N ★

prescription (-*krip*-) N. ❶ prescribing ہدایت کرنا ، مقرر کرنا ❷ order حکم ❸ medicine proposed for patient نسخہ

presence (*prez*-ens) N. being present in a place موجودگی

present (*prez*-ent) N. ❶ time at this moment زمانہ حال ❷ form of verb relating to the present فعل حال ❸ gift تحفہ ، ہدیہ ADJ. ❶ existing or happening now موجودہ ، حاضر ، حال کا ، اب کا ❷ not absent حاضر V.T. (pri-*zent*) ❶ offer as gift تحفہ دینا ، تحفہ پیش کرنا ❷ submit (کو) پیش کرنا ❸ introduce تعارف کرانا

presentation (pre-zen-*tay*-shèn) N. something presented پیشکش

presently (*prez*-ent-li) ADV soon ابھی ، تھوڑی دیر میں

present participle N. form of verb expressing state (*e.g.*, eat*ing*, do*ing*) حال

preservation (pree-zè*-*vay*-shèn) N. ❶ preserving حفاظت ، محفوظ رکھنا ❷ making a jam or pickle (*of*) مربہ یا اچار بنانا

preserve (pre-*zĕ*v*) V.T. ❶ keep safe محفوظ رکھنا ❷ prevent (food) مربہ ڈالنا

preside (pre-*zid*) V. I. act as chairman of صدارت کرنا

presidency (prez-i-*den*-si) N. office of president صدارت ❷ (*Presidency*) division of East India company's territory پریزیڈنسی

president (*prez*-i-dent) N. ❶ head of democratic State صدر ریاست ، صدر مملکت ❷ chairman of meeting, etc. (جلسے) کا صدر **presidentship** N being president صدارت

press (pres) V.T. & I. ❶ push hard دبانا ❷ urge پر زور ڈالنا ❸ compel جبری بھرتی کرنا ❹ crush کچلنا N. ❶ pressure دباؤ ❷ crowd بھیڑ بھاڑ ❸ appa-

ratus, for pressing شکنجہ (4) machine for printing پریس (5) strong attack by army (فوج کا) شدید حملہ (6) (*the Press*), newspapers generally اخبارات

pressing ADJ. urgent اہم، ضروری

pressman N. newspaper reporter نامہ نگار، رپورٹر

pressure (*presh*-è*) N. (1) pressing دباؤ (2) burden بوجھ (3) weight وزن

pressure group N. group exerting pressure on government سیاسی دباؤ ڈالنے والی ٹولی

prestige (pres-*teezh*) N. reputation وقار

presume (pre-*zewm*) V.T. & I. take for granted فرض کرنا

presumption (pre-*zump*-shèn) N. (1) supposition, taking for granted احتمال (2) arrogance, impudence دیدہ دلیری، شوخ چشمی (3) thing taken for granted مفروضہ **presumptive** ADJ. possible probable احتمالی **presumptuous** (pre-*zump*-tew-us) ADJ. impudently bold (behaviour) دیدہ دلیری کا، شوخ چشمی کا

pretence (pre-*tens*) N. (1) ostentation تصنع (2) false claim جھوٹا دعوی (3) excuse بہانہ **pretence** N. ★ **pretension** N. ★

pretend (pre-*tend*) V.T. & I. (1) feign بن بیٹھنا (2) make believe جھوٹ موٹ کرنا **pretender** N. false claimant جھوٹا دعویدار، مدعی

pretension N. (1) false claim جھوٹا دعا (2) outward show تصنع، بناوٹ **pretend** V. ★

preterite (*pret*-è-rit) ADJ. simple past (tense) (فعل) ماضی مطلق

pretext (*pree*-tekst) N. excuse بہانہ، عذر

prettiness N. being pretty دلکشی، جاذبیت

pretti (*prit*-i) ADJ. (1) attractive and winning پیاری لگنے والی، جاذبیت والی، دلکش، خوشنما (2) (colloq.) much; quite کافی، بہت

prevail (pre-*vayl*) V.I. (1) be victorious غلبہ پانا (2) be everywhere, preponderate ہر جگہ ہونا **prevalence** N. ★

prevalence N. prevailing ہر جگہ (رائج) ہونا

prevalent (*prev*-è-lent) ADJ. in-vogue رائج، مروجہ

prevent (pre-*vent*) V.T. (1) stop from taking place نہ ہونے دینا، روک تھام کرنا (2) hinder روکنا، باز رکھنا **prevention** N. (1) preventing روکنا (2) preventive measure احتیاط، احتیاطی تدبیر **preventive** (-tiv) ADJ. serving to prevent احتیاطی

previous (*pree*-vi-us) ADJ. earlier پہلا

prey (pray) what is hunted down and killed شکار، صید V.I. hunt and kill کا شکار کرنا

price (pris) (1) money for which something could be sold or had قیمت، قیمت فروخت، مول V.T. fix as the price قیمت لگانا **priceless** ADJ. invaluable انمول **pricelessness** N. being invaluable انمول ہونا

prick (prik) V.T. & I. (1) pierce چبھنا، چبھونا (2) puncture چھید کرنا (3) raise (ears) (کان) کھڑے کرنا (4) cause sharp pain to میں کھٹکنا **prickly** (*prik*-li) ADJ. (1) having pricks خاردار (2) tingling جھنجھناہٹ پیدا کرنے والا

prickly heat N. skin disorder in tropical summer گرمی دانے

pride (prid) N. (1) haughtiness غرور تکبر (2) high opinion of oneself, etc. فخر، ناز، فخر و ناز V.T. be proud of فخر کرنا، اترانا

priest (preest) N. (1) religious leader دینی پیشوا (2) one leading the performance of religious rites دینی پیشوا

prig N. person proud of his moral ideas خود بیں واعظ

primacy (*pri*-mè-si) N. archbishop's office; being a primate اسقف اعظم کا منصب

prima facie (*pri*-ma-fay-shi-ee) ADJ. & ADV. (arising) at first sight پہلی ہی نظر میں، واضح، بدیہی

primary (*prim*-è-ri) ADJ. (1) first

پہلا ② elementary ابتدائی ③ basic بنیادی **primary school** N. elementary school ابتدائی مدرسہ

primate (*prī*-mit) N. archbishop اسقفِ اعظم

prime (prīm) ADJ. chief, principal اعلیٰ، اعظم **prime minister** N. premier وزیرِ اعظم **prime numbers** N. PL. numbers having no factors مفرد اعداد

primer (*prī*-mè*) N. infant's first text-book قاعدہ

primitive (*prim*-i-tiv) ADJ. of the earliest times پرانا، قدیم، قدیمی

primordial (prī-*mo**-di-èl) ADJ. first in order پرانا، قدیم، قدیمی

primrose (*prim*-rohz) N. a kind of yellow rose بسنتی گلاب



primus (*prī*-mus) ADJ. ① first پہلا ② senior-most سب سے بڑا ③ brand of stove working like pressure gas lamp اسٹوپ

prince (prins) N. ① minor ruler نواب، راجا ② son of ruler شہزادہ **Prince Consort** N. husband of female ruler ملکہ کا رفیقِ حیات **Prince of Darkness** N. Satan شیطان

princess (*prins*-es) N. ① ruler's daughter شہزادی ② ruler's wife نواب بیگم، ملکہ ③ ballet dancer بڑی رقاصہ

principal (*prins*-i-pèl) ADJ. chief, بڑا، اہم N. head of college رئیس الاساتذہ، پرنسپل

principality (*-pal-*) N. dominion of prince ریاست

principle (*prins*-i-pèl) N. ① fundamental truth بنیادی حقیقت ② basic rule اصول ③ rule قاعدہ

print V.T. ① born out in printing press چھاپنا، طبع کرنا ② put the pattern on ٹھپہ لگانا ③ write in block letters چھاپے کے بڑے حرفوں میں لکھنا

printer N. workman or owner of printing press چھاپے خانے میں کام کرنے والا

printing press N. machine for reproducing books, etc. from plates, etc. چھاپہ خانہ، مطبع، پریس

prior (*prī*-è*) ADJ. previous پہلا **priority** (*-o*-ri-) N. ① being first اوّلیت ② being very important اشد ضروری ہونا

prism (prizm) N. glass piece in the form of a triangular solid منشور

prison (*priz*-èn) N. ① gaol جیل، قیدخانہ، بندی خانہ، محبس ② lock-up حوالات

prisoner (*priz*-è-nè*) N. one kept in prison قیدی

pristine (*pris*-tin) ADJ. original, ancient اصلی کا سا، قدیمی

privacy (*priv*-è-si) N. ① secrecy اخفا ② seclusion علیحدگی، خلوت

private (*prī*-vayt) ADJ. ① not public خاص، نجی ② personal ذاتی، انفرادی ③ secret خفیہ، مخفی N. soldier in British army فوجی سپاہی، شامی

privateer (priv-è-*tee*-è*) N. (old use) privately owned man-of-war غیر سرکاری جنگی جہاز **privately** ADV. alone and not before others الگ، علیحدگی میں

privation (pri-*vay*-shèn) N. ① poverty and hardship غریبی، غربت، افلاس، مفلوک الحالی ② deprivation محرومی

privilege (*priv*-i-lej) N. ① special right استحقاق، امتیازی حق ② special favour خاص رعایت **privileged** (-lejd) ADJ. enjoying a privilege امتیازی، امتیاز والا **privileged classes** N. well-to-do classes اونچے طبقات، امیر

privy (*priv*-i) ADJ. ① secret خفیہ، پوشیدہ ② private purse of ruler خاصہ کا، خاص **privy parts** N. PL. male sexual organ مقامِ مخصوص **Privy Council** N. body of British ruler's advisers acting as chief court پریوی کونسل

prize (prīz) N. ① winner's reward انعام ② something given in recognition صلہ V.T. esteam greatly, value highly بہت عزیز رکھنا، بڑی قدر کرنا، قدر کرنا یا جاننا **prize-fight** N. boxing match with prize مکے بازی کا انعامی مقابلہ

pro- (proh) PREF. for, in favour of کا حامی

probable (*prob*-è-bèl) ADJ. ❶ likely اغلب ❷ anticipated by reasoning قرین قیاس **probably** ADV. perhaps غالباً **probability** (prob-è-*bil*-i-ti) N. ❶ being probable امکان غالب ❷ chance اتفاق

probation (pro-*bay*-shèn) N. trial period آزمائشی مدت **probationer**, N. one on probation in service آزمائشی

probe (prohb) N. ❶ needle-like instrument for probing wounds زخم سلائی ❷ inquiry تحقیقات V.T. ❶ examine (wound) thus زخم میں سلائی ڈال کر دیکھنا ❷ go into the depth of کی گہرائی میں جانا ❸ inquire (*into*) تحقیقات کرنا

probity (*prob*-i-ti) N. integrity دیانتداری

problem (*prob*-lèm) N. ❶ difficult question or issue مسئلہ ❷ difficulty to be resolved مشکل، حل طلب شکل

procedure (pro-*see*-dew-è*) N. regular method طریق کار

proceed (pro-*seed*) V.I. ❶ go جانا ❷ continue کرتے رہنا ❸ result (*from*) (کا) نتیجہ ہونا

proceedings N. PL. ❶ law-suit مقدمہ، نالش ❷ minutes (*of* meeting) کارروائی کا خلاصہ

process (*proh*-ses) N. ❶ procedure کارروائی ❷ method طریقہ ❸ action عمل

procession (pro-*sesh*-èn) N. large crowd walking together on festive occasion جلوس

proclaim (pro-*klaym*) V.T. announce اعلان کرنا **proclamation** (-may-) serve announcement باضابطہ اعلان

proclivity (pro-*kliv*-i-ti) N. bent towards رجحان، میلان

procrastinate (pro-*kras*-ti-nayt) V.I. be dilatory ڈھیل کرنا، تاخیر کرنا

proctor (*prok*-tè*) N. university official maintaining diseipline جامعہ کا مؤدب

procure (pro-*kew*-è*) V.T. ❶ obtain حاصل کرنا ❷ get for مہیا کرنا ❸ bring about لانا **procurer** N. ❶ one who procures مہیا کرنے والا ❷ pander دلال، بھڑوا

prod V.T. & I. (-dd-) poke چھیڑنا

prodigal (*prod*-i-gèl) ADJ. extravagant مسرف، فضول خرچ **prodigious** (pro-*dij*-us) ADJ. ❶ huge بہت بڑا ❷ astonishing حیرت انگیز

prodigy (*prod*-i-ji) N. ❶ remarkably able person حیرت انگیز طور پر قابل ❷ marvellous حیرت انگیز

produce (pro-*dews*) V.T. ❶ bring about لانا، وجود میں لانا ❷ manufacture (goods) بنانا ❸ bring to light ظاہر کرنا ❹ put before سامنے رکھنا N. (*prod*-ews) that which is grown on land زرعی پیداوار، پیداوار **producer** (-*dew*-) N. ❶ manufacturer (*of* goods as opposed to their *consumer**) پیداکار ❷ one responsible for production of film فلم ساز

product (*pro*-dukt) N. ❶ manufacture(s) مصنوعات، مصنوعہ چیز ❷ anything produced پیداوار **production** (-*duk*-) N. things production پیداوار **productive** (-*duk*-) ADJ. yielding produce and profitable پیدا آور

profane (pro-*fayn*) ADJ. ❶ secular دنیوی، لادینی ❷ sacrilegious دین کی بےحرمتی کرنے والا

profess (pro-*fes*) V.T. ❶ declare openly اعتراف کرنا، ماننا، تسلیم کرنا ❷ falsely claim جھوٹا دعویٰ کرنا

profession (-*fesh*-) N. ❶ high vocation (اہم) پیشہ ❷ declaration (*of* faith, feelings, etc.) اعلان، اعتراف

professor (pro-*fes*-è*) N. (ABB. *Prof.*) university teacher of the highest rank استاد، پروفیسر

proffer (*prof*-è*) V.T. offer پیشکش کرنا

proficiency ((-*fish*-) N. skill (*in*) مہارت

proficient (pro-*fish*-ent) ADJ. skillful ماہر **proficiency** N. ★

profit (*prof*-it) N. advantage, gain فائدہ **profitable** ADJ. ❶ bring profit نفع کا، منفعت بخش ❷ beneficial مفید

profiteer (prof-i-*tee*-è*) V.I. make unduly large profit نفع اندوزی کرنا

profiteering N. such practice نفع اندوزی

profligate (*prof*-li-gayt) N. & ADJ. licentious عیاش ، اوباش ، لفنگا

profound (pro-*found*) ADJ. deep (thought, etc.) گہرا **profundity** N. depth (of thought, etc.) گہرائی

profuse (pro-*fews*) ADJ. abundant بہت ، کثیر **profusion** (pro-*few*-zhèn) N. abundance بہتات ، کثرت

progenitor (-*jen*-) N. ancestor (*of*) (کا) بزرگ

progeny (*proj*-è-ni) N. children اولاد ، نسل

prognosticate (prog-*nos*-ti-kayt) V.T. ❶ foretell پیشگوئی کرنا ❷ betoken کا پہلے پتہ دینا **prognostication** (-*kay*-) N. foretelling پیشگوئی ، پیشین گوئی

programme (*prohg*-ram) N. ❶ plan (*of* what is to be done) پروگرام ، دستور العمل ❷ detailed advertisement (of show or meeting) پروگرام ، تفصیلی اشتہار

progress N. (*prohg*-res) ❶ advance ترقی ❷ improvement بہتر ہونا ❸ forward movement آگے کی طرف حرکت (proh-*gres*) V. I. ❶ move forward آگے بڑھنا ❷ rise move ahead ترقی کرنا

prohibit (pro-*hib* it) V.T. forbid روک دینا ، منع کرنا **prohibited** (-id) ADJ. not allowed ممنوع **prohibition** (pro-*hib*-i-shèn) N. ❶ prohibiting روک دینا ❷ lack of permission to drink شراب بندی ، شراب نوشی کی ممانعت

prohibitive ADJ. ❶ restrictive امتناعی ❷ too high (prices, etc.) بہت ہی زیادہ

project N. (*proj*-ekt) plan for an undertaking منصوبہ V.T. & I. (pro-*jekt*) ❶ make plans for منصوبہ بنانا ❷ throw picture of عکس ڈالنا ، تظلیل کرنا

projectile (*proj*-ek-til) N. something shot گولی ، گولا (وغیرہ)

projection N. ❶ map drawn by casting shadow of the object ظلی نقشہ ❷ mental image تصور ، طیف ❸ protruding part ابھرا ہوا حصہ ، عکس ، تظلیل

projector N. magic lantern, etc. پروجیکٹر ، ظلیل

prolegomena (prol-è-*gom*-è-na) N. PL. (used as SING.) long scholarly introduction مقدمہ

proletarian ADJ. of the masses عوامی

proletariat (proh-lè-*tay*-ri-èt) N. industrial workers صنعتی مزدور ، محنت کش طبقہ

prolific (pro-*lif*-ik) ADJ. ❶ very productive بہت پیداوار دینے والا ❷ abounding (*in*) سے بھرپور

prolix (*proh*-liks) ADJ. tedious طولانی **prolixity** N. being very long بہت طولانی ہونا

prologue (*proh*-log) N. poem recited at the beginning of play تمثیل کی تمہیدی نظم

prolong (pro-*long*) V.T. make long کو طول دینا **prolongation** (-*gay*-) N. prolonging طول دینا یا ہونا

promenade (prom-è-*nahd*) N. public place for walking سیر گاہ ، گشت گاہ

prominence (*prom*-i-nens) N. being prominent نمایاں ہونا

prominent (*prom*-i-nent) ADJ. ❶ salient نمایاں ❷ distiguished ممتاز

promiscuity (pro-*mis*-kew-ti) N. promiscuous state اختلاط مرد وزن ★

promiscuous (pro-*mis*-kew-us) ADJ. having both sexes indiscriminately mixed مخلوط **promiscuity** N. ★

promise (*prom*-is) N. ❶ solemn assurance وعدہ ❷ hope امید ❸ expectation توقع (*prom*-iz) V.T. & I. ❶ make a promise کا وعدہ کرنا ❷ give hope امید دلانا **promising** (*prom*-i-zing) ADJ. likely to be successful ہونہار

promissory (*prom*-i-sè-ri) ADJ. conveying a promise وعدے کا ، عہد کا **promissory note** N. I O U پرامیسری نوٹ ، پرونوٹ

promontory (*prom* on-tri) N. cliff jutting out into the sea راس

promote (pro-*moht*) V.T. ❶ raise ترقی دینا ❷ organize ❸ help forward تائید کرنا **promoter** N. one who advances cause (of) لیے کام کرنے والا ، بڑھانے والا **promotion** N. (getting or giving) higher rank ترقی

prompt ADJ. ❶ immediate (reply) فوری ، بلا تاخیر ❷ quick مستعد V.T. urge آمادہ کرنا

promulgate (*prom*-ul-gayt) V.T. ❶ proclaim نفاذ کا اعلان کرنا ❷ enforce (law, etc.) نافذ کرنا

prone (prohn) ADJ. (OPP. *prostrate*), (lying) face downwards اوندھا پٹ ، منہ کے بل

prong N. spike کانٹا ، شاخ **pronged** (prongd) ADJ. having (some) spikes شاخہ

pronoun (proh-*noun*) N. word used in place of noun ضمیر ، اسم ضمیر

pronounce (pro-*nouns*) V.T. & I. ❶ speak (word) تلفظ کرنا ❷ deliver (judgment) فیصلہ سنانا ، دینا **pronounced** (proh-*nounst*) ADJ. marked نمایاں ، واضح

pronouncement N. ❶ verdict فیصلہ ❷ formal statement of opinion کسی رائے کا باضابطہ اعلان کرنا **pronunciation** N. (way of) pronouncing تلفظ

proof N. ❶ evidence establishing something ثبوت ❷ trial copy of book, etc. for correction پروف ❸ test جانچ ، آزمائش

prop N. ❶ column pillar بیل پایہ ❷ pillar of strength (of) سہارا

propaganda (prop-è-*gan*-dè) N. publicity پراپیگنڈا ، نشر و اشاعت **propagandist** N. one who propagates something پراپیگنڈا کرنے والا ، مبلغ

propagate (*prop*-è-gayt) V.T. ❶ cause to multiply نسل بڑھانا ❷ spread اشاعت کرنا **propagation** N. ❶ publicity اشاعت ❷ increase multiplication افزائش ، اضافہ

propel (pro-*pel*) V.T. (-ll-) drive (ship) forward آگے کو دھکیلنا

propensity (pro-*pens*-i-ti) N. natural inclination میلان ، رجحان

proper (*prop*-è*) ADJ. ❶ suitable درست ، صحیح ❷ appropriate مناسب ، موزوں ❸ real, basic اصلی **proper noun** N. name of one particular person, place, etc. اسم معرفہ **properly** ADV. appropriately

property (*prop*-è*-ti) N. ❶ possessions جائداد ❷ land and buildings owned by one جائداد غیر منقولہ ❸ special quality (of) (کا) خاصہ ❹ constituent جزو ❺ thing on the stage تمثیل کا سامان ، اسٹیج کی چیزیں

prophecy (*prof*-i-si) N. prediction پیشگوئی **prophesy** (-si) V.T. predict پیشگوئی کرنا

prophet (*prof*-et) N. ❶ religious teacher prophesying the future نبی ، پیغمبر **prophethood** N. being a prophet پیغمبری ، نبوت ، رسالت

prophylactic (proh-fi-*lak*-tik) N. & ADJ. preventive (medicine or treatment) احتیاطی (دوا یا علاج)

propinquity (pro-*pink*-wi-ti) N. ❶ nearness in time or place قرب ❷ kinship قرابت

propitiate (pro-*pish*-i-ayt) V.T. appease کا غصہ ٹھنڈا کرنا ، منانا ، راضی کرنا **propitiation** N. appeasement رضا جوئی

propitious (pro-*pish*-us) ADJ. of good omen مبارک ، مسعود ، نیک شگون والا

proportion (pro-*poh**-shen) N. ❶ ratio تناسب ❷ share, part حصہ ❸ (Maths.) double ratio اربعہ متناسبہ N. PL. ❶ dimensions, size لمبائی چوڑائی ، ضخامت ❷ correct or suitable relationship صحیح تناسب **proportional** ADJ. in due proportion متناسب **proportionate** ADJ. proportional متناسب

proposal (pro-*poh*-zèl) N. ❶ suggestion تجویز ❷ offer of marriage شادی کا پیام

propose (pro-*pohz*) V. T. & I. ❶ suggest تجویز پیش کرنا ❷ make an offer of marriage (to) شادی کا پیام دینا ❸ suggest name نام پیش یا تجویز کرنا

proposition (prop-o-*zish*-en) N. ❶

statement بیان ❷ problem مسئلہ

propound (pro-*pound*) V.T. put forward پیش کرنا

proprietary (pro-*prī*-tè-ri) N. of ownership مالکانہ

proprietor N. owner مالک

propriety (pro-*prī*-ti) N. ❶ being proper شائستگی ❷ suitability موزونیت

propulsion (pro-*pul*-shen) N. propelling power دھکیلنے والی توانائی، سائقہ

prorogue (pro-*rohg*) V.T. adjourn (session of Legislature) ملتوی کرنا

proscribe (pros-*krīb*) V.T. declare as unlawful and confiscate ضبطی کا حکم صادر کرنا **proscription** N. proscribing (کتاب کی) ضبطی کا حکم صادر کرنا

prose (prohz) N. (OPP. of *poetry*) نثر

prosecute (*pros*-è-kewt) V. T. ❶ do کرنا ❷ be busy with میں مصروف ہونا ❸ bring a case against پر مقدمہ چلانا **prosecution** N. prosecuting استغاثہ **prosecutor** N. one who prosecutes مستغیث، وکیل استغاثہ

prosody (*pros*-o-di) N. laws of versification عروض، علم عروض و قوافی

prospect (*pros*-pekt) N. ❶ wide view وسیع منظر ❷ likelihood امکان

prospectus (pros-*pek*-tus) N. pamphlet giving details پراسپکٹس، کیفیت نامہ

prosper (*pros*-pe*) V. T. & I. ❶ flourish فروغ پانا ❷ get rich خوشحال ہو جانا **prosperous** ADJ. ❶ thriving فروغ پر ❷ rich دولتمند ❸ well-off خوشحال **prosperity** (-*pe*-) N. successfully flourishing فروغ، کامیابی **prosperous** (*pros*-) ADJ. flourishing کامیاب، بافروغ

prostitute (*pros*-ti-tewt) N. whore طوائف، بیسوا، رنڈی

prostrate (*pros*-trayt) ADJ. ❶ (OPP. *prove*) lying face down اوندھے منہ، منہ کے بل ❷ tired تھکا ہارا V.T. (pros-*trayt*) make prostrate مغلوب کرنا

protagonist (proh-*tag*-o-nist) N. ❶ champion حامی، مؤید ❷ leading person in drama, story, etc. ہیرو

protect (pro-*tekt*) V.T. keep safe بچانا، بچائے رکھنا **protection** N. ❶ being protected حفاظت ❷ way of protecting industry through taxes on competing stuff تحفظ **protective** ADJ. ❶ saving محافظ، نگہبان ❷ giving protection تامینی **protector** N. one who protects محافظ، نگہبان

protectorate N. country taken over by some big Power for protection زیر حمایت علاقہ، محروس ملک **protectorates** N. PL. ممالک محروسہ

protege (*prot*-è-zhay) N. ward متوسل، زیر نگرانی یا زیر حمایت شخص

protein (pro-*teen*) N. meat element in food پروٹین، لحمیہ

protest V.T. & I. (pro-*test*) ❶ declare solemnly پر زور اعلان کرنا ❷ object اعتراض کرنا ❸ demonstrate for the purpose احتجاج کرنا N. ❶ objection اعتراض ❷ declaration of it احتجاج **Protestant** (*prot*-es-tant) N. a Christian sect پروٹسٹنٹ **protestation** (-*tay*-) N. (usu. *pl.*) solemn assertion (*of*) پر زور اعلان

protocol (*proh*-to-kol) N. ❶ original signed document of a treaty حکومتی معاہدہ کی اصل دستاویز ❷ (*Protocol*) etiquette department of a country's Foreign Office محکمۂ استقبال

protoplasm (*proh*-to-plahzm) N. basic living matter مادۂ اولی، مادۂ حیات

prototype (*proh*-to-tip) N. ❶ first example پہلا نمونہ ❷ original اصل

protract (pro-*trakt*) V.T. prolong طول دینا **protracted** (-id) ADJ. prolonged طول پکڑ جانے والا



protractor N. D-shaped instrument for plotting angles پروٹریکٹر، ڈی، زاویہ پیما

protrude (pro-*trood*) V.T. & I. jut out باہر کو نکلنا یا نکالنا

protuberent (pro-*tewb*-è-rant) ADJ. bulging out نکلا ہوا، ابھرا ہوا

protuberance N. bulge ابھار

proud (proud) ADJ. ❶ haughty مغرور، متکبر ❷ having self-respect

خوددار، غیرت مند

prove (prov) V.T. & I. ❶ give proof (کو) ثابت کرنا، کا ثبوت دینا ❷ turn out (to be) نکلنا ❸ test **proof** N. ★

proverb (*pro*-vĕ*b) N. adage, wise saying کہاوت، ضرب المثل **proverbial** (pro-*vĕ*b*-i-ĕl) ADJ. widely known جو ہر کسی کو معلوم ہو، زبان زدِ خاص و عام

provide (pro-*vīd*) V.T. & I. ❶ supply the need مہیا کرنا، بہم پہنچانا

provided (-id), **providing** (ing) CONJ. on condition بشرطیکہ، اگر

providence (*prov* i-dens) N. ❶ (old use) thrift کفایت شعاری ❷ (*Providence*) God اللہ تعالیٰ، خدا کی قدرت ❸ (*Providence*) God's care for his creatures خدا کا فضل، خدا کی رحمت، فضلِ ربّانی

provident ADJ. ❶ foresighted دور اندیش ❷ providing for the future مستقبل کے لیے بچانے والا

provident fund N. (ABB. *P. F.*) fund created by forced regular saving پراویڈنٹ فنڈ

providential (-*densh*-) ADJ. coming from Providence خدا کے فضل سے

province (*prov*-ins) N. ❶ large administrative area صُوبہ ❷ field of study, etc. (کا) میدان **provincial** (pro-*vinsh*-ĕl) ADJ. of a province صوبائی **provincial autonomy** N. inner freedom for province صوبائی خود مختاری **provincialism** N. spirit of looking after province's interests above those of others صوبائی تعصب

provision (pro-*vizh*-ĕn) N. ❶ providing بہم رسانی ❷ proparation ❸ (*for* old age) بڑھاپے کے لیے پس انداز کرنا ❹ (usu. PL.) foodstuffs اشیائے خوردنی *provision store* پرچون کی دکان *provision merchant* کریانہ فروش، پرچون فروش ❺ condition شرط *with the provision that* اس شرط پر کہ، بشرطیکہ **provisional** ADJ. as temporary arrangement; interim عارضی، عبوری **provisionally** ADV. عارضی طور پر، عبوری طور پر

proviso (pro-*vī*-zoh) N. (PL. *provisos*) (in law) limiting clause شرط

provoke (pro-*vohk*) V.T. ❶ enrage غصہ دلانا، طیش میں لانا، اشتعال دلانا ❷ call forth (criticism, laughter, etc.) ❸ impel ترغیب دینا، کا باعث بننا **provocative** (pro-*vok*-ĕ-tive) ADJ. enraging اشتعال انگیز **provocation** (-*kay*-) N. ❶ act of provoking or thing that provokes ترغیب، اشتعال انگیزی، اشتعال انگیز بات ❷ under provocation اشتعال میں آ کر

provost (*prov*-ost, or in military use *prov*-oh) N. (member of) military police فوجی پولیس کا (فرد)

prow (prou) N. front of ship, etc. جہاز (وغیرہ) کا اگلا حصہ

prowess (*prou*-es) N. ❶ great bravery بہادری، دلیری، شجاعت ❷ skill in fighting نبرد آزمائی

prowl (prowl) V.I. move about stealthily (for preying or stealing) شکار (یا چوری) کے موقع کی تلاش میں دبے پاؤں پھرنا

proximity (prok-*sim*-i-ti) N. nearness قرب، نزدیکی

proxy (*prok*-si) N. ❶ authorized agent مختار ❷ agency, substitute مختار کا ذریعہ *by proxy*, (vote, etc.) through one's substitute مختار کے ذریعے، بذریعہ مختار

prude (prood) N. woman squeamish about sexual relations بناوٹی شرم و حیا والی عورت **prudish** (*prood*-ish) ADJ. such (person or manners) بناوٹی شرم و حیا والا **prudery** (*prood*-ĕ-ri) ADJ. being a prude بناوٹی شرم و حیا

prudent (*proo*-dent) acting after careful thought ہوشیار، ہوشمندانہ، چار چند قدم اٹھانے والا **prudence** N. being prudent ہوشمندی

prune (proon) V.T. cut off unwanted branches, etc. of چھانٹنا

pry (pri) V. T. & I. look inquisitively (*into* others' affairs) راز جوئی کرنا، کی ٹوہ میں لگے رہنا

psalm (sahm) N. ❶ hymn ترانۂ حمد ❷ (*the Psalms*), a part of the Bible زبور

pseudo (*sew*-do) PREF. sham نقلی، جعلی

pseudonym (*sew*-do-nim) N. 'nom-

de-plume' قلمی نام، تخلص

pshaw (shaw, or shah) INT. (for contempt) ہونہہ

psychic ADJ., **psychiatry** N. **psycho-analysis** N., **psycho-analytical** ADJ. (see under **psychology** N. ★)

psychology (si-*kol*-o-ji) N. science of the mind نفسیات **psychologist** N. expert in psychology ماہرِ نفسیات **psychological** (-*loj*-) ADJ. pertaining to psychology نفسیاتی **psychiatry** (si-*ki*-at-ri) N. treatment of mental diseases نفسیاتی امراض کا علاج **psychiatrist** N. نفسیاتی امراض کا معالج **psychic** (*si*-kik) of spiritualism **psycho-analysis** (si-ko-*an*-al-is-is) N. ❶ Freud's theory of the division of mind into the conscious and the unconscious نظریۂ لاشعور ❷ system psychology based on it تحلیلِ نفسیات **psycho-analytical** (-*lit*-i) ADJ. pertaining to psycho-analysis تحلیلی نفسیات سے متعلق

pub (pub) public house شراب خانہ، کلال خانہ

puberty (*pew*-bè*-ti) N., sexual maturity جوان ہونا، بلوغت، سنِ بلوغ

public (*pub*-lik) N. ❶ people at large لوگ ❷ a section of the public والا طبقہ، والے لوگ، لوگ ADJ. pertaining to people in general (OPP. *private*) عوامی، عام **public opinion** N. ❶ general opinion of people on a sociological issue رائے عامہ ❷ mobilize public opinion (on) (کسی مسئلے پر) رائے عامہ کو منظم (یا بیدار) کرنا **public house** N. (or colloq. *pub*) N. modern British tavern شراب خانہ، کلال خانہ **public man** N. voluntary social worker قومی خادم **public relations** N. & ADJ. (officer or department) promoting knowledge of official or other policies among the people تعلقاتِ عامہ (کا) **public school** N. a kind of very expensive boarding school supposed to provide good education پبلک سکول **public spirit** N. readiness to advance public interests عوامی خدمت کا جذبہ **publicly** ADV. in public; کھلم کھلا، علی الاعلان **publican** N. keeper of public house شراب فروش، شراب بیچنے والا

publicist (-*pub*-li-sist) N. freelance journalist writing on topical issues عوامی دلچسپی کے موضوعوں پر قلم اٹھانے والا صحافی

publicity (pub-*lis*-i-ti-) N. ❶ propaganda نشر و اشاعت ❷ advertising اشتہار بازی

publicize (-siz) V.T. give publicity to کی نشر و اشاعت کرنا

publication N. (see under **publish**)

publish (*pub*-lish) V.T. ❶ make known to the public کی نشر و اشاعت کرنا ❷ print (book, etc.) and put it on sale شائع کرنا **publisher** N. one who publishes ناشر **publication** (-*kay*-) N. ❶ publishing اشاعت ❷ (book, periodical, etc.) published شائع شدہ کتاب (وغیرہ)

puck (puk) N. a mischievous fairy شریر، شریر بھتنا

pucker (*puk*-è*) V.T. & I. gather (lips, etc.) into wrinkles سکیڑنا، سکڑنا

pudding (*pud*-ing) N. a kind of soft, sweet dish made of bread, milk and eggs پڈنگ، پوڈنگ

puddle (*pud*-èl) N. small pool of dirty rainwater (on road, etc.) (سڑک وغیرہ پر) بارش کے گدلے پانی کا گڑھا

puerile (*pew*-è-ril) ADJ. childish طفلانہ **puerility** (-*ril*-) N. being peurile بچپن، بچھورا پن

puff (puf) N. ❶ sudden rush of air ہوا کا جھونکا ❷ steam, smoke, etc. rushed out once بخارات، دھواں وغیرہ ❸ (also *powder-puff*), piece of fluffy material for applying powder غازہ ملنے کی گدی V.T. & I. ❶ send or come out in puffs جھونکوں سے خارج ہونا یا کرنا ❷ gasp ہانپنا، سانس پھولنا ❸ blow (*at*) پھونکیں مارنا ❹ swell (*with*) پھولنا *puffed up*, PH. proud مغرور، متکبر

pug-nosed ADJ. sub-nosed چپٹی ناک والا

pugilist (*pewj*-i-list) N. boxer مکے باز

pugilism N. boxing مکے بازی

pugnacious (pug-*nay*-shus) ADJ. quarrelsome لڑاکا، جھگڑالو **pugnacity**

N. لڑائی جھگڑے کی عادت ، جھگڑالو پن

puisne (*pew*-ni) ADJ. (of judge) inferior one in a High Court, etc. چھوٹا جج ، قاضی اصغر

pull (pul) N. ❶ pulling کھینچنا ❷ tug کشش ، جھٹکا ، کھینچا تانی ❸ rowing for pleasure تفریحی کشتی رانی V.T. & I. ❶ draw towards oneself کھینچنا ❷ treat roughly سختی کرنا *pull (something) down* PH. ❶ demolish گرانا ، ڈھانا ❷ dismantle پرزہ پرزہ کرنا *pull (someone) down* PH. مرض کا کسی کو ادھ موا کر دینا *pull out* PH. باہر جانا *pull round* PH. کمزوری دور کر کے صحت پانا *pull through (difficulty, illness, etc.)* سے بچ جانا *pull together*, work harmoniously میں خوب نباہ ہونا *pull (oneself) together* ضبط سے کام لینا *pull up* PH. ❶ rebuke آڑے ہاتھوں لینا ❷ stop رکنا یا روکنا ❸ gain round in race آگے نکل جانا *pull to pieces* کڑی نکتہ چینی کرنا *pull a (long) face* منہ بنا لینا ❹ *pull (one's) weight* (کوئی کام کرنے میں) پورا حصہ لینا

pull-over N. sweater pulled on over the head پل اوور ، بالاکش

pulley (*pul*-i) N. grooved wheel with rope, etc. for lifting heavy weight چرخی ، گھرنی **pulley-block** N. block housing a pulley چرخی کا خانہ

pulmonary (*pul*-mo-nè-ri) ADJ. pertaining to lungs پھیپھڑوں کا

pulp (pulp) N. ❶ fleshy part of fruit گودا ❷ any soft mass لاوا ، گودا V.T. & I. ❶ make into or become pulp لاوا یا گودا بنانا یا بنا ❷ take the pulp out of کا گودا نکالنا

pulpit (*pul*-pit) small platform from which sermon is delivered منبر

pulse (puls) N. ❶ throbbing of the arteries felt as at the wrist نبض ❷ edible seed of plants such as lentils, beans, etc. دال ❸ pulses ; various types of such seeds دالیں V.I. throb دھڑکنا *feel (someone's) pulse* PH. ❶ feel it (کسی کی) نبض دیکھنا ❷ sound his intentions کسی کے عزائم کا پتہ لینا *regular, (irregular, quick, or slow) pulse* نبض کی ٹھیک (بے قاعدہ ، تیز یا دھیمی) رفتار

pulverize (*pul*-ve-riz) V.T. & I. grind to or become powder سفوف بنانا یا بن جانا

pumice (*pum*-is), **pumice-stone** N. light spongy lava for cleaning جھانوا

pummel (*pum*-èl) V.T. (-ll-) punch repeatedly پے در پے گھونسے رسید کرنا

pump (pump) N. ❶ instrument for forcing fluid in or out پمپ ❷ light dancing shoe of patent leather پمپ شو V.T. & I. ❶ force (fluid out) نکالنا ❷ force fluid (*into* or *up*) بھرنا. *pump up a tyre*, inflate it ٹائر میں ہوا بھرنا ❸ work a pump پمپ چلانا

pumpkin (*pump*-kin) N. a large yellow fleshy vegetable کدو ، گھیا ، لوکی

pun (pun) N. humorous play upon words ذو معنی بات ، مزاحیہ ایہام V.I. (-nn-) ❶ make puns مزاحیہ ایہام کرنا ❷ make a pun (*on* or *upon* a word) کسی لفظ کے دو معنی لینا ، ذو معنی بات کہنا

punch (punch) N. ❶ blow with the fist گھونسہ ، مکہ ❷ instrument, for making holes (in paper, etc.) پنچ ، چھیدنے کا آلہ ❸ intoxicating mixture of five things (*viz*., wine, water, lemon, sugar and spices) پنچ میٹھی شراب V.T. ❶ strike hard with the fist زور سے گھونسہ رسید کرنا ❷ make (hole) with punch چھیدنا ، سوراخ کرنا

punctilious (punk-*til*-i-us) ADJ. ❶ careful in duty فرض شناس ❷ very particular in details of etiquette تکلفات کا بہت پابند **punctiliousness** N. تکلفات کی بڑی پابندی

punctual (*punk*-tew-èl) ADJ. ❶ observing appointed time وقت کا پابند ❷ quite on time بالکل بر وقت **punctually** ADV. پابندی وقت کے ساتھ **punctuality** (-*al*-) N. being punctual وقت کی پابندی

punctuate (*punk*-tew-ayt) V.T. ❶ insert punctuation marks in (passage) میں رموز اوقاف استعمال کرنا ، اوقاف لگانا ❷ emphasize پر زور دینا ❸ interrupt every now and then with (cheers, etc.) (کے دوران میں داد وغیرہ) دیتے رہنا **punc-**

tuation (-ay-) N. act of punctuating اوقاف کا استعمال، رموز اوقاف کا استعمال *punctuation marks*, marks (like comma, full-stop, etc.) used for this purpose وقف، اوقاف، رموز اوقاف

puncture (*punk*-chĕ*) N. ❶ minute hole in (car or bicycle) tube ❷ any small hole سوراخ، پنکچر V.T. & I. get or make a puncture in پنکچر ہونا یا کرنا، سوراخ ہونا یا کرنا

pungent (*punj*-ent) ADJ. ❶ sharp (smell or taste) تیز، بودار ❷ sarcastic (remark, etc.) چبھتا ہوا **pungency** (*punj*-ens-i) N. being pungent تیزی، چبھن

punish (*pun*-ish) V.T. inflict penalty سزا دینا **punishable** ADJ. that can be punished لائق تعزیر **punishment** N. ❶ punishing or being punished سزا ❷ penality سزا

punitive (*pewn*-i-tiv) ADJ. designed to punish تعزیری

punt (punt) N. small flat bottomed boat بلی سے کھینچنے والی سیدھی ناؤ V.T. & I. bet on horse (in race) (گھوڑ دوڑ میں) گھوڑے پر شرط بدنا یا لگانا **punter** N. regular gambler (esp. in races) جواری، گھوڑوں پر شرطیں لگانے والا

puny (*pew*-ni) ADJ. undersized weakling پست قامت، منحنی

pup (pup) N. (ABB. of) puppy

pupil (*pew*-pil) N. ❶ once who is taught (in school, etc.) طالب علم، طالبہ، شاگرد ❷ dark centre (of eye) آنکھ کی پتلی، مردمک، مردمک دیدہ

puppet (*pup*-et) N. ❶ doll, etc., worked by strings پتلی *puppet show* پتلیوں کا تماشا ❷ stooge کٹھ پتلی، کٹ پتلی



puppy (*pup*-i) N. (PL. *puppies*) young dog پلا

purblind (*pĕ**-blind) ADJ. dimsighted چندھا

purchase (*pĕ**-chĕs) V.T. buy خریدنا N. ❶ buying خریدنا ❷ something bought خرید

pure (*pew*-ĕ*) ADJ. ❶ clean صاف ❷ chaste پاک ❸ unadulterated خالص *pure and simple*, simply خالص، محض ❹ clear (sound) واضح ❺ complete بالکل، محض **purely** ADV. ❶ with purity خالص طور پر ❷ utterly بالکل، محض **pureness** N. being pure خالص ہونا **purity** N. being pure پاکیزگی، خالص ہونا **purify** V.T. make pure صفائی کرنا، پاک کرنا، خالص بنانا **purification** (-*kay*-) N. صاف کرنا، پاک کرنا، خالص بنانا

purge (pĕ*j) V.T. ❶ free (*of* or *from* sin, evil, impurities, etc.) پاک کرنا ❷ clear (oneself *of* charge) سے بری ثابت کرنا ❸ empty (*the bowels*) with purgative جلاب دینا، مسہل دینا ❹ rid (party, army, etc.) of undesirable elements (پارٹی، فوج وغیرہ) میں سے ناپسندیدہ عناصر کو نکال ڈالنا N. ❶ ridding thus (پارٹی) سے ناپسندیدہ عناصر کا اخراج ❷ purging صاف کرنا، پاک ہونا **purgative** (pĕ*g-ĕ-tiv) N. & ADJ. (drug) emptying the bowels جلاب، مسہل

purgatory (*pĕ**g-ĕ-to-ri) N. place of temporary suffering between heaven and hell عرفات

puritan (*pew*-ri-tan) N. ❶ one who is very strict and narrow-minded in morals, etc. اخلاقی طور پر تنگ نظر اور سخت گیر ❷ (*Puritan*), 16th century Protestant of excessive type پیوریٹن **puritanical** (-*tan*-) ADJ. اخلاقی معاملات میں سخت گیرانہ تنگ نظری پر مبنی

purl (pĕ*l) V.I. (of brook) flow with a murmuring sound سر سر بہنا

purloin (pĕ*-*loin*) V.T. pilfer, steal چرانا

purple (*pĕ**-pĕl) N. & ADJ. mixture of red and blue اودا (رنگ)، ارغوانی (رنگ)

purport N. (*pĕ**-pĕ*t) ❶ sense (*of* a passage, etc.) مفہوم ❷ intention behind an act منشا، نیت V.T. (pĕ*-*po*t*) seem (*to* be) معلوم ہونا

purpose (*pĕ**-pus) N. ❶ intention ارادہ، عزم ❷ determination مقصد، غرض، نیت *on purpose*, intentionally قصداً، جان بوجھ کر *serve (one's) purpose* کے لیے مفید مطلب ہونا *to the purpose* مفید مطلب V.I. have as purpose غرض ہونا، مقصد ہونا **pur-**

poseful ADJ. (one's action) of whose purpose one is conscious بامقصد، واضح مقصد والا **purposely** ADV. intentionally قصداً، جان بوجھ کر

purr (pĕ*) N. low murmuring sound (of cat or telephone) خرخر V.I. (of cat or telephone) make this sound خرخر کرنا

purse (pĕ*s) N. wallet for money تھیلی

pursue (pè*-sew) V.T. ❶ chase کا تعاقب کرنا ❷ continue with (one's work, etc.) کرتے رہنا، میں لگے رہنا ❸ seek ; aim at (pleasure, etc.) کے حصول کے پیچھے لگے رہنا، کو حاصل کرنے کے لیے جد و جہد کرنا **pursuit** (pĕ*-sewt) N. ❶ pursuing جستجو، تعاقب ❷ job, vocation کام، پیشہ ❸ (usu. PL.) that is pursued مشغلہ، مشاغل

purvey (pè*-vay) V.T. & I. provide (foodstuffs) (اشیائے خوردنی) بہم پہنچانا (یا پہنچانے کا ٹھیکہ ہونا) **purveyer** N. one who purveys (اشیائے خوردنی) بہم پہنچانے والا ٹھیکیدار

purview (pè*-vew) N. scope حدود کار

pus (pus) N. matter discharging from festering wound, etc. پیپ، مواد

push (push) V.T. & I. ❶ press away from دھکیلنا، ریلنا ❷ urge (someone *to do* something) دیر، ابھارنا ❸ exert (oneself) to excel others زور لگانا ❹ thrust (*up* or *out*) نکالنا ❺ drive (someone *back*) پیچھے دھکیلنا ❻ force (one's wares) on the attention of اپنے مال کی طرف توجہ دلانا **push along** (or *forward*) PH. do one's work, etc. کام کرتے یا چلتے جانا *be pushed for time* PH. کے پاس بہت تھوڑا وقت ہونا N. ❶ thrust دھکا، ریلا ❷ resolve to go ahead with one's work (بڑھنے وغیرہ) کا عزم، ارادہ ❸ enterprise ہمت ❹ (slang) dismissal برخاستگی **pushing** ADJ. one forging ahead آگے بڑھنے کی جد و جہد کرنے والا

pusillanimous (pew-si-*lan*-i-mus) ADJ. fainthearted ڈرپوک، دل کا ہلکا

puss (poos) N. cat بلی **pussy** (*poo*-si) N. (child's word for) cat مانو

put (put) V.T. (*put, put, put*) ❶ place رکھنا ❷ set in (specified position) لگانا ❸ cause to be (*in* or *to* specified state) کی حالت میں لانا ❹ express in words میں بیان کرنا ❺ propose, state (resolution, question) پیش کرنا ❻ backstair influence خفی اثر کرنا *have a put* اندر خانے دباؤ ڈال سکنا

puterfy (*pewt*-ri-fi) V.T. & I. (cause to) rot سڑنا **putrefaction** (-*fak*-) N. rotting سڑاند **putrid** (*pewt*-rid) ADJ. rotten گلا سڑا، سخت خراب، سخت گندا

puttee, putie (*put*-i) N. legging made of cloth strip wound round leg from ankle to knee پٹی

putty (*put*-i) N. cement of lime, etc., for fixing panes in frames شیشہ جمانے کا مسالا، پوٹین

puzzle (*puz*-èl) N. ❶ bewilderment حیرانی، الجھن ❷ perplexing question for testing ingenuity, etc. معمّا V. T. & I. cause perplexity to کو حیران کرنا، کو الجھن میں ڈالنا *puzzle over a problem* PH. کسی مسئلے پر غور و فکر کرنا

pygmy, pigmy (*pig*-mi) N. (PL. *pygmies*) dwarf بونا

pyjamas (pi-*jah*-mĕz) N. PL. sleeping-suit comprising loose jacket and trousers لباسِ شب خوابی

pylon (*pi*-lèn) N. steel-framework tower to support electric cables لوہے کا مینارہ

pyorrhoea (pi-o-*ree*-è) N. disease causing pus discharge from gums مسوڑھوں کی پیپ، پائیوریا

pyramid (*pi*-re-mid) N. ❶ structure with triangular sides meeting at the top ہرم ❷ (*Pyramid*), one of such structures built as royal mausoleums in ancient Egypt ہرم، اہرام **pyramidal** (pi-*ram*-i-dèl), **pyramidical** (-*mid*-) ADJ. of or like pyramid ہرم نما

pyre (*pi*-e*) N. pile of wood for cremating dead body چتا

Pythagorean (pi-*thag*-o-ree-èn) ADJ. of 6th century B. C. Greek philosopher-mathematician Pythagoras or his philosophy فیثاغورسی N. his follower فیثاغورسی

python (*pi*-thon) N. بہت بڑا سانپ، اژدہا

Q

q, Q (kew) (PL. *q's* or *qs*) ❶ seventeenth letter of the English alphabet (equivalent to Urdu ک but in transliteration regarded as equivalent to ق ❷ (*Q.*) (ABB. for) query سوال، س

quack (kwak) N. ❶ charlaton عطائی ❷ any ignorant pretender to skill جاہل مدعی ❸ cry of duck بطخ کی آواز، قیں قیں ADJ. (remedies) of quack عطائی کی دوائیں **quackery** (*kwak*-è-ri) N. being a quack عطائی ہونا، جاہل مدعی ہونا

quadrangle (*kwod*-rang-ěl) N. ❶ plane four-sided figure چوگوشہ ❷ quadrangular space surrounded by buildings (esp. in college) احاطہ، چوک **quadrangular** (kwod-*rang*-ew-lè*) ADJ. in the form of a quadrangle چوگوشیا

quadrant (*kwod*-rant) N. ❶ one-fourth of circle or its circumference رُبع دائرہ ❷ instrument for measuring height مرول

quadratic (kwod-*rat*-ik) ADJ. (esp.) ❶ of mathematical equation involving the square and no higher power of unknown quantity مربعی، مربع مقدار والی ❷ quadratic equation مربعی مساوات، مساوات درجۂ دوم *

quadrilateral (kwod-ri-*lat*-è-rěl) N. & ADJ. four-sided (plane figure) چوگوشہ

quadruped (*kwod*-rew-ped) N. four-footed animal چوپایہ

quadruple (kwod-*roop*-èl) ADJ. four-fold چوگنا، چارگنا V.T. & I. make (something) or become four-fold چوگنا کرنا یا ہونا **quadruplets** N. PL. four babies born of one mother at one birth چار جڑواں بچے

quaff (kwof) V.T. drink in deep draughts غٹ غٹ پی جانا

quagmire (*kwag*-mi-è*) N. marsh دلدل

quail (kwayl) N. a bird like a small partridge بٹیر V.I. finish with fear (*at* or *before* danger, etc.) دبک جانا

quaint (kwaynt) ADJ. (of person, custom, etc.) pleasingly unusual or old-fashioned عجیب دیارانی وضع کا، انوکھا **quaintly** ADV. in a quaint manner عجیب انداز **quaintness** N. quality of being quaint عجیب وضع کا، انوکھا

quake (kwayk) V.I. ❶ tremble (*with* cold) کانپنا، کپکپی لگنا ❷ tremble (*with* fear) کانپنا ❸ (of earth) have tremors بھونچال آنا، زلزلہ آنا N. earthquake بھونچال، زلزلہ

qualify (*kwol*-i-fi) V.T. & I. ❶ become or make proficient (*for*) کا اہل ہو جانا یا بنا دینا ❷ become entitled (*to do* or *for doing* something, etc.) ❸ be successful (*in* examination, etc.) میں کامیاب ہونا ❹ modify or tone down (statement *with* limit, etc.) پر قید لگانا، کو نرم کرنا ❺ (of adjective) describe quality of (noun) کی صفت ہونا **qualified** ADJ. ❶ trained مستند ❷ entitled (*for* or *to do* or *for doing* something) اہل ❸ restricted مشروط **qualification** (-fi-*kay*-) N. ❶ (usu. PL.) education and training علمیت، اہلیت ❷ limiting statement قید، شرط

quality (*kwol*-i-ti) N. ❶ excellence خوبی، کمال ❷ (good or poor) kind (*of*) (کی) اچھی یا بری قسم ❸ characteristic خاص بات ❹ nature, condition کیفیت **qualitative** (*kwol*-i-tay-tiv) ADJ. of quality کیفیت کا، کیفیتی، ہیئتی

qualm (kwahm) N. ❶ momentary sickness متلی ❷ (usu. PL.) misgiving شک و شبہ *qualms of conscience* ضمیر کی ملامت

quandary (kwon-*day*-è-ri) N. ❶ riddle پہیلی ❷ perplexity گومگو کی حالت، حیرانی، سرگشتگی

quantity (*kwont*-i-ti) N. ❶ amount مقدار، کمیت ❷ number تعداد **quantitative** (-*tay*-tiv) ADJ. of quantity

quantum (*kwont*-um) N. amount مقدار ، کمیت کمیتی ، کمیت کا

quarantine (*kwo*-ran-teen) N. segregating (someone) to control the spreading of infection علیحدگی ، قرنطینہ V.T. put or keep in quarantine قرنطینہ میں رکھنا

quarrel (*kwo*-rèl) N. ❶ heated dispute or strong disagreement (*with* someone *about* or over something) جھگڑا ، مخاصمت ❷ its cause جھگڑے کا سبب ، بنائے مخاصمت V.I. (-ll-) have a quarrel (*with*) سے جھگڑنا ، سے جھگڑا ہونا **quarrelsome** (-sum) ADJ. in the habit of quarrelling جھگڑالو

quarry (*kwo*-ri) N. ❶ hole, etc. for digging out structural stones پتھر کی کان ❷ (lit.) hunted animal, etc. شکار ، صید V.T. dig (stones) out of quarry کان سے پتھر نکالنا

quart (kwo*t) N. quarter of a gallon چوتھائی گیلن

quarter (*kwo**-tè*) N. ❶ fourth part (*of*) چوتھائی ، ربع ❷ fifteen minutes (past one, two, three, etc.) سوا ❸ fifteen minutes (*to* one, two, three, etc.) پونے ❹ (U.S.) coin worth a quarter of a dollar کوارٹر ❺ (also PL.) direction طرف ❻ area (esp. of a city) علاقہ ❼ (PL.) lodgings کوارٹر ❽ (usu. soldiers') barracks or small independent room کوارٹر ❾ merry to a vanquished foe شکست خوردہ دشمن کو پناہ دینا V.T. divide into four equal shares each برابر کے چار حصے کرنا

quarterly ADJ. once every three months سہ ماہی ADV. happening at this interval ہر تین مہینے کے بعد ، ہر چوتھے مہینے N. quarterly periodical سہ ماہی ، سہ ماہی **quartermaster** N. officer in charge of army stores میر رسد ، میر سامان ، کوارٹر ماسٹر *Quartermaster-General*, (ABB. *Q.M.G.*). army General in charge of stores, etc. کوارٹر ماسٹر جنرل ، سالار رسد ، سالار سامان

quarto (*kwah**-to) N. size of a (foolscap or other) sheet folded twice چوتھائی کاغذ ، مربع کاغذ ، ربعی

quartz (kwo*ts) N. silica in various mineral forms مردہ سنگ ،

quash (kwash) V.T. (of a higher court) make void (lower court's sentence) فیصلہ کالعدم قرار دینا ، توڑ دینا

quasi- (*kway*-si, or *kway*-si) PREF ❶ semi - *quasi - official* نیم سرکاری ❷ seemingly بظاہر

quatrain (*kwot*-rin) N. four-lined stanza رباعی

quaver (*kway*-vè*) V.T. & I. (of sound) vibrate ; tremble تھرانا ، کپکپانا N. quavering sound تھرائی ہوئی آواز

quay (kee) N. stone platform for loading and unloading ships, etc. گھاٹ

queen (kween) N. ❶ wife of king ❷ woman sovereign ملکہ ❸ (in cards) card bearing a queen's picture تاش کی ملکہ ❹ (in chess) the most important piece after the king وزیر ، فرزیں

queer (*kwee*-è*) ❶ suspiciously odd (looks, remark, etc.) عجیب *a bit queer*, rather mad پگلا سا ❷ (colloq.) giddy, fainting جیسے چکر سا آ رہا ہو *feel queer* کو چکر سا آنا ، غش کا گزر کو ہونا V.T. ❶ (colloq.) upset گڑبڑ کر دینا ❷ spoil, put out of order بگاڑنا ، ستیاناس کر دینا *queer the pitch for (someone)*, spoil (his) chances, کا کام بگاڑ دینا **queerly** ADV. strangely عجیب انداز سے **queerness** N. oddity ; being queer عجیب ہونا

quell (kwel) V.T. subdue (rising, etc.) دبا دینا ، فرو کرنا

quench (kwench) V.T. ❶ slake (one's thirst) پیاس بجھانا ❷ extinguish (fire, etc.) آگ بجھانا

querulous (*kwe*-rew-lus) ADJ. ❶ complaining شکوہ شکایت کرنے والا ❷ peevish چڑچڑا

repose (re-*pohz*) V.T. & I. ❶ rest آرام کرنا ❷ recline (*on*) رکھنا N. ❶ rest آرام ❷ quiet سکون ❸ sleep

repository (re-*poz*-i-tē-ri) N. safe store (*of*) رکھنے کی محفوظ جگہ، گودام

reprehend (rep-ri-*hend*) V.T. rebuke بگاڑ کرنا، سرزنش کرنا **reprehension** N. ★

reprehensible ADJ. blameworthy لائقِ ملامت

reprehension (rep-ri-*hen*-shēn) N. rebuking ملامت، سرزنش، فہمائش

represent (rep-re-*zent*) V.T. ❶ stand for, symbolize کا نمونہ ہونا ❷ act as an agent to کی نمائندگی کرنا ❸ be the elected representative of نمائندہ ہونا ❹ explain (one's case *to*) پیش کرنا **representation** (-*tay*-) N. ❶ act of representing نمائندگی ❷ complaint عرضداشت **representative** (rep-re-*zent*-a-tiv) N. ❶ legislator as representing the electorate نمائندہ ❷ one acting for another قائم مقام، گماشتہ

repress (re-*pres*) V.T. ❶ check (impulse) کو دبا دینا ❷ subdue ظلم سے دبا دینا

repression N. ❶ suppression گھٹن دباؤ ❷ cruelty ظلم **repressive** ADJ. ❶ cruel ظالمانہ ❷ repressing دبانے والا

reprieve (re-*preev*) V.T. cancel (death sentence) سزائے موت معاف کرنا N. ❶ cancellation of death sentence سزائے موت کی معافی ❷ temporary relief عارضی مہلت **reprimand** (*rep*-ri-mahnd) V.T. rebuke officially سرکاری طور پر سرزنش کرنا N. official rebuke سرکاری سرزنش

reprint V.T. (re-*print*) print more copies دوبارہ چھاپنا N. (*ree*-print) edition printed again نئی اشاعت

reprisal (re-*prī*-zel) N. revengeful action انتقامی کارروائی

reproach (re-*proach*) V.T. strongly blame (someone *for* or *with*) (پر) ملامت کرنا N. ❶ words of reproach ملامت ❷ disgrace شرمناک بات **reproachful** ADJ. (of looks, words, etc.) expression reproach ملامت آمیز

reprobate (*rep*-ro-bayt) ADJ. & N. licentious (person) hardened in sin بڑا لفنگا، سخت آوارہ

reproduce (ree-pro-*dews*) V.T. & I. ❶ make a copy of کی نقل تیار کرنا ❷ bring forth offspring پیدا، جننا **reproduction** N. ✱

reproduction (-*duk*-shēn) N. ❶ reproducing وہی پھر بنانا ❷ bringing forth offspring پیدا کرنا ❸ copy (*of*) نقل **reproductive** (-tiv-) ADJ. bringing forth offspring پیدا کرنے والا

reproof N. rebuke سرزنش، ڈانٹ ڈپٹ

reproval (-*proov*) N. rebuke سرزنش، ملامت

reprove (re-*proov*) V.T. rebuke ملامت کرنا، سرزنش کرنا

reptile (*rep*-til) N. any species of crawling animals رینگنے والا جانور

republic (re-*pub*-lik) N. ❶ democracy جمہوریت ❷ democratic country جمہوری ملک، جمہوریہ **republican** ADJ. of or favouring a republic جمہوری N. (*Republican*) member of a U.S. party of this name ریپبلکن

repudiate V.T. & I. ❶ disown اپنانے نہ ماننا، مسترد کر دینا ❷ reject سے انکار کر دینا **re-**

repudiation N. ❶ refusal انکار ❷ rejection استرداد ❸ disowning قطع تعلق

repugnance (re-*pug*-nens) N. being repugnant نقیض ہونا

repugnant (re-*pug*-nènt) ADJ. ❶ disgusting or disagreeable (*to*) سخت ناپسند ❷ incompatible (*to*) نقیض، سے آگ پانی کا بیر رکھنے والا

repulse (re-*puls*) V.T. & I. ❶ beat off پسپا کر دینا ❷ treat coldly سرد مہری کا سلوک کرنا

repulsion (re-*pul*-shèn) N. strong dislike کراہت، گھن **repulsive** (-siv) ADJ. causing repulsion کریہہ، گھناؤنا

reputable (re-*pewt*-è-bel) ADJ. respectable معزز، محترم

reputation (rep-ew-*tay*-shèn) N. good (or bad) name شہرت، ساکھ

repute (re-*pewt*) N. ❶ good name نیک نامی ❷ fame شہرت **reputed** (-id) ADJ. ❶ famous مشہور ❷ known جانا پہچانا

request (re-*kwest*) N. ❶ asking (*for* something) respectfully درخواست، اِستدعا ❷ demand مانگ، طلب، مطالبہ V.T. ❶ ask respectfully درخواست کرنا ❷ ask for مانگنا

require (re-*kwī*-è*) V.T. ❶ need چاہنا، ضرورت ہونا ❷ direct حکم دینا ❸ demand مطالبہ کرنا ❹ make obligatory ضروری قرار دینا **requirement** N. (usu. PL.) need ضرورت (ج: ضروریات)

requisite (*rek*-wi-zit) N. & ADJ. required (thing) مطلوبہ چیز

requisition (-*zish*-en) N. ❶ official demand سرکاری مطالبہ ❷ command taking over for government use زبردستی قبضہ کا حکم V.T. make demand for (supplies, houses, services, etc., *from* a town, etc.) جبری وصولی، بیگار

requital (re-*kwī*-tel) N. recompense, return بدلہ

requite (re-*kwīt*) V.T. ❶ make return for (*with*) بدلہ دینا ❷ reward (*for*) (کا) بدلہ دینا

rescind (re-*sind*) V.T. revoke, cancel منسوخ کرنا **rescission** N. ★

rescission (re-*sizh*-èn) N. revocation, cancellation تنسیخ **rescind** V. ★

rescue (*res*-kew) V.T. ❶ deliver (*from*) سے بچانا یا چھڑانا ❷ liberate چھڑانا ❸ save بچانا، نجات دلانا، رہا کرنا، آزاد کرانا N. ❶ deliverance نجات ❷ being saved بچاؤ، رہائی، نجات

research (re-*sě*ch*) N. careful inquiry (علمی) تحقیق، تحقیقات V.I. make research (*into*) (علمی) تحقیقات کرنا **researcher** N. one who conducts research محقق

resemblance N. likeness مشابہت

resemble (re-*zem*-bèl) V.T. be like سے ملتا جلتا ہونا، سے مشابہ ہونا **resemblance** N. ★

resent (re-*zent*) V.T. feel offended about بُرا ماننا، آزردہ ہونا **resentful** ADJ. taking offence بُرا ماننے والا **resentment** N. taking offence بُرا منانا، آزردگی (رنجش)

reservation N. ❶ reserving محفوظ کرانا یا کرنا ❷ limiting condition شرط، قید ❸ special detachment (of police or army) محفوظ دستہ ADJ. kept for emergency محفوظ

reserve V.T. set apart (*for*) مخصوص کرنا، اٹھا رکھنا، الگ کرنا، سنبھال رکھنا، ذخیرہ کرنا N. ❶ keeping silent; self-control خاموشی، ضبط ❷ not being sociable الگ تھلگ رہنا، کم آمیزی

reserved (re-*ze*vd*) ADJ. ❶ set apart (*for*) مخصوص شدہ، محفوظ ❷ showing reserve کم آمیز **reserves** N. PL. ❶ armed forces for use in emergency ریزرو فوج، فاضل فوج ❷ capital kept for emergency سرمایہ محفوظ

reservoir (*rez*-è*-vwah*) N. large artificial store of water تالاب، خزانۂ آب

reside (re-*zīd*) V.I. live (*in* or *at*) رہنا، سکونت رکھنا **residence** (*rez*-i-dens) N. house گھر، مکان **resident** (*rez*-i-dent) N. ❶ one who resides in a place باشندہ ❷ (*Resident*), Political Agent ریزیڈنٹ **residential** (rez-i-*densh*-èl) ADJ. where people live

residue (*res*-i-dew) N. remainder بچا کھچا، بقیہ

resign (re-*zīn*) V.T. & I. ❶ give up

the post مستعفی ہونا، استعفا دینا ❷ leave to fate راضی بہ رضا ہونا **resignation** (re-zig-nay-shèn) N. ❶ resigning استعفا، مستعفی ہونا ❷ leaving (to fate) راضی بہ رضا ہو جانا

resile (re-zil) V.I. ❶ go back on (from) پیچھے ہٹنا، مکر جانا ❷ go back to original position (from) پہلی حالت پر آنا

resin (rèz-in) N. stickly fluid of pine, etc. بروزہ، گندہ بروزہ (see also **rosin**)

resist (re-zist) V.T. & I. ❶ oppose with force طاقت سے روکنا، مزاحمت کرنا ❷ strive against مقابلہ کرنا **resistance** (re-zis-tèns) N. resisting مقابلہ، مدافعت، مقاومت، مزاحمت

resolute (rez-o-loot) ADJ. firm of purpose باعزم

resolution (rez-o-loo-shèn) N. ❶ determination عزم، ارادہ ❷ motion تجویز، قرارداد، تحریک **resolve** V. ★

resolve (re-zolv) V.T. & I. ❶ be determined (that) پکا ارادہ کرنا، عزم مصمم کرنا ❷ decide فیصلہ کرنا ❸ solve (a difficulty) حل کرنا ❹ break up (into parts) کا تجزیہ کرنا، کے اجزا بتانا ❺ pass a resolution قرارداد منظور کرنا، قرار دینا N. determination ارادہ، قصد، عزم

resonance N. echo گونج، صدائے بازگشت **resonant** (rez-o-nènt) ADJ. ❶ resounding گونجتا ہوا ❷ echoing with گونج پیدا کرنے والا

resort (re-zo*t) V.I. ❶ have recourse (to) سے رجوع کرنا ❷ repair (to) جایا کرنا N. ❶ resorting رجوع ❷ beauty spot تفریح گاہ

resound (re-zound) V.T. & I. echo گونجنا

resource (re-soh*s) N. ❶ source of help مدد کا ذریعہ ❷ device تدبیر **resourceful** ADJ. ❶ skilful in finding expedients باتدبیر ❷ having resources امیر، دولتمند **resources** N. ❶ wealth, stocks, supplies, etc. وسائل، دولت ❷ available means وسائل

respect (res-pekt) N. ❶ esteem (of or to) عزت، احترام، ادب ❷ point, particular بات، معاملہ، پہلو ❸ connection سلسلہ، ضمن ❹ (PL.) good wishes سلام، آداب، تسلیمات V.T. ❶ show respect to ادب کرنا، لحاظ کرنا ❷ be considerate خیال رکھنا **respectable** ADJ. worthy of respect قابل عزت **respecting** PREP. regarding کی بابت، کے متعلق **respective** (res-pek-tiv) ADJ. of each اپنا اپنا **respectively** ADV. of each in the order mentioned علی الترتیب

respiration (res-pi-ray-shèn) N. ❶ breathing سانس لینا ❷ breath سانس **respirator** (-ray-) N. ❶ artificial breathing mask ہوا صاف کرنے کا آلہ ❷ iron lung مصنوعی پھیپھڑا، آلہ تنفس

respite (res-pit or res-pit) N. ❶ pause for rest آرام کی گھڑی، آرام کا وقفہ ❷ delay in carrying out a sentence سزا میں مہلت

resplendence (-èns) N. splendid brilliance شاندار درخشانی **resplendent** (res-plend-ènt) ADJ. splendidly brilliant درخشاں، تابندہ

respond (res-pond) V.I. ❶ answer جواب دینا ❷ feel the effect of (to) کا ردعمل ہونا، سے متاثر ہونا **response** (res-pons) N. ❶ answer جواب، جوابی اقدام ❷ reaction ردعمل، تاثر، اثر پذیری **responsibility** N. ❶ duty فرض ❷ being responsible ذمہ داری

responsible (res-pons-i-bèl) ADJ. ❶ trustworthy معتبر، قابل اعتماد ❷ (of a job) high ذمہ دارانہ ❸ answerable جوابدہ **responsibility** N. جوابدہی، ذمہ داری **responsive** (res-pons-iv) ADJ. quick in responding اثر پذیر، جوابی

rest V.T. & I. ❶ stop work or exertion آرام کرنا، آرام دینا، آرام پانا ❷ support or recline ٹیک لگانا N. ❶ free from work آرام، سکون ❷ suspension of activity آرام *lay to rest* PH. bury دفن کرنا ❸ sleep نیند ❹ time for rest آرام کا وقت ❺ respite مہلت، وقفہ ❻ (*the rest*) residue باقی، بقیہ ❼ (*the rest*) others دوسرے، باقی

restaurant (res-to-ron) N. place where meals can be had on payment ریسٹورنٹ، ریستوران، طعام خانہ

restful ADJ. ❶ giving rest آرام دہ ❷ calm پرسکون

restitution (res-ti-*tew*-shèn) N. restoring واپس دینا (یا) کرنا

restive (*res*-tiv) ADJ. ❶ restless (horse) آرام سے کھڑا نہ ہونے والا ❷ impatient بے چین ، بیتاب

restless ADJ. ❶ never taking rest آرام نہ کرنے والا ❷ fidgety چلبلا ❸ uneasy بے چین ، بے قرار ، مضطرب

restoration (-*ray*-) N. ❶ return واپسی ❷ restoring بحالی . **restore** V. ★

restore (res-*toh**) V.T. ❶ give back واپس دینا ❷ reinstate بحال کرنا ❸ recondition exactly as before مرمت سے بالکل پہلا سا بنا دینا

restrain (res-*trayn*) V.T. check (*from doing*) باز رکھنا ، روکنا . **restraint** N. ❶ restraining پابندی ❷ imprisonment قید

restrict (res-*trikt*) V.T. ❶ keep within bounds کو پابند کرنا ، پر پابندی لگانا ❷ limit تک محدود رکھنا . **restriction** N. ❶ restricting تحدید ❷ ban پابندی

result (re-*zult*) N. ❶ issue نتیجہ ❷ outcome انجام ❸ effect اثر / V.I. ❶ be a result کا نتیجہ نکلنا ❷ end (*in*) (کا) انجام ہونا (کا) ، نتیجہ ہونا

resume (ray-*zew*-may) N. summary, outline (*of*) خلاصہ ، ملخص

resume (re-*zewm*) V.T. ❶ take up or begin again پھر سے شروع کرنا ، پھر بیٹھنا ❷ take over again دوبارہ حاصل کرنا ❸ begin all over again پھر سے شروع کرنا

resumption (re-*zump*-shèn) N. ❶ resuming دوبارہ قبضہ ❷ fresh beginning از سر نو آغاز . **resume** V. ★

resurrect (rez-è-*rekt*) V.T. ❶ take out of grave and give life anew قبر سے نکالنا ، زندہ کرنا ، جلانا ❷ revive زندہ کرنا . **resurrection** N. ❶ revival پھر سے زندہ کرنا ❷ (*the Resurrection*) rising of all the dead on Doomsday حشر ، نشر

resuscitate (re-*sus*-i-tayt) V.T. & I. revive, bring back to consciousness ہوش میں لانا . **resuscitation** N. such revival ہوش میں لانا

retail N. (*ree*-tayl) ❶ sell in small quantities خوردہ فروشی ❷ things sold thus پرچون / V.T. & I. (re-*tayl*) sell thus پرچون بیچنا (یا) بکنا . **retailer** (OPP. *wholesaler*); one who sells thus پرچون فروش ، خوردہ فروش

retain (re-*tayn*) V.T. ❶ keep رکھنا ❷ not to part with رہنے دینا ❸ hold میں رہنا

retainer N. servant or dependent of nobleman نواب کا مصاحب (یا) ملازم (یا) حاشیہ نشین

retention N. ❶ retaining رکھنا ، رہنے دینا ❷ arresting پابند کرنا . **retentive** ADJ. having the power to retain زوردار ، قوی

retaliate (re-*tal*-i-ayt) V.I. return evil for evil بدلہ لینا . **retaliation** (-*ay*-) N. tit for tat, return for evil بدلہ ، ترکی بہ ترکی جواب

retard (re-*tah*d*) V.I. make slow (رفتار) کم کرنا . **reticence** (*ret*-i-sens) N. ❶ quietness خاموشی ❷ being reserved in speech کم گوئی . **reticent** (*ret*-i-sent) ADJ. reserved in speech کم گو ، خاموش

retina (*ret*-i-nè) N screen inside eye آنکھ کا پردہ

retinue (*ret*-i-new) N. train of attendants نوکر چاکر ، خدم و حشم

retire (re-*tī*-e*) V.T. & I ❶ go or send on pension on completion of term of service پنشن پر بھیجنا یا پنشن پانا ❷ withdraw ہٹنا ❸ go to bed سونے کے لیے جانا . **retired** (re-*tī*-è*d) ADJ. ❶ having completed service ریٹائرڈ ، پنشن یافتہ ❷ former سابق . **retirement** N. ❶ retiring or being retired ریٹائرمنٹ ❷ inactivity آرام ❸ solitude علیحدگی ، تنہائی

retort (re-*to*t*) V.T. & I. ❶ answer back sharply دنداں شکن جواب دینا ❷ retaliate ترکی بہ ترکی جواب دینا / N. ❶ sharp answer حاضر جوابی ، دنداں شکن جواب ❷ distilling vessel قرع انبیق

retouch (ree-*tuch*) V.T. touch up (photograph, etc.) (کی) پلک درست کرنا

retrace (ree-*trays*) V.T. go back (*on one's steps*) واپس جانا یا کرنا

retract (re-*trakt*) V.T. & I. ❶ take back واپس لینا ، سے پھرنا ❷ draw back

(skin, etc.) سکیڑنا

retreat (re-*treet*) V.T. withdraw پسپا ہونا N. ❶ withdrawal پسپائی ❷ shelter پناہ گاہ ❸ secluded place گوشہ تنہائی

retrench (re-*trench*) V.T. & I. ❶ reduce (staff) تخفیف عملہ ❷ slash (expenses) کم کرنا، گھٹانا **retrenchment** N. reduction تخفیف، کمی

retribution (ret-ri-*bew*-shèn) N. punishment for sin کیے کی سزا، گناہوں کا بدلہ

retrieve (re-*treev*) V.T. & I. ❶ restore پورا کرنا ❷ save بچانا ❸ set right (error, etc.) درست کرنا، ٹھیک کرنا

retro PREF. back واپس

retrograde ADJ. ❶ moving backwards پیچھے کی طرف جانے والا ❷ become worse رُو بہ زوال، روز بروز خراب ہونے والا

retrogression N. decline تنزل، انحطاط **retrogressive** ADJ. declining پستی کی طرف مائل، مائل بہ انحطاط، رُو بہ زوال

retrospect (*ret*-ros-pekt) N. ❶ view of past events, etc. ماضی پر نظر ❷ review of the past (گذری ہوئی چیز) کا جائزہ

retrospection N. reviewing the past گزشتہ جذبات کا جائزہ **restrospective** ADJ. ❶ based on retrospection گزشتہ جذبات کے جائزے سے متعلق ❷ (of law, etc.) effective from a past date کسی سابقہ تاریخ سے نافذ

return (re-*tè*n*) V.T. & I. ❶ go back واپس جانا ❷ come back واپس آنا، پلٹنا ❸ pay back لوٹانا، واپس کرنا ❹ send back لوٹانا، واپس بھیجنا ❺ say in reply ❻ elect (someone) as a representative منتخب کرنا N. ❶ returning ❷ repayment حساب چکانا، معاوضہ، ادائگی ❸ retaliation بدلہ ❹ official report of details کوائف ❺ (usu. PL.) profit (*on*) نفع، منافع، آمدنی، بازیافت **return ticket** N. ticket for a return journey واپسی کا ٹکٹ

reunion (ree-*yew*-ni-èn) gathering of former colleagues بچھڑے ہوؤں کا اجتماع

reveal (re-*veel*) V.T. ❶ disclose انکشاف کرنا ❷ convey spiritual truth وحی بھیجنا، الہام کرنا ❸ show دکھانا، ظاہر کرنا

reveille (re-*vel*-i) N. military signal for wakening صبح کا بگل

revel (*rev*-el) V.I. (-ll-) make merry رنگ رلیاں منانا N. merry-making رنگ رلیاں

revelation (rev-è-*lay*-shèn) N. revealing اظہار، انکشاف، وحی

revelry (*rev*-el-ri) N. noise merry-making خوشی کا ہنگامہ، رنگ رلیاں

revenge (re-*venj*) V.T. retaliate بدلہ لینا، انتقام لینا N. revenging انتقام، بدلہ **revengeful** ADJ. full of revenge کینہ جو

revenue (*rev*-è-new) N. ❶ income آمدنی ❷ total annual income مداخل **land revenue** N. tax on land produce مالیہ **Revenue Assistant** N. district officer in charge of land revenue افسرِ مال

reverberate (re-*ve**-brayt) V.T. & I. echo گونجنا **reverberation** (-*bray*-shèn) N. ❶ echo گونج ❷ repercussion دُور رس اثرات

revere (re-*vee*-è*) V.T. venerate عقیدت ہونا، بے حد احترام ہونا **reverence** N. *

reverence (*rev*-è-rens) N. feeling of awe aad deep respect تعظیم **reverend** (*rev*-è-rend) ADJ. revered محترم بزرگ *the Reverend*, (ABB. *the Rev.*), title of honour with Christian priest's name, etc. مقدس **reverent** ADJ. full of reverence مؤدب، (شخص) مؤدبانہ انداز **reverential** (rev-è-*rensh*-èl) ADJ. full of reverence مؤدبانہ

reverie (*rev*-è-ri) N. day-dream محویت

reversal (re-*vě**-sèl) N. reversing or being reserved اُلٹا ہونا (یا) کرنا

reverse (re-*vě**s) ADJ. ❶ opposite اُلٹا ❷ back دوسری جانب N. defeat شکست V.T. ❶ exchange (position) ❷ set aside بالکل بدل دینا **reversible** ADJ. ❶ that can be reversed جو اُلٹ سکے ❷ (of cloth) that looks alike on both sides وہ کپڑا جس کا اُلٹا سیدھا کچھ نہ ہو

reversion N. ❶ (esp.) demotion پچھلی (چھوٹی) نوکری پر واپس کرنا ❷ reversing اُلٹنا ❸

revert (re-*vě**t) V.I. ❶ come back کی طرف واپس آنا ❷ demote پچھلی (چھوٹی) نوکری پر بھیجنا

review (re-*vew*) V.T. & I. ❶ consider again جائزہ لینا ❷ examine معائنہ کرنا ❸ revise (lesson) کا اعادہ کرنا، نظر ثانی کرنا N. ❶ comment ریویو، نقد، تنقید، جائزہ ❷ reviewing جائزہ، معائنہ، اعادہ، نظر ثانی، نگرانی

revile (re-*vīl*) V.T. & I. rail at کو گالیاں دینا

revise (re-*vīz*) V.T. reconsider دوبارہ غور کرنا، نظر ثانی کرنا **revision** (re-*vizh*-ĕn) N. ❶ revising نظر ثانی ❷ revised edition ترمیم شدہ اشاعت

revisit (ree-*viz*-it) V.T. visit again دوبارہ ملنے (یا دیکھنے) کو جانا

revival (re-*vī*-vĕl) ❶ پہلے سے بھی زیادہ شوق ❷ reviving احیا **revivalist** N. one who revives (esp. religious faith) احیا کرنے والا، زندگی کی نئی روح پھونکنے والا

revive (re-*vīv*) V.T. & I. ❶ come or bring back to consciousness ہوش میں لانا ❷ renew تجدید کرنا ❸ bring back to life پھر سے زندہ کرنا، نئے سرے سے جان ڈالنا ❹ give a new life to نئی روح پھونکنا ❺ reinstate بحال کرنا

revocation (-*kay*-) N. revoking تنسیخ

revoke (re-*vohk*) V.T. cancel منسوخ کرنا

revolt (re-*vohlt*) V.T. & I. ❶ rise in rebellion بغاوت کر دینا ❷ be disgusted with الجھن آنا

revolution (rev-o-*lew*-shĕn) N. ❶ complete change in political or other set up انقلاب ❷ radical change دُور رس تبدیلی، بڑی تبدیلی، شدید تغیر ❸ one complete turn of a wheel چکر، گردش

revolutionary ADJ. pertaining to or bringing about a revolution انقلابی، انقلاب انگیز N. one who brings about a revolution

revolutionize V.T. change entirely کو یکسر بدل ڈالنا

revolve (re-*volv*) V.T. & I. move round چکر کھانا یا دینا

revolver (re-*vol*-vĕ*)



N. pistol with revolving chamber ریوالور، گردان طپنچہ

revulsion (re-*vul*-shĕn) N. sudden violent change of feeling, etc. سخت برگشتگی، انقلاب

reward (re-*wo*d*) N. ❶ prize انعام ❷ recompense صلہ V.T. give a reward to کو انعام دینا

rewrite (ree-*rīt*) V.T. write again پھر لکھنا، دوبارہ لکھنا

rhapsody (*rap*-so-di) N. highly emotional poem or music پرجوش تقریر یا نظم یا موسیقی

rhetoric (*ret*-o-rik) N. ❶ impressive use of words بلاغت، بیان، فصاحت ❷ ornamental language پرتصنع زبان

rhetorical (re-*to*-ri-kĕl) ADJ. ❶ of rhetoric علم بلاغت سے متعلق ❷ emotional جذباتی **rhetorician** (ret-o-*rish*-ĕn) N. one skilled in rhetoric ماہر بلاغت

rheumatism (*room*-ĕ-tizm) N. disease causing pain in joints جوڑوں کا درد، وجع المفاصل **rehumatic** (roo-*mat*-ik) ADJ. of or caused by rheumatism وجع المفاصل کا، وجع المفاصل کا مریض

rhinoceros (rī-*nos*-ĕ-ros) (ABB. *rhino*) N. large animal with horn on nose گینڈا



rhomb (romb), **rhombus** (*rom*-bus) N. diamond-shaped parallelogram شکل معین (یعنی لوز وغیرہ)

rhubarb (*roo*-bah*b) N. a plant with purgative root ریوند چینی

rhyme (rīm) V.T. & I. (also *rime*) ❶ end in identical sound ہم قافیہ ہونا ❷ write in rhyme نظم، مقفیٰ لکھنا، کا قافیہ باندھنا N. ❶ identy of sound قافیہ پیمائی کرنا ❷ (PL.) words with such sounds at their end قوافی (واحد: قافیہ) ❸ verses with rhymed lines مقفیٰ نظم *nursery rhyme*, poem for small children بچوں کے لیے گیت

rhythm (ridhm) N. ❶ meter وزن، بحر ❷ regular ebb and flow اتار چڑھاؤ

rhythmic, rhythmical ADJ. metric موزونیت یا تناسب والا، موزوں، متناسب والا

rib N. one of the front bones of chest پسلی

ribald (*rib*-ĕld) ADJ. irreverent (person or language) بدزبانی والا، بدزبان

ribaldry N. such language کفر بکنے والا بدزبانی ، بدکلامی ، کفر بکنا
ribbon (*rib*-ěn) length of cloth of small breadth ربن ، رفیتہ
rice (ris) N. a well-known cereal چاول ، دھان
rich (rich) ADJ. ❶ wealthy امیر ❷ دولتمند (of food) containing a lot of fat, etc. مرغن ❸ fertile (land) زرخیز ❹ شاداب sumptuous پرتکلف
riches (*rich-iz*) N. PL. ❶ wealth دولت ❷ abundance کثرت ، فراوانی ، وفور **richly** ADV. ❶ well اچھی طرح ❷ fully (deserved) پوری طرح **richness** N. ❶ being rich دولتمندی ، زرخیزی ❷ being fatty مرغن
rick (rik) N. thatched stack of hay, etc. بھوسے وغیرہ کا لیپا ہوا بند ڈھیر
rickets (*rik*-ets) N. children's disease causing softening of bones سوکھا ، مسان **rickety** ADJ. ❶ weak-jointed ; shaky گرنے کو ، کمزور ، بودا ، ٹوٹنے کو ❷ suffering from rickets سوکھے والا
rickshaw (*rik*-shaw) N. small two-wheeled (usu. man-driven) carriage رکشا



rid V.T. (*rid*; *rid* or *ridded* ; *rid*) clear سے پاک
riddance (*rid*-ěns) N. deliverance نجات ، خلاصی
riddle (*rid*-ěl) N. ❶ puzzling question پہیلی ❷ difficult situation الجھن ، مشکل V.T. ❶ sift in this sieve چھاج میں پھٹکنا ❷ fill holes چھید ڈالنا ❸ pelt with questions, etc. سوالوں وغیرہ کی بوچھاڑ کرنا
ride (rid) V.T. & I. sit on پر سوار ہونا ، کی سواری کرنا *ride for a fall* PH. behave recklessly اندھا دھند چلنا ، بے سوچے سمجھے کام کرنا N. ❶ journey (in a train) گاڑی کا سفر ❷ riding سواری ، پر سیر ❸ riding road سواری کی سڑک
rider (*rī*-dě*) ❶ one who rides سوار ❷ additional clause مزید مشق ADJ. additional (clause) مزید
ridge (*rij*) N. ❶ raised strip alongside furrow بابن کی ، مینڈ ❷ long narrow hill لمبی پہاڑی **riding** (*rīd*-ing) N. getting on horseback and travelling thus گھوڑے کی سواری
ridicule (*rid*-i-kewl) V.T. deride مضحکہ ، تمسخر N derision مذاق اڑانا ، منہ چڑانا
ridiculous (ri-*dik*-ew-lus) ADJ. ❶ causing laughter مضحکہ خیز ❷ absurd مہمل ، بے ہودہ ❸ very silly احمقانہ
rife (rif) ADJ. ❶ commonly occurring عام ، پھیلا ہوا ❷ full (*with*) بھرا ہوا
rifle (*rī*f-ěl) V.T. ❶ search and rob ہر چیز لوٹ لینا ، جھاڑو پھیر دینا ❷ make spiral grooves in سپرنگ نما چھید ڈالنا N. rifled gun پیچدار نالی کی بندوق ، رائفل
rift N. ❶ rupture شگاف ❷ difference اختلاف
rig V.T. (-gg-) equip ship (جہاز) کے بادبان لگانا **rigging** N. ropes, etc. of a ship's sails (بادبانوں وغیرہ کے) رسے
right (rīt) ADJ. ❶ (OPP. of the *left*) دہنا ، دایاں ❷ (OPP. of *wrong*) ٹھیک ، صحیح ، جائز ❸ (*Right*) (in politics) diehard, not progressive رجعت پسند ❹ قدامت پسند (of angle) of 90 degrees قائمہ ADV. ❶ to the right side دائیں ❷ دانبے ہاتھ completely بالکل ❸ properly ٹھیک N. ❶ right hand side دائیں جانب ❷ that which is proper صحیح ، ٹھیک ، مناسب یا جائز بات ❸ previlege حق V.T. ❶ put (a thing, etc.) right ٹھیک کرنا ❷ upright سیدھا کرنا **right angle** N. angle of 90 degrees زاویۂ قائمہ
righteous (*rī*-chus) ADJ. ❶ virtuous نیک ❷ God-fearing خدا ترس ❸ just انصاف پرور ، منصفانہ **rightful** ADJ. ❶ lawful حقدار ❷ just (action) **Right wing** N. conservative element (of party, etc.) دایاں بازو ، رجعت پسند یا قدامت پسند عناصر
rigid (*rij*-id) ADJ. ❶ hard unbending thing) سخت ، بے لوچ ❷ strict (discipline) سخت **rigidity** (ri-*jid*-i-ti) N. ❶ being rigid سختی ، کڑاپن ❷ inflexibility لچک نہ ہونا
rigmarole (*rig*-mě-rohl) N. long pointless talk or story بے سروپا باتیں ، بکواس
rigour (*rig*-ě*) N. harshness سختی
rigours N. PL. extremities (of

climate etc.) سخت بلا کی گرمی یا سردی

rigorous (*rig*-o-rus) ADJ. harsh سخت ، سخت گیر

rill (ril) N. small brook گول ، ندی

rim N. raised edge (*of* bowl, etc.) (پیالے وغیرہ کا) کنارا V.T. (-mm-) be or make a rim for کنارا ہونا یا بنانا

rind (rind) N. hard peel چھلکا

ring N. ❶ metal circlet for finger انگوٹھی ، انگشتری ، چھلا ❷ any hard hollow circle چھلا ❸ circle حلقہ ، دائرہ ❹ enclosure احاطہ ❺ coterie ٹولی ❻ sound of ringing گھنٹی کی آواز ، ٹن ٹن V.T. & I. ❶ (*ring, ringed, ringed*) encircle گھیرا ڈالنا ❷ (*ring, rang, rung*) ❶ (of bell) sound بجنا (یا) بجانا ❷ call (someone) by ringing a bell گھنٹی بجا کر بلانا ، بلانے کے لیے گھنٹی بجانا ❸ telephone (someone *up*) (کو) ٹیلیفون کرنا

ring-finger N. third finger of the left hand انگوٹھی والی انگلی **ring-leader** N. leader (*of* strike, riot, etc.) سرغنہ **ringlet** N. ❶ small ring چھلا ❷ small lock of hair بالوں کی چھوٹی سی لٹ

ringworm N. a skin disease like eczema داد

rink N. (also *skating-rink*) floor for skating پہیے والی کھڑاؤں سے چلنے کا فرش ، سکیٹنگ کرنے کا فرش

rinse (rins) V.T. wash (or *out*) کھنگالنا ، پانی سے نکالنا

riot (*ri*-ot) N. ❶ violent tumult بلوہ ، فساد ❷ confused noise غل غپاڑہ

riotous (*ri*-o-tus) ADJ. ❶ noisy and disorderly ہنگامہ خیز ❷ licentious عیاشوں کا ، عیاشانہ

rip V.T. & I. (-pp-) ❶ slash, tear زور سے کاٹنا ، پھاڑنا ❷ tear (*open*) زور سے کھولنا N. ❶ long cut چیر ❷ cleft شگاف ❸ torn place کھونچا

ripe (rip) ADJ. ❶ mature پختہ ، تیار ❷ no longer raw پکا ، پکا ہوا **ripen** (*ri*-pen) V.T. & I. become or make ripe پختہ ہونا یا کرنا ، پکنا یا پکانا **ripeness** N. ❶ being ripe پختگی ❷ no longer being raw پکنا ، پکا ہوا ہونا

ripping (*rip*-ing) ADJ. ❶ splendid شاندار ❷ delightful دلکش ، خوش کن

ripple (*rip*-el) N. tiny wave لہر ، ہلکورا V.T. & I. (cause to) move in ripples (*in*) ہلکورے اٹھنا یا پیدا کرنا

rise (riz) V.I. (*rise, rose, risen*) ❶ get up اٹھنا ❷ get out of bed جاگ اٹھنا ، جاگ پڑنا ، جاگ جانا ❸ go up ❹ ascend چڑھنا ، ترقی کرنا ❺ (of sun, etc.) appear نکلنا ، چڑھنا ، طلوع ہونا ❻ (of price) increase چڑھنا ❼ rebel بغاوت کرنا N. ❶ increase اضافہ ❷ better condition or status ترقی ❸ going up اونچا اٹھنا ❹ upward slope چڑھائی ❺ rising طلوع ❻ height بلندی ❼ source (*of* a river) منبع **rising** (*ri*-zing) N. ❶ ascent چڑھنا ❷ coming out نکلنا ❸ rebellion, insurrection بغاوت

risk (risk) N. ❶ danger خطرہ ، جوکھوں ❷ suspicion of dangers خطرہ V.T. ❶ endanger خطرے میں ڈالنا ❷ hazard خطرے میں پڑنا **risky** (*ris*-ki) ADJ. ❶ dangerous خطرناک ، جوکھوں کا ❷ causing suspicion of danger خطرناک ، اندیشہ انگیز

rite (rit) N. religious ceremony رسم

ritual (*rit*-ew-el) ADJ. pertaining to (esp. religious) rites مذہبی رسوم کا N. system of rites رسومات ، عبادت کی رسوم

rival (*ri*-vel) N. ❶ one competing (another) ہمسر ❷ one who completes in love رقیب ❸ equal, peer ثانی ، نظیر ADJ. competing مقابلے والا ، حریف V.T. (-ll-) claim equality with or superiority over سے ہمسری (یا برابری) کا دعویٰ کرنا

rivalry (-ri) N. vying (*with*) حریف ہونا ، مدمقابل ہونا ، رقابت

river (*riv*-e*) N. large natural stream دریا

rivet (*riv*-et) N. thick nail with cap at both ends دوہرے سرے کی کیل



V.T. fasten (something) with rivets

نالہ ، ندی

rivulet (*riv*-ew-let) N. small river

road (rohd) N. ❶ way سڑک ❷ path راہ ، راستہ ، رستہ ❸ means (*of* doing, etc.) طریقہ **roadside** N. border of a road

سڑک کا کنارا on the roadside PH. along the road سڑک کے کنارے **roadster** N. (of bicycle, etc.) fit for use on the road سڑک پر چلنے والا، سڑک پر چلنے کے قابل **roadway** N. metalled part of a road (as distinct from (*pavement*) سڑک کا گولہ

roam (rohm) V.T. & I. wander over (or *about*) میں گشت لگانا

roar (roh*) N. ❶ loud and deep (sound of thunder) گرج ❷ such cry (of a lion) دہاڑ V.T. & I. ❶ (of cloud) make loud sound گرجنا ❷ (of tiger, etc.) cry loudly دہاڑنا **roaring** ADJ. stormy طوفانی، طوفان خیز

roast (rohst) V.T. & I. ❶ parch بھوننا ❷ cook or be cooked (*in* the oven) کباب کرنا یا ہونا

rob V.T. (-bb-) plunder لوٹنا **robber** N. thief using violence ڈاکو **robbery** (*rob*-è-ri) N. robbing ڈاکہ

robe (rohb) N. ❶ long outer garment چغہ، عبا ❷ garments as award from king, etc. خلعت ❸ sheet for wearing چادر، ملی **robes** N. PL. garments (of high office) درباری لباس

robin (*rob*-in) N. small red-breasted bird سرخ لال چڑی، رابن

robot (*roh*-bot) N. ❶ automaton کلدار آدمی، مصنوعی انسان ❷ machine-like person مشین

robust (*roh*-bust) ADJ. ❶ vigorous قوی ❷ sensible ہوشمند، سمجھدار

rock (rok) N. ❶ big piece of stone چٹان ❷ reef سمندری چٹان V.T. & I. ❶ shake ہلا دینا ❷ sway (cradle, chair, ship, etc.) جھولنا یا جھلانا **rock-bottom** ADJ. lowest (prices), floor (prices) کم سے کم (بھاؤ)

rocket (*rok*-et) N. ❶ firework shooting high up ہوائی، راکٹ ❷ projectile ہوائی جہاز یا (نقلی چاند) پر بھیجنے کا آلہ، دافع راکٹ V.I. shoot high up quickly (ہوائی کا) چھوٹنا، تیزی سے اوپر کو اٹھنا

rocky (*rok*-i) ADJ. as hard as rocks پتھریلا، سنگلاخ

rod N. long straight stick, etc. ڈنڈا

rode (rohd) V. (P. of *ride*) (پر) چڑھا، کی سواری کی

rodent (*roh*-dent) N. any gnawing animal like a mouse کترنے والا جانور

roe (roh) N. ❶ small kind of deer چکارا ❷ mass of eggs in a fish مچھلی کے بیضہ دان میں انڈوں کا گچھا **roebuck** N. male roe نر چکارا، چکارا

rogue (rohg) N. ❶ rascal بدمعاش ❷ swindler, cheat دھوکے باز، ٹھگ **roguish** (*roh*-gish) ADJ. ❶ mischievous شریر، شیطان ❷ dishonest فریب کار، فریب کارانہ **roguery** N. a rogue's trickery ٹھگی

roister (*rois*-te*) V.I. make merry noisily اودھم مچانا، دھماچوکڑی لگانا

role (rohl) N. part played (in drama, etc.) کردار

roll (rohl) V.T. & I. ❶ move rotatingly لڑھکنا، لڑھکانا ❷ rotate گھومنا یا گھمانا ❸ fold like a cylinder لپیٹنا N. ❶ list of names ناموں کی فہرست ❷ (paper, etc.) folded like cylinder بنڈل، طومار ❸ reel ریل، نلکی ❹ piece (of cloth) تھان **roll-call** N. calling attendance حاضری **roller** N. ❶ cylinder for flattening رولر، رولا، بیلن ❷ long wave دور تک جانے والی لہر **roller-skate** N. wheeled skate پہیے دار کھڑاؤں

rolling pin N. dough roller بیلن

rolling-stock N. railway engines, coaches, etc. محکمہ ریل کے انجن، ڈبے وغیرہ

rolling-stone N. one sticking to no profession لڑھکتا پتھر

rollicking (*rol*-i-king) ADJ. boisterous اودھم (زیادہ دھماچوکڑی یا رنگ رلیوں) والا

Roman (*roh*-man) N. citizen of (ancient) Rome (قدیم) روما کا باشندہ ADJ. ❶ pertaining to ancient Rome قدیم روما کا، رومی ❷ ordinary straight type رومن **Roman Catholic** N. & ADJ. (follower) of the Christian Church of Rome رومن کیتھولک، کیتھولک

Roman numerals N. PL. Roman system of notation رومی ہندسے

romance (ro-*mans*) N. ❶ novel of love and adventure داستان، رومانی داستان ❷ (*Romance*) corrupt Latin dialec

romantic (ro-*mant*-ik) ADJ. imaginative (person, or tale) بجگانی لاطینی رومانی ، تخیلی ، جذباتی **Romantic, Romanticist** (-sist-) N. (OPP. *Classicist*) poet giving free reins to fancy rather than paying attention to form and finish رومانی (یا) تخیلی شاعر
romp V.I. (of children) run about and play roughly بچوں کا اندھا دھند دوڑنا **rompers** N. PL. child's overall بچوں کے کھیل کے کپڑے
roof N. (PL. *roofs*) upper covering of building چھت *roof of the world,* high plateau (esp. of Tibet) چھت بلند سطح مرتفع
rook (ruk) N. ❶ large kind of crow پہاڑی کوا ❷ (in Chess) one of the two major pieces on sides طرف ، کردے ، رُخ
room N. ❶ chamber کمرہ ، کوٹھری ، دالان ❷ place جگہ ❸ capacity گنجائش **roomful** N. as much as a room will contain کمرہ بھر **roomy** (*roo*-mi) ADJ. spacious کافی جگہ ، گنجائش والا
roost (roost) N. ❶ perch پرندوں کا اڈہ ❷ hencoop مرغیوں کا ڈربہ بسیرا V.I. sleep on roost بسیرا لینا **rooster** N. (U.S.) cock مرغ ، مرغا
root N. ❶ part of plant in earth جڑ ❷ basis, real cause اصل ، بنا ❸ stem (*of* word) مادہ V.T. & I. take root جڑ پکڑنا **root out** V.T. extirpate it جڑ سے اکھاڑنا
rope (rohp) N. thick cord رسہ ، رسی **rope-dancer** N. performer on tight rope بازیگر ، نٹ **rope's end** N. short piece of rope for flogging درہ **rope-trick** N. ❶ supposed trick of throwing rope in air and scaling it as a pole رسن بازی ❷ magical trick جادو کا کھیل V.T. ❶ fasten with rope رسی سے باندھنا ❷ lasso ❸ رسے سے پکڑنا bring (*in someone*) to ensure help from (him) پھانسنا
rosary (*roh*-zĕ-ri) N. ❶ string of beads for keeping count تسبیح ، سبحہ ، مالا ❷ rose-garden گلستان
rose (rohz) N. ❶ well-known flower or the plant bearing it گلاب ❷ pink colour گلابی رنگ **roseate** (*roh*-zi-ayt) ADJ. rose-coloured گلابی رنگ
rosin (*roz*-in) N. solid part of crude turpentine left after extraction of oil گندہ بروزہ
rostrum (*ros*-trum) N. public-speaking dais or pulpit منبر ، پلیٹ فارم
rosy (*roh*-zi) ADJ. ❶ rose-coloured گلابی ❷ healthy (رخسار) گلابی ❸ bright (future) (مستقبل) پر امید
rot V.T. & I. (-tt-) decay سڑنا N. decomposition سڑنے کی حالت **rotten** ADJ. ★
rotary (*roh*-tĕ-ri) ADJ. having circular motion گھومنے والا N. such printing press چھاپنے کی گھماؤ مشین ، گردان مطبع
rotate (ro-*tayt*) V.T. & I. ❶ (cause to) move round an axis محوری گردش کرنا یا دینا ❷ alternate باری باری آنا یا لانا **rotation** (ro-*tay*-shĕn) N. rotating
rote (roht) N. (only in PH.: *by rote* ❶ by heart زبانی حفظ ❷ without thinking سوچے سمجھے بغیر
rotten (*rot*-ĕn) ADJ. ❶ decayed گلا سڑا ❷ gone bad گندا
rotund (roh-*tund*) ADJ. round (person) موٹا تازہ ، گول گپا
rouble (*roo*-bĕl) N. Russian coin روبل
rouge (roozh) N. red powder for cheeks سُرخی ، غلگونہ ، عارض V.T. & I. apply rouge to سُرخی لگانا
rough (ruf) ADJ. ❶ uneven ناہموار ❷ not smooth کھردرا ❸ crude ان گھڑ ، بھونڈا ❹ stern اکھڑ ، تند خو ❺ stormy (weather, sea, etc.) طوفانی ، طوفان خیز ❻ (draft or work) or first attempt ابتدائی ، رف **roughen** (*ruf*-ĕn) V.T. & I. make or become rough کھردرا (یا) سخت کرنا (یا) ہونا **roughly** ADV. (also) about تقریباً **roughshod** (*ruf*-shod) ADV. (only in PH. :) *ride roughshod over,* domineer over پر مسلط ہونا
roulette (roo-*let*) N. revolving disk for gambling جوئے کا گھومنے والا تختہ
round (round) ADJ. ❶ circular or spherical گول ❷ complete پورا ، پورے N.

❶ complete series of engagements in a piece of work (کام کا) چکر ❷ single shot ایک بار چلائی ہوئی گولی (وغیرہ) ❸ back پیچھے v.t. & i. ❶ become or make round گول کرنا یا ہونا ❷ round (something) off, complete (it) (کو) مکمل کرنا ، پایۂ تکمیل کو پہنچانا **roundabout** adj. ❶ indirect اِدھر اُدھر سے ❷ circular enclosure at the crossroads چوک کا چکر **roundly** adv. ❶ plainly صاف صاف کہہ کر ❷ almost تقریباً **roundness** n. being round گولائی **round up** v.t. finish (speech, etc.) suitably موزوں طریق پر ختم کرنا **round table** adj. (meeting, conference, etc.) on equal terms گول میز کانفرنس ، برابر کی سطح پر گفت و شنید

rouse (rouz) v.t. & i. ❶ wake جگانا ❷ stir up اُبھارنا

rout (rout) n. ❶ utter defeat شکست فاش ❷ disorderly retreat بھگدڑ v.t. put to rout شکست فاش دینا

route (root) n. course of journey راستہ

route march (*root*-mah*ch) n. battalion's march during training پلٹن کا مشقی کوچ

routine (roo-*teen*) n. customary course of action معمول ، ڈھرا ، ضابطہ

rove (rohv) v.i. ❶ ramble اِدھر اُدھر پھرنا ❷ roam چکر لگانا **rover** n. ❶ rambler مٹر گشت کرنے والا ❷ pirate بحری ڈاکو ، سمندری قزاق ❸ scout who is 17 years of age or older still روور سکاؤٹ

[1]**row** (roh) n. ❶ rank ; line of persons standing shoulder to shoulder صف ❷ line قطار v.t. & i. ❶ (boat) with oars کشتی کھینا ❷ take (someone) in boat کشتی میں لے جانا

[2]**row** (rou) n. (colloq.) noisy dispute جھگڑا ، رگڑا جھگڑا . *kick up a row* ph. raise dispute جھگڑا کھڑا کرنا

rowdiness, rowdyism (*rou*-di-ism) n. rowdy behaviour دنگا فساد ، ہنگامہ

rowdy (*rou*-di) adj. & n. disorderly and noisy (person) جھگڑالو ، فسادی ، دنگئی

rower (*roh*-e*) n. oarsman چپو چلانے والا

royal (*roi*-èl) adj. ❶ pertaining to sovereign شاہی ❷ suitable for sovereign شاہانہ ❸ dignified معزز

royalty (-ti) n. ❶ شاہی اقتدار ، بادشاہی ❷ royal family شاہی خاندان ، شاہی خاندان کے افراد ❸ part of income (on book) paid to copyright owner حقِ تصنیف کا متناسب معاوضہ

rub (rub) v.t. & i. (-bb-) ❶ scrape رگڑ کھانا ❷ scour مانجھنا ، صاف کرنا **rubbing** n. ❶ scraping ملنا ❷ its process رگڑ

rubber n. ❶ eraser ربڑ ❷ (usu. three) successive games تین مسلسل بازیاں

rubbish (*rub*-ish) n. ❶ refuse گندگی ، ❷ nonsense فضول بکواس

rubicund (*roob*-i-kund) adj. ❶ red faced سُرخ چہرے والا ❷ ruddy لال گلال

ruby (*roo*-bi) n. (pl. *rubies*) a kind of gem لعل ، یاقوت

rudder (*rud*-è*) n. steering-piece at back of boat, etc. پتوار

ruddy (*rud*-i) adj. healthily red سُرخ و سفید

rude (rood) adj. ❶ disrespectful گستاخ ، گستاخانہ ❷ crude بھدا ، ان گھڑ ❸ violent (shock) سخت

rudeness n. ❶ disrespect گستاخی ❷ misbehaviour بدتمیزی ❸ crudeness بھدا پن ❹ severity شدت

rudimentary (rood-i-*ment*-è*ri) adj. elementary ابتدائی **rudiments** (*roo*-di-ments) n. pl. elements (of science, language, etc.) مبادی ، مبادیات

rue (roo) v. t. regret پچھتانا n. remorse پچھتاوا ، پشیمانی **rueful** adj. doleful غمگین

ruffian (*ruf*-yèn) n. violent bully غنڈہ ، بدمعاش

ruffle (*ruf*-èl) v.t. & i. ❶ worry پریشان کرنا یا ہونا ❷ cause ripples ہلکی لہریں پیدا کرنا

rug (rug) n. thick (woollen) mat نمدہ

Rugby football (*rug*-bi) n. rugger رگبی ، رگر

rugged (*rug*-èd) adj. ❶ irregular craggy (coast) چٹانوں والا ، کٹا پھٹا ساحل ❷ rough سخت ، ناہموار **rugger** (*rug*-e*) n. Rugby football ; kind of football game in which hands are also used رگبی ، رگر

ruin (*roo*-in) N. destruction تباہی، خاتمہ V.T. destroy برباد کرنا، تباہ کرنا **ruination** N. ruining or being ruined تباہی، بربادی **ruined** (roo-ind) ADJ. destroyed برباد، تباہ، تباہ حال **ruinous** (*roo*-i-nus) ADJ. in ruins کھنڈر

rule (rool) N. ❶ government حکمرانی حکومت ❷ authority اقتدار ❸ law or by-law قاعدہ، ضابطہ، قانون ❹ standard معیار، دستور ❺ strip for drawing straight lines مسطر، پیمانہ، رول، چھتی V.T. & I. ❶ govern حکومت کرنا، حکمرانی کرنا ❷ give the verdict فیصلہ دینا ❸ draw (line) with ruler سے لکیر کھینچنا **ruler** (*rool*-ē*) N. ❶ one who rules حاکم حکمران ❷ strip for drawing straight lines مسطر، پیمانہ، رول، چھتی **ruling** N. (*rool*-ing) ❶ (esp.) decision on a point فیصلہ ❷ court's order حکم ADJ. (of party) in power حزب اقتدار، حکمران جماعت، سرکاری پارٹی

rum (rum) N. sugar-cane liquor گنے کی شراب

rumble (*rum*-bēl) N. low heavy rolling sound گرج، گڑگڑاہٹ V.T. & I. make such sound گرجنا **rumbling** N. (usu. PL.) rumble گرج، گڑگڑاہٹ

ruminant (*room*-i-nēnt) N. & ADJ. ruminating (animal) جگالی کرنے والا (جانور)

ruminate (*room*-i-nayt) V.T. ❶ chew the cud جگالی کرنا ❷ think deeply غور و خوض کرنا


rummage (*rum*-ij) V.T. & I. ❶ ransack چھان مارنا ❷ make search (*in* or *through*) بری طرح الٹ پلٹ کر دیکھنا

rumour (*room*-ē*) N. hearsay افواہ V.T. spread rumour further افواہ پھیلانا

run (run) V.T. & I. (-nn-) (*run, ran, run*) ❶ moving fast without putting the whole foot on ground دوڑنا، دوڑانا ❷ move quickly تیز چلنا ❸ go quickly (to) بھاگ کر جانا، بھاگ ❹ travel چلنا ❺ (of machine) keep going چلنا ❻ thrust (*into*) میں چبھونا N. ❶ act of running دوڑ (in cricket) unit of ore (جمع رنز) رن ❷ enclosure for poultry مرغی خانہ ❸ suddenly rising demand اچانک بڑھ جانے والی مانگ **runner** (*run*-ē*) N. ❶ one who runs دوڑنے والا ❷ courier ہرکارہ، قاصد **running** ADJ. continuous لگاتار، مسلسل **runner up** N. competitor standing second دوسرے نمبر پر آنے والا

runway N. paved track for aircraft ہوائی اڈے میں طیارے کی سڑک

rung (rung) N. ❶ step of a ladder سیڑھی کا ڈنڈا ❷ V. (P. T. & P. P. of *ring*) بجایا



rupee (roo-*pee*) N. (ABB. SING. *Re.* PL. *Rs.*) روپیہ

rupture (*rup*-chē*) N. ❶ end (of friendship) ناچاقی، علیحدگی ❷ (bursting) of blood-vessel, etc. فتق، پھٹنا

rural (*roo*-rēl) ADJ. (OPP. *urban*) pertaining to villages, etc. دیہی، دیہاتی

ruse (rooz) N. deceitful trick چال

rush (rush) V.T. & I. ❶ dash forward تیزی سے جانا یا بھیجنا ❷ (cause to) rush بھاگنا یا بھگانا ❸ thurst (into) میں گھس جانا ❹ attack suddenly and occupy پر اچانک حملہ کرکے قبضہ کر لینا N. ❶ sweep جھاڑو ❷ quick and vigorous onward movement زور ❸ strong demand (*for*) کی بڑی مانگ ❹ crowd بھیڑ، ہجوم ❺ pressure (of work) (کام کا) زور

rusk (rusk) N. (loaf of) bread rebaked پاپا، رس بسکٹ، رس

rust (rust) N. brownish matter forming on iron through oxidization زنگ V.T. & I. have rust زنگ لگنا یا لگانا، زنگ آلودہ ہو جانا

rustic (*rus*-tik) ADJ. ❶ rural دیہاتی، گنوار ❷ unrefined, crude اجڈ، گنوار

rusticate (*rus*-ti-kayt) N. ❶ lead a rural life دیہاتی زندگی بسر کرنا ❷ expel temporarily from college, etc عارضی طور پر خارج کرنا **rustication** (-kay-) N. such expulsion عارضی اخراج

rustle (*rus*-ēl) N. sound of leaves in breeze سرسراہٹ V.T. & I. produce this sound سرسرانا، سرسر کرنا

rusty (*rus*-ti) ADJ. covered with

rust زنگ آلود
rut (rut) N. ❶ wheel track لیک ❷ fixed habit پکی عادت ❸ beaten track ذلیل، مبتذل روش
ruth (rooth) N. pity رحم **ruthless** ADJ. pitiless cruel ظالم، بیرحم، سنگ دل
rye (rī) N. a kind of foodgrain رائی
ryot (rī-ėt) N. landless peasant رعیت

S

s, S (es) (PL. *s's* or *ss*) ❶ nineteenth letter of the English alphabet ایس ❷ S-shaped curve دہرا خم ❸ any S-shaped object ایس نما، ایس ❹ ('s) (ABB. of) *has, is* or *us*) رکھتا ہے (یا) ہم
Sabbath (*sab*-ath) N. day of rest every week according to Jews or Christians یوم استراحت، سبت
sable (say-bėl) N. (fur of) an arctic animal سمور کی کھال سمور ADJ. (lit.) dark (clouds, etc.) کالا، سیاہ



sabotage (*sab*-o-tahzh or -tij) N. wilful damage to machinery, etc. توڑ پھوڑ، تخریب کاری **sabotage** V.T. commit sabotage on تخریب کاری کرنا
saboteur (*sab*-o-tė*) N. one who sabotages تخریب کار
sabre (*say*-bė*) N. sword with curved blade شمشیر، ٹیڑھی تلوار
saccharin (*sak*-ė-rin) N. a very sweet substance obtained from coal کیمیاوی کھانڈ، سکرین
sack (sak) N. ❶ large bag بوری ❷ plunder لوٹ مار، تاخت وتاراج ❸ (colloq.) dismissal برطرفی، برخاستگی *give (someone) the sack* PH. dismiss (him) برخاست کرنا V.T. ❶ put into a sack بوری میں بھرنا ❷ plunder لوٹ مار کرنا ❸ (colloq.) dismiss برخاست کرنا
sackcloth N. fabric for making sacks ٹاٹ، بوریا **sacking** N. sackcloth ٹاٹ، بوریا
sacrament (*sak*-rė-ment) N. ❶ any Christian rite عیسائیوں کی مذہبی رسم ❷ Holy communion عشائے ربانی
sacramental (-*ment*-) ADJ. of a sacrament عیسائیوں کی مذہبی رسوم سے متعلق
sacred (*sak*-red) ADJ. holy مقدس، متبرک
sacrifice (*sak*-ri-fīs) N. offering to God قربانی، قربانی کا جانور V.T. & I. make a sacrifice قربانی دینا **sacrificial** (sak-ri-*fish*-ėl) ADJ. of sacrifice قربانی کا
sacrilege (*sak*-ri-lij) N. disrespect to something sacred بے حرمتی **sacrilegious** (-*lee*-jus) ADJ. one who commits a sacrilege بے حرمتی کرنے والا
sacrosant (*sak*-ro-sankt) ADJ. (something) to be protected for its sacredness محترم، حرام، مقدس
sad ADJ. ❶ sorrowful حزیں، اداس، غمگین، غمناک ❷ bad برا ❸ dull (colour) ضوفیانہ
sadden (*sad*-ėn) V.T. & I. make or become sad غم میں مبتلا کرنا یا ہونا
saddle (*sad*-ėl) N. ❶ leather seat on horseback کاٹھی، گدی، زین ❷ ridge ٹنگ لمبی پہاڑی V.T. put saddle on زین ڈالنا بھاری فرض داری ڈالنا
saddlebag N. ❶ bag for horseback خورجین ❷ tool bag on a bicycle saddle سائیکل کے سامان کی تھیلی
saddler (*sad*-lė*) N. maker of saddles, etc. زین ساز، سراج، ساز گر **saddlery** (*sad*-lė-ri) N. ❶ dealing in saddles, etc. سازفروشی، زین فروشی ❷ saddles, etc. ساز و راز
sadism (*sad*-izm) N. taking pleasure in perpetrating cruelty جفا جوئی، سنگدل، لذت ستمگری **sadist** (*sad*-ist) N. person practising sadism جفاجویانہ سنگدل
safe (sayf) ADJ. ❶ out of danger محفوظ، مامون، خطرے سے باہر ❷ unhurt بچا ہوا، مامون ❸ not endangered بے خطر N. ❶ strong (iron, etc.) chest for keeping valuables in تجوری، سیف، نقد ❷ airy cupboard for food نعمت خانہ
safe conduct N. permission to move in a dangerous area راہداری اجازت نامہ، بحفاظت پہنچنے کا پروانہ
safe deposit N. building with

safes let out separately تجوری گھر۔ **safe-deposit vault** N. room for these تجوری خانہ **safety** N. ★

safeguard (*sayf*-gah*d) N. ❶ protection (*against*) تحفظ، حفاظت ❷ protective measures (*against*) حفاظتی اقدامات V.T. protect حفاظت کرنا، حفاظتی اقدامات کرنا، تحفظ کرنا

safe-keeping N. custody حفاظت، سنبھالنا

safety (*sayf*-ti) N. being safe محفوظ ہونا، حفاظت، سلامتی، بچاؤ *safety first* PH. have it as the first consideration جان ہے تو جہان ہے **safety-match** N. ordinary match ماچس، محفوظ ماچس **safety-pin** N. pin with point turned back to fit into a guard سیفٹی پن، محفوظ پن **safety-valve** N. valve releasing pressure after danger point حفاظتی کھلمنڈن

sag V.I. (-gg-) ❶ sink down in middle بیچ میں سے جھکنا ❷ hang down unevenly جھکنا، خمیدہ ہونا

saga (*sah*-gè) N. heroic myth رزمیہ

sagacious (sè-*gay*-shus) ADJ. shrewd زیرک، دانشمند **sagacity** (sè-*gas*-i-ti) N. shrewdness زیرکی، فراست

sage (sayj) N. & ADJ. very wise (man) دانا، فرزانہ، حکیم عارف

sago (*say*-goh) N. (PL. *sagoes*) (palm yielding) starch grains ساگودانہ، سابودانہ

said (sed) V. (P.T. & P.P. of *say*)

sail N. ❶ cloth pieces for sailing a boat بادبان ❷ sea voyage بحری سفر V.T. & I. ❶ go on a voyage سمندری سفر پر جانا ❷ control (a boat or ship) چلانا ❸ lift anchor لنگر اٹھانا ❹ glide ہوا میں سہولت سے اڑنا **sailings** N. PL. ships sailing (*from*) (سے) روانہ ہونے والے جہاز **sailor** (*say*-lè*) N. mariner جہاز راں، کشتی راں، کشتی بان، ملاح، ناخدا

saint (saynt) N. holy person ولی **saintly** (*saynt*-li) ADJ. holy مقدس، متبرک، بزرگ (یا بزرگانہ)

saith (sayth) V. (old form of *says*)

sake (sayk) N. (only in PH.:) (*for someone's*) *sake, for the sake of,* for (someone) کے لیے، کے واسطے، کی خاطر

salable (*sayl*-è-bèl) ADJ. that can (easily) be sold قابل فروخت، بکاؤ

salad (*sal*-èd) N. cold dish of various raw or boiled vegetables سلاد

sal-ammoniac N. ammonium chloride نوشادر

salary (*sal*-è-ri) N. pay on monthly basis تنخواہ، طلب، مشاہرہ

sale (sayl) N. ❶ selling (*of* something) فروخت، بکری ❷ auction نیلامی، نیلام

salesman N. (FEM. *saleswoman*) shop assistant دکان پر مال بیچنے والا، سیلزمین

salient (*say*-li-ent) ADJ. ❶ prominent نمایاں ❷ protruding ابھرا ہوا

saline (*sal*-in) ADJ. salty نمکین، کھاری N. medicine containing magnesium, etc. used as purgative جلاب **salinity** (sè-*lin*-i-ti) N. ❶ being saltish نمکین ❷ having saltpetre شور

saliva (sa-*lī*-vè) N. secretion from mouth لعاب دہن

sallow (*sal*-oh) ADJ. unhealthily yellow (skin) پیلی، زرد

sally (*sal*-i) N. ❶ sortie by surrounded soldiers محاصرے سے نکل کر حملہ ❷ joke پھبتی، لطیفہ V.T. & I. ❶ make sally ٹوٹ پڑنا، تاخت کرنا ❷ go (*forth* or *out*) on journey سفر پر نکلنا

salmon (*sam*-èn) N. (PL. same) a large kind of edible fish سامن مچھلی



salon (*sè-lon*) N. drawing room دیوان خانہ

saloon (sè-*loon*) N. ❶ large room for social assemblies in ship, hotel, etc. دیوان خانہ ❷ (U.S.) pub شراب خانہ ❸ motorcar پکی چھت والی کار، سیلون

salt (sawlt or solt) N. (also *common salt* or *table salt*) substance making things saltish نمک، لون *smelling salts,* medicine for bringing back to consciousness ہوش میں لانے والی دوا V.T. put salt on or in (food) میں نمک ڈالنا، کو نمک لگانا، پر نمک چھڑکنا ADJ. containing (or

tasting of) salt نمکین **salt-cellar** N. small container for salt نمکدان، نمکدانی **salt-mine** N. mine yielding salt نمک کی کان، کان نمک **saltpetre** (sawlt-*pee*-tè*) N. nitre شورہ، قلمی شورہ **salty** (*sawl*-ti) ADJ. containing salt نمکین

salubrious (sè-*loob*-ri-us) ADJ. health-giving (climate) صحت بخش

salubrity (sè-*loob*-ri-ti) N. being salubrious صحت بخشی

salutary (*sal*-ew-tè-ri) ADJ. conducive to good results فائدہ بخش، اثر مند، مفید

salutation (sa'-ew-*tay*-shèn) N. greeting سلام

salute (sè-*lewt*) N. military way of greeting سلامی V.T. & I. ❶ make salute to کو سلام کرنا ❷ give salute to کو سلامی دینا

salvage (*sal*-vèj) N. rescuing of property from loss, etc. (ڈوبتے یا جلتے ہوئے سامان میں سے کچھ بچا لینا V.T. save from such loss ڈوبتے یا جلتے ہوئے سامان میں سے کچھ بچا لینا

salvage depot N. stores for spare stuff بچے کھچے سامان کا گودام **salvation** (sal-*vay*-shèn) N. ❶ saving from sin or from its consequences بخشش، نجات ❷ rescue (*of*) رہائی یا نجات

salve (salv or sahv) N. healing ointment مرہم V.T. put salve on پھایا رکھنا، پھویا رکھنا، مرہم لگانا

salver (*sal*-vè*) N. tray پیش کرنے کی کشتی، پیش کرنے کا طشت

salvo (*sal*-voh) N. firing of a number (*of* guns or bombs) together (بموں کی) بوچھاڑ، توپوں کی سلامی، شلک

sal volatile (sal-vo-*lat*-il) N. smelling salts ہوش میں لانے کی دوا، تریاق بیہوشی، لخلخہ

samaritan (sè-*ma*-ri-tèn) N. ❶ of Samaria سامری ❷ generous person helping others نیک، فیاض، غریبوں کا مددگار

same (saym) ADJ. & PRON. ❶ identical وہی، اسی جیسا، ہوبہو ❷ similarly ویسا ہی، ایسا ہی ❸ equal all over یکساں، ایک سا

samovar (*sam*-o-vah*) Russian tea-vessel سماوار

sample (*sahm*-pèl) N. specimen نمونہ V.T. (cause to) test (something) by examining (its) sample نمونہ دیکھنا یا دکھانا

sanatorium (san-è-*to*-ri-um) N. (PL. *sanatoria*) hospital (esp.) for T.B. patients سینی ٹوریم، دق کے مریضوں کا دار الصحت

sanctify (*sank*-ti-fi) V.T. regard sacred مقدس قرار دینا

sanctimonious (-*moh*-ni-us) ADJ. pretending to sanctity زاہد پُرفریب، ریاکار

sanctity (*sank*-ti-ti) N. sacredness مقدس ہونا، تقدس

sanction (*sank*-shèn) N. ❶ permission اجازت، منظوری ❷ enforcement of respect for law through penalties, etc. قوت نافذہ ❸ penalty سزا، تعزیر V.T. give sanction of کی منظوری دینا **sanctuary** (*sank*-tew-è-ri) N. sacred مقدس مقام، حرم، جائے پناہ، امن کی جگہ

sand (sand) N. grey dust with thick grains ریت، ریگ **sand-bag** N. gunny bag filled with sand ریت کا بورا **sand-bank** N. bank formed by tides **sand-glass** N. hour-glass using sand for indicating time ریت گھڑی **sand-paper** N. paper with sand glued to it for smoothing away rough surfaces ریگمال **sandstone** N. rock made mainly of sand بھربھرا پتھر، نیلا پتھر



sandal (*sand*-èl) N. a kind of light shoe سینڈل، چپل، چپلی

sandalwood (-wūd) N. a kind of fragrant wood صندل، چندن

sandy (*sand*-i) ADJ. or covered with sand ریگ آلود

sandwich (*san*-wij, or *sand*-wich) N. ❶ pair of slices with some other foodstuff in between سینڈوچ روٹی کے دو پرت جن کے درمیان گوشت وغیرہ رکھا ہو ❷ insert things in (*between*) two others شامل کرنا، ڈالنا، بیچ میں رکھنا

sane (sayn) ADJ ❶ sensible (person) ہوشمند ❷ moderate (views) اعتدال پسندانہ **sanely** ADV ہوشمندی سے **sanity** N. *

sanity (*san*-i-ti) N. being sane ہوشمندی **sane** ADJ. *

sang-froid (sahn-*froh*-è) N. coolness in face of danger حواس قائم رکھنا

sanguine (*sang*-win) ADJ. ❶ confident پُراعتماد ❷ optimistic پُرامید

sanguinary (*sang*-wi-nè-ri) ADJ. (of battle, etc.) causing much bloodshed خونریز، خون آشام

sanitary (*san*-i-tè-ri) ADJ. hygienic صفائی والا **sanitation** (san-i-*tay*-shèn) N. (maintenance of) sanitary conditions صفائی

Santa Claus (*sant*-è-klawz) N. the supposed Father Christmas who fills Christian children's socks with presents on Xmas eve بابا کرسمس

sap N. juice in plants عرق، رس V.T. ❶ drain off sap of کا رس چوس لینا ❷ dig out tunnel سرنگ لگانا **sapless** ADJ. ❶ without sap سوکھا ❷ effete ازکار رفتہ

sapling (*sap*-ling) N. young tree درخت کا پودا، نونہال

sapper (*sap*-è*) N. soldier tained to do the work of sapping سرنگیں وغیرہ کھودنے والا سپاہی **sappers and miners** N. army corps comprising such soldiers سفرمینا

sapwork N. hard irksome work for earning one's bread محنت، مشقت روزی کمانے کے لیے محنت

sapphire (*saf*-i-è*) N. a kind of blue jewel نیلم ADJ. azure ہلکا نیلا، نیلگوں

Saracen (*sa*-rè-sèn) N. Muslim مسلمان

sarcasm (sah*-*kazm*) N. sneering remarks طنز، تعریض **sarcastic** ADJ.*

sarcastic (sah*-*kas*-tik) ADJ. of sarcasm طنز آمیز، طنزیہ **sarcasm** N.*

sarcophagus (sah*-*kof*-è-gus) N. stone coffin پتھر کا تابوت

sardine (*sah**-deen) N. a kind of small fish سارڈین مچھلی

sardonic (sah**don*-ik) ADJ. ❶ cynical (smile, etc.) تلخ ❷ mocking تمسخر آمیز

sari N. length of cloth worn round body by women ساڑھی

subscribe (sub-*skrib*) V. T. & I. ❶ donate (amount) چندہ دینا ❷ pay subscription چندہ دینا، (کا) خریدار بننا ❸ sign دستخط کرنا **subscriber** N. ❶ one who signs دستخط کرنے والا ❷ one who pays subscription چندہ دینے والا **subscription** (-*skrip*-) N. ❶ donation اخبار وغیرہ کا چندہ ❷ signature دستخط ❸ price of a periodical for a fixed time چندہ *take out a subscription* (*to*) (کا) چندہ بھیجنا

subsequent (*sub*-si-kwent) ADJ. ❶ later بعد کا ❷ following اگلا

subserve (sub-*se*v*) V. T. serve as means ذریعہ ہونا

subservient (sub-*sě*-vi-ent) ADJ. serving as a tool (*to*) تابع فرمان

subside (sub-*sīd*) V. I. go down ...

normal level عام سطح پر آنا

subsidiary (sub-*sid*-yè-ri) ADJ. serving as support (*to*) ذیلی

subsidise (*sub*-si-diz) V. T. give a subsidy to امداد دینا

subsidy (*sub*-si-di) N. ❶ grant by one government (*to* another) دولتی تعاون کے پیسے، امداد ❷ grant (*by* government *to* an industry) (قیمتیں کم کرنے کے پیسے) سرکاری امداد

subsist (sub-*sist*) V. I. ❶ exist وجود رکھنا، زندہ رہنا ❷ find sustenance گزارا پانا **subsistence** N. ❶ existence زندگی، وجود، بقا، ہستی ❷ what one lives on خوراک، غذا ❸ livelihood گزارہ

substance (*sub*-stèns) N. ❶ material thing چیز، شے ❷ possessions مال، جائداد ❸ useful stuff جوہر، مغز ❹ basic part اصل، حقیقت ❺ essence (of speech, argument, etc.) جوہر، لب لباب، خلاصہ ❻ summary خلاصہ، تلخیص، تلخیص

substantial (sub-*stansh*-èl) ADJ. ❶ solidly built ٹھوس، مضبوط ❷ real اصل، حقیقی ❸ having physical existence مادی ❹ considerable کافی

substantiate (sub-*stansh*-i-ayt) V. T. prove by giving reasons or facts ثبوت مہیا کرنا، ثابت کرنا

substantive (sub-*stant*-iv) ADJ. ❶ basic بنیادی ❷ having independent existence قائم بالذات N. noun اسم

substitute (*sub*-sti-tewt) N. person or thing taking the place of another بدل، قائم مقام V. T. put or use as substitute (*for*) قائم مقام بنانا **substitution** N. ❶ substituting قائم مقام بنانا ❷ putting another in its place کی جگہ لگانا

subtend (sub-*tend*) V. I. be opposite to arc or angle زاویہ کے سامنے ہونا

subterfuge (*sub*-tè*-fewj) N. ❶ trick حیلہ، بہانہ، ٹالنے کی ترکیب ❷ dodging excuse سخن سازی

subterranean (sub-tè-*ray*-ni-èn) ADJ. underground زیر زمین

subtle (*sut*-èl) ADJ. ❶ too fine to be easily perceived دقیق، باریک، لطیف ❷ mysterious گہرا ❸ sensitive حساس

subtlety (*sut*-èl-ti) N. ❶ fineness لطافت، نکتہ سنجی ❷ hairsplitting distinction باریکی

subtract (sub-*trakt*) V. T. تفریق کرنا، گھٹانا **subtraction** (-*trak*-) N. act of subtracting تفریق

suburb (*sub*-ĕ*b) N. ❶ outlying area of city نواحی بستی ❷ (PL.) satellite towns (of city) نواحی بستیاں، گرد و نواح **suburban** ADJ. of or in a suburb قصباتی

subversion (sub-*vĕ**-shèn) N. subverting تخریب **subversive** (sub-*vĕ**-siv) ADJ. tending to subvert تخریبی

subvert (-*vĕ**t) V. T. overthrow government by weakening people's morale تخریب کرنا، عوام کا حوصلہ پست کر کے حکومت کی جڑوں کو کھوکھلا کرنا

subway (*sub*-way) N. ❶ underground passage زیریں راہ، پایاب راہ ❷ (U.S.) tube زیر زمین ریل

succeed (suk-*seed*) V. T. & I. ❶ accomplish کامیاب ہونا ❷ follow (someone) کی جگہ (کچھ) بنانا، کا جانشین ہونا، کے بعد آنا

success (suk-*ses*) N. succeeding کامیابی، کامرانی **successful** ADJ. winning success کامیاب

succession (suk-*sesh*-èn) N. coming after بعد ہونا، بعد آنا **successive** (suk-*ses*-iv) ADJ. consecutive پے در پے، مسلسل **successor** (suk-*ses*-è*) N. person or thing that succeeds another جانشین، وارث، بعد میں آنے والا **succeed** V. ★

succinct (suk-*sinkt*) ADJ. terse, brief (style) مختصر اور جامع، موجز

succour (*suk*-è*) N. help given in time of need آڑے وقت پر مدد IV. T. help thus آڑے (یا اڑے) وقت پر مدد دینا، امداد کرنا

succulent (*suck*-ew-lènt) ADJ. juicy (fruit) رس بھرا، رسیلا

succumb (se-*kum*) V. I. yield (*to*) کا شکار ہونا

such (such) PRON. that بہ اسی حیثیت سے ADJ. ایسا، اس طرح کا، اس قدر *such as* PH. for example مثلاً

suck (suk) V. T. absorb چوسنا **sucker**

N. ❶ pump-piston پشتارہ ❷ pipe for sucking through چوسنے کی نلی

suckle (*suk*-èl) V. T. feed with milk from the breast دودھ پلانا، چسانا

suckling (*suk*-ling) N. infant or young animal still being suckled دودھ پیتا بچہ، شیر خوار

suction (*suk*-shèn) N. ❶ sucking چوسنا، جذب کرنا ❷ draw thus خلا پیدا کر کے کھینچنا یا ہلانا

sudden (*sud*-èn) ADJ. quick or unexpected اچانک، یکایک، ناگہانی، اتفاقیہ

suddenly ADV. all of a sudden اچانک، یکایک، ایکاایکی، دفعتہ

suds (sudz) N. PL. (also *soap suds*) soap froth صابن کا جھاگ، صابن کا پھین

sue (sew) V. T. & I. go to law against نالش کرنا

suede (swayd) N. undressed kid-skin for gloves, etc. میشہ، سوید

suet (*sew*-èt) N. fat as a cooking-medium بیٹھ کی چربی

suffer (*suff*-è*) V. T. & I. ❶ feel (pain, etc.) اٹھانا، جھیلنا، برداشت کرنا ❷ be in trouble مصیبت میں پڑنا ❸ be struck with مبتلا ہونا **sufferance** (*suf*-è-rèns) N. implied permission tacit consent (اعتراض نہ ہونے کے باعث) مفروضہ اجازت

suffering N. (usu PL.) trouble, what one has to endure تکلیف، مصیبت

suffice (su-fis) V. T. & I. ❶ be enough کافی ہونا ❷ suffice it to say (that) بس یہ کہنا کافی ہے (کہ)

sufficiency (su-*fish*-en-si) N. sufficient quantity (*of*) کفایت، کافی مقدار

sufficient (su-*fish*-ent) ADJ. enough کافی

suffix N. (*suf*-iks) letter or syllable added at end of word لاحقہ V. T. (su-*fiks*) add at the end of syllable لاحق کرنا، لاحقہ لگانا

suffocate (*suf*-o-kayt) V.T. & I. ❶ choke گلا گھونٹنا ❷ kill thus گلا، گھونٹ کر مارنا **suffocation** (-*kay*-) N. ❶ murder by chocking گلا گھونٹنا ❷ chose atmosphere گھٹن، حبس، امس

suffrage (*suf*-rij) N. ❶ vote for a member of the Legislature پارلیمانی انتخاب میں رائے ووٹ ❷ right to vote thus حق رائے دہی

suffragette (-*jet*-) N. women suffragist حق رائے دہی کی حامی (یا) طالب **suffragist** N. advocate of giving women the right to vote عورتوں کے حق رائے دہی کا حامی (یا) طالب

suffuse (su-*fewz*) V. T. spread slowly over دوڑ جانا، چھا جانا، چڑھ جانا

sugar (*shoo*-ge*) N. sweet powder, grains etc. کھانڈ، چینی، شکر V. T. sweeten with sugar چینی ڈالنا، شکر ملانا **sugar-cane** N. cane yielding sugar گنا، اوکھ، ایکھ

sugar-coat V. T. make palatable (by sugar or flattery) گوارا کو گوارا بنانا **sugar-coated** (*pills*, خوشامد درآمد کرنا گوارا بنائی ہوئی (تلخ بات یا شے)، شکر لپٹا ہوا

sugar-crystals N. PL. grain of sugar چینی کے دانے **sugar-cube** N. چینی کی ڈلی

sugar-mill, sugar-refinery N. mill manufacturing sugar کھانڈ کا کارخانہ کارخانہ شکر سازی **sugary** (*shoog*-è-ri) ADJ. tasting of sugar چینی والا، میٹھا

suggest (su-*jest*) V. T. ❶ propose تجویز پیش کرنا ❷ point out اشارہ کرنا، خیال دلانا **suggestion** (su-*jes*-chèn) N. ❶ proposal تجویز ❷ slight indication (*of*) اثر ❸ idea خیال

suicidal (sew-i-*si*-del) ADJ ❶ amounting to suicide خودکشی کے مترادف ❷ harmful نقصان دہ


suicide (*sew*-i-sid) N. ❶ deliberately killing oneself خودکشی کرنا ❷ one who does so خودکشی کرنے والا

suit (sewt) N. ❶ set of clothes of the same cloth سوٹ، جوڑا ❷ request عرض، معروضہ ❸ (also *law suit*) case in a court of law مقدمہ، نالش، دعویٰ ❹ proposal for marriage شادی کی درخواست V. T. satisfy the needs of کافی ہونا، موافق ہونا **suitable** (*sewt*-a-bel) حسب دلخواہ ہونا، راس آنا ADJ. right موزوں، شایاں **suitability** (-*bil*-) N. being suitable مناسبت، موزونیت

suite (sweet) N. ❶ personal attendants of a sovereign خدم و حشم ❷ (also *a suite of rooms*) flat فلیٹ

suited (*sewt*-id) ADJ. fit موزوں، مناسب

suitcase (*sewt*-kays) N. small case

for carrying one's clothes سُوٹ کیس 

suitor (*sewt*-è*) N. ❶ petition in law-court دعویٰ دائر کرنے والا، مدّعی ❷ one who asks for a woman's hand in marriage شادی کی درخواست کرنے والا

sulk (sulk) V. I. be sulky رُوٹھنا **sulky** (*sul*-ki) ADJ. رُوٹھا ہُوا، رُوٹھا ہوا ہونا

sullen (*sul*-èn) ADJ. ❶ bad-tempered خفا، بیزار ❷ dark and gloomy تیرہ و تار، اُداس

sully (sul-i) V. T. stain (someone's good name) دھبّہ لگانا، کلنک کا ٹیکہ لگانا

sulphur (*sul*-fè*) N. a pale yellow non-metallic element گندھک، گبریت **sulphuric** (sul-*few*-rik) ADJ. of sulphur گندھک کا **sulphuric acid** N. acid made from it گندھک کا تیزاب

sultry (*sul*-tri) ADJ. (of the weather) hot and close حبس والا، اُمس والا

sum (sum) N. ❶ total میزان ❷ amount of money رقم ❸ problem in arithmetic حساب کا سوال ❹ resume V.T. & I. (-mm-) (*sum up*) ❶ give the total of (some figures) جمع کرنا، میزان لگانا ❷ express briefly خلاصہ، مطلب بیان کرنا

summarize (*sum*-è-riz) V. T. make a summary of خلاصہ کرنا، تلخیص کرنا

summary (*sum*-è-ri) N. precis; short restatement of chief points (*of*) خلاصہ، ملخص، تلخیص ADJ. (of *trial*, etc.) done or given without delay سرسری

summer (*sum*-è*) N. (the) warm season گرمیاں، موسمِ گرما **summer-house** N. garden shelter with seats; bower **summer vacation** N. long period of holidays during summer تعطیلاتِ موسمِ گرما

summersault, summerset N. (same as **somersault**★) قلابازی

summit (*sum*-it) N. ❶ top (of hill, etc.) چوٹی ❷ highest end حد ❸ perfection اِنتہا، کمال **summit conference** N. conference between highest authorities چوٹی کی کانفرنس، اعلیٰ ترین سطح پر گفت و شنید

summon (*sum*-èn) V. T. ❶ issue orders to appear in a court of law عدالت میں طلب کرنا ❷ call اجلاس بلانا، بلوا بھیجنا **summons** (*sum*-unz) N. (PL. *summonses*) order to appear before judge پروانۂ طلبی، سمن

summum bonum (*sum*-um-*boh*-num) N. maximum good سب سے زیادہ بھلائی

sumptuous (*sum*-tew-us) ADJ. magnificent شاندار

sun (sun) N. ❶ star of solar system سُورج، آفتاب ❷ (also *sunlight*), light or warmth of the sun دھوپ V. T. (-nn-) put in the rays of the sun دھوپ میں رکھنا **sunbath** N. basking دھوپ کھانا **sun-blind** N. external shade of window کھڑکی کا سائبان

Sunday (*sun*-di) N. day before Monday اتوار

sunder (*sun*-dè*) V. T. sever, separate جُدا کرنا، کاٹ ڈالنا

sun-dial N. dial showing time through shade دھوپ گھڑی

sundown N. (U.S.) sunset غروبِ آفتاب

sundries (*sun*-driz) N. PL. oddments; various small items متفرقات

sundry (*sund*-ri) ADJ. various متفرق

sunflower N. a tall plant with large yellow flowers سُورج مُکھی

sunny (*sun*-i) ADJ. bright with sunlight دھوپ سے روشن

sunrise N. ❶ rising of the sun طلوعِ آفتاب ❷ its time, فجر، سویرا

sunset N. ❶ setting of the sun غروب ❷ its time شام

sun-shade N. ❶ parasol زنانہ چھاتا ❷ shade of tarpaulin, etc. outside a shop دُکان کا سائبان

sunshine N. bright sunlight دُھوپ

sun-spot N. spot on the sun سُورج پر داغ، داغِ آفتاب

sunstroke N. effect of heat creating unsconsciousness لُو کا اثر

sup (sup) V. T. & I. (-ipp-)

drink by sips گھونٹ گھونٹ کرکے حلق سے اتارنا ❷ take supper شام کا کھانا کھانا
super- (sewp-è*) PREF. more ; greater than فوق ، مافوق ، ماورا ، بے حد
superannuate (sewp-è*-*an*-ew-ayt) V. T. retire and give old age pension to (someone) پیرانہ سالی کے باعث سبکدوش کرکے وظیفہ دینا
superb (sew-*pè*b*) ADJ. magnificent نہایت شاندار
supercilious (sew-pè*-*sil*-i-us) ADJ. haughty متکبر ، نخوت پسند
supererogation (-*gay*-) N. more than prescribed work نفل ، فرض منصبی سے زیادہ **superogatory** ADJ. such unnecessary (work) نفلی ، فرض منصبی سے زیادہ
superficial (-*fish*-èl) ADJ. on or of the surface سطحی
superfine (*sewp*-è*-fin) ADJ. very fine نفیس ، بہت بڑھیا
superfluity (sewp-è*-*floo*-i-ti) N. being superfluous فالتو
superfluous (soop-ē*-*floo*-us) ADJ. more than is needed فالتو ، زائد
superintend (sewp-è*-in-*tend*) V.T. & I. arrange and direct (work, etc. of) نگرانی کرنا ، انتظام کرنا
superintendent (sewp-è-rin-*ten*-dent) N. official manager ناظم ، نگران ، سپرنٹنڈنٹ
superior (soo-*pee*-ri-è*) ADJ. better than the average بڑھیا ، اوّل درجے کا
superiority (soo-pee-ri-*o*-ri-ti) N. being better برتری ، تفوّق
superlative (soo-*pè*-lè-tive) ADJ. best اعلیٰ ، بہترین ، اچھا **superlative degree** N. form of adjectives or adverbs expressing the highest degree (as *bravest*, *most wisely*, etc.) تفضیل کل
superman (sew-pè*-*man*) N. man with superior form of evolution فوق البشر
supernatural (sewp-è*-*nach*-è-rèl) ADJ. above ordinary nature خارقِ عادت ، مافوق الفطرت
supersede (sewp-è*-*seed*) V. T. ❶ oust کی جگہ لینا ❷ cancel منسوخ کرنا ، کو ترک کرنا
supersonic (sewp-è*-*son*-ik) ❶ (of speed) faster than sound فوق صوت ، بالائے صوت ❷ (of aircraf or their engines) built to fly at such speed بالائے صوتی
superstition (sewp-è*-*stish*-èn) N. unreasoning belief in or fear of something mysterious اوہام پرستی ، وہم
superstitious (-*stish*-us) ADJ. ❶ based on superstition اوہام پرستانہ ❷ full of superstition وہمی
superstructure (*sewp*-è*-struk-chè*) N. upper part of building بالائی عمارت ، بالائی منزل
supertax (*sewp*-è*-taks) N. additional income-tax on higher incomes سُوپر ٹیکس ، زائد محصول
supervene (sewp-è*-*veen*) V. I. come in between حائل ہونا ، بیچ میں آجانا
supervise (sewp-è*-*viz*) V. I. ❶ oversee نگرانی کرنا ❷ inspect معائنہ کرنا ❸ manage انتظام کرنا **supervision** (*vizh*-èn) N. overseeing نگرانی **supervisor** N. (*sewp*-è*-vi-zè*) overseer, superintendent نگران ، منتظم
supine (sew-*pin*) ADJ. (OPP. of *prone*) ❶ lying face upwards پیٹھ کے بل ، چت ❷ inactive کاہل ❸ slow to act سست
supper (*sup*-è*) N. last meal of the day رات کا کھانا ، شام کا کھانا
supplant (sup-*lahnt*) V. T. supersede کی جگہ لینا
supple (*sup*-èl) ADJ. ❶ not stiff, flexible نرم ، لچکدار ❷ adaptable لچک پذیر ❸ artfully compliant خوشامد کرنے والا ، دب کر کام نکالنے والا
supplement (*sup*-lè-ment) N. ❶ something added later to complete ضمیمہ ، تکملہ ، تتمہ ❷ angle forming 180° along with another تکملہ ❸ extra issue (*of* periodical) ضمیمہ V. T. (sup-lè-*ment*) add to اضافہ کرنا ، بڑھانا **supplementary** (sup-lè-*ment*-è-ri) ❶ ADJ. additional مزید

❷ extra فالتو
suppliant (*sup*-li-ènt) **supplicant** (*sup*-li-kènt) N. one supplicating; one begging for some boon ملتجی ، رحم کا طالب
supplicate (*sup*-li-kayt) V. T. & I. ask humbly التجا کرنا **supplication** (-*kay*-) N. supplicating التجا
supplies (sup-*liz*) N. PL. stores for some public need رسد **supply** N. ★
supply (sup-*li*) N. ❶ supplying ہم رسانی ❷ that which is supplied رسد ، سامان ، ہم پہنچائی ہوئی چیز V. T. provide ہم پہنچانا ، مہیا کرنا **supply and demand** N. ❶ stocks available and demanded طلب و رسد، رسد اور طلب ❷ supply in the market and demand by consumers قانون طلب و رسد
support (sè-*poh**t) V. T. ❶ bear the weight of بوجھ اٹھانا ، سہارا ہونا ❷ give strength to (someone or something) تائید کرنا، حمایت کرنا، حوصلہ افزائی کرنا ❸ provide (someone) with necessities خرچ برداشت کرنا ، کفیل ہونا ❹ bring up thus پرورش کرنا ، کفیل ہونا ❺ help مدد دینا ، امداد کرنا N. ❶ supporting or being supported سہارا ، تائید ، حمایت ❷ that which supports حامی ، مددگار ❸ aid مدد ، امداد *in support of* PH. in order to promote کے حق میں **supporter** N. one who supports حامی ، مددگار
suppose (sè-*phoz*) V. T. ❶ assume فرض کرنا ❷ presume خیال کرنا ، قیاس کرنا *suppose we go in a walk,* آؤ سیر کو چلیں
supposed (su-*pohzd*) ADJ. assumed مفروضہ **supposedly** (su-*poh*-zid-li) ADV. according to general belief مبینہ طور پر **supposing** (-*pohz*-) CONJ. ❶ if ❷ assuming فرض کیجیے
supposition (sup-o-*zish*-èn) N. ❶ supposing قیاس آرائی ، خیال ❷ assumption مفروضہ ❸ idea خیال
suppository (sè-*poz*-i-tè-ri) N. medicine for putting into some cavity to dissolve there بتی
suppress (sup-*res*) V. T. ❶ put down; put an end to کچل دینا ، خاتمہ کرنا ❷ avoid giving vent to ضبط کرنا ، روکنا ❸ with-hold پوشیدہ رکھنا ، نہ بتانا ❹ ban ممنوع قرار دینا
suppressed (sup-*rest*) ADJ. ❶ banned ممنوعہ ، ضبط شدہ ❷ withheld نہ بتایا ہوا ، پوشیدہ رکھا ہوا ❸ curbed دبا ہوا
suppresion (-*resh*-èn) N. suppressing امتناع ، اخفا ، خاتمہ **suppressor** N. one who suppresses دبانے والا
suppurate (*sup*-ew-rayt) V. I. form pus پکنا ، پیپ پڑنا
supremacy (soop-*remè*-si) N. ❶ being supreme برتری ❷ highest authority حاکم اعلیٰ **supreme** N. ★
supreme (soop-*reem*) ADJ. highest in rank or authority اعلیٰ ، برتر *the Supreme Being,* God خداتعالیٰ ، خدا *the Supreme Court,* سب سے بڑی عدالت ، عدالت عالیہ **supremely** ADV. extremely نہایت ، انتہائی
surcharge N. (*sè**-chah*j) ❶ additional charge مزید رقم ❷ extra load مزید بوجھ ❸ fine for underpayment, etc. جرمانہ ❹ new value printed on stamp نئی قیمت V. T. (sè*-*chah**j) ❶ overload مزید بوجھ ڈالنا ❷ exact as sucharge جرمانہ ڈالنا
surd (sě*d) N. (also *surd number,* or *surd root*) irrational number or quantity مجذور اصم
sure (*shoo*-è*) ADJ. ❶ certain (*of* or *that*) (کا) یقین رکھنے والا (کے بارے میں) ، غیر متذبذب ❷ trustworthy یقینی ، قابل اعتبار ❸ definite پکا ، بالضرور ❹ without doubt بلاشبہ ، بے شک ، ضرور **sure enough** ADV. certainly یقیناً **surely** (*shoo*-è*-li) ADV. certainly یقیناً ، لازماً *be sure to* (*do*) PH. not to fail to (do) ضرور کرنا **surety** (*shoo*-è*-ti) N. ❶ guarantee ضمانت ❷ guarantor ضامن *stand surety for* کی ضمانت دینا
surf (sě*f) N. foam of waves لہروں کا جھاگ ، کف دریا
surface (*sě**-fis) N. ❶ exposed side سطح ❷ outward appearance شکل و صورت
surfeit (*sě**-fit) N. ❶ overeating or

heaviness caused by it پرخوری (سے گرانی) ❷ excess (*of* anything) زیادتی v. T. overeat بہت زیادہ کھا جانا، سے منہ بھر جانا

surfy (*sē**-fi) ADJ. full of or like surf کف دریا کا سا (پانی والا)

surge (se*j) v. I. move forward in or like billowing waves امنڈنا N. onrush (of waves, etc.) طوفان

surgeon (*sē**-jĕn) N. doctor who performs operations سرجن، جرّاح

surgery (*sē**-jè-ri) N. treatment of diseases by operations (فن) جراحی، جراحت

surgical ADJ. of surgery جراحی کا، جراحی کے متعلق

surlily (*sē**-li-li) ADV. in a surly manner اکھڑپن سے **surliness** N. being surly اکھڑپن، بدمزاجی **surly** ADJ. *

surly (*sē**-li) ADJ. ❶ rude اکھڑ ❷ sour-tempered بدمزاج، تنک مزاج، بدخو

surmise (*sè**-*miz*) V. T. & I. conjecture اندازہ لگانا، قیاس (آرائی) کرنا N. conjecture اندازہ، قیاس، قیاس آرائی

surmount (sè*-*mount*) V. T. overcome دور کرنا، پر غلبہ پانا، پر قابو پانا

surname (*sè**-naym) N. family name خاندانی نام

surpass (sè*-*pahs*) V.T. outdo, excel, exceed سے بڑھ جانا، پر سبقت لے جانا **surpassing** ADJ. unmatched بے نظیر، بے مثل

surplus (*sè**-plus) N. ❶ something left over زائد، بچا ہوا ❷ excess of public revenue over expenditure بچت ❸ more than what should be بچت، زائد

surprisal (-*priz*-) N. surprising (someone) بے خبری میں آ لینا، حیران کر دینا

surprise V. *

surprise (sè*-*priz*) N. ❶ unexpected thing اچنبھا ❷ feeling caused by it اچنبھا، تعجب، حیرت V. T. ❶ capture by sudden attack اچانک حملہ کر کے لینا ❷ come upon suddenly اچانک جا لینا ❸ astonish حیران کر دینا، بھونچکا کر دینا

surprising (-*priz*-) ADJ. astonishing حیرت انگیز، عجیب

surrealism (*sè-ree*-è-lizm) N. modern movement in art and literature to express subconscious thinking through dream-like images بالاواقعیت

surrender (sè-*rend* è*) V. T. & I. ❶ give up کے حوالے کرنا ❷ lay down (arms) سپرانداز ہونا، ہتھیار ڈال دینا ❸ stop fighting and yield اطاعت قبول کرنا ❹ admit defeat شکست تسلیم کرنا ❺ give up (claim) سے دستبردار ہونا N. ❶ surrendering حوالے کر دینا ❷ defeat شکست، سپراندازی ❸ yielding ہار مان لینا ❹ giving up claim دستبرداری

surreptitious (sè-rep-*tish*-us) ADJ. done stealthily خفیہ، پوشیدہ **surreptitiously** ADV. stealthily چوری چھپے

surround (sè-*round*) V. T. enclose کا محاصرہ کرنا، کے گرد گھیرا ڈال لینا **surrounding** N. PL. environment گردونواح، ماحول

surtax (*sè**-taks) N. additional tax on very high incomes زائد ٹیکس V. T. impose surtax on زائد ٹیکس لگانا

surveillance (sè*-*vayl*-yans) N. watch kept over workers or suspects نگرانی

survey V. T. (sè*-*vay*) ❶ take a general view of پر طائرانہ نظر ڈالنا، کا جائزہ لینا ❷ measure up for map-making کی مساحت کرنا (*sè**-vay) ❶ general view طائرانہ نظر ❷ land surveying مساحت **surveyor** (-è*) N. one who surveys land or buildings ناظر مساحت **surveyor-general** N. ناظر اعلیٰ مساحت

survival (se*-*viv*-ĕl) N. surviving باقی رہنا، بچ جانا **survival of the fittest** N. survival of the best in struggle for existence بقائے اصلح

survive V. *

survive (sè*-*viv*) V. T. & I. ❶ continue to be کا وجود قائم رہنا ❷ remain alive after کے بعد تک زندہ رہنا ❸ remain alive after calamity, disease, etc.) بچ جانا **survivor** (-è*) N. ❶ person who has safely comes out باقیماندہ ❷ one who lives after calamity بچ جانے والا ❸ (PL.) relatives of the deceased پسماندگان

susceptible (sè-*sep*-ti-bèl) ADJ. ❶ easily influenced by feelings حساس ❷ (*susceptible to*), easily affected by اثرپذیر ❸ capable (*of*) کے قابل **susceptibility** (-*bil*-) N. ❶ sensitiveness حساس ہونا ❷ (PL.) beliefs, etc. about which ones very sensitive دکھتی رگ، بن جانے والے احساسات

suspect V. T. (sus-*pect*) ❶ be inclined to believe کا خیال ہونا، گمان ہونا ❷ feel that (someone) is guilty (کسی پر) کسی بات کا) شبہ کرنا N. (*sus*-pekt) one suspected of crime مشتبہ شخص ADJ. ❶ of doutful character مشکوک چال چلن ❷ suspected مشتبہ **suspicion** N. ★

suspend (sus-*pend*) V. T. & I. ❶ remain floating معلق رہنا ❷ hang up (*from*) لٹکانا ❸ postpone ملتوی کرنا ❹ stop (person or law) from working for the time being معطل کرنا ❺ stop (payment, etc.) for a time عارضی طور پر روک دینا **suspenders** N. PL. ❶ pair of supports for socks گیٹس ❷ pair of braces گیلس **suspension** N.

suspense (sus-*pens*) N. uncertainty تشویش، امید و بیم کی حالت

suspension N. suspending or being suspended لٹکانا، التوا، معطلی **suspension bridge** N. bridge suspended on steel cables لٹکتا پل

suspicion (sus-*pish*-èn) N. ❶ feeling that something is wrong شک و شبہ ❷ suggestion (*of*) شبہ **suspicious** (sus-*pish*-us) ADJ. ❶ causing suspicion مشتبہ ❷ having suspicion شکی **suspect** V. & ADJ. ★

sustain (sus-*tayn*) V. T. ❶ keep from falling, etc. اٹھائے رکھنا، سہارا دینا ❷ keep up زندہ رکھنا، جاری رکھنا ❸ suffer (loss or defeat) اٹھانا ❹ uphold حق بجانب قرار دینا **sustained** (sus-*taynd*) ADJ. continued over a long time مسلسل **sustenance** N. ★

sustenance (*sus*-tè-nans) N. ❶ food غذا ❷ food value غذائیت **sustain** V. ★

suzerain (*sewz*-e-rayn) N. ❶ feudal lord سردار ❷ State ruling another حکمران ریاست ❸ its ruler حکمران، ریاست کا فرمانروا **suzerainty** (-ti) N. such control محدود فرمانروائی

swab (swob) N. ❶ (wet) mop for cleaning کوچی، گدی ❷ clumsy fellow بھدا آدمی V. T. (-bb-) clean with a swab کوچی (یا گدی) سے صاف کرنا

swaddle (*swod*-el) V. T. put child in warm wraps نہالچوں میں لپیٹنا **swaddling clothes** N. نہالچے

swagger (*swog*-è*) V. I. ❶ strut اینٹھ کر چلنا ❷ be boastful رعب جمانا N. such manner دھونس، ہیکڑی، اکڑ کر چلنا

swain (swayn) N. young rustic love دیہاتی نوجوان، دیہاتی عاشق

swallow (*swol*-oh) V. T. & I. ❶ gulp نگلنا ❷ use up کھا جانا ❸ believe ناقابلِ یقین یا انہونی بات پر یقین کر لینا ❹ put up with (insult) برداشت کر لینا، پی جانا ❺ withdraw (one's remarks) expressing regret اپنے لفظ واپس لینا ❻ engulf غرق کر دینا N. ❶ swallowing ہڑپ کرنا، نگلنا ❷ a well-known summer bird ابابیل



swam V. (P. T. of **swim***) تیرا

swamp (swomp) N. bog, marsh دلدل V. T. ❶ soak شرابور کر دینا ❷ overwhelm کی بھرمار سے ناک میں دم کر دینا ❸ absorb اپنے اندر گم کر دینا **swampy** (*swom*-pi) ADJ. having, or growing in swamps دلدلی

swan (swon) N. large duck-like water-bird of white colour ہنس، راج ہنس **swan song** N. ❶ fabled song of swan before its death ہنس کا آخری نغمہ ❷ one's last achievement آخری شاہکار

swarm (swo*m) N. ❶ large number (of birds, insects, etc.) moving about together جھنڈ ❷ (PL.) large number ہجوم، بھیڑ V. T. & I. ❶ move about in large numbers جھنڈ میں اڑنا ❷ crowd (*with*) سے بھرے ہونا ❸ climb (up pole) gripping it with the knees and hands ہاتھ پاؤں سے چمٹ کر چڑھنا

swarthy (*swo**-dhi) ADJ. dark (complexion) کالا ، سیاہ فام

swash (swosh) V. T. & I. make the sound of water washing about چھپ چھپ کرنا N. this sound چھپ چھپ

swashbuckler (*swoosh*-buk-lĕ*) N. (1) bully دھونس دینے والا (2) mercenary soldier بھاڑے کا سپاہی **swashing** ADJ. violent (blow) زور کا دھونس

swat (swot) V. T. (-tt-) hit (fly) with a sharp blow of the hand زور سے مارنا

swathe (swaydh) V.T. wrap tightly in bandages or wraps پٹیاں باندھنا

sway (sway) V. T. & I. (1) move or be moved to and fro unsteadily ہلنا جلنا ، ہلانا جلانا (2) rule over پر حکمرانی کرنا (3) influence کو متاثر کرنا N. (1) swaying movement جھونا دینا ، جھلانا (2) rule حکمرانی (3) influence, control اثر

swear (*sway-ĕ**) V. T. & I. (*swear, swore, sworn*) (1) take oath قسم اٹھانا ، حلف اٹھانا (2) cause to take oath قسم کھانا ، حلف دینا (3) promise on oath کا عہد کرنا *swear at* PH. curse کو گالیاں دینا *swear by* PH. (1) appeal to as witness کی قسم کھانا (2) be sure of *swear (someone) in* PH. administer oath of office to him کو عہدے پر فائز کرتے وقت حلف دینا **swear-off** V. T. swear to give up کے ترک کی قسم کھانا **swear-word** N. curse گالی

sweat (swet) N. (1) perspiration پسینہ (2) hard work سخت محنت پسینہ میں شرابور V. T. & I. (1) perspire کو پسینہ آنا (2) work hard سخت محنت کرنا ، خون پسینہ ایک کرنا (3) drive (someone) to work hard at very low wages مزدوروں وغیرہ کا خون چوسنا

sweater N. thick jersey سویٹر

sweaty ADJ. (1) (of clothes) wet with sweat پسینے میں تر بتر (2) smelling of it جس میں سے پسینہ کی بو آئے

sweep V. T. & I. (*sweep, swept, swept*) (1) brush away جھاڑنا ، جھاڑو دینا (2) move swiftly while removing whatever comes in the way اڑا لے جانا (3) stretch in a large curve خطِ ہلالی میں مڑنا ، بڑا موڑ مڑنا (4) move in stately manner شان سے گزرنا N. (1) sweeping جھاڑو دینا (2) sweeping movement تیز حرکت (3) long curve (or road, etc.) لمبا موڑ (4) range چکر ، پاٹ (5) (also *chimney-sweep*), man whose work is sweeping soot from chimneys دودکش کی صفائی کرنے والا ، دود روب *sweep (someone) off (his) feet* PH. cause (him to fall down گرا دینا *sweep the board* PH. win completely پوری طرح جیت جانا *sweep the seas* PH. drive away all enemies from there دشمن کو سمندر سے مار بھگانا

sweeper N. (1) one who sweeps جاروب کش (2) machine for sweeping جاروب کش ، جاروب **sweeping** ADJ. (1) far-reaching (change, etc.) دور رس (2) too generalized (statement) ignoring important exceptions

sweepstake, sweepstakes N. gambling one a horse race گھوڑ دوڑ کا جوا

sweet (sweet) ADJ. (1) tasting like sugar میٹھا ، شیریں (2) pleasant to smell خوشبودار (3) fresh (4) pleasant to hear سریلا (5) attractive دلکش (6) gentle شریفانہ (7) very pretty بہت خوبصورت (8) kind مہربان (9) soft ملائم N. (also *sweet dish*) dish of sweet food as part of a meal میٹھا **sweeten** V. T. & I. make or become sweet میٹھا ہونا یا بنانا **sweetmeat** N. sweets, esp. bonbons or plum, etc. preserved in sugar مٹھائی ، شیرینی **sweet oil** N. oil without a bitter taste میٹھا تیل **sweet potato** N. a well-known edible root شکر قندی **sweet-root** N. liquorice ملٹھی **sweets** N. PL. very sweet sugared eatable مٹھائی ، شیرینی **sweet seventeen** N. 17th year of one's life میٹھا برس **sweet stuff** N. sweets مٹھائی ، شیرینی **sweet tooth** N. taste for sweet foods مٹھائی کا شوق **sweet-toothed** ADJ. one fond of sweet foods

sweety N. (PL. *sweeties*) (child's word for) confection or sweetmeat مٹھائی

swell (swel) V. T. & I. (*swell*; *swelled*; *swelled*, or *swollen*) ❶ (cause to) grow in volume پھیلنا (پھیلانا) ❷ (cause to) become louder بلند ہونا یا کرنا ❸ raise (*up*) ابھارنا ❹ have inflammation سوجنا *swell with pride* PH. feel proud بہت اترانا، بڑا فخر محسوس کرنا N. ❶ gradual increase چڑھاؤ ❷ slow rise and fall of the sea اتار چڑھاؤ ❸ well-dressed person بڑے ٹھاٹھ والا ADJ. ❶ smartly dressed خوش پوش ❷ distinguished ممتاز، نمایاں **swelled head** N. conceited بڑے غرور، مغرور **swelling** N. inflammation سوجن، ورم، آماس

swelter (*swel*-tě*) V. I. be or feel very hot سخت گرمی ہونا یا لگنا

swept V. P. T. & P. P. of **sweep** چلی، صاف کیا، جھاڑو دی، اڑا لے گیا

swerve (swě*v) V. T. & I. deviate (*from*) منحرف N. swerving movement جھوک، انحراف

swift ADJ. ❶ speedy فوری ❷ quick تیز **swiftly** ADV. quickly جلدی سے

swim V. T. & I. (*swim*, *swam*, *swum*) ❶ move along in water تیرنا، پیرنا ❷ overflow (*with*) چھلک جانا ❸ (of head) be dizzy (سر کا) چکرانا N. ❶ swimming تیرنا، پیرنا ❷ distance swum تیراکی کا فاصلہ **swimmer** N. one who swims تیراک، پیراک **swimming** N. moving along in water تیراکی، پیراکی

swindle (*swind*-ěl) V. T. & I. cheat ٹھگ لینا N. ❶ fraud ٹھگی، فریب ❷ inexpensive thing sold as a valuable دھوکے سے بیچا ہوا گھٹیا مال **swindler** N. one who swindles ٹھگ، عیار، دھوکے باز، فریبی

swine (swin) N. (PL. same) ❶ pig خنزیر، سؤر ❷ degraded person

swing V. T. & I. (*swing*, *swung*, *swung*) ❶ move to and fro in a curve with one end fixed جھولنا، جھلانا ❷ move with a free, easy movement لچک کر چلنا ❸ curve موڑنا، مڑنا N. ❶ swinging movement جھولنے کی حرکت ❷ seat held by ropes, etc. for swinging on جھولا، پینگ

swirl (swě*l) N. eddy چکر V. T. & I. whirl, eddy (*about*)

swish V. T. & I. ❶ swing through the air with a hissing sound سٹاک سے مارنا ❷ rustle سرسر کرنا ❸ (of heavy rain) fall with such sound چھم چھم پڑنا (یا) برسنا N. ❶ sound of heavy rain چھم چھم ❷ rustling سرسراہٹ ❸ sound of whip سٹراکا

switch (swich) N. ❶ device for making or breaking an electric connexion سوئچ، بجلی کا بٹن ❷ such device for rail for changing track کینچی ❸ twig for whipping سنٹی، قمچی V. T. & I. ❶ turn (electric current) بجلی کا بٹن دبانا ❷ switch (electric light, fan, radio, etc. *on*) بتی جلانا، پنکھا چلانا ❸ put (*off* light) بتی وغیرہ بند کرنا ❹ move (train or tram) to another track کانٹا بدلنا ❺ turn from one subject to another ❻ whip قمچی مارنا ❼ swing (tail, etc.) جھٹکے سے ہلنا یا ہلانا **switchboard** N. apparatus with numerous switches, esp. for making (electric) connexions سوئچ بورڈ، بٹن تختہ

swivel (*swiv*-ěl) N. freely moving joint with a ring and pivot چول اور چھلا، چول چھلا V. T. & I. (-ll-) turn (as on a swivel) چول چھلے پر گھومنا یا گھمانا

swollen V. (P. P. of **swell** ★) سوجا ہوا، آماس زدہ

swoon V. T. & I. faint غش کھانا، غش آنا N. fainting fit غشی، غشی کا دورہ

swoop V. I. (of a bird of prey) come (*down on* or *upon* something) with a rush جھپٹنا، ٹوٹ پڑنا N. ❶ plunge (*of* a bird of prey) جھپٹ، جھپٹا ❷ sudden descent اچانک حملہ

sword (soh*d) N. ❶ long steel-bladed weapon تلوار ❷ military

power فوجی طاقت ③ arbitrament of war جنگ سے فیصلہ **swordfish** N. large sword like fish پچھلی **sword-law** N. military domination فوجی اقتدار **sword-play** N. ① fencing شمشیر بازی ② repartee حاضر جوابی ③ cut-and-thrust argument نوک جھونک **swordsman** N. one having specified skill with the sword تیغ زن، شمشیر باز **swords-manship** N. being a swordsman تیغ زنی، شمشیر بازی

swore V. (P. T. of **swear** ★) (قسم کھائی)

sworn V. (P.P. of **swear** ★) (حلف اٹھائے) ADJ. ① strong پکا، گہرا، سخت ② on oath حلفیہ *sworn-brothers, sworn friends* PH. very intimate friends گہرے دوست، جگری دوست *sworn enemy* PH. جانی دشمن *sworn evidence* PH. evidence given on oath حلفیہ بیان

swot V. I. study hard پڑھائی میں محنت کرنا سخت محنت سے پڑھنا N. ① bookworm کتاب کا کیڑا ② hard study پڑھائی میں محنت

swum (swum) V.T. & I. (P.T. & P.P. of *swim**) تیرا

sy-, syl-, sym-, syn-, sys-, PREF. with مع، با، بہ، ہم

sybil (*sib*-il) N. same as **sibyl** N. ★

sycamore (*sik*-è-moh*) N. large fig-like trees yielding hard wood جمیز.



sycophancy (*sik*-o-fans i) N. flattery چاپلوسی **sycophant** (*sick*-o-fant) N. flatterer, toady خوشامدی، چاپلوس، ٹوڈی

syl PREF. same as **sy-** ★

syllabic (si-*lab*-ik) ADJ. of (or in) syllables رکنی تہجی کا (یا میں) **syllable** N.

syllable (*sil*-è-bel) N. word or any part of it regarded as a unit of pronunciation and containing one vowel sound رکن تہجی، بول **syllabled** (-beld) ADJ. having (one two, etc.) syllables (اتنے) ارکان تہجی والا (یا اتنے بول کا)

syllabus (*sil*-è-bus) N. outline of a prescribed course of studies نصاب کا خاکہ، نصاب

syllogism (*sil*-o-jizm) N. form of logical reasoning قیاس **syllogize** (*sil*-o-jiz) V. T. & I. put into this form قیاس کی صورت دینا

sylph (silf) CLASS. MYTH. spirit of the air ہوا پری

sylvan, silvan (*sil*-vèn) ADJ. of or having woods جنگل کا (یا) جنگلوں والا

sym PREF. same as **sy** ★

symbol (*sim*-bèl) N. ① thing, etc., commonly regarded as typifying something نشان، نشانی، علامت، اشارہ، رمز ② letter حرف **symbolic** (sim-*bol*-ik), **symbolical** (sim-*bol*-i-kèl) ADJ. pertaining to used as or using symbol(s) اشارتی، ایمائی **symbolically** ADV. in a symbolic manner اشارۃً، کنایۃً **symbolism** N. a school of art (OPP. of *realism*) اشاریت **symbolize** V. T. ① be or make a symbol of علامت ہونا یا بنانا ② treat allegorically کی تاویل کرنا

symmetrical (-*met*-) ADJ. having symmetry متناسب، متوازن، ہم آہنگ **symmetry** N. ★

sympathetic (sim-pè-*thet*-ik) ADJ. ① showing or having sympathy ہمدرد ② caused by sympathy ہمدردانہ **sympathetic ailment** N. subsidiary disease (etc.) as a reaction to one already existing ہمدردانہ بیماری **sympathy** N. ★

sympathy (*sim*-pa-thi) N. compassion ہمدردی، غمخواری، دلسوزی

symmetry (*sim*-et-ri) N. having two exactly similar things, etc. on either side توازن، تناسب، ہم آہنگی

sympathize (*sim*-pè-thiz) V. I. feel or express sympathy (*with*) سے ہمدردی کرنا **sympathizing** ADJ. ① full of sympathy ہمدردانہ ② sympathetic ہمدرد

symphony (*sim*-fè-ni) N. a kind

of orchestral music in many parts سمفنی، ہم آہنگ سازینہ

symposium (*sim-poh*-zi-um) N. set of articles on one subject by various writers مجلس مذاکرہ

symptom (*simp*-tum, or *sim*-tum) N. sign of the existence (*of* illness, etc.) علامت **symptomatic** (*-mat-*) ADJ. serving as symptom (*of*) (کی) علامت

syn PREF. same as **sy-** ★

synagogical (*gog*-or-*goj*-) ADJ. pertaining to a synagogue صلواتی

synagogue N. ★

synagogue (*sin*-a-gog) N. ❶ Jewish religious assembly یہودیوں کی دینی مجلس ❷ Jewish temple یہودی معبد، صلات

synchronize (*sink*-ro-niz) V.T. & I. ❶ (cause to) happen simultaneously (*with*) بیک وقت ہونا (یا) کرنا، واقع ہونا ❷ make (clocks, watches, etc.) show exactly the same time کا وقت ملانا

syndic (*sin*-dik) N. member of a syndicate سنڈیکیٹ کا رکن

syndicalism (-è-lizm) kind of socialistic system resorting to strikes to achieve its objectives ہڑتالی اشتراکیت

syndicate (*sind*-i-kayt) N. ❶ committee of delegates (called *syndics*) set up for promoting common interests سنڈیکیٹ، تعاونی انجمن، شرکت ❷ special committee of a University Senate سنڈیکیٹ، مجلس خصوصی ❸ organization providing articles, etc. to periodicals مقالہ رساں ادارہ V. T. ❶ form into a syndicate تعاونی انجمن بنانا ❷ publish (article, picture, etc.) in numerous newspapers, etc. through a syndicate مقالہ رساں ادارے کے واسطے سے متعدد جرائد میں شائع کرنا

syne (sin) ADV. (Scottish word for) since سے *auld lang syne* PH. days of long ago بیتے دن، اگلے وقت

synecdoche (si-*nek*-do-ki) N. figure of speech using part to represent whole بدل، لزوم مالایلزم

synod (*sin*-od) N. special assembly of the Church representatives to discuss policy and creed کلیسائی مجلس

synonym (*sin*-o-nim) N. word with the same meaning as another in the same language مترادف، ہم معنی **synonymity** (-*nim*-i-ti) N. being synonymous مترادف ہونا **synonymous** (si-*non*-i-mus) ADJ. of the same meaning (*with*) کے مترادف

synopsis (si-*nop*-sis) N. (PL. *synopses*) outline (*of* book, etc.) given at its opening or separately خاکہ

syntactic, syntactical ADJ. of syntax نحوی

syntax (*sin*-taks) N. rules of the structure of phrases or sentences نحو

synthesis (*sinth*-è-sis) N. (PL. *synthesis*) ❶ combining into a whole (OPP. of *analysis*) ترکیب ❷ result of the process مرکب **synthetic** (sin-*thet*-ik) ADJ. (natural product) prepared artificially ترکیبی، مصنوعی

syphilis (*sif*-è-lis) N. an infectious venereal disease آتشک، گرمی

syphon (*si*-fèn) N. same as **siphon** N. ★ سیفن، رسارقہ

syringe (*si*-rinj) N. minute pump for injecting liquids (*usu.* into body) پچکاری V. T. inject with a syringe پچکاری لگانا

syrup, sirup (*si*-rup) N. ❶ thick sugary liquid شربت ❷ refined molasses راب

sys PREF. same as **sy** ★

system (*sis*-tèm) N. ❶ co-ordinated whole نظام ❷ methods or principles (*of*) نظام، اصول، طریق ❸ classification ❹ arrangement ترتیب ❺ human body جسم انسانی، بدن **systematic** (-*mat*-ik) ADJ. ❶ methodical ❷ planned منظم، سوچا سمجھا

systematically ADV. methodically باقاعدہ، باقاعدگی سے، اصولی طور پر

T

t, T (tee) (*pl. t's* or *ts*) 20th letter of the English alphabet (equivalent to Urdu ٹ، ت) *dot the i's and cross the t's* PH. make the details or meanings quite clear خوب واضح کرنا

ta (tah) V. T. (child's word for) thank you شکریہ *ta muchly for it* PH. thank you very much for it بڑی مہربانی

tab N. small piece fixed to a garment, etc. as a badge, تکمہ، گھنڈی

tabard (*tab*-ĕ*d) N. garment worn over armour زرہ بکتر کے اوپر کا لبادہ

tabby, tabby-cat N. FEM. cat (esp. grey or brownish, with dark stripes دھاری دار بلی

tabernacle (*tab*-ĕ*-nak-ĕl) N. ❶ tent used by the Israelites as temple during their wandering مظلہ ❷ body so regarded فانی جسم **tabernacled** (-ĕld) ADJ. with ornamental canopy مظلہ دار *feast of the Tabernacles*, a Jewish festival عید المظال

table (*tayb*-ĕl) N. ❶ desk میز ❷ (also *dining table*), table for dining at کھانے کی میز، دستر خوان ❸ chart, catalogue, etc. (of information, etc.) نقشہ، جدول ❹ such list فہرست ❺ persons sitting at a dining table at a time دستر خوان پر بیٹھے ہوئے لوگ، کھانے والوں کی محفل V. T. ❶ make a chart or list نقشہ بنانا، فہرست بنانا، جدول میں درج کرنا ❷ present (motion) for discussion بحث کے لیے ❸ پیش کرنا put (motion) on the speaker's table to put it off ملتوی کرنا

tableau (*tab*-loh) N. (PL. *tablaux* PR. *tab*-lohz) ❶ picture تصویر ❷ sudden effective scene ڈرامائی منظر *tableau vivant* (-vi-*vonn*) N. group of moving persons representing persons or scenes چپ نظارہ، تصویر آسا منظر

table-cloth N. cloth for spreading over a table میز پوش **table-knife** N. non-folding knife چھری **table-land** N. plateau سطح مرتفع **table-spoon** for serving food بڑا چمچہ

tablet (*tab*-lĕt) N. ❶ flat sheet (of wood, etc.) for wiring تختی ❷ such inscribed sheet of stone, bronze, etc. fixed to or built in a wall لوح، تختی ❸ cake (of soap) صابن کی ٹکیہ ❹ thin disc of medicine ٹکیہ، قرص

table tennis N. ping-pong پنگ پانگ

tabloid N. small tablet of medicine چھوٹی ٹکیہ ADJ. small-sized (paper, etc.) چھوٹا

taboo (tĕ-*boo*) ADJ. (used only at the end) prohibited ممنوع، حرام N. something forbidden for being sacred مقدس (یا) حرام V. T. forbid, put under a taboo حرام دینا، ممنوع قرار دینا **tabooed** (tĕ-*bood*) ADJ. forbidden حرام، ممنوع

tabor, tabour (*tay*-bĕ*) N. small drum طنبورہ

tabular (*tab*-ew-lĕ*) ADJ. arranged in tables جدولی

tabulate V. T. arrange in tables جدول بنانا، کا نقشہ بنانا **tabulation** N. ❶ arranging thus جدول بنانا، نقشہ بنانا ❷ this act جدول سازی **tabulator** N. machine calculating and making tables جدول ساز

tacit (*tas*-it) ADJ. implicit; understood without being into words ان کہے، خاموش *tacit consent* PH. implicit approval خاموش رضامندی، خاموشی نیم رضا

taciturn (*tas*-i-tĕ*n) ADJ. in the habit of talking little کم گو، کم سخن

taciturnity (tas-i-*tĕ**n-i-ti) N. being taciturn چپ کی عادت، کم گوئی، کم سخنی

tack (*tak*) N. ❶ small flat-headed nail کیل، [illegible] میخ ❷ long loose stitch بانا ٹانکا، گندا ❸ sailing vessel's obliquely windward course جہاز کی سمت ❹ course of action راہ عمل، راستہ *come to brass-tacks* PH. discuss practical measures عملی تدابیر پر غور کرنا ❺ rope for securing sail-corner

بادبان کا رسّا ❸ substance چیز V. T. & I. ❶ fasten (or *down*) with tacks کیل لگانا ❷ put large stitches نگندے ❸ attach منسلک کرنا، نتھی کرنا ❹ sail in zig-zag course ٹیڑھا میڑھا چلنا ❺ change course of action طرزِ عمل بدلنا، مسلک بدلنا

tackle (*tak*-el) N. ❶ set of ropes and pulleys for lifting weights or sails چرخ ثقیل ❷ equipment (for fishing, etc.) سامان ❸ seizing پکڑنا V. T. & I. ❶ do (something) کرنا ❷ deal with (someone) سے نپٹنا

tact (takt) N. skilful handling of persons or situations موقع شناسی، ہوشیاری، سلیقہ **tactful** ADJ. having tact موقع شناس، ہوشیار **tactless** ADJ. lacking tact موقع ناشناس، بے تکا

tactical ADJ. of tactics شاطرانہ، مصافیاتی

tactics (*tak*-tiks) N. PL. (usu. with SING. verb) ❶ art of disposing forcess for battle ترتیبِ فوج کا فن، مصافیات ❷ schemes, for doing something تدبیر، حکمتِ عملی

tadpole (*tad*-pohl) N. partly developed frog or toad مینڈک کا بچہ

taffeta (*taf*-è-tè) N. thin but stiffened silk clothe تافتہ، دریائی، سندس

tag N. ❶ loose end کھلا سرا ❷ lace with transverse metal-ends ❸ label put for showing price or adress چٹ V. T. (-gg-) ❶ join a piece of writing, etc.) *to* or *on to* another) جوڑنا ❷ follow (someone) closely دُم چھلا ہونا ❸ fasten a tag to دھات کا سرا لگانا ❹ put a tag through

tail (tayl) N. ❶ long hanging part at animal's back دُم، پونچھ ❷ back part (*of*) پچھلا حصّہ، دُنبالہ ❸ lower part (*of*) نچلا حصّہ ❹ worst (*of* the group) بدترین، سب سے کمزور ❺ last آخری ❻ (also PL.) (in tossing) side of coin opposite the one with the head زنجیر ADJ. last آخری

tail-coat N. men's evening-dress or its coat دُمدار کوٹ یا سُوٹ

tail-end N. last part آخری حصّہ

tail-ender N. آخری، آخر میں آنے والا

tail-light N. lamp at the back (*of* car, train, etc). عقبی بتی

tailor (*tay*-lè*) N. maker of (usu.) men's clothing (OPP. *dressmaker* for women's clothing) درزی V. T. cut out and stitch سینا **tailoring** N. ❶ stitching of clothes سینا، سلائی ❷ its charges سلائی

taint (taynt) N. trace (of bad quality, infection, etc. داغ، شائبہ V. T. & I. ❶ make or become bad or infected خراب ہونا یا کرنا ❷ begin to putrefy خراب ہونے لگنا

take (tayk) N. amount taken لیا ہوا، جو کچھ لیا ہو V. T. & I. (*take, took, taken*) ❶ grasp لینا، پکڑنا ❷ snatch چھیننا ❸ capture پر قبضہ کرنا ❹ win (prize) پانا ❺ be set ablaze by (fire) کو آگ لگنا، جلنے لگنا ❻ prove attractive اچھا لگنا ❼ go with لے جانا، پہنچانا ❽ carry (someone) to a place لے جانا ❾ eat or drink (something) کھانا، پینا ❿ draw in لینا ⓫ have or get لینا، کرنا ⓬ hire or rent کرائے پر لینا ⓭ need, require کی ضرورت ہونا ⓮ suppose, presume خیال کرنا، سمجھنا، فرض کرنا ⓯ go on board (ship, train, bus, etc.) پر سوار ہونا، پکڑنا ⓰ ascertain کرنا، لینا ⓱ enter upon کرنا ⓲ exert کرنا ⓳ accept قبول کرنا ⓴ submit to برداشت کرنا ㉑ habitually consume استعمال کرنا ㉒ photograph فوٹو گرافی ㉓ steal چرانا ㉔ buy خریدنا *take after* PH. resemble (someone) کا ہم شکل ہونا *take aim* PH. set gun, etc., in some direction for firing نشانہ باندھنا *take back (one's) words* PH. ❶ withdraw (them) واپس لینا ❷ take (something) back واپس لے لینا *take care (of)* PH. کی خبرگیری کرنا، کا خیال کرنا *take (someone) by surprise* PH. ❶ come unexpectedly اچانک آ جانا، خلافِ توقع آنا ❷ surprise حیرت زدہ کر دینا attack suddenly اچانک حملہ کرنا | tak...

(something) down PH. ❶ lower (something) نیچے کرنا ❷ write (it) down لکھنا، قلمبند کرنا *take hold of* PH. grasp (something) پکڑنا *take in* PH. deceive, cheat کو فریب دینا *take in charge* V. T. arrest (someone) کو گرفتار کرنا *take (someone) into cofidence* V. T. trust (someone) with a secret کو راز کی بات بتانا *take it easy* PH. not to hury or exert oneself آرام سے کام کرنا *take it that* (PH.) assume سمجھنا *take a no* PH. accept a refusal نہ سن لینا، انکار قبول کر لینا *take notice of* PH. ❶ comment on (something) (پر) تبصرہ کرنا ❷ notice آگاہ کر دینا، پر نظر کرنا *take off* PH. ❶ (of aircraft) start a flight اڑنے لگنا ❷ remove (clothes, hat, shoes, etc.) اتارنا *take on* PH. ❶ undertake (work) کام کا ذمہ لینا، اپنے سر لینا ❷ assume (quality or appearance) اختیار کرنا *take orders* PH. become a Christian priest پادری بننا *take out* PH. obtain (insurance policy) (بیمہ) کرانا ❶ remove (stain) دور کرنا *take over* PH. take charge of کام سنبھالنا، قبضہ یا جائزہ لینا *take place* PH. occur ہونا، واقع ہونا *take sides* PH. declare one's sympathies in a dispute طرفداری کرنا *take the chair* PH. become the chairman and start proceedings as such کرسیِ صدارت پر بیٹھنا *take the lead* PH. assume leadership (in) (میں) بڑھ چڑھ کر حصہ لینا *take the liberty (of doing)* PH. presume (to do) کرنے کی جرأت کرنا *take the (offensive)* PH. begin the attack جھگڑے یا حملے میں پہل کرنا، جارحیت پر اتر آنا *take to* PH. form a liking for پسند کرنا، اختیار کرنا *take to flight* PH. run away بھاگ جانا *take to heart* PH. be grieved by (something) دل کو لگنا *take to (one's) heels* PH. run away بھاگ جانا *take (someone) to wife* PH. marry (her) سے شادی کرنا *take up* PH. ❶ lift اٹھانا ❷ proceed to deal with کی طرف توجہ کرنا *take upon (oneself)* PH. assume (burden or responsibility اٹھانا *take wind* PH. become known مشہور ہونا

taking (*tayk*-ing) ADJ. ❶ contagious متعدی ❷ attractive دلکش **takings** N. PL. total money received by a shop, etc, during a given period کل آمدنی، مجموعی یافت

tale (tayl) N. ❶ story قصہ، کہانی ❷ scandle بدگوئی **tale-bearer** N. informer چغلخور، بدگو

talent (*tal*-ènt) N. ❶ natural skill (for) جوہر، صلاحیت ❷ talented persons جوہرِ قابل ❸ ancient weight 56lb. and above ٹیلنٹ ❹ ancient money worth £ 200 and above ٹیلنٹ **talented** (tè-*len*-tid) ADJ. having talent ذہین، جوہرِ قابل

talisman (*tal*-iz-mèn) N. charm for bringing good luck تعویذ

talk (tawk) V. T. & I. speak بولنا، بات کرنا *talk all* PH. exaggerate boastfully شیخیاں بگھارنا N. ❶ conversation گفتگو، بات چیت ❷ talking بولنا، بات کرنا ❸ informal lecture تقریر **talkative** (*tawk*-è-tiv) ADJ. talking a lot باتونی، بکواس **talkies** (*tawk*-iz) N. PL. (colloq.) sound-film ٹاکی، بولتا فلم *talk of the town* PH. someone or something everyone is talking about ہر ایک کی زبان پر ہونا، جس کا گھر گھر چرچا ہو

tall (tawl) ADJ. ❶ of more than ordinary height لمبا، اونچا ❷ boastfully exaggerated (talk) شیخی والی ADV. with exaggeration شیخیاں بگھارتے ہوئے **tallness** N. being tall لمبا ہونا، اونچا ہونا

tallow (*tal*-oh) N. hard fat for making candles, etc. سخت چربی ADJ. made of tallow سخت چربی کا

tall talk N. boastful exaggeration شیخی، شیخیاں

tally (*tal*-i) V. T. & I. (cause to) correspond ملنا یا ملانا، مطابق ہونا یا کرنا N. score حساب، گنتی، لیکھا، کھاتہ

tally-ho. (*tal*-i-hoh) huntsman's cry on seeing the quarry شکاری لہکار

talons (*tal*-ènz) N. PL. claws of a bird of prey پنجہ، چنگل

tamarind (*tam*-è-rind) N. well-

known sour fruit or tree bearing it املی ، تمر ہندی

tambour (*tam*-boo*) N. ❶ small drum طنبورہ ❷ round frame for embroidery گول لکڑی کا چوبی اڈا **tambourine** (tam-*boo*-reen) N. shallow drum with jingles and skin on just one side دف

tame (taym) ADJ. not wild ; pet پالتو V. T. make tame پالتو بنانا ، رام کرنا **tamer** N. one who tames wild animals سدھانے والا ، پالتو بنانے والا

tamper (*tam*-pe*) V. I. meddle (*with* document, etc.) (میں) تحریف کرنا **tampering** N. meddling (*with* documents) تحریف

tan N. ❶ yellowish-brown colour کتھئی رنگ ❷ sunburnt skin سانولا پن V. T. & I. (-nn-) ❶ make (animal's skin) into leather چمڑا کمانا ، دباغت کرنا ، کھال رنگنا ❷ make or become brown with sunburn سنولانا ، سانولا ہونا یا کرنا ❸ (slang) thrash خوب پیٹنا ، کندی کرنا

tandem bicycle (*tan*-dem-) N. bicycle with seats for two persons دوہری سائیکل

tang (tang) N. ❶ sharp smell تیز بو ❷ characteristic taste خاص مزہ

tangent (*tanj*-ent) N. straight line touching a curve but unable to cut it even if drawn longer مماس *fly* (or *go*) *off at a tangent* PH. change idea or action suddenly قدر مماسی

tangerine (tanj-è-*reen*) N. small lose-skinned orange (as distinct from *orange*) سنترہ ، سنگترہ

tangible (*tanj*-i-bel) ADJ. ❶ that can be touched محسوس ❷ definite (proof) پکا

tangle (*tang*-èl) N. confused mass (of string, etc.) گچھا V. T. & I. (let) fall into disorder الجھانا ، الجھنا ، الجھن میں ڈالنا

tank (tank) N. ❶ container for fluid ٹینکی ، خزانہ ❷ square



pond ❸ fighting vehicle having own track ٹینک

tankard (tank-ě*d) N. tall metal mug for beer بیئر کا جام

tanker (*tank*-è*) N. ship for carrying oil تیل لے جانے والا جہاز

tanner (*tan*-è*) N. workman who tans skins چمڑا کمانے والا ، کھالیں رنگنے والا ، دباغت کرنے والا

tannery (-ri) N. place, where skins are tanned کھالیں رنگنے کا کارخانہ ، کھالیں رنگنا ، دباغت

tanning N. making skin into leather چمڑا کمانا ، کھالیں رنگنا ، دباغت **tan** V. ✱

tantalization (tan-te-li-*zay*-shen) N. act of tantalizing ترسانا ، کلپانا

tantalize (*tant*-è-liz) V. T. tease by raising hopes which will not be realized ترسانا ، کلپانا **tantalizing** ADJ. that tantalizes ترسانے والا

tantamount (*tant*-è-mount) ADJ. equivalent (*to*) کے مترادف

tap (tap) N. ❶ device for controlling flow from a container, etc. ٹونٹی ❷ light blow تھپکی ، دستک V. T. & I. ❶ let out through tap کی ٹونٹی کھولنا ❷ draw sap from (tree) by incising the bark چھید کر رس نکالنا ❸ try (someone) for loan or information سے لینے کی کوشش کرنا ❹ search and use (resources) (وسائل) بروئے کار لانا ❺ give a tap (*at* the door) دستک دینا ❻ strike lightly ٹھوکا لگانا ، مارنا *tap a telephone* (PH.) listen to other person's talk on the phone by making a secret connection ٹیلیفون ٹیپ کرنا

tape (tayp) N. ❶ long narrow strip فیتہ ❷ stripe for recording sound ٹیپ **tapemeasure** N. flexible tape of cloth, etc. marked for measuring کپڑے (وغیرہ) کا گز

taper (*tay*-pe*) N. wick with a thin wax coating burnt to give light بتی ، موم بتی ، پتلی بتی V. T. & I. make or become gradually narrower towards one end گاؤدم ہونا یا بنانا

tape-record V. T. record sound on tape ٹیپ ریکارڈ کرنا N. such record ٹیپ ریکارڈ **tape-recorder** N.

machine for recording sound (on *tape*) and replaying it ٹیپ ریکارڈر

tapestry (*tap*-ès-tri) N. ① piece of cloth with pictures woven into it مشجر، قالی بافت ② cheap cloth like it for decoration ٹیپسٹری، پردوں کا کپڑا **tapster** (*taps*-tè*) N. attendent serving liquour ساقی

tar (tah*) N. (also *coal-tar*), well-known substance obtained from coal کولتار، کوک V. T. (-rr-) cover with tar کولتار بچھانا

tarboosh (tah*-*boosh*) N. tasselled Muslim cap ترکی ٹوپی

inkle (*tink*-ĕl) V. T. & I. (cause to) make a succession of sounds as of the ringing of small bells ٹن ٹن بجنا (یا) بجانا، کی جھنکار ہونا (یا) لگانا N. tinkling sounds جھنکار

inplate N. sheet-iron coated with tin ٹین

insel (*tin*-sĕl) N. thin glittering metallic sheets سستی دھات کے چمکدار ورق ADJ. tawdry بھڑک دار

insmith N. tinman, tinker ٹین ساز

int N. light shade of a colour (کسی کا) ہلکا سا رنگ V. T. give a tint to ہلکا سا رنگ دینا

inware N. tin vessels, etc. ٹین کا سامان

iny (*ti*-ni) ADJ. very small بہت چھوٹا، ننھا سا، ذرا سا

ip N. tapered end (of finger, etc.) نوک V. T. & I. (-pp-) ❶ overturn end ایک طرف سے اونچا ہونا یا کرنا، ترچھا ہونا یا کرنا، گرنا یا گرانا ❷ touch or strike lightly ہلکا سا لگنا، چھونا ❸ (give money, etc.) in an informal way بخشش دینا، انعام دینا ❹ give secret information to چپکے سے اطلاع دینا، چوری N. ❶ extra money paid to waiter, etc. for personal services بخشش، انعام ❷ secret خفیہ پیشگی اطلاع ❸ practical advice عمدہ ترکیب

ppler N. one who gives tips about races بڑا شرابی، بلا نوش

psy (*tip*-si) ADJ. intoxicated متوالا، مدہوش، نشے میں چور

ptoe (*tip*-toh) V. I. walk quietly or be on the toes پنجوں کے بل چلنا یا کھڑا ہونا N. point of toe پیر کی انگلیوں کا اگلا حصہ *on tiptoe* PH. on the tips of the toes

tip-top AD. exceedingly good (condition) بڑی اچھی حالت

tirade (ti-*rayd*) N. scolding rant جھڑکیوں، ملامتی تقریر (یا) نظم

tire (*ti*-ĕ*) N. (same as *tyre**) ٹائر V. T. & I. ❶ make or become weary تھکنا (یا) تھکا دینا ❷ bore or be bored اکتا دینا، اکتا جانا **tired** (*ti*-ĕ*d) ADJ. ❶ weary تھکا ہوا ❷ bored اکتایا ہوا، تنگ آیا ہوا **tireless** ADJ. not easily tired ان تھک **tiresome** ADJ. ❶ tiring تھکا دینے والا ❷ difficult مشکل، کٹھن

tiro (*ti*-roh) N. novice مبتدی، نوآموز، اناڑی

'tis (tiz) (ABB. of) it is یہ ہے

tissue (*ti*-ew) N. ❶ any fine fabric باریک بنی ہوئی چیز ❷ nerves, cells, etc. of an animal or plant خلیوں کا سلسلہ، نسیج N. thin soft paper put on pictures, etc. مومی کاغذ

titanic (ti-*tan*-ik) ADJ. huge بہت بڑا، عظیم

titbit (*tit*-bit) N. ❶ choice morsel تر نوالہ، مزیدار ❷ choice bit of news, etc.) چٹکلا


tit-for-tat PH. blow in return for blow ادلے کا بدلہ، ترکی بہ ترکی جواب دینا

tithe (tidh) N. ❶ one-tenth دسواں حصہ ❷ tax amounting to one-tenth of produce, etc. عشر

title (*ti*-tĕl) N. ❶ name (of book) نام ❷ name (*of* poem, essay, short story, picture, etc.) عنوان ❸ (also *title of honour*), title bestowed as honour خطاب ❹ right (*to* property) حق ملکیت **titled** (*ti*-tĕld) ADJ. having a title of honour خطاب یافتہ **title-deed** N. document proving a title to property دستاویز ملکیت **title page** N. page at front of book giving title, author's name, etc. سرورق **title-role** N. role of a character after whom a play is named عنوانی کردار

titmouse N. a kind of small bird پھدکی
titter (*tit*-è*) N. silly half-suppressed laugh کھسیانی ہنسی V. I. laugh in a silly half suppresssed manner کھسیانی ہنسی ہنسنا
tittle (*tit*-èl) N. least quantity ذرہ بھر ، ایک شوشہ **tittle-tattle** (*tit*-èl-*tat*-èl) N. gossip گپ شپ
titular (*tit*-ew-lè*) ADJ. nominal برائے نام
to PREP. (PR. tu ; emphatic, too still more emphatic ; *too*) PH. ❶ in the direction of کو ، کی طرف ❷ opposite سامنے ❸ as far as تک ❹ for کی غرض سے ❺ (used as sign of the ndirect object) کو ❻ used as sign of the infinitive by prefixing it to the imperative (as *to* + see = to see دیکھ + نا) in comparison with بمقابلہ ADV. (too) ❶ to or in the normal position واپس ❷ to a standstill, etc. بند
toad (tohd) N. ❶ big frog-like animal that lives chiefly on land ایک بھدّے جسم کا مینڈک ❷ repulsive person مکروہ شخص **toady** (*toh*-di) N. one who flatters someone in the hope of gain خوشامدی کاسہ لیس ، ٹوڈی **toady** V. T. & I. flatter (someone) thus خوشامد کرنا ، کاسہ لیسی کرنا **toadyism** N. flattery ٹوڈی بچہ ہونا ، کاسہ لیسی *to all appearance* PH. apparently بظاہر
to and fro (-froh) PH. here and there اِدھر اُدھر
toast (tohst) N. ❶ sliced bread made brown and crisp by being heated ڈبل روٹی کا سینکا ہوا ٹکڑا ، توس ❷ wish for the good health and happiness of (someone) expressed while raising a glass of wine کا جام صحت نوش کرنا V. T. & I. ❶ make (sliced bread etc.) brown before a fire, etc. ڈبل روٹی وغیرہ سینکنا ❷ wish good health and happiness to (*someone*) by raising a glass of wine کا جام صحت نوش کرنا

tobacco (to-*bak*-oh) N. (PL. *tobaccos*) leaves used for smoking تمباکو
tobacconist (to-*bak*-o-nist) N. shop-keeper selling tobacco تمباکو فروش
tobaggan (to-*bog*-èn) N. long and narrow hand-sledge دستی برف گاڑی
to come PH. future آنے والا
today (to-*day*) N. ❶ this day آج ❷ the present time آج ، آجکل ، نیا زمانہ ، عصر حاضر ، موجودہ زمانہ ADV. ❶ in the day آج ❷ in the present times آجکل ، آج کل ، اس زمانے میں ، موجودہ زمانے میں ، اس دور میں
toddle (*tod*-èl) V. T. (of baby) walk with short uncertain steps ڈگمگانا ، بہ قدم چلنا **toddler** N. baby who can toddle پاؤں پاؤں چلنے والا بچہ
toddy (*tod*-i) V. palm-tree sap or its liquor تاڑی
to do (too-*doo*) N. ado fuss ہنگامہ ، دردِ سر
toe (toh) N. ❶ one of the five jointed ends of the foot پاؤں کی انگلی ❷ covering for the toes پنجہ V T. touch with the toes پنجے سے چھونا *big toe* N. innermost toe پاؤں کا انگوٹھا *little toe* N. outer toe پاؤں کی چھوٹی انگلی **toe-nail** N. nail of the toe پیر کا ناخن *toe the line* PH. ❶ stand with toes on the starting-line ready for a race دوڑ کے خط آغاز پہ پنجوں کے بل کھڑا ہونا ❷ obey the party's orders پارٹی کا ساتھ دینا
toffee N. hard sticky sweet made of sugar and butter ٹافی
toga (*toh*-ga) N. civil dress of the ancient Romans ٹوگا ، رومی دھوتی



together (tu-*gedh*-è*) ADJ. ❶ in company اکٹھے ❷ simultaneously ایک ساتھ ، بیک وقت *together with* PH. ❶ along with مع ، سمیت ❷ as well as اور بھی
to hand PH. ❶ within reach قریب (of letter) arrived موصول
toil (toil) N. hard work محنت ، مشقت ، جانفشانی V. I. ❶ work hard سخت محنت کرنا ❷ move with difficulty مشکل سے جانا **toiler** N. one who toils جان مارنے والا

toilet (*toi*-lit) N. ❶ process of doing the hair, etc.; make up بناؤ سنگھار ❷ dress, etc. پوشاک، لباس ❸ place for easing nature پاخانہ، بیت الخلا **toilet articles** N. PL. things needed for one's make up سنگھار کا سامان

toilet paper N. paper used in the privy پاخانہ پونچھنے کا کاغذ، استنجائی

toilsome (*toil*-sum) ADV. involving toilet مشقت طلب

token (*tohk*-ĕn) N. ❶ sign or mark نشان، نشانی، ثبوت ❷ stamped metal piece for use as temporary receipt ٹوکن ADJ. serving only as a symbol علامتی

told (tohld) V. (P.T. & P. P. of *tell*) کہا، کہا ہوا

tolerable (*tol*-ĕ-ri-bĕl) ADJ. ❶ that can be tolerated گوارا، قابل برداشت ❷ fairly good اچھا خاصا **tolerate** V.

tolerance (*tol*-ĕ-rens) N. tolerating برداشت **tolerant** ADJ. having or showing tolerance بردبار، روادار

tolerate (*tol*-ĕ-rayt) V. T. bear, put up with برداشت کرنا، گوارا کرنا

toleration (-*ray*-) N. tolerating religious freedom رواداری

to let (tū-*let*) ADJ. offered at lease کرائے کے لیے خالی V. T. ❶ allow اجازت دینا، جانے دینا ❷ offer at lease کرائے پر دینا

toll (tol) N. ❶ tax on the use of a road, bridge, harbour, etc. in travelling چنگی ❷ miller's portion of grain kept as fee for grinding پسائی V. T. & I. ring (گھنٹی) بجانا، بجنا N. sound made by the tolling of a bell ٹن ٹن **toll-gate** N. gate at which a toll must be paid چنگی کی چوکی *take a toll of* PH. cause heavy deaths in a group میں سے بہتوں کی جان لینا

tomahawk (*tom*-ĕ-hawk) N. light Red Indian axe used as a tool and weapon ٹوماہاک

tomato (to-*mah*-toh) N. (PL. *tomatoes*) N. well-known soft, juicy ٹماٹر

tomb (toom) N. grave usu. with a monument over it مقبرہ

tomboy (*tom*-boi) N. romping girl who likes rough noisy games ہڑدونگی لڑکی

tombstone N. stone set up on a tomb کتبہ، لوحِ مزار

tomcat N. fully grown male cat بلا

Tom, Dick and Hary PH. man-in-the-street ایرا غیرا، نتھو خیرا

tome (tohm) N. large and heavy book or volume ضخیم کتاب

tomfool (tom-*fool*) N. ❶ fool احمق، بیوقوف ❷ trifler بے پروا V.I. act as a fool بیوقوفی کرنا **tomfoolery** N. ❶ stupid talk بیوقوفی ❷ stupid behaviour بیوقوفی

Tommy (*tom*-i) (also *Tommy Atkins*) private of the British army ٹامی، گورا

tomorrow (tū-*mo*-roh) N. the day after today کل

Tom Thumb (*tom-thum*) N. ❶ legendary dwarf ٹام تھم ❷ diminutive person ننھا سا، بالشتیا

tomtom (*tom*-tom) N. small drum ڈھول، ڈھولک V. T. beat a tomtom ڈھول بجانا

to my knowledge PH. as far as I know جہاں تک مجھے معلوم ہے *not to my knowledge* PH. at least I don't know مجھے نہیں معلوم

to my mind PH. ❶ in my opinion میرے خیال میں ❷ that I like میری پسند کا

to my thinking PH. in my opinion میرے خیال میں

ton (tun) N. measure of weight about 29 maunds ٹن

tone (tohn) N. ❶ sound with reference to its quality آواز، آواز کا اتار چڑھاؤ ❷ shade (of colour) رنگ کی گہرائی ❸ degree (of light) (روشنی کا) زور V. T. & I. ❶ (of colours) be in harmony with سے ملنا ❷ make the sound high or low آواز میں ٹھیک آہنگ پیدا کرنا **tone down** V. T. make or become less intense ہلکا کرنا یا ہونا، مدھم **tone up** V. T. make or become higher in sound اونچا کرنا یا ہونا

tongs (tongz) N. PL. (also *a pair of tongs*), tool for taking up and holding (coal, sugar, ice, etc.) چمٹا، چمٹی (CF. *tongue*)

tongue (tung) N. ❶ organ of speech زبان ❷ language زبان ❸ burning part (of a flame) لَو *hold one's tongue* PH. be silent چپ رہنا، خاموش رہنا

tonic (*ton*-ik) ADJ. strength-giving drug, etc. تقویٰ دوا ADJ. strength-giving

tonight (tū-*nīt*) N. coming night آج رات، پہلی رات، امشب ADV. in or during the coming night

tonnage (*tun*-ěj) N. ❶ carrying capacity of ship(s) stated in tons جہاز یا بیڑے کی ضخامت ❷ charge per ton on cargo فی ٹن کرایہ

to no purpose PH. useless بیکار، لاحاصل

to scale PH. according to the scale تناسب سے

tonsil (*ton*-sil) N. either of the two small fleshy glands in the back of the throat گلے کی گلٹی **tonsilitis** (tons-i-*lī*-tis) N. inflammation of the tonsils گلے کی گلٹیوں کا ورم

tons of PH. much, many بہت

tonsure (*ton*-shè*) N. shaving of the top of the head سر مونڈنا



too (too) ADV. ❶ also بھی، نیز ❷ more than enough ضرورت سے زیادہ *too good (etc.) to be true (etc.)* PH. incredibly so ناقابلِ یقین حد تک

took (tūk) V. (P.T. of **take** ★) لیا

tool (tool) N. ❶ implement اوزار، ہتھیار ❷ person used by another for dishonest purposes آلۂ کار

tooth (tūth) (PL. teeth, PR. teeth) ❶ one of the bony growths on gums دانت ❷ toothlike part (of saw, comb, etc.) دندانہ **toothache** (*tuth*-ayk) N. pain in the tooth or teeth دانتوں کا درد، دانت کا درد *tooth and nail* PH. with all one's might ڈٹ کر، پورے زور سے **toothbrush** N. brush for cleaning the teeth دانتوں کا برش

toothless ADJ. without teeth جس کے دانت نہ ہوں **toothpaste** N. cream for cleaning the teeth ٹوتھ پیسٹ

tooth powder N. powder for cleaning the teeth منجن **tooth-pick** quill, etc. for picking the teeth خلال **toothsome** ADJ. tasty (food) مزیدار

top (top) N. ❶ upper part (of anything) اوپر، اوپر کا حصہ ❷ utmost degree بہت ❸ a wellk-nown spinning toy لٹو ❹ topmost part چوٹی ❺ lid ڈھکنا ADJ. ❶ of or at the top اوپر کا، اوپر والا ❷ high اونچا، بلند ❸ in degree سب سے اونچا، انتہائی ❹ people in high position چوٹی کے لوگ V. T. (-pp-) ❶ provide a top for ڈھکنا لگانا ❷ be a top to کا بالائی حصہ ہونا ❸ reach the top of کی چوٹی پر پہنچنا ❹ come or be the top of سب سے اعلیٰ یا اونچا نکلنا

topaz (*toh*-paz) N. a yellow (etc.) gem پکھراج

topee (*toh*-pee) N. (also *sola topee*), pith hat سولا، ہیٹ

toper (*tohp*-è*) N. heavy drunkard بڑا شرابی

top-hat N. men's high silk hat اونچی ریشمی ٹوپی

top heavy ADJ. ❶ too heavy at the top جس کا اوپر کا حصہ نیچے کی بہ نسبت زیادہ بھاری ہو ❷ (of a department) having too many highly paid officers (محکمہ) جس میں بیش قرار تنخواہ پانے والے افسر ضرورت سے زیادہ ہوں

topi (*toh*-pi) N. (same as *topee*★) pith hat سولا، ٹوپ

topic (*top*-ik) N. subject for discussion موضوع، بحث **topical** ADJ. of current interest مسائلِ حاضرہ کے متعلق

topmast N. upper part of a mast مستول کا بالائی حصہ ADJ. highest سب سے اونچا

topography (to-*pog*-rè-fi) N. ❶ geographical features of an area or their description جغرافائی خصوصیات کا تذکرہ ❷ drawing a map (*of* an area) نقشہ سازی

topping ADJ. (colloq.) excellent شاندار

topple (top-èl) V. T. & I. (cause to) be unsteady and overturn ڈگمگا کر گرنا یا گرانا

top priority N. greatest importance سب سے زیادہ اہمیت

topsy turvy (top-si-tè*-vi) ADJ. ❶ upside down اُلٹا ، اوندھا ❷ in confusion اُلٹ پلٹ ، درہم برہم

torch (to*ch) N. ❶ piece of wood used as a flaming light مشعل ❷ electric hand-light بیٹری

tore (toh*) V. (P. T. of **tear** *) پھاڑا

torment N. (to*-ment) severe bodily or mental suffering (جسمانی یا روحانی) اذیت ، زدوکوب V. T. (to*-*ment*) cause severe suffering to سخت اذیت دینا، سخت اذیت پہنچانا **tormentor** (-è*) N. one who torments اذیت پہنچانے والا

torn (toh*n) V. (P.P. of **tear** *) پھٹا ہوا ، چیرا ہوا

tornado (to*-*nay*-doh) N. (PL. *tornadoes*) hurricane طوفان ، سخت آندھی

torpedo (to*-*pee*-doh) N. (PL. *torpedoes*) cigar-shaped self-propelling explosive shell travelling under water level تارپیڈو V. T. & I. (to*-*pee*-doh) strike with a torpedo تارپیڈو سے برباد کر دینا



torpid (to*-pid) ADJ. ❶ not moving or feeling بےحس و حرکت ❷ apathetic دلچسپی نہ لینے والا **torpor** N. ★

torpor (to*-pè*) N. torpid condition بےحسی **torpid** ADJ. ★

torrent (to-rent) N. ❶ violent rushing stream (of water, etc.) تیز دھارا ❷ violent outburst بوچھاڑ

torrential (to-*rensh*-èl) ADJ. ❶ (of rain, etc.) like a torrent سخت ❷ of a torrent تیز دھارے کا سا

torrid (to-*rid*) ADJ. very hot نہایت گرم ، حار **Torrid Zone** N. the tropics منطقۂ حارہ

torso (*to**-soh) N. (PL. *torsos*) human trunk ٹانگوں اور بازوؤں کے بغیر

tortoise (*to**-tus) N. slow-moving four-legged reptile enclosed in two shells کچھوا



tortoise-shell N. its shell کچھوے کی پشت ، کچھوے کا خول

tortuous (to*-*tew*-us) ADJ. full of bends پیچ در پیچ

torture (*to**-che*) severe physical or mental suffering شدید (جسمانی یا روحانی) سخت اذیت V. T. cause torture to سخت اذیت پہنچانا **torturer** (*to**-chè-rè*) N. one who tortures سخت اذیت پہنچانے والا

Tory (*toh*-ri) N. Conservative قدامت پسند

tosh N. (slang) nonsense بکواس

toss (tos) V. T. & I. ❶ (cause to) move up and down اچھلنا یا اچھالنا ❷ throw (someone) away through the air پھینکنا ، ٹاس کرنا ❸ move restlessly from one side to another کروٹیں بدلنا ❹ swing جھولنا یا جھلانا N. ❶ tossing movement اچھلنا ، اچھالنا ، جھولنا ❷ throwing of the coin or dicision taken thus جھلانا، پھینکنا، قرعہ، ٹاس *lose the toss* PH. fail to guess rightly in tossing ٹاس ہارنا *win the toss* PH. guess rightly when a coin is tossed up ٹاس جیتنا

tot (tot) very small child ننھا ، منا

total (*toh*-tèl) N. added up amount میزان ، کل رقم ADJ. ❶ entire مجموعی ❷ complete مکمل ، پورا V. T. (-ll-) ❶ add up جمع کرنا ❷ amount to کی میزان ہونا

totalitarian (toh-tal-i-*tay*-ri-èn) ADJ. (of a State) where no party is allowed and all persons are entirely under the authority of one-party government اجتماعی ریاست

totalizator (*toh*-tè-li-zay-tè*) N. machine for registering bets on horse-race, etc. میزانی مشین

totally (*toh*-tè-li) ADV. entirely بالکل ، سراسر

to taste PH. according to it حسب ذائقہ

tote (toht) N. totalizator میزانی مشین

totem (toh-tem) N. animal or its image adopted as clan emblem ٹوٹم ، خاندانی نشان **totem-pole** N. ❶ (also

totem), carved pole representing this object خاندانی نشان کا عصا

to the point PH. relevant or relevantly متعلقہ ، جو غیر متعلق نہ ہو

totter (*tot*-e*) V. I. (1) walk unsteadily لڑکھڑانا (2) be almost falling گرنے کو ہونا

touch (tuch) N. (1) touching چھونا (2) slight trace ہلکا سا اثر (3) connexion رابطہ ، واسطہ (4) feel احساس V. T. & I. (1) be, come or bring into contact with (something) through one's skin چھونا ، ہاتھ لگانا (2) be adjacent to متصل ہونا (3) affect (someone) دل پر اثر کرنا (4) be related to متعلق ہونا **touch-and-go** ADJ. hanging in the balance ; uncertain مشتبہ ، غیر یقینی *touch at* PH. (of ship) visit (*a port*) for a short stay تھوڑی دیر کو لنگر انداز ہونا *be in touch* PH. be in regular communication (*with*) سے مستقل رابطہ ہونا ، با خبر ہونا **touching** ADJ. arousing sympathy دردناک ، ہمدردی کا موجب *touch off* PH. start at شروع کرنا ، شروع ہونا *touch on, touch upon* PH. briefly say something about (*a subject*, etc.) کے متعلق کچھ کہنا *be out of touch* PH. having no information بالکل بے خبر ہونا **touch-stone** N. piece of stone on which gold is rubbed to test its purity کسوٹی *touch up* PH. make small changes in (something) to improve (it) کے خط و خال بنانا **touchy** (*tuch*-i) ADJ. easily offended زود رنج ، زود حس

tough (tuf) ADJ. (1) hard سخت (2) hardy سختیاں جھیل سکنے والا (3) difficult مشکل (4) rough and violent (person) غنڈہ N. hooligan, tough man غنڈہ **toughen** (*tuf*-èn) V.T. & I. make or become tough سخت کرنا یا ہونا

tour (*too*-è*) N. (usu.) official journey from home and back to it during which several places are visited دورہ ، سیاحت V. T. & I. make a tour of کا دورہ کرنا **tourism** N. (also *tourist trade*), travels by tourists سیاحت ، سیاحی **tourist** N. person holiday-making on a tour for pleasure سیاح ، چھٹیوں میں سیر کرنیوالا

tournament (*too*-è*-nè-ment) N. (1) series of matches کھیلوں کا عام مقابلہ ٹورنامنٹ (2) (old use) also called *tourney*), tilting match between armed knights on horseback نائٹوں کا نیزہ بازی کا مقابلہ **tourney** (*too**-ni) N. (1) turnament of knights نائٹوں کا نیزہ بازی کا مقابلہ (2) series of matches کھیلوں کا عام مقابلہ ، ٹورنامنٹ

tourniquet (*too**-ni-ket or kay) N. device for stopping bleeding by twisting something tightly against an artery لہو روک

tout (tout) N. (1) pestering (esp. of a lawyer) دلال ، منشی ٹاوٹ (2) who sells information about race-horses ٹاؤٹ ، گھوڑ دوڑ کا دلال

tow (toh) V. T. (1) pull (another vehicle or boat) along with a rope رسے سے کھینچنا (2) (of a horse) move along the bank pulling a boat in water کشتی کھینچنا

towage (*toh*-èj) N. (1) towing رسے سے کھینچنا (2) charges for it کھنچائی

toward (to-*we**d or tohd) ADJ. (used only at the end) near نزدیک ، قریب **towards** (to-*we***dz* or tohdz) PREP. (1) in the direction of کی طرف ، کی جانب (2) near کے قریب (3) for کے لیے (4) regarding کے متعلق

towel (*tou*-èl) N. piece of cloth for drying تولیہ

tower (*tou*-è*) N. tall slender building مینارہ ، منار ، برجی V. I. much higher سے بہت اونچا ہونا ، سے کہیں بلند ہونا **towering** ADJ. great بہت

to wit PH. namely یعنی

town (toun) N. (1) (usu. small) city شہر ، قصبہ (2) its population باشندے ، شہر کی آبادی **town-hall** N. building housing the local-government offices ٹاؤن ہال ، ایوانِ بلدیہ *talk of the town*, PH. topic of local gossip جس کا سارے شہر میں چرچا ہو

toxic (*tok*-sik ADJ. relating poison زہر کا، زہریلا

toy (toi) N. child's plaything کھلونا V. I. *toy with* ❶ not to think very seriously about (something) کے متعلق سنجیدگی سے نہ سوچنا ❷ while away time by busying oneself with دفع الوقتی کے لیے کسی چیز سے دل بہلانا

trace (trays) V. T. ❶ make (*out*) the outline (*of* a place) خاکہ (کا) کھینچنا ❷ copy something by placing a transparent paper, etc. on it ٹریس کرنا، کا چربہ اُتارنا ❸ discover by observing traces کا کھوج لگانا، کا سُراغ لگانا N. ❶ sign, etc., of the earlier existence آثار ❷ extremely small quantity شائبہ **tracing** N. copy made by tracing ٹریسنگ، چربہ **traceable** (*trays*-ĕ-bĕl) ADJ. that can be traced جس کا سُراغ مل سکے **tracery** (*trays*-ĕ-ri) N. ornamental stone work پتھر کے کٹاؤ کا آرائشی کام

track (trak) N. ❶ long line or series of marks left by someone or something moving along ریک ❷ series of footmarks قدموں کے نشان، کھوج ❸ path made by frequent use پگڈنڈی ❹ course راہ ❺ set of rails for trains, etc. پٹڑی، لائن ❻ prepared course for racing دوڑ کے مقابلے کی راہ V. T. follow (animal, etc. *down*) along its tracks کا کھوج لگانا **track events** N. PL. athletic races (as distinct from jumping, etc.) دوڑیں **trackless** ADJ. having no track بے سُراغ

tract (trakt) N. ❶ stretch (*of* agricultural land, water, etc.) قطعہ ❷ short printed essay on some topic رسالہ **tractable** ADJ. easily controlled قابو میں آجانے والا، قابو کا

tractor (*trak*-te*) N. motor vehicle used for driving plough, etc. ٹریکٹر



trade (trayd) N. ❶ business بیوپار، کاروبار، تجارت ❷ buying and selling خرید و فروخت ❸ handicraft, etc. دستکاری ❹ members of a business or profession پیشے کے لوگ V.T. & I. engage in trade تجارت کرنا، کاروبار کرنا، بیوپار کرنا **trader** N. merchant کاروباری، تاجر **trade mark** N. manufactures' distinctive mark for his products ٹریڈ مارک، مارکہ **tradesman** N. shopkeeper دکاندار **trade union** N (also *trades union*), workmen's organization, to fight for their rights مزدور انجمن، انجمن پیشہ وراں، ٹریڈ یونین **trade unionism** N. advocacy of the principles of trade union انجمن ہائے پیشہ وراں کے اصولوں کی حمایت **trade-unionist** N. advocate of trade unionism انجمن ہائے پیشہ وراں کے اصولوں کا حامی **trade wind** N. strong wind blowing constantly towards the equator from the north-east and the south-west تجارتی ہوائیں، بادِ مُراد

tradition (tre-*dish*-ĕn) N. opinion belief, principles of art, etc., handed down from the past روایت **traditional** ADJ. that has been accepted by tradition روایتی، روایات کے مطابق

traduce (tre-*dews*) V.T. slander بدنام کرنا، بہتان باندھنا

traffic (*traf*-ik) N. ❶ people and vehicles along roads and streets سڑک پر آنے جانے والے لوگ اور گاڑیاں، ٹریفک ❷ trading (*in* contraband goods) ناجائز تجارت V.I. trade (*in* contraband goods, etc.) ناجائز تجارت کرنا **traffic lights** N. red and green signal for controlling traffic آمد و رفت کو باقاعدہ بنانے والی بتیاں، ٹریفک لائٹ

tragedy (*traj*-è-di) N. ❶ serious with a sad ending المیہ ، ٹریجڈی ❷ very sad event شدید حادثہ **tragedian** (trè-*jee*-di-an) N. ❶ writer of tragedy المیہ نگار ❷ actor in tragedy المیہ اداکار **tragic** ADJ. ★

tragic (*traj*-ik) ADJ. ❶ of tragedy المیہ سے متعلق ، المیہ نگاری سے متعلق ❷ calamitous قیامت خیز ، نہایت المناک **tragedy** N. ★

trail (trayl) N. ❶ mark left by something that has passed by and caused it نشان ❷ track or scent followed in hunting شکار کا کھوج (یا) شکاری کھوج V.T. & I. pull or be pulled along behind پیچھے پیچھے گھسیٹنا یا گھسٹتے آنا **trailer** N. ❶ vehicle drawn by another پیچھے لگی ہوئی گاڑی ❷ trailing plant بیل ❸ short extracts from a film shown as its advertisement ٹریلر ، فلم کا ٹکڑا ، نمونہ *on the trail* PH. close behind the quarry کے پیچھے پیچھے

train (trayn) V.T. & I. give teaching and practice to (someone) تربیت دینا N. ❶ line of railway carriages drawn together by an engine گاڑی ، ریل ، ٹرین ❷ individuals moving in a line چلتی ہوئی قطار ❸ series (*of* thoughts, etc.) (سلسلۂ خیال) ❹ group of attendants خدم و حشم ❺ trailing part of a robe لٹکتا ہوا دامن ، دنبالہ **trainer** N. one who trains سکھانے والا **training** N. act of teaching and giving practice تربیت ، سکھلائی ، تعلیم و تربیت **training college** N. college for training teachers ٹریننگ کالج

trait (tray) N. distinguishing quality (*of* character) خصوصیت ، امتیازی وصف ، طرۂ امتیاز

traitor (*tray*-tè*) N. one who is false غدار **traitorous** ADJ. of or like a traitor غدار **treason** N. ★

tram N. electric carriage running along public roads ٹریم ، ٹرام

trammel (*tram*-èl) N. ❶ shackle for horse پچھاڑی ❷ shackle بیڑی V.T. (-ll-) hamper, impede کی راہ میں روڑا اٹکانا ، کے کام میں رکاوٹیں ڈالنا

tramp V.T. & I. ❶ walk with heavy steps گھسیٹتے ہوئے چلنا ، بھاری قدموں سے چلنا ❷ roam about aimlessly آوارہ گردی کرنا N. ❶ long walk لمبا پیدل سفر ❷ homeless and roaming about from place to place آوارہ گرد ، بیکار

trample (*tramp*-èl) V.T. & I. crush under the feet پاؤں کے تلے کچلنا ، روندنا

tramway N. line of rails for trams ٹریم (یا) ٹرام کی پٹڑی

trance (trahns) N. dreamy condition with visions وجد

tranquil (*trank*-wèl) ADJ. calm and quiet پرسکون **tranquility** (tran-*kwil*-i-ti) N. calmness سکون ، خاموشی

trans PREF. ❶ on or to the other side of کے پار ، کے دوسری طرف ❷ beyond اورا

transact (tranz-*akt*) V.T. conduct (business, etc.) انجام دینا ، (سودا وغیرہ) کرنا

transaction (tranz-*ak*-shèn) N. ❶ piece of business سودا ، کاروبار ، معاملہ ❷ transacting it (سودا وغیرہ) کرنا ، انجام دینا ❸ (PL.) proceedings of a society روئداد ، روداد ، کارروائی

transcend (trans-*end*) V.T. surpass بلند تر ہونا **transcendent** (-ènt) ADJ. excellent, surpassing شاندار ، اعلیٰ

transcribe (trans-*krib*) V.T. copy in writing نقل کرنا **transcription** N ★

transcription (-*krip*-) N. transcribing or something transcribed نقل **transbribe** N. ★

transfer (*trans*-fè*) V.T. & I. (-rr-) ❶ shift *from* one place *to* another بدلی ، منتقل کرنا ، کی تبدیلی کرنا ❷ hand over (property, etc. to someone) کے نام کرنا منتقل کرنا N. ❶ shifting تبدیلی ❷ handing over (*of* property) انتقال

transferable ADJ. that can be transferred انتقال پذیر

transfix (trans-*fiks*) V.T. pierce (*with*, spear, etc.) pointed weapon, etc.) چھیدنا

transform (trans-*form*) V.T.

change (something) completely کایا پلٹنا ، کایا پلٹ دینا **transformation** N. thorough change تبدیلی، کایا پلٹ **transformer** N. device for transforming electric current from AC to DC ٹرانسفارمر ، مُبدّل

transfuse (trans-*fewz*) V.T. transfer (blood *from* one living person *to* another) منتقل کرنا **transfusion** N. transfusing (esp. of blood) انتقالِ خون

transgress (trans-*gres*) V.T. & I. ❶ go beyond (limit) (حد) سے بڑھنا ❷ sin گناہ کرنا **transgression** (-*gresh*-) N. act of transgressing حد سے بڑھنا، خلاف ورزی، گناہ **transgressor** N. ❶ wrong-doer خطا کار ❷ sinner گنہگار ، عاصی

transient (*tranz*-i-ent) ADJ. disappearing too soon ناپائدار ، آنی جانی

transit (*tranz-it*) N. ❶ passing (*from* one place *to* another) گزرنا، عبور ❷ being conveyed سفر، منتقلی **transitory** ADJ. ★

transition (*tranz*-ish-en) N. change (*from* one condition *to* another) تبدیلی ، تغیّر **transitional** (-*zish*-e-nel) ADJ. pertaining to transition عبوری **transition period** N. interim period عبوری دور

transitive (*tranz*-i-tiv) ADJ. ❶ (of verb) taking a direct object (فعل) متعدی ❷ (of disease) transferable متعدی، چھوت والی

transitory (*tranz*-i-to-ri) ADJ. temporary عارضی ، وقتی **transit** N. ★

translate (tranz-*layt* or trans-) V.T. ❶ render (*into* another language) ترجمہ کرنا ❷ put (*into* action) (کو عمل میں) لانا **translation** (tranz-*lay*-shen or trans-) N. ❶ act of translating ترجمہ ❷ translated piece, rendering ترجمہ

transliterate (tranz-*lit*-è-rayt) V.T. write in another script دوسرے رسم الخط میں لکھنا **transliteration** N. writing thus دوسرے رسم الخط میں لکھنا

translucent (tranz-*loo*-sent) ADJ. allowing light to pass through نیم شفاف

transmigration (tranz-mig-*ray*-shèn) N. transfer of soul into another body تناسخ، آواگون

transmit (tranz-*mit*) V.T. (-tt-) pass on بھیجنا ، پہنچانا، منتقل کرنا **transmission** (tranz-*mish*-èn) N. ❶ sending out, conveying پہنچانا، ترسیل، ابلاغ ❷ broadcast message نشریہ **transmitter** (-*mit*-) N. apparatus for broadcasting radio messages, etc. ٹرانسمٹر ، منتشر

transparence (trans-*pay*-è-rèns) N. being transparent صاف ہونا، شفاف ہونا **transparent** ADJ. that can be seen through like clear glass صاف ، شفاف

transpire (trans-*pī*-è*) V.T. & I. (of an event or secret) come to light ظاہر ہونا ❷ happen ہونا

transplant (trans-*plahnt*) V.T. uproot and plant elsewhere ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگانا

transport V.T. (trans-*po*t*) ❶ convey لے جانا، نقل و حمل کا انتظام کرنا ❷ send (criminal) to a distant colony as punishment کالے پانی لے جانا، عبور دریائے شور لے جانا N. (*trans*-po*t) ❶ transporting نقل و حمل ❷ conveyance گاڑی (وغیرہ) **transportation** (-*lay*-) N. ❶ transporting or being transported نقل و حمل ❷ sending to a distant colony (*for* life, etc.) as a punishment کالے پانی کی سزا، عبور دریائے شور

transpose V.T. cause (two or more things) to change places کی ترتیب بدلنا **transposition** (-*zish*-) N. mutual change تبدیلی ، ادل بدل

trans-ship (transh-ip) V.T. shift (*from* or *to*) a ship or other conveyance منتقل کرنا **transhipment, trans-shipment** N. such shifting مسافروں یا سامان کی دوسری گاڑی یا جہاز وغیرہ میں منتقلی

transverse (tranz-*vè*s*) ADJ. lying across چوڑے رُخ پڑا ہوا، قاطع

trap (trap) N. device for catching animals, etc. گڑھا، پھندا، جال، دام *fall into a trap* PH. be caught by a trick جال میں پھنسنا V.T. (-pp-) (1) take in a trap پھندے میں پھانسنا (2) capture by a trick دام میں لانا **trapdoor** N. door in floor فرشی دروازہ

trapeze (trè-*peez*) N. athlete's horizontal bar supported by two ropes ورزشی جھولا

trapezium (tra-*pee*-zi-um) N. irregular quadrilateral غیر متوازی، چوکور

trappings (*trap*-ingz) N. PL. (1) ornamental fittings, etc. (*of* horse) آرائشی جھول (2) such adjuncts (*of* office) ساز و سامان

trash (trash) N. worthless material فضول شے، بکواس

travail (*trav*-ayl or-il) N. (1) pangs of childbirth دردِ زہ (2) hard work سخت محنت

travel (*trav*-èl) V.T. & I. (-ll-) (1) U.S. -l-) (2) journey سفر کرنا (3) tour سیاحت کرنا (4) move حرکت کرنا N. (1) travelling سفر (2) (usu. PL.) long journey abroad سیاحت (3) any long journey سفر **traveller** (*trav*-è-lè*) N. one who travels مسافر، سیاح **travelled** (*trav*-èld) ADJ. (also *well-travelled*) one who has been about the world جہاں گرد **traveller's tale** N. concocted story من گھڑت قصہ

traverse (trè-*vě**s) V.T. go across میں سے گزرنا، کے پار جانا ADJ. crossing, across قاطع

travesty (*trav*-ès-ti) N. wilfully disfigured version, etc. (*of* something) کی بگڑی ہوئی شکل، (کا) مذاق V.T. make or be a travesty of کا منہ چڑانا (کا) مذاق ہونا

trawl (trawl) N. large wide-mounted fishing net بڑا جال، مہا جال

trawler N. boat used for trawling مچھلی پکڑنے کی کشتی

tray (tray) N. large flat plate or board with raised edges سینی، کشتی، بڑے

treacherous (*trech*-è-rus) ADJ. (1) false or disloyal (*to* cause, friend, etc.) بیوفا، غدار، دغاباز (2) unreliable دھوکا **treachery** N. ☆

treachery (*trech*-è-ri) N. violation of faith by desertion دغا، بیوفائی، غداری **treacherous** ADJ.

treacle (*treek*-èl) N. refined molasses شیرہ، راب

tread (tred) V.T. & I. (*tread*, *trod*, *trodden*) put one's foot or feet down (*on*) چلنا، قدم رکھنا، کچل دینا، سختی سے دبا دینا N. (1) manner of walking چال (2) sound of footsteps چاپ (3) part of tyre, sole, etc. which touches the ground ٹائر یا تلوے کا زمین پر ٹکا ہوا حصہ

treadle (*tred*-èl) N. driving part of machine worked by the pressure of the foot ٹریڈل، پائدان ADJ. such (machine) پیروں کی، پاؤں کی، پائدانی V.I. work a treadle ٹریڈل چلانا، پائدان چلانا **treadle-machine press** N. printing press worked with the treadle ٹریڈل مشین، پائدانی مطبع

treason (*tree*-zèn) N. disloyalty to one's country, king or government بغاوت، غداری **treasonable** (-è-bèl) ADJ. based on treason **treasonous** (-è-nus) ADJ. treasonable باغیانہ **traitor** N. ☆

treasure (*trezh*-è*) N. (1) store of gold خزانہ (2) highly valued object بیش بہا چیز V.T. store up for future use سنبھال کر رکھنا، سینے سے لگائے رکھنا **treasure house** N. store خزانہ **treasurer** N. custodian of money etc. خزانچی **treasure trove** N. (1) treasure found hidden دفینہ (2) this as gambling game دفینہ جوئی

treasury (*trezh*-è-ri) N. government department in charge of public money خزانہ **Treasury Benches** N. PL. government party in a Legislature حزبِ موافق **treasure** N. ☆

treat (treet) V.T. & I. (1) act or behave towards سے سلوک کرنا، سے برتاؤ کرنا (2) consider سمجھنا (3) give medical cure to کا علاج کرنا (4) present

(subject, etc.) کے متعلق کہنا، پر لکھنا
treat (*someone*) *to* PH. provide (him) with something pleasant and free, or with free food, etc. دعوت کرنا ❶ great delight نعمت ❷ entertainment or party (esp. for children) دعوت **treatment** N. ★
treatise (*tree*-tis, or -tiz) N. serious book, etc. رسالہ، مقالہ
treatment N. way of treating برتاؤ سلوک
treaty (*tree*-ti) N. formally signed agreement (*with* someone or between nations) معاہدہ، میثاق
treble (*treb*-èl) N. ❶ highest female singing voice تیجم، اونچی زنانہ آواز ❷ three-fold amount تگنا ADJ. ❶ three-fold تہرا، تگنا ❷ of or for the treble کا تیجم V.T. & I. multiply or be multiplied by three تگنا کرنا (یا ہو جانا)
treet N. large plant. درخت، پیڑ
trek (trek) N. (-kk-) ❶ long journey by ox-wagon بیل گاڑی پر لمبا سفر ❷ mass migration بہت سوں کا ترک وطن V.I. ❶ undertake long journey by ox-wagon بیل گاڑی پر لمبا سفر ❷ (drive goods, etc.) thus بیل گاڑی پر لے جانا
trellis (*trel*-is) N. cross strips of wood, etc. used as support or screen جعفری
tremble (*trem*-bèl) V.I. shake (*with* fear, anger, cold, etc.) کانپنا، لرزنا
trembling N. shaking (*with* fear, anger, cold, etc.) کپکپی، لرزہ ADJ. shaking لرزہ براندام
tremendous (tre-*mend*-us) ADJ. ❶ terrific ہولناک، مہیب ❷ very great بہت بڑا
tremor (*trem*-è*) N. ❶ trembling کپکپی، لرزہ ❷ thrill, (emotion) جسم میں دوڑ جانے والی
tremulous (*trem*-ew-lus) ADJ. ❶ trembling کانپتا ہوا ❷ timid جھجکنے والا
trench (trench) N. protective ditch for soldiers مورچہ، خندق
trenchant (*trench*-ent) ADJ. biting and outspoken (criticism) تلخ اور صاف گویانہ
trencher (*trench*-è*) N. wooden platter for cutting bread on کٹھوتی
trend (trend) N. tendency رجحان، میلان
trepidation (trep-i-*day*-shèn) N. fear and trembling خوف اور لرزہ
trespass (*tres*-pahs) V.I. ❶ enter (someone's land) ❷ without permission میں بلا اجازت داخل ہونا ❸ encroach مخل ❹ trample (someone's rights, etc.) (حقوق) پامال کرنا ❺ meddle بیجا مداخلت N. trespassing مداخلت بیجا، پامالی، قصور
trespasser N. one who trespasses بیجا مداخلت کرنے والا
tress (tres) N. ❶ lock of hair بالوں کی لٹ، زلف ❷ (PL.) long flowing hair on the head لمبے بال
tri- (*tri*) PREF. three تین، سہ
trial (*tri*-èl) ❶ N. examination of (accused) in a law-court مقدمہ ❷ test آزمائش، تجربہ، امتحان *bring* (*someone*) *to trial* PH. try him in a law-court پر مقدمہ چلانا *give* (*something*) *a trial* PH. use (it) to see if it is any good کی آزمائش کرنا *trial of strength* PH. tussle (*between*) مقابلہ
triangle (*tri*-èng-èl) N. ❶ plane figure with three straight sides مثلث ❷ triangular musical instrument تکونا باجا، تکون **triangular** (tri-*ang*-ew-lè*) ADJ. ❶ in the shape of a triangle مثلث، تکونا ❷ in which three parties take part تین والا، سہ گونہ
tribal (*tri*-bèl) ADJ. of or pertaining to a tribe قبائلی **tribal territory** N. (in Pakistan) area inhabited by Pathan tribes قبائلی علاقہ آزاد علاقہ **tribe** N. ★
tribe (trib) N. racial group living under own chief قبیلہ **tribesman** N. member of a tribe قبائلی
tribulation (trib-ew-*lay*-shèn) N. great trouble رنج، دکھ
tribunal (tri-*bew*-nèl, or tri-*bew*-nel) N. judges appointed for special duty ٹربیونل، خصوصی عدالت
tribune (*trib*-ewn) N. ❶ one of

the high officers in ancient Rome elected from among the people ٹربیون ② dais پلیٹ فارم

tributary (*trib*-ew-tè-ri) ADJ. ① paying tribute to another باجگزار ② flowing into another معاون N. river flowing into another معاون دریا

tribute (*trib*-ewt) N. ① tax paid by one government or ruler to another خراج، باج ② something done or said as a compliment (*to*) خراج تحسین

trice (tris) V.T. pull (*up*) and tie (a sail) in place (بادبان) کس کر باندھنا *in a trice* PH. at once فوراً، فی الفور

trick (trik) N. ① fraud فریب، دھوکا ② ruse چال، داؤں ③ out of the way feat (by juggler, etc.) کرتب، کھیل ④ practical joke شرارت، دل لگی ⑤ (cards played in) one round (تاش کا) ہاتھ *take a trick* PH. win one round ایک ہاتھ جیت جانا V.T. deceive by a trick کو دھوکا دے کر لینا یا کرانا، فریب دینا *tricks of the trade* PH. prevalent petty dishonesties of a profession کسی پیشے کے گر **trickery** (*trik*-è-ri) N. fraud دھوکا، فریب

trickle (*trik*-èl) V.T. & I. ① flow in drops ٹپکنا، رسنا ② cause to flow thus ٹپکانا N. ③ stream of drops ٹپکا ④ weak flow پتلی دھار **trickster** N. one who is in the habit of tricking others دھوکے باز، فریبی، عیار، دغا باز

tricky (*trik*-i) ADJ. ① crafty چالاک ② ticklish مشکل، پیچدار **trick** N. ★

tricycle (*trī*-sik-el) N. three-wheeled cycle ٹرائیسکل، تین پہیوں والی سائیکل



trident (*trī*-dent) N. spear with three points سہ شاخہ (برچھا)

tried (trīd) V.T. & I. (P. T. & P. P. of *try* ★) کوشش کی ADJ. tested آزمودہ

trifle (*trī*-fèl) N. ① unimportant thing, event, etc. معمولی سی بات ② small amount تھوڑی سی مقدار ③ small amount of money تھوڑا سا پیسہ ADJ. a little ذرا، ذرا سا، تھوڑا سا، کچھ V.T. & I. ① talk lightly فضول باتیں کرنا ② act lightly کھیل سمجھنا *trifle with* PH. play idly (with fingers, etc.) کھیلنا، شغل کرنا **trifling** (*trīf*-ling) ADJ. unimportant معمولی سا، یونہی سا، غیر اہم

trigger (*trig*-è*) N. lever for releasing a catch of a fire-arm بندوق کا گھوڑا *pull the trigger* PH. fire the gun (بندوق کا) گھوڑا چلانا

trigonometry (trig-o-*nom*-et-ri) N. branch of mathematics dealing with the relations between sides angles of triangles علم مثلث

trilateral (trī-*lat*-è-rel) ADJ. three-sided سہ طرفہ

trill (tril) N. vibrating sound of the voice کھنکتی ہوئی آواز، ٹکری V.T. & I. utter the sound of (*one's r*) with a trill کھنکتی ہوئی آواز سے نکالنا، ٹکری نکالنا

trillion (*tril*-yen) N. & ADJ. ① (U.K.) a million million million دس سنکھ ② (U.S.) a million million دس کھرب

trim (trim) ADJ. neat and tidy صاف ستھرا V.T. & I. (-mm-) ① set right (plant, wick, beard) by cutting away uneven parts کاٹ چھانٹ کر کے درست کرنا ② arrange (sails) to suit the wind (بادبان) ٹھیک کرنا N. readiness (*for* something) تیاری، تیار ہونا **trimness** N. being trim صفائی، آراستگی، پیراستگی

trinket (*trink*-et) N. small and cheap ornament چھوٹا سا سستا زیور

trio (*trī*-oh) N. group of three تگڈم، تین کی جوڑی

trip (trip) V.T. & I. (-pp-) ① move along swiftly on tiptoes چلنا ② stumble (*over* or *up*) ٹھوکر کھانا ③ (*trip up*) (cause to) err غلطی کرنا (یا) غلطی کا موجب بننا N. pleasure excursion سیر و تفریح، سیر

tripartite (trī-*pah**-tīt) ADJ. having three parties to it سہ طرفہ

tripe (trīp) N. ① part of the stomach of an ox, etc. used as a food اوجھڑی ② (in cricket) easy bowling نرم اندازی، ہلکی باؤلنگ

triple (*trip*-èl) ADJ. made up of three (parties) تہرا V.T. & I. make become or be three times as much or as many تگنا کرنا (یا) ہونا

(یا) ہو جانا

triplets (*trip*-lets) N. PL. three children born of the same mother together تین جڑواں بچے

triplicate (*trip*-li-ket) ADJ. that of which three copies are made تہرا ، جس کے تین نسخے ہوں N. one of the three similar documents, etc. تین نسخوں میں سے ایک

tripod (*trī*-pod) N. three-legged support for a camera, etc. تپائی

trisect (tri-*sect*) V.T. divide into three equal parts تین برابر حصوں میں بانٹنا ، تثلیث کرنا

trite (trīt) ADJ. hackneyed فرسودہ ، پامال

triumph (*tri*-umf) N. ❶ victory فتح ❷ remarkable success شاندار کامیابی V.I. ❶ succeed کامیاب ہونا ❷ win a victory فتح حاصل کرنا ❸ be happy owing to victory, success, etc. خوش ہونا *shout of triumph* PH. cheers of success نعرہ کامرانی **triumphant** (tri-*um*-fant) ADJ. ❶ victorious فاتح ، فتح مند ❷ successful کامیاب ، بامراد ❸ happy over success victory نازاں

trivial (*triv*-i-ĕl) ADJ. ❶ ordinary, unimportant معمولی ❷ worthless فضول ، ناکارہ **triviality** (-*al*-i-ti) N. ❶ trivial thing, etc. معمولی سی چیز ❷ trivial idea, etc. فضول بات

trod (trod) (P. T. of *tread* ★) چلا ، پاؤں رکھا **trodden** (*trod*-ĕn) (P. P. of *tread* ★) چلا ، پاؤں رکھا

trolley (*trol*-i) N. (PL. *trolleys*) ❶ low truck pushed by workmen on railway ٹھیلا ، ٹرالی ❷ contact wheel between a tramcar worked by an overhead electric cable ٹرالی ، بالائی چکر

troop (troop) N. ❶ group گروہ ❷ cavalry unit رسالہ V.I. come or go together in a group اکٹھے آنا یا جانا **trooper** N. cavalry private سوار ، رسالہ کا سپاہی **troops** N. PL. ❶ soldiers فوجی ❷ armed forces فوج **troop-ship** N. ship (for) transporting soldiers فوجی نقل و حمل کا جہاز

trophy (*trof*-i) N. memento of victory or success فتح کی نشانی ، ٹرافی *annex the trophy* PH. win it ٹرافی حاصل کرنا

tropical (*trop*-i-kĕl) ADJ. (as) of the tropics منطقہ حارہ کا سا

tropic (*trop*-ik) N. one of the tropics خط سرطان یا خط جدی **tropics** (*trop*-iks) N. PL. part of the world between 23°27 N & S خط سرطان اور خط جدی کے درمیانی علاقہ ، منطقہ حارہ **tropical** ADJ. ★

trot (trot) V.T. & I. (-tt-) ❶ (of horses, etc.) run at medium pace دلکی چلنا ❷ cause (horse) to run thus دلکی چلانا ❸ go fussily (*about*) نازنخرے کرتے پھرنا N. trotting pace دلکی چال ، دلکی *go for a trot* PH. go out on horseback for pleasure سواری کے لیے جانا

trouble (*trub*-ĕl) V.T. & I. ❶ inconvenience تکلیف دینا ، زحمت دینا ❷ worry پریشان کرنا یا ہونا ❸ disturb میں ہلچل ڈالنا N. ❶ inconvenience تکلیف ، بے آرامی ، زحمت ❷ worry پریشانی ❸ calamity مصیبت ❹ difficulty مشکل **troublesome** ADJ. ❶ causing trouble تکلیف دہ ❷ needing much care احتیاط طلب **troublous** (*trub*-lus) ADJ. (of times) full of insecurity and confusion پُرآشوب

trough (truf, trof or trawf) N. ❶ long open container of food or drink for animals کُنڈا ، ناند ❷ large hollow vessel لگن ❸ hollow between two waves انخفاض

trounce (trouns) V. T. defeat ہرانا ، شکست دینا

troupe (troop) N. company of actors or artistes طائفہ ، چوکی

trousers (*trou*-zĕ*z) N. PL. (also *pair of trousers*), men's two legged outer garment reaching from waist to ankles پتلون

trousseau (*troo*-soh) N. bride's outfit دلہن کا جوڑا ، عروسی جوڑا

trout N. (PL. same; used with SING. verb) a kind of fresh-water fish ٹراؤٹ ، مچھلی

trove N. treasure-trove دفینہ

trow (troh) V.T. (old use) believe خیال کرنا

trowel (*trou*-ĕl) N. ❶ flat-bladed tool for spreading mortar on bricks کرنی ❷ gardener's tool with a curved blade for lifting plants کھرا کھرپا V.T. lay mortar with a trowel گارا پھیلانا، گارے کا روڑا چڑھانا

troy (troi) N. (also *troy weight*), British system of weights used for gold and silver ٹرائے وزن، ٹرائے

truancy (*troo*-ĕns-i) N. playing truant بھاگنا، بلا اجازت غیر حاضر رہنا **truant** ADJ. ★

truant (*troo*-ĕnt) N. ❶ student, etc. who is absent without permission سکول (وغیرہ) سے بھاگا ہوا، بلا اجازت غیر حاضر ❷ roving (thoughts, etc.) آوارہ *play truant* PH. be absent from school, etc. without permission سکول (وغیرہ) سے بھاگا ہوا، بلا اجازت غیر حاضر ہونا

truce (troos) N. stopping of fighting for the time being التوائے جنگ، عارضی صلح، متارکہ

trucial (*troosh*-ĕl) ADJ. about or with which there has been a truce treaty معاہدی

truck (truk) N. ❶ open motor vehicle for heavy goods ٹرک، چھکڑا ❷ any other such vehicle چھکڑا *have no truck with* PH. have nothing to do with سے کوئی واسطہ نہ رکھنا V.T. & I. barter (something *for* another) کے عوض بیچنا، کا مبادلہ ہونا **truckage** (*truk*-ij) N. ❶ conveyance in truck چھکڑے میں لے جانا ❷ charges for it کرایہ، باربرداری

truculence (*truk*-ew-lĕns) N. being truculent جنگجوئی، تند خوئی

truculent (*truk*-ew-lĕnt) ADJ. of agressive temper جنگجو، تند خو **truculence** N. ★

trudge (truj) V.I. walk heavily or wearily (*through* snow, mud, etc.) گرتے پڑتے چلنا N. long tiring walk لمبا اور تھکا دینے والا پیدل راستہ

true (troo) ADJ. ❶ in accordance with fact or reality سچ، سچا ❷ correct درست، صحیح ❸ genuine اصلی، حقیقی ❹ faithful وفادار، سچا، مخلص **true blue** ADJ. ❶ (of person) thorough-going پکا ❷ (of party) consistent با اصول

truism (*troo*-izm) N. obviously true statement which need not have been made چیز بیّن، بے فائدہ حقیقت

truly (*troo*-li) ADJ. ❶ sincerely خلوص سے ❷ truthfully سچ سچ ❸ certainly یقیناً ❹ really واقعی، درحقیقت **truly yours** PH. formula for closing a letter نیازمند، مخلص

trump (trump) N. (playing card of a) suit ranking above other suits ترپ کا پتہ، ترپ *play a trump* PH. ❶ play the trump card ترپ کھیلنا، ترپ لگانا ❷ take a surprisingly advantageous step ترپ کی چال چلنا **trump up** V.T. fabricate (charge, etc.) maliciously جھوٹا بنانا **trump-card** N. ❶ card of suit ranking above others ترپ کا پتہ ❷ master stroke حکمی تدبیر

trumpery (*trump*-ĕ-ri) N. worthless finery سستے زیور، جھوٹے زیور، ٹیم ٹام

trumpet (*trum*-pet) N. musical wind instrument of brass ترم، نفیری *blow one's own trumpet* PH. praise (oneself) ترم بجانا **trumpet-call** N. ❶ sound of trumpet ترم کی آواز ❷ urgent call to action فوری عمل کی دعوت

truncate (trunk-*ayt*) V.T. cut off the tip or end of (something) سر کاٹنا **truncated** (trunk-*ayt*-id) ADJ. incomplete ناقص

truncheon (*trunch*-ĕn) N. policeman's short club سپاہی کا ڈنڈا

trundle (*trund*-ĕl) V.T. & I. ❶ draw (wheelbarrow) لڑھکانا ❷ roll (child's hoop) (پہیہ) چلانا ❸ roll along لڑھکنا N. small wheel fixed to the leg of a chair, etc. پائے کا چھوٹا پہیہ

trunk (trunk) N. ❶ main stem of tree تنہ ❷ body without head and limbs دھڑ ❸ long nose of elephant سونڈ ❹ large travelling-box for clothes, etc. ٹرنک، بکس، بکسا **trunk-call** N. telephone call beyond the local area ٹرنک کال **trunk road** N. main road connecting towns بڑی سڑک، شاہراہ

truss (trus) N. framework supporting a roof, bridge, etc. فیل پایہ ، کھم V.T. ❶ support with truss کھم لگا کر سہارا دینا ❷ tie with arms to sides

trust (trust) N. ❶ faith (*in* someone or something) as being reliable بھروسہ ، اعتماد ، اعتبار ، (کے متعلق) حسن ظن ❷ something held in trust امانت ❸ property held and managed by persons (called *trustees*) for another's benefit ٹرسٹ ، تولیت ، وقف ❹ association of business firms for a special purpose ٹرسٹ ، اشتراک V.T. & I. ❶ have trust in (or *on*) اعتماد کرنا ، یقین کرنا ❷ give into the care of تحویل میں دینا ، امانت میں دینا ❸ believe خیال ہونا ، امید ہونا **trustee** (trus-*tee*) N. one who is in charge of property or business held in trust متولی **trusteeship** (-ship) N. being a trustee تولیت **trusting** (*trust*-ing) ADJ. relying, not suspicious اعتبار کرنے والا **trustworthy** (*trust*-wè*-dhi) ADJ. reliable بھروسے کا ، قابل اعتبار **trusty** (*trust*-i) ADJ. (old use) loyal وفادار

truth (trooth) N. (PL. *truths* PR. troodhz) N. ❶ being true سچائی ، صداقت ❷ that which is true سچ ، سچائی ، صداقت ❸ reality اصلیت ، *truth of the matter* PH. real thing اصلی بات ، سچی بات **truthful** ADJ. true سچا ، راستباز

try (tri) V.T & I. ❶ attempt کوشش کرنا ❷ test تجربہ کرنا ، آزمانا ، دیکھنا ❸ (of judge) examine (accused or case *for* offence) سماعت کرنا N. attempt کوشش *try one's hand at* (*something*) PH. make an attempt to work (it) استعمال کرنے کی کوشش کرنا **trying** (*tri*-ing) ADJ. difficult to endure صبر آزما

tsetse (*tset*-si), **tzetse** (*tzet*-zi) N. African fly causing fatal disease in cattle with its bite سی سی مکھی ، سیٹ سی

tub (tub) N. (also *bath-tub*), large open-topped vessel for bathing ٹب

tubby (*tub*-i) ADJ. short and fat (person) ٹھگنا ، گول مٹول ، موٹا اور ناٹا

tube (tewb) N. ❶ pipe (esp., of glass and rubber) نلی ، نل ❷ soft metal container the contents of which are taken out by pressing it ٹیوب ❸ underground railway زیر زمین ریل ، ٹیوب ❹ (U.S.) radio valve ریڈیو کا والو ❺ fluorescent light ٹیوب ، ربائی

tuber (*tew*-bè*) N. swollen underground stem (like potato) which is capable of yielding new plants گٹھا ، پھل

tuberculosis (tew-bè*-kew-*loh*) (abb. *T.B.*), consumption of the lungs سل ، دق ، ٹی۔بی

tubercular (tew-*bĕ*k*-ēw-lè*) ADJ. of tuberculosis دق (سل کے مریض) کا سا

tube-well N. shaft sunk deep into earth from which water is pumped out with a machine ٹیوب ویل ، نل کنواں

tuck (tuk) N. flat fold stitched in garment for ornament or shortening پلیٹ V.T. & I. roll or push (*up* one's sleeves, etc.) into a securer position آستینیں چڑھانا ، اڑسنا *tuck* (*oneself*) *up in bed* PH. cover warmly by pulling bed clothes over, round, etc. لپیٹنا **tuck shop** N. shop in school, college, hostel, etc., selling tea, sweets, pastries, etc. ٹک شاپ ، مٹھائی کی دکان

Tuesday (*tewz*-di) N. the day following Monday منگل

tuft (tuft) N. ❶ bunch (of hair, feathers, grass, etc.) گچھا ❷ bunch of threads, etc. پھندنا

tug (tug) N. ❶ sudden or violent pull جھٹکا ، زور کا جھٹکا ❷ strenuous effort سخت کوشش ❸ tug-boat ٹگ V.T. & I. (-gg-) ❶ pull violently with a jerk زور سے جھٹکا دینا ❷ pull (*at* something) زور سے کھینچنا **tug-boat** N. small steam-boat for towing ships ٹگ ، جہاز کھینچنے والی کشتی **tug-of-war** N. competition in which two teams pull against each other on a long, thick rope رسا کشی

tuition (tew-*ish*-ěn) N. ❶ teaching

② private coaching ٹیوشن، اتالیقی تعلیم

tuition fees N. PL. fee for teaching فیس

tulip (*tew*-lip) N. bell-shaped spring flower growing on a tall stem لالہ، شقائق

tumble (*tum*-bèl) V.T. & I. ① fall suddenly and violently (*down, off, out of*, etc.) اُلٹ کر گرنا ② cause to do so بری طرح گرانا N. ① such fall اُلٹ کر گرنا، بری طرح گرنا ② (colloq.) untidy state درہم برہم ہونا، گڑبڑ

tumbler (*tum*-blè*) N. stemless drinking glass گلاس **tumblerful** N. as much as a tumbler will contain گلاس بھر

tumbrel (*tum*-bril) N. drug-cart which can be tipped at one end گن گاڑی کا چھکڑا

tumour (*tew*-mè*) N. diseased growth in some part of the body رسولی

tum-tum (*tum*-tum) N. a light one-horse carriage ٹم ٹم

